
ایک خطرناک بین الاقوامی مجرم کی عبرت ناک داستان
جو آج بھی کئی ملکوں کی پولیس کو مطلوب ہے۔
چارلس سوبھراج کی سرگزشت
www.allpdfstuff.blogspot.com
حمیدی

بدنام ترین مُجرم چارلس سوبھراج کے جرائم کی مکمّل تفصیل

ایک خطرناک بین الاقوامی مجرم کی عبرت ناک داستان

جو آج بھی کئی ملکوں کی پولیس کو مطلوب ہے۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

# چارلس سوبھراج کی سرگزشت

www.allpdfstuff.blogspot.com

حمیدی

کتابیات پبلی کیشنز ◎ پوسٹ بکس ۲۳ کراچی ۱

www.allpdfstuff.blogspot.com

چارلس سوبھراج کی سرگزشت ایک ایسے بدقسمت نوجوان کی کہانی ہے جو باپ کی شفقت، ماں کی ممتا اور وطن کی مٹی کو ترستا رہا۔ ماں باپ کے ساتھ ساتھ کوئی ملک بھی اس بدنصیب کو پناہ دینے اور اپنانے کو تیار نہ ہوا تب وہ بدقسمت ایک ایسے تاریک سفر پر نکل گیا جس کی منزل تباہی اور بربادی کے علاوہ کچھ نہیں ہو سکتی تھی۔

چارلس سوبھراج کی یہ داستان ۱۹۸۵ء میں سسپنس ڈائجسٹ میں "تاریک سفر" کے نام سے قسط وار شائع ہو چکی ہے۔ اس کہانی کی دلچسپی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہ ہمارے جانے پہچانے ماحول یعنی پاکستان بھارت ایران اور افغانستان میں گھومتی ہے۔

یہ داستان پڑھتے ہوئے ہم دلچسپی اور تجسس میں گم ہو جاتے ہیں جہاں یہ کہانی ہمیں فرضی لگتی ہے لیکن یہ ایک داستان ہے جس کا ایک ایک لفظ حقیقت پر مبنی ہے اور اس طرح ہم اس کہانی کو سچی کہانیوں میں دلچسپ ترین کہانی کہہ سکتے ہیں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

**سائیگون** کے کیتھولک ہسپتال میں چیریٹی وارڈ کے ایک بستر پر دراز پندرہ سالہ حسین و جمیل ویتنامی لڑکی سونگ آنے والے لمحات کے تصور ہی سے سہمی جارہی تھی، وہ ماں بننے والی تھی اور دو دن پہلے اس ہسپتال میں لائی گئی تھی، یہ اپریل ۱۹۴۴ء کا وہ دور تھا جب پوری دنیا جنگ کے مہیب بادلوں کی لپیٹ میں تھی۔ چار سال قبل ۱۹۴۰ء میں انڈوچائنا پر جاپانی قابض ہوچکے تھے، سائیگون کی سڑکیں دن رات ان کے بھاری قدموں سے گونجتی رہتیں۔ اس زرد طاعون نے ہر شخص کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا تھا، کوئی گھر ان کی دخل اندازی سے محفوظ نہیں تھا، مقامی باشندے روٹی کے ایک ایک ٹکڑے کے محتاج تھے، عزت و آبرو اور جان و مال کا تحفظ ایک قصہ پارینہ بن چکا تھا ویت نامی عزت سرِعام جاپانیوں کی ہوس کا نشانہ بن رہی تھی۔ کسی میں مدافعت کی جرأت نہ تھی۔

یکایک سونگ بری طرح تڑپنے لگی، تکلیف کی شدت سے اس کے حلق سے نکلنے والی چیخیں آسمان کی خبر لارہی تھیں، قریب سے گزرتی ہوئی ایک عیسائی نرس نے رک کر سونگ کی طرف دیکھا اور پھر اسے فوراً لیبر روم پہنچا دیا گیا، جہاں ڈاکٹر دوسری مریضہ کو چھوڑ کر اس کی طرف متوجہ ہوا۔

"بس چند لمحوں کی بات ہے۔" عیسائی نرس نے تسلی دیتے ہوئے کہا۔ "تم بہت جلد ماں بن جاؤ گی، مجھے یقین ہے کہ بچہ تمہاری طرح بہت خوبصورت ہوگا، اس کے باپ کا نام کیا ہے؟"

سونگ کوئی جواب نہ دے سکی، اس کی خاموشی پر عیسائی نرس کے چہرے کے تاثرات بدل گئے، سونگ نے منہ پھیر کر آنکھیں بند کرلیں اس کا ذہن ماضی کی طرف پرواز کرنے لگا۔

وہ ایک کاشتکار کی بیٹی تھی، ماں باپ کے ساتھ کھیتی باڑی میں ان کا ہاتھ بٹاتی تھی، لیکن جب سے جاپانی اس سرزمین پر قابض ہوئے تھے، کھیت اجڑنا شروع ہوگئے تھے، جاپانی سپاہی نہ صرف کھڑی فصلیں کاٹ



جارہا تھا۔ سونگ نے بیٹے کو بری طرح پیٹ ڈالا اور مزید سزا دینے کے لیے اسے ایک کمرے میں بند کر کے تالا لگا دیا۔ رات کو اپنے شوہر کی خدمت اور بچوں کو سلانے کے بعد جب وہ کمرے کا تالا کھول کر اندر داخل ہوئی تو اس کا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔ کمرہ خالی تھا۔ گورمکھ عقبی کھڑکی سے فرار ہو چکا تھا۔

دو دن تک گورمکھ کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملی۔ تیسرے دن بھوانی سوبھراج کا فون ملا کہ گورمکھ اس کے پاس ہے اور وہ اسے لے کر سونگ کے پاس آ رہا ہے۔ گورمکھ رات کے وقت اس کی عدم موجودگی میں دکان کا تالا توڑ کر اندر داخل ہو گیا تھا جہاں وہ دو دن تک کپڑوں کے ڈھیر کے نیچے چھپا رہا۔ تیسرے روز کسی کپڑے کی تلاش میں اس نے ڈھیر ہٹایا تو گورمکھ کو دیکھ کر حیران رہ گیا۔ سوبھراج نے کئی برسوں سے اپنے بیٹے کو نہیں دیکھا تھا۔ وہ اسے پہچان نہیں سکا اور جب گورمکھ نے بتایا کہ وہ اس کا بیٹا ہے تو وہ ایکدم پریشان ہو گیا۔ گورمکھ باپ کی ٹانگوں سے لپٹا رو رو کر کہہ رہا تھا۔

"مجھے اپنے پاس رکھ لو پاپا! میں تمہارے پاس رہنا چاہتا ہوں میں وہاں نہیں جاؤں گا۔ وہاں میرے لیے نفرت کے سوا کچھ نہیں۔ الفانسو مجھے پسند نہیں کرتا اور ماں اس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے مجھے پیٹتی رہتی ہے۔ مجھے اپنے پاس رکھ لو پاپا۔ میں تمہارا بیٹا ہوں۔"

مگر بھوانی سوبھراج پر اس آہ و فغاں کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ وہ گورمکھ کو بیدردی سے گھسیٹتا ہوا سونگ کے دروازے پر چھوڑ آیا اور وارننگ دی کہ وہ آئندہ اس طرف رخ نہ کرے۔ سونگ کو اس روز معلوم ہوا کہ سوبھراج ایک اور ویت نامی لڑکی سے شادی کر چکا ہے جو اب ماں بننے والی ہے۔

سوبھراج کے جاتے ہی سونگ نے پہلے تو گورمکھ کی خوب دھنائی کی پھر اسے کتے کی طرح چارپائی کے آہنی پائے سے باندھ دیا اور کئی روز بعد اسے اس شرط پر کھولا گیا کہ آئندہ وہ ایسی حرکت نہیں کرے گا۔

۱۹۴۹ء میں لیفٹیننٹ الفانسو کے دوبارہ فرانس تبادلے کے احکامات آ گئے۔ دو ہفتے بعد ایک فوجی ٹرانسپورٹ طیارہ فرانس جانے والا تھا اور اسے اپنے بیوی بچوں سمیت اس طیارے سے روانہ ہونا تھا۔ گورمکھ کو جب یہ اطلاع ملی تو اس نے ہنگامہ مچا دیا کہ وہ سائیگون سے نہیں جائے گا جہاں اس کا باپ رہتا ہے۔ سونگ نے بھی اسے وارننگ دے دی کہ اگر گورمکھ نے شرافت کا ثبوت نہ دیا تو اسے ہاتھ پیر باندھ کر جہاز میں لاد دیا جائے گا۔ اور پھر تیاری کے دوران ایک روز لیفٹیننٹ الفانسو نے یہ انکشاف کیا کہ مقامی حکام گورمکھ کے نام پاسپورٹ جاری کرنے کو تیار نہیں تھے کیونکہ اس کے پاس نہ تو پیدائش کا سرٹیفکیٹ موجود تھا اور نہ ہی شناختی کاغذات جن سے اس کا اس ملک سے تعلق ظاہر ہوتا۔ الفانسو کے کہنے کے مطابق گورمکھ کے شناختی کاغذات کے حصول کے لیے قانونی چارہ جوئی کرنا پڑے گی جس میں کئی ہفتے لگ سکتے تھے۔

"سب سے زیادہ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ اس لڑکے کا قانونی طور پر کوئی وجود ہی نہیں ہے اور نہ ہی وہ اس ملک سے باہر جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس کی سرے سے کوئی حیثیت ہی نہیں ہے۔" لیفٹیننٹ الفانسو نے بتایا۔

یہ تازہ صورتحال سونگ کے لیے واقعی اندوہناک تھی۔ اس کے سامنے اب صرف ایک ہی راستہ تھا۔ وہ اسی روز تیار ہو کر بھوانی سوبھراج کی دکان پر پہنچ گئی۔ گورمکھ بھی اس کے ہمراہ تھا۔ سوبھراج سے قطع تعلق کرنے کے بعد سونگ پہلی مرتبہ یہاں آئی تھی اور وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ پڑوس کی دو اور دکانیں بھی سوبھراج نے اپنی دکان میں شامل کر لی تھیں چار کاریگر لڑکیاں بجلی سے چلنے والی مشینوں پر کام کر رہی تھیں اور دکان پر گاہکوں کی آمد و رفت بھی خوب تھی۔ چاروں طرف الماریوں میں تیار ملبوسات آراستہ تھے۔ سوبھراج فوراً ہی اس کی طرف متوجہ ہو گیا۔ سوبھراج سے ہاتھ ملاتے ہوئے اس کی انگلی میں ہیرے کی طلائی انگوٹھی دیکھ کر سونگ حیرت زدہ سی رہ گئی۔ اس نے سوبھراج کو گورمکھ سے متعلق تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے کہا۔

"میں نہیں چاہتی کہ تمہارے ہوتے ہوئے تمہارا بیٹا اس شہر کی سڑکوں پر آوارہ گردی کرتا پھرے۔ تم اس کے باپ ہو تمہیں کچھ تو سوچنا چاہیے۔ تم اسے صرف چند ماہ کے لیے اپنے پاس رکھ لو۔ الفانسو کا وکیل اس کے کاغذات بنوانے کی کوشش کر رہا ہے۔ کاغذات ملتے ہی ہم فرانس سے رقم بھیج دیں گے تو اسے فرانس روانہ کر دینا۔"

"یہ نہیں ہو سکتا۔" سوبھراج نے کرخت لہجے میں کہا۔ "میں اس بدمعاش پر ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس کی کسی قسم کی ذمہ داری لینے کو تیار ہوں۔ یہ جہاں بھی رہے گا نت نئے مسائل کو جنم دے گا۔ میں اسے اپنے پاس نہیں رکھ سکتا۔"

"تم شاید نہیں جانتے کہ یہ دنیا میں سب سے زیادہ صرف اور صرف تم ہی کو چاہتا ہے۔ تم اس کے لیے سب کچھ ہو۔ یہ تمہیں اپنی کائنات کا محور سمجھتا ہے۔ یہ جب بھی گھر سے بھاگا ہے سیدھا تمہارے پاس آیا ہے۔ اس سے تم اپنے لیے اس کی محبت کا اندازہ لگا سکتے ہو۔" سونگ کا لہجہ متاثرکن تھا۔

بھوانی سوبھراج کے چہرے پر الجھن کے آثار ابھر آئے۔ اسی لمحہ گورمکھ آگے بڑھ کر اپنے باپ کی ٹانگوں سے لپٹ گیا۔

"پاپا! مجھے اپنے پاس رکھ لو پاپا! مجھے اپنے قریب رہنے دو۔" وہ روتے ہوئے گڑگڑایا۔

بھوانی سوبھراج کا دماغ بہت تیزی سے کچھ اور سوچ رہا تھا۔ دکان کے بڑھتے ہوئے کام کے پیش نظر اسے ایک ایسے ملازم کی ضرورت تھی جو دکان کی صفائی وغیرہ کے ساتھ اوپر کا کام بھی کر سکے۔ یہ لڑکا اس مقصد کے لیے برا نہیں تھا۔ وہ بے اختیار گورمکھ کا سر سہلانے لگا۔

یہ دیکھتے ہی سونگ کی آنکھوں میں چمک سی ابھر آئی۔ وہ مزید کچھ



کہے بغیر تیزی سے دکان سے باہر نکل گئی۔ اسے خدشہ تھا کہ کہیں سوبھراج اپنا فیصلہ تبدیل نہ کر دے۔

۱۹۴۹ء میں چین پر کمیونسٹوں کے تسلط کے ساتھ ہی انڈوچائنا میں ہوچی منہ کی انقلابی سرگرمیاں بھی ایکدم بڑھ گئیں۔ چین کی نئی حکومت ویتنامی گوریلوں کو بھرپور امداد فراہم کر رہی تھی۔ گوریلوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ سے فرانسیسی فوجی دستے چین کی سرحد سے دور ہٹنے لگے۔ اس صورتحال کے پیش نظر ۱۹۵۲ء میں جب لیفٹیننٹ الفانسو کو دوبارہ سائیگون جانے کا حکم ملا تو سونگ خوشی سے پھولی نہیں سما رہی تھی۔ اس دوران اگرچہ وہ تین بچوں کی ماں بن چکی تھی لیکن گورمکھ کی یاد ایک لمحہ کو بھی اس کے دل سے نہیں نکلی تھی۔ ان تین برسوں میں بھی سائیگون میں گورمکھ کے کاغذات نہیں بن سکے تھے۔ البتہ کبھی کبھار اسے سوبھراج کا کوئی مختصر خط مل جاتا جس سے گورمکھ کی خیریت کا پتا چل جاتا۔ سونگ کے حساب سے گورمکھ اب نو سال کا ہو چکا تھا اور اسے یقین تھا کہ اپنے باپ کے پاس رہتے ہوئے اس میں بہت سی تبدیلیاں آ چکی ہوں گی اور جب وہ گورمکھ سے ملے گی تو اسے مطیع و فرمانبردار پائے گی۔ لیکن سائیگون کی صورتحال اس کے تصورات سے بہت مختلف تھی۔

بھوانی سوبھراج کی دوسری بیوی ساؤ بھی اب تین بچوں کی ماں بن چکی تھی۔ گھر میں گورمکھ کی موجودگی کو وہ اپنے اور اپنے بچوں کے مستقبل کے لیے بہت بڑا خطرہ سمجھتی تھی۔ اسے خدشہ تھا کہ گورمکھ کی موجودگی سوبھراج کو بھی سونگ کی یاد دلاتی رہے گی۔ اس کے خیال میں عین ممکن تھا کہ بیٹے کے حوالے سے سوبھراج ایک بار پھر سونگ کی طرف مائل ہونے لگے۔ سوتیلی ماں نے گورمکھ پر تشدد شروع کر دیا۔ اسے دن میں صرف ایک بار کھانا دیا جاتا۔ سوبھراج کی عدم موجودگی میں وہ اسے بات بے بات بری طرح پیٹ ڈالتی۔ گورمکھ کے ذہن میں باغیانہ خیالات پرورش پانے لگے۔ یہ بات اب رفتہ رفتہ اس کی سمجھ میں آنے لگی تھی کہ قانونی طور پر اس کا کوئی وجود نہیں۔ اس نے بھی ساؤ کے خلاف انتقامی کارروائیاں شروع کر دیں۔ وہ سوتیلی ماں کو زک پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتا۔ وہ پڑوسی عورتوں کے سامنے ساؤ کی برائیاں کرتا اور گالیاں بکتا۔ وہ دن بھر سڑکوں پر آوارہ گردی کرتا اور اکثر کئی کئی روز تک گھر سے غائب رہتا۔

سائیگون پہنچنے کے دو تین روز کے بعد سونگ جب تیار ہو کر سوبھراج کے دروازے پر پہنچی تو دستک کے جواب میں دروازہ ساؤ ہی نے کھولا تھا۔ وہ دونوں اگرچہ ایک دوسرے کے لیے اجنبی تھیں لیکن ایک دوسرے کی شناخت میں بھی انہیں زیادہ دشواری پیش نہیں آئی۔

"میں سونگ ہوں۔ اپنے بیٹے گورمکھ سے ملنے آئی ہوں۔" سونگ نے تعارف کراتے ہوئے کہا۔

"گورمکھ۔" ساؤ کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔ "وہ یہاں نہیں ہے کہیں بھاگ گیا ہو گا یا ممکن ہے کسی جیل میں پڑا سڑ رہا ہو۔"

"کیا مطلب؟" سونگ کا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔

"مطلب وہی ہے جو میں نے کہا ہے۔" ساؤ کے لہجے میں نفرت و حقارت کا عنصر نمایاں تھا۔ "تمہارے بیٹے میں کوئی شیطانی روح حلول کر گئی ہے۔ سوبھراج نے اسے سنبھالنے کی ہر ممکن کوشش کی مگر وہ انتہائی جھوٹا مکار اور چور ثابت ہوا۔ وہ میرے بچوں کے لیے خطرہ بن گیا تھا۔ ایک مرتبہ اس نے چاقو سے میری بیٹی کا ہاتھ کاٹنے کی کوشش بھی کی تھی۔ ہاں تمہیں یہ سن کر خوشی ہو گی کہ تمہارا بیٹا ہر وقت جیب میں چاقو رکھتا ہے۔ جاؤ اسے ڈھونڈھ لو لیکن آئندہ اس طرف کا رخ مت کرنا۔"

ساؤ نے ایک دھماکے سے دروازہ بند کر دیا۔ سونگ دروازے پر گھونسے برساتی رہی۔ منت سماجت کرتی رہی لیکن دروازہ نہیں کھلا۔ سونگ آنسو بہاتی گھر واپس پہنچی۔ اس نے الفانسو کو اس نئی صورتحال سے آگاہ کیا تو وہ دونوں گورمکھ کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ پہلے تھانوں میں پوچھ گچھ کی گئی پھر شہر کی سڑکیں اور گلیاں چھاننے لگے۔ بالآخر گورمکھ بمباری سے تباہ شدہ ایک عمارت کے کھنڈر سے مل گیا۔ وہ اکیلا نہیں تھا اس کے ساتھ پانچ لڑکے اور بھی تھے۔ اس مختصر سے گروہ کا لیڈر گورمکھ ہی تھا۔ وہ اپنا پیٹ بھرنے کے لیے چوریاں کرتے اور کسی اکیلے شخص کو دیکھ کر لوٹ بھی لیتے۔ ان سب کے پاس چاقو تھے اور ان میں سے کسی کی عمر بھی بارہ سال سے زیادہ نہیں تھی۔

ویت نام میں فرانس کی پوزیشن بد سے بدتر ہوتی جا رہی تھی۔ ہیڈکوارٹر میں دفتری کام انجام دینے والے فوجیوں کو بھی اگلے محاذ پر بھیجا جا رہا تھا۔ لیفٹیننٹ الفانسو کو بھی فرنٹ پر جانا پڑا جہاں چند ہی روز بعد اپنے قریب پھٹنے والے بم کے دھماکے سے اس کی یادداشت ختم ہو گئی۔ اسے سائیگون کے فوجی ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا۔ اسے اپنی بیوی بچوں کی پہچان بھی نہیں رہی تھی۔ ڈاکٹروں کی بھرپور توجہ سے کچھ عرصہ بعد اس کی یادداشت تو لوٹ آئی لیکن وہ ذہنی طور پر اب نارمل ہو گیا اسے یوں محسوس ہوتا جیسے اس کے چاروں طرف بم پھٹ رہے ہوں۔ دماغ میں خوفناک دھماکے ہونے لگتے اور بعض اوقات وہ بری طرح چیخنے لگتا۔ اس صورتحال کے پیش نظر اسکے فرانس واپس بھیجے جانے کے احکامات جاری کر دیے گئے۔

چند روز کی بھاگ دوڑ سے گورمکھ کو بھی سائیگون کی عارضی شہریت کے کاغذات مل گئے۔ اسے جب پتا چلا کہ اس مرتبہ وہ بھی فرانس جا رہا ہے تو وہ بری طرح بلبلا اٹھا۔ اسے آمادہ کرنے کے لیے سونگ کو کچھ سختی بھی کرنا پڑی۔ سونگ جانتی تھی کہ گورمکھ اس سرزمین کو نہیں چھوڑنا چاہتا جہاں اس کا حقیقی باپ رہ رہا ہے۔ اسے اپنے باپ سے بے پناہ محبت تھی۔ دھتکارے جانے کے باوجود وہ سوبھراج کو کسی دیوتا کی طرح پوجتا تھا۔ وہ آئے دن گھر سے بھاگ کر سوبھراج کی دکان کے قریب کسی ایسی جگہ چھپا رہتا جہاں سے

اپنے باپ کو دیکھ سکتا ہو. وہ سامنے آئے بغیر اپنی جگہ پر چھپا کئی کئی گھنٹے باپ کو دیکھتا رہتا. انہی دنوں گورمکھ نے اپنے دوست کو بتایا.

"میرا سوتیلا باپ اب بظاہر محبت سے پیش آتا ہے لیکن اسے مجھ سے کوئی لگاؤ نہیں. میں اپنے حقیقی باپ کے قریب رہنا چاہتا ہوں وہ میرا خون ہے، میرے جسم کا ایک حصہ. اس کے بغیر میں اپنے آپ میں ایک عجیب سا خالی پن محسوس کرتا ہوں. مجھے یوں لگتا ہے جیسے میرا کچھ کھو گیا ہو. گھر سے بھاگنے کے بعد میں اپنے باپ کے قریب رہنے کی کوشش کرتا ہوں اور جب میری ماں مجھے پکڑ کر پٹائی کرتی ہے اور رسیوں سے باندھ دیتی ہے تو مجھے کوئی افسوس نہیں ہوتا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب کچھ میری باپ سے محبت کی وجہ سے ہو رہا ہے."

فرانس پہنچنے کے کچھ عرصہ بعد الفانسو کو فرنچ ویسٹ افریقہ کے دارالحکومت ڈاکر بھیج دیا گیا. فرانس کے زیرِ تسلط اس علاقے میں بھی فرانسیسی بولی جاتی تھی اور ڈاکر کو چھوٹا پیرس کہنا غلط نہ ہوگا. انہیں رہائش کے لیے بہت بڑا مکان مل گیا جس کے چاروں طرف وسیع و عریض رقبے پر باغ پھیلا ہوا تھا. ۱۹۵۶ تک سونگ، الفانسو کے چھ بچوں کی ماں بن چکی تھی. گورمکھ ساتواں اور سب سے بڑا بچہ تھا لیکن اسے اس گھر میں ہمیشہ اجنبی سمجھا گیا. اسے بھی اپنے بن بلائے مہمان ہونے کا بڑی شدت سے احساس ہو رہا تھا گھر میں کوئی بھی ناخوشگوار بات ہوتی اس کا الزام بلاتکلف گورمکھ پر تھوپ دیا جاتا. الفانسو کا رویہ ایک بار پھر بدلنے لگا. وہ بات بات پر اسے جھڑک دیتا. سونگ کو اب سماجی سرگرمیوں سے فرصت نہیں تھی. اس کا زیادہ وقت اب پڑوسنوں کے ساتھ گزرتا. گورمکھ نے گھر سے باہر کچھ دور واقع چٹان کی ایک کھوہ میں پناہ حاصل کر لی تھی. وہ دن بھر اس غار میں بیٹھا نئے نئے منصوبے بناتا رہتا. کبھی وہ اپنے دوستوں اور سوتیلے بہن بھائیوں کو بھی غار میں جمع کر لیتا اور تحفے تحائف اور کھانے پینے کی اشیاء سے ان کی تواضع کرتا. اس کا سوتیلا بھائی آندرے اس سے چار سال چھوٹا تھا. دونوں میں بڑی حد تک مشابہت تھی. گورمکھ اس پر خاص توجہ دیتا. بارہ سال کی عمر میں گورمکھ پولیس کی نظروں میں آچکا تھا. وہ کامیاب شاپ لفٹر (بڑی دکانوں سے سامان چوری کرنے والا) بن چکا تھا. شہر کی دکانوں اور ٹھیلوں سے چھوٹی موٹی چیزیں چرانا اس کا معمول بن چکا تھا.

اسکول میں بھی گورمکھ نے اپنا ایک مختصر سا گروہ بنا لیا تھا. بچوں کی کتابیں کاپیاں چرانا اور توڑ پھوڑ اس کے معمولات میں شامل تھا. ۱۹۵۹ء میں جب وہ پندرہ سال کا ہو چکا تھا اس کا نام باقاعدہ طور پر چرچ کے ریکارڈ میں شامل کیا گیا. سونگ نے اس کا نام چارلس گورمکھ لکھوایا تھا لیکن گورمکھ نے اپنے نام کے ساتھ سوبھراج کا اضافہ کر لیا. اب وہ چارلس گورمکھ سوبھراج تھا.

سارک نامی ایک سیاہ فام لڑکا چارلس سوبھراج کا نائب تھا. وہ دونوں مل کر چوریاں کرتے. ایک روز سارک ایک دکان سے چیزیں چراتے ہوئے پکڑا گیا. اس نے چارلس سوبھراج کا نام بھی لے دیا. دکاندار نے سونگ سے شکایت کی. تلاشی پر مکان کے تہ خانے میں مختلف اشیا کا انبار نظر آیا جو مختلف دکانوں سے چرائی گئی تھیں. سونگ نے دکاندار کو سمجھا بجھا کر واپس بھیج دیا اور چارلس سوبھراج کی گردن پکڑ لی جو تہ خانے ہی میں چھپا ہوا تھا.

"یہ سب کچھ تو نے چرایا ہے؟" سونگ چیخی.

"نہیں." چارلس سوبھراج نے پرسکون لہجے میں جواب دیا.

"لیکن سارک نے تو تمہارا نام لیا تھا. وہ یہ بھی کہتا ہے کہ تم اسے چیزیں چرانے کو کہتے ہو." سونگ غرائی.

"یہ لوگ بیوقوف ہیں جو میری بات بلا چون و چرا مان لیتے ہیں. میں لوگوں کی اس بیوقوفی سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہوں." چارلس سوبھراج کا لہجہ انتہائی جارحانہ تھا.

چارلس گورمکھ سوبھراج کی ناپسندیدہ سرگرمیوں میں اضافہ ہوتا رہا. اسکول کے علاوہ شہر سے بھی شکایتیں ملنے لگیں. بالآخر تنگ آکر سونگ نے اسے مکان کی دوسری منزل کے ایک کمرے میں بند کر کے تالا لگا دیا. مگر دوسرے دن جب تالا کھولا گیا تو وہ غائب تھا. اسے وقتاً فوقتاً سزا دینے کے لیے رسیوں سے بھی باندھ دیا جاتا مگر وہ ہر مرتبہ بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو جاتا. اس کے سوتیلے بہن بھائی یہ سمجھنے لگے کہ وہ بعض پُراسرار قوتوں کا مالک ہے جو ایسے موقعوں پر اس کی مدد کرتی ہیں.

چارلس ڈیگال کی حکمتِ عملیوں کی وجہ سے فرانس کو بتدریج اپنی مقبوضہ نوآبادیاتی کالونیوں سے دستبردار ہونا پڑ رہا تھا. فرنچ ویسٹ افریقہ کے ہاتھ سے نکلنے کے بعد وہاں پر تعینات تمام فرانسیسیوں کو واپس بلا لیا گیا. لیفٹیننٹ الفانسو کو بھی ڈاکر سے مارسلز بھیج دیا گیا. وہ اگرچہ عملی طور پر کسی کام کے قابل نہیں رہا تھا لیکن اس کا نام فوج کے پے رول پر موجود تھا اور اسے تمام مراعات بھی حاصل تھیں. مارسلز میں اس کا زیادہ وقت ہسپتالوں اور پرائیویٹ ڈاکٹروں کے ہاں آنے جانے میں صرف ہوتا. دوسرے تیسرے دن اسے دورہ پڑتا. اسے اپنے آس پاس بموں کے خوفناک دھماکے محسوس ہوتے اور وہ دونوں ہاتھوں سے سر تھام کر بری طرح چیخنے لگتا. اس کے ساتھ ہی چارلس سوبھراج بھی اس کے لیے تکلیف دہ ہوتا جا رہا تھا. دسمبر ۱۹۵۹ء میں دو پولیس والے چارلس سوبھراج کو پکڑ کر لے آئے. انہوں نے بتایا کہ چارلس سڑک کے ایک موڑ پر کھڑا کرسمس کارڈ بیچ رہا تھا. جو راہگیر اس کے کارڈ خریدنے سے انکار کر دیتا چارلس انہیں دھمکاتا اور چاقو کی نوک پر انہیں بوسیدہ اور گھٹیا کارڈ مہنگے داموں خریدنے پر مجبور کرتا. پولیس والوں کے جانے کے بعد جب سونگ نے چارلس کی پٹائی کرنا چاہی تو اس نے ایک لمبے پھل کا چاقو نکال لیا اور دھمکی دی کہ اگر وہ قریب آئی تو اس کا گلا کاٹ دے گا.

لیفٹیننٹ الفانسو کی قوت برداشت جواب دے گئی. اس موقع پر



ایک پادری نے مشورہ دیا کہ اسے کیتھولک بورڈنگ اسکول میں داخل کرا دیا جائے جہاں بچوں کو کاشتکاری کی تربیت بھی دی جاتی ہے. چارلس سوبھراج کو جب پتا چلا تو وہ گھر سے بھاگ نکلا. دو دن بعد وہ بندرگاہ سے پکڑا گیا. جہاں وہ چوری چھپے ایک بحری جہاز پر سوار ہونے کی کوشش کر رہا تھا.

"آخر تم کیا چاہتے ہو. جہاز پر کیوں سوار ہو رہے تھے؟" سونگ نے اسے تھپڑ رسید کرتے ہوئے پوچھا.

"میں اپنے باپ کے پاس جانا چاہتا ہوں." چارلس نے پُرسکون لہجے میں جواب دیا." میں اس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا. مجھے یقین ہے کہ وہ بھی مجھے چاہتا ہے."

"یہ تمہاری خوش فہمی ہے." سونگ دہاڑی." سوبھراج کو تم سے کوئی محبت نہیں ہے. پانچ سال کے اس عرصہ میں اس نے تمہاری خیریت معلوم کرنے کے لیے خط تک نہیں لکھا. بھول جاؤ اس شخص کو جو تمہاری زندگی کو گھن کی طرح چاٹ رہا ہے."

اس رات چارلس سوبھراج اپنے کمرے میں بند پھوٹ پھوٹ کر روتا رہا اور اپنے باپ سوبھراج کو یاد کرتا رہا.

کیتھولک ایگریکلچرل اسکول سے چارلس نے تین مرتبہ فرار ہونے کی کوشش کی. ایک مرتبہ تو اس کوشش میں اپنی ٹانگ بھی تڑوا بیٹھا. پادری نے اس حادثہ کی اطلاع دینے کے لیے جب مارسلز ٹیلی فون کیا تو پتا چلا کہ سونگ اپنے شوہر کے ساتھ اپنے ماں باپ سے ملنے کے لیے سائیگون گئی ہوئی ہے. یہ اطلاع چارلس گورمکھ کے لیے بم کا دھماکہ ثابت ہوئی اور ٹانگ زخمی ہونے کے باوجود وہ ہسپتال سے بھاگ نکلا. دو ہفتے بعد اسے بندرگاہ سے پکڑا گیا جہاں وہ سائیگون جانے والے جہاز پر سوار ہونے کی کوشش کر رہا تھا. اپریل ۱۹۶۰ء میں وہ ایک بار پھر بھاگ نکلا. پادری نے اس روز ٹیلیفون پر سونگ کو اطلاع دی تو اس نے تلخ لہجے میں جواب دیا.

"اسے تلاش کرنے کی ضرورت نہیں فادر! میں نے اور میرے شوہر نے فیصلہ کیا ہے کہ چارلس کو اس کے حال پر چھوڑ دیا جائے."

اس مرتبہ چارلس سوبھراج ڈی جیبوتی جانے والے ایک جہاز پر سوار ہونے میں کامیاب ہو گیا. اس کی جیب میں کوئی پیسہ نہیں تھا نہ ہی اس کے پاس شناختی کاغذات تھے. اس کا خیال تھا کہ ڈی جیبوتی سے اسے سائیگون کے لیے کوئی نہ کوئی جہاز مل جائے گا. اپنے باپ سے ملاقات کا تصور ہی اس کے لیے بڑا حسین تھا. وہ سوچ رہا تھا کہ جب وہ سائیگون پہنچے گا تو اس کا باپ اسے سینے سے لپٹائے گا اور اس کی ساری مصیبتیں دور ہو جائیں گی. نہر سوئز عبور کرتے ہوئے چارلس سوبھراج کو بحری جہاز کے ایک ملازم کا پاسپورٹ اور رقم چرانے کے الزام میں پکڑ لیا گیا. ڈی جیبوتی پہنچنے پر اسے جہاز راں کمپنی کی انتظامیہ کے حوالے کر دیا گیا. اس نے کمپنی کو سائیگون میں اپنے دولتمند باپ کا پتا دیتے ہوئے بتایا کہ وہ اس کے کرائے کی رقم ادا کر دے گا لیکن سوبھراج نے کمپنی کے ٹیلیگرام کا جواب تک نہیں دیا. کمپنی کی انتظامیہ نے دھمکی دی کہ اگر اس نے کرایہ ادا نہ کیا تو اسے مقامی پولیس کے حوالے کر دیا جائے گا. چارلس نے جیل سے بچنے کے لیے سونگ کا پتا بتا دیا.

"آخر تم چاہتے کیا ہو؟" سونگ کا لہجہ رو دینے والا تھا. چارلس کو اسی روز ڈی جیبوتی سے واپس لایا گیا تھا." ہم نے تمہارے لیے کیا کچھ نہیں کیا. کیا کیا تکلیفیں نہیں اٹھائی ہیں اور تم اس کا یہ صلہ دے رہے ہو."

"بس، اب بہت ہو چکا." قریب کھڑا ہوا الفانسو چیخا." تم اس گھر سے دفع ہو جاؤ. آئندہ ہم تم سے کوئی تعلق نہیں رکھیں گے."

"کیا آپ کو مجھ سے محبت ہے ماما؟" چارلس نے الفانسو کی بات پر توجہ دیے بغیر سوالیہ نگاہوں سے ماں کی طرف دیکھا.

"اگر تم سے محبت نہ ہوتی تو تمہاری دی ہوئی یہ اذیتیں کیوں برداشت کرتی." سونگ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے.

"اب میں آپ کو کوئی تکلیف نہیں دوں گا، کوئی شکایت نہیں ہوگی آپ کو مجھ سے." چارلس جھک کر ماں کی ٹانگوں سے لپٹ گیا.

اس واقعہ کے چند روز بعد چارلس کو پیرس بھیج دیا گیا جہاں سونگ کے جاننے والے چند ویتنامی مہاجر آباد تھے. پیرس میں چارلس کو ایک ریسٹورنٹ میں ملازمت مل گئی. وہ دن بھر کچن میں بیٹھا جھوٹے برتن دھوتا رہتا. فرش کی صفائی بھی اس کے فرائض میں شامل تھا. تین ماہ کے اندر اس نے کئی ہوٹل تبدیل کیے. اسے نہ تو یہ کام پسند تھا اور نہ ہی اس کی طبیعت میں ٹھہراؤ تھا لیکن وہ جس ہوٹل میں بھی جاتا اسے یہی گھٹیا کام ملتا. بالآخر ۱۹۶۰ء کے آخر میں وہ لاکوپل نامی ریسٹورنٹ پہنچ گیا. لاکوپل ان دنوں پیرس کا بہترین ریسٹورنٹ تھا اور یہاں چارلس کو زیادہ کام بھی نہیں کرنا پڑتا تھا. ایک رات وہ کچن میں برتن صاف کر رہا تھا کہ ایک ویٹر نے اسے اشارہ کرتے ہوئے کہا.

"چارلس! کوئی آدمی تم سے ملنا چاہتا ہے."

"کون؟" چارلس نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا.

"کوئی گاہک ہے غیر ملکی۔ لباس سے خاصا دولتمند نظر آتا ہے." ویٹر نے بتایا.

چارلس کو ریسٹورنٹ کے اس ہال میں جانے کی اجازت نہیں تھی جہاں گاہکوں کی آمد و رفت تھی لیکن اس وقت اسے اجازت مل گئی. وہ ہال میں داخل ہو کر میزوں کے گرد چکراتا ہوا اس میز کے قریب پہنچا جہاں قیمتی لباس میں ملبوس وہ اجنبی اس کا منتظر تھا.

"گورمکھ!" وہ شخص اٹھ کر اس کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے بولا. چارلس بری طرح چونک گیا. طویل عرصہ بعد کسی نے اسے اس نام سے مخاطب کیا تھا. وہ عجیب سی نگاہوں سے اجنبی کی طرف دیکھنے لگا." میں سوبھراج ہوں. بھوانی سوبھراج۔" اجنبی نے اپنا تعارف کرایا.

چارلس کے صبر کا بندھن ٹوٹ گیا. وہ باپ سے چمٹ کر پھوٹ

وہی قرض نہیں اتار سکی جو رقم تمہیں ممبئی بھیجی تھی۔ تم جوان ہو، اپنے طور پر کچھ کر سکتے ہو تو کر لو، میرے پاس کچھ نہیں ہے۔"

"سمجھ گیا ماما!" چارلس سوبھراج کا موڈ ایکدم بگڑ گیا۔ "الفانسو کے بچوں کے لیے تمہارے پاس بہت کچھ ہے، میرے لیے تمہارے دامن میں کچھ نہیں، نہ ایک وقت کی روٹی اور نہ پیار، جو میرا حق تھا۔"

"تم میرا دامن پہلے ہی تار تار کر چکے ہو۔ میرے پاس تمہارے لیے اب واقعی کچھ نہیں۔" سونگ نے کرخت لہجے میں کہتے ہوئے اسے باہر کا راستہ دکھا دیا۔

❋

پیرس چارلس سوبھراج کے لیے وقتی پناہ گاہ ثابت ہوا۔ یہاں ویتنامی مہاجرین کی کثرت تھی۔ ویتنامی نقوش کے باعث وہ بھی ان میں کھپ گیا۔ وہ مختلف ہوٹلوں میں ملازمت کرتا رہا۔ ایک ایک قدم پھونک پھونک کر بڑی احتیاط سے اٹھا رہا تھا۔ کسی پولیس والے کو دیکھ کر دور ہی سے راستہ بدل لیتا۔ اسے خدشہ تھا کہ کسی پولیس والے کے سوال جواب سے اس کی پول نہ کھل جائے۔ ان دنوں جنرل ڈیگال کی الجزائر سے متعلق پالیسی سے اختلاف کے سلسلے میں تخریب کاروں نے حکومت کے خلاف سرگرمیاں شروع کر رکھی تھیں۔ پولیس والے خصوصاً رات کے وقت ہر شخص کو روک کر باز پرس کرتے۔ ۱۹۶۳ء کا کرسمس چارلس سوبھراج نے ایک ویتنامی ہوٹل کے (کاسینو) جوئے خانے میں گزارا، جہاں وہ سب کچھ ہار گیا۔ حتیٰ کہ وہ کوٹ بھی جو سائیگون میں اس کے باپ نے سی کر دیا تھا۔ آدھی رات کو وہ شکست خوردگی کا شدید تر احساس لیے جوئے خانے سے باہر نکلا اور پولیس کے خوف سے چوروں کی طرح تاریکی کی آڑ میں چلنے لگا۔ بھوک اور سردی سے اس کی حالت بدتر تھی۔ وہ دل ہی دل میں اپنے باپ بھوانی سوبھراج اور ماں سونگ کو گالیاں بکتا رہا جن کی وجہ سے اسے یہ دن دیکھنا نصیب ہو رہا تھا۔ ایک سنسان گلی سے گزرتے ہوئے اس کی نظریں ایک بیکری کے شوکیس پر جم گئیں۔ بیکری بند تھی۔ اندر بتی جل رہی تھی جس کی روشنی میں شوکیس میں سجی ہوئی چیزوں کو دیکھ کر اس کی بھوک چمک اٹھی۔ اس نے ایک پتھر اٹھا کر شوکیس کے شیشے پر دے مارا اور چھپ کر ردِعمل کا انتظار کرنے لگا۔ چند منٹ گزر گئے۔ جب کوئی بھی سامنے نہیں آیا تو ٹوٹے ہوئے شیشے کے راستے بیکری میں گھس گیا۔ کھانے پینے کی چیزوں کے علاوہ شمپئن کی ایک بوتل بھی اس کے ہاتھ لگی۔ وہ دریائے سین کے کنارے پہنچ گیا اور رات بھر کیک کھاتا اور شمپئن پیتا رہا۔ علی الصبح جب فاترے ڈیم کے گھڑیال نے پیرس کے لوگوں کو جگانا شروع کیا تو چارلس سوبھراج نیند کی آغوش میں پہنچ رہا تھا۔

رومین ویتنامی تھا جو کئی برسوں سے پیرس کی سڑکوں پر اپنے فن کے جوہر دکھا رہا تھا۔ چوری، رہزنی، زمین دوز ریلوے میٹرو میں اکا دکا مسافروں کو لوٹنا اور کاریں چرانا اس کے بائیں ہاتھ کا کام تھا۔ چارلس سوبھراج نے پہلی ہی ملاقات میں اسے متاثر کیا تھا۔ وہ چارلس کو اپنا معتمد خاص بنانا چاہتا تھا لیکن چونکہ چارلس کے پاس شناختی کاغذات تک نہیں تھے اور وہ کسی بھی وقت فرانس میں غیر قانونی قیام کے جرم میں پولیس کی گرفت میں آ سکتا تھا، اس لیے رومین اس کی طرف سے خاصا محتاط تھا لیکن وہ چارلس کے اندر چھپی ہوئی صلاحیتوں کو پہچان گیا تھا چنانچہ ایک رات وہ اسے پیرس کے تاریک علاقے میں واقع ایک ایسے مکان میں لے گیا جہاں پر موجود ایک فرانسیسی بوڑھے نے اس کے سامنے لاتعداد کاغذات پھیلا دیے۔ جن میں اسٹوڈنٹس ویزا، شہریت کے شناختی کاغذات، ورک پرمٹ اور مختلف ممالک کے پاسپورٹ موجود تھے۔ ہر چیز کی قیمت مختلف تھی۔ پانچ سو سے پانچ ہزار فرانک تک کوئی بھی دستاویز خریدی جا سکتی تھی۔ دوسری میز پر وہ چیزیں بکھری پڑی تھیں، جو اس قسم کی جعلسازی میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

"ہاں، اب بتاؤ تم کیا چاہتے ہو؟ کیا بننا چاہتے ہو؟" رومین نے چارلس کے چہرے کے تاثرات کا جائزہ لیتے ہوئے پوچھا۔

"فی الحال کچھ نہیں۔" چارلس نے نفی میں سر ہلا دیا۔ اب تک قانونی طور پر اس کا کوئی وجود نہیں تھا۔ وہ کسی ملک کا شہری نہیں تھا۔ اس کی کوئی حیثیت نہیں تھی۔ اس کے سامنے بیسیوں ممالک کے پاسپورٹ بکھرے ہوئے تھے۔ وہ بوڑھے کو مطلوبہ رقم کی ادائیگی کے بعد کسی بھی ملک کا شہری بن سکتا تھا۔

۱۹۶۴ء کے موسم بہار تک اس نے چوری، ڈکیتی اور رہزنی کی گیارہ وارداتیں کیں۔ وہ تین ہزار فرانک جمع کرنا چاہتا تھا۔ تاکہ جعلی پاسپورٹ خرید سکے۔ ممکن ہے وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب ہو جاتا لیکن ایک رات پیرس کی ایک حسینہ کو چوری کی کار میں سیر کراتے ہوئے تیز رفتاری کے الزام میں پکڑا گیا۔ شناختی کاغذات نہ ہونے کی وجہ سے عدالت نے اسے تین سال کے لیے جیل بھیج دیا۔ چارلس پہلے تو مجسٹریٹ کے سامنے گڑگڑاتا رہا لیکن پھر ایکدم خاموش ہو گیا اور پولیس والوں کے ساتھ خاموشی سے سر جھکائے پوائسری جیل کی طرف چل دیا۔

پیرس کے نواح میں تقریباً دو سو سال پرانی پوائسری جیل تین حصوں پر مشتمل تھی۔ ایک حصہ عام قیدیوں کے لیے مخصوص تھا۔ دوسرا خطرناک قیدیوں کے لیے اور تیسرا غیر ملکیوں کے لیے۔ چارلس کو اس تیسرے بلاک میں رکھا گیا جہاں تقریباً ڈیڑھ سو قیدی پہلے ہی سے موجود تھے۔ دن کے وقت ان قیدیوں کو ایک بڑے ہال میں رکھا جاتا لیکن رات کو انہیں ڈربہ نما چھوٹی چھوٹی کوٹھریوں میں ٹھونس دیا جاتا۔ ایک کوٹھری اگرچہ دو قیدیوں کے لیے بھی ناکافی تھی لیکن ان میں بیک وقت دس دس قیدی بھر دیے جاتے۔ دن میں جب قیدی بڑے ہال میں ہوتے تو جیل کے محافظ ہر کوٹھری کی تلاشی لیتے۔ کسی قیدی کو جسم کے کپڑوں کے علاوہ کوئی چیز اپنے پاس رکھنے کی اجازت نہیں تھی۔ ان کے نام آنے والے خطوط بھی بڑی سختی سے سنسر کیے جاتے۔ بعض اوقات خطوط قیدیوں تک پہنچانے کے بجائے ضائع کر دیے جاتے۔

نومبر ۱۹۶۶ء میں چارلس کی ملاقات فیلکس نامی ایک ایسے ادھیڑ عمر شخص سے ہوئی جو ایک سماجی خدمتگار کی حیثیت سے مہینے میں ایک دو مرتبہ جیل کے قیدیوں سے ملاقات کیا کرتا تھا۔ چارلس اس کی باتوں سے بیحد متاثر تھا۔ اسے جلد ہی پتا چل گیا کہ جیل کے افسران فیلکس کا بڑا احترام کرتے تھے۔ فیلکس ہی کی درخواست پر چارلس کو ایک الگ کوٹھری دے دی گئی۔ اسے لکھنے پڑھنے کا سامان بھی مہیا کر دیا گیا۔ فیلکس اب اکثر چارلس سے ملاقات کے لیے جیل آنے لگا۔ وہ اسے زندگی کا فلسفہ سمجھانے کی کوشش کرتا۔ اس نے چارلس کو قانون اور فلسفے کی بہت سی کتابیں بھی لا دیں جن کا وہ مطالعہ کرتا رہتا۔ چارلس کی کہانی سننے کے بعد فیلکس اس کی مدد پر آمادہ ہو گیا اور پیرس میں ہندوستانی سفارت خانے سے رابطہ قائم کر کے اس کے لیے ہندوستان کی شہریت کے کاغذات حاصل کرنے کی کوشش کرنے لگا لیکن سفارتی آفیسر نے اس کی فائل کا مطالعہ کرنے کے بعد صرف ایک جملے پر بات ختم کر دی۔

"اس شخص کی قسمت کا فیصلہ ہندوستان ہی میں ہو گا۔"

فیلکس نے چارلس کے باپ بھوانی سوبھراج کو بھی خط لکھا کہ اس کا بیٹا پیرس کی جیل میں سزا بھگت رہا ہے۔ اگر باپ شروع ہی سے چارلس پر توجہ دیتا تو شاید آج اسے ان حالات کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ اس نے یہ بھی لکھا کہ چارلس اب بہت بدل چکا ہے۔ اگر سوبھراج اسے اپنا لے تو اس کی زندگی بدل سکتی ہے۔ اس کے ساتھ چارلس نے بھی باپ کو ایک تفصیلی خط لکھا لیکن کئی ہفتے گزرنے کے بعد جب دونوں میں سے کسی خط کا جواب نہیں آیا تو چارلس نے ایک اور خط لکھا لیکن اس کا بھی جواب نہیں ملا۔

۱۹۶۶ء کے کرسمس سے ایک دن پہلے جب فیلکس جیل میں داخل ہوا تو اس کے پاس سوبھراج کے لیے فلسفے اور قانون کی چند نئی کتابوں کے علاوہ کچھ تحائف بھی تھے۔ سب سے بڑا تحفہ وہ خط تھا جس پر ویتنام کی ٹکٹیں چسپاں تھیں۔

"یہ تمہارے باپ کا خط ہے۔ میں نہ کہتا تھا کہ وہ میرے خط کا جواب ضرور دے گا۔" فیلکس نے اسے خط دکھایا۔

"کیا لکھا ہے، تم ہی بتا دو۔ میں خود یہ خط نہیں پڑھنا چاہتا۔" چارلس نے کہا۔

فیلکس نے خط کھول لیا اور بیچ میں کہیں رکے بغیر پڑھنے لگا۔

بھوانی سوبھراج نے فیلکس کو مخاطب کرتے ہوئے چارلس کی پوری داستانِ حیات لکھی تھی۔ اس نے فیلکس کو یقین دلانے کی کوشش کی وہ بیٹے کو راہ راست پر لانے کی ہر ممکن کوشش کرتا رہا۔ اس کی وجہ سے اس نے بے شمار مالی نقصانات بھی اٹھائے ہیں لیکن چارلس اپنی حرکتوں سے باز نہیں آیا۔ ۱۹۶۴ء میں وہ ایک بار پھر چارلس کو لینے کے لیے فرانس آیا تھا لیکن مارسلز میں اس کی ماں نے اس کے بارے میں قطعی لاعلمی کا اظہار کیا۔ سونگ کو بھی پتا نہیں تھا کہ اس کا بیٹا کہاں ہے۔ تمہارے خط سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ راہ راست پر آ رہا ہے۔ اگر وہ اپنے آپ کو سنبھالنے کا وعدہ کرے تو میں اسے ایک اور موقع دینے کو تیار ہوں۔

چارلس سوبھراج فیلکس سے لپٹ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ یہ قدرت کی ستم ظریفی تھی کہ جن دنوں بھوانی سوبھراج مارسلز میں اسے تلاش کرتا پھر رہا تھا انہی دنوں وہ شناختی کاغذات حاصل کرنے کے لیے پیرس میں پے درپے چوریوں کی وارداتیں کرتا پھر رہا تھا۔

"مجھے معلوم نہیں تھا کہ تمہاری ماں بھی فرانس میں موجود ہے۔ تم نے تو کبھی ذکر نہیں کیا تھا۔" فیلکس نے گہری نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔

"میں اپنی ماں کے بارے میں بتاتے ہوئے ڈرتا تھا لیکن اگر تم مارسلز میں اس سے ملنا چاہو تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہو گا۔"

"میں چند روز بعد ایک کام کے سلسلے میں مارسلز جانے والا ہوں، کوشش کروں گا کہ اس دوران تمہاری ماں سے بھی ملاقات ہو سکے۔"

"میری ماں میرے بارے میں تمہیں وہی کچھ بتائے گی جو میں چھپانا چاہتا تھا۔ میرے ماضی کی یادیں کچھ زیادہ خوشگوار نہیں ہیں۔ میری زندگی میں خوشی کا عمل دخل بہت کم اور عارضی رہا ہے۔ میں ہمیشہ بدتر لمحات کا منتظر رہا ہوں۔ اگر میرے ماضی سے آگاہ ہو کر تم جیسا شفیق اور مہربان دوست بھی دور ہٹ جائے تو مجھے کوئی حیرت نہ ہو گی۔ بہرحال، ماں سے ملاقات کے بعد میں تمہارے تاثرات ضرور جاننا چاہوں گا۔"

فیلکس کے جانے کے بعد چارلس حسبِ معمول قانون کی کتاب کے مطالعہ میں غرق ہو گیا۔ جیل کے ایک اور قیدی نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

"کچھ عرصہ بعد تو تم رہا ہونے والے ہو۔ قانون کے مطالعہ کی کیا ضرورت ہے؟"

"ہر قسم کی قانون شکنی کے لیے قانون کی باریکیوں سے آگاہ ہونا بہت ضروری ہے۔" چارلس نے جواب دیا۔

اس کے تقریباً ایک ہفتہ بعد فیلکس، چارلس سوبھراج کی ماں سے ملاقات کر کے واپس آگیا۔ وہ سونگ سے کچھ ایسی باتیں معلوم کرنے میں کامیاب ہوگیا تھا جن سے چارلس کے مسئلے کے حل میں مدد مل سکتی تھی۔ پیرس واپس پہنچتے ہی اس نے ایک وکیل سے رابطہ قائم کیا جو کئی روز تک قانونی موشگافیوں کا جائزہ لینے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا کہ چارلس سوبھراج کو قانونی طور پر فرانس کی شہریت مل سکتی ہے۔ فوراً ہی عدالت میں رٹ دائر کر دی گئی اور یہ موقف اختیار کیا گیا کہ چونکہ چارلس گورمکھ سوبھراج نے سائیگون میں جنم لیا تھا، اس دور میں سائیگون، فرانسیسی عملداری میں تھا اس طرح فرانس کی شہریت حاصل کرنا چارلس کا قانونی حق ہے۔ عدالت نے وکیل کا یہ موقف تسلیم کرتے ہوئے چارلس سوبھراج کو فرانس کی شہریت دے دی۔ اور ۱۹۶۹ء میں رہائی سے چند روز پہلے چارلس سوبھراج نے جب یہ خبر سنی تو فرطِ مسرت سے اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔

جیل سے رہا ہونے کے بعد فیلکس چارلس کو اپنے گھر لے آیا۔ سب سے پہلے اس نے چارلس کے لیے ریڈی میڈ کپڑے، جوتے اور چند دوسری چیزیں خریدیں جن پر تقریباً ساڑھے تین سو ڈالر خرچ ہوئے۔ چارلس سوبھراج کی رہائی کی خوشی میں فیلکس نے اسی رات دعوت کا اہتمام کیا تھا جس میں اس کے چند قریبی دوست شامل تھے۔ چارلس، ہیلن نامی اس لڑکی کی طرف مائل تھا جو اس دعوت میں سب سے زیادہ منفرد نظر آرہی تھی۔ چارلس کی نیت بھانپ کر فیلکس نے اسے خبردار بھی کیا تھا کہ وہ ہیلن پر وقت ضائع نہ کرے کیونکہ وہ ایک ٹھوکر کھا چکی ہے اور ظاہر ہے ایسی دل شکستگی میں چارلس کو مایوسی و ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا مگر چارلس نے اس کی بات ایک کان سے سن کر دوسرے کان سے نکال دی۔

ہیلن کی عمر بمشکل بیس سال رہی ہوگی۔ چارلس کے خیال میں ایسی حسین لڑکی اب تک اس کی نظروں سے نہیں گزری تھی۔ اس کا باپ پیرس کے نواح میں ایک چھوٹی سی دکان کا مالک تھا جبکہ ہیلن بھی پیرس کی ایک انوسٹمنٹ کمپنی میں کلرک کی حیثیت سے ملازم تھی۔ چارلس کی باتوں اور شخصیت نے اسے بیحد متاثر کیا تھا اور وہ بھی اس میں ضرورت سے زیادہ دلچسپی لے رہی تھی۔

کئی ہفتے گزر گئے۔ چارلس سوبھراج اب بھی فیلکس کے ساتھ رہ رہا تھا۔ فیلکس نے ایک دو جگہوں پر اس کے لیے کام کا بندوبست کیا تھا لیکن چارلس کو کوئی بھی کام پسند نہیں آرہا تھا۔ اس کا زیادہ وقت ہیلن کے ساتھ تفریحی مقامات پر گھومتے ہوئے گزرتا۔ فیلکس شام کو جب گھر میں داخل ہوتا تو ہر چیز بکھری ہوئی نظر آتی۔ الماری میں سلیقے سے آراستہ کپڑے پلنگ اور کرسیوں پر ڈھیر کی صورت میں نظر آتے۔ چارلس، بڑی بے تکلفی سے اس کی چیزیں استعمال کر رہا تھا۔ بالآخر فیلکس نے تنگ آکر اسے الگ مکان لینے کو کہہ دیا۔ دو چار روز کی کوشش کے بعد چارلس کو بالآخر ہیلن کے گھر کے قریب ہی ایک چھوٹا سا فلیٹ مل گیا۔

چارلس سوبھراج کو آگ بجھانے والے آلات تیار کرنے والی کمپنی میں سیلز مین کی حیثیت سے ملازمت مل گئی تھی۔ وہ دن بھر سڑکوں پر مارا مارا پھرتا مگر اسے کبھی کوئی آرڈر نہ مل سکا۔ وہ بائیس تیئس سال کا ایک بھرپور اور وجیہہ نوجوان تھا۔ اس کی شخصیت متاثر کن تھی خصوصاً عورتوں کے لیے اس میں بے پناہ کشش تھی۔ اس نے اپنی اس امتیازی خصوصیت سے فائدہ اٹھانے کی بھرپور کوشش کی۔ وہ دفتر میں کام کرنے والی لڑکیوں سے بڑی بڑی رقمیں قرض لے لیتا جنہیں واپس کرنا بھول جاتا۔ ایک مرتبہ اس نے کمپنی کے باس کی سیکریٹری سے بھی لمبی رقم قرض لے لی۔ دفتری اوقات کے دوران چارلس اکثر سیکریٹری کے کمرے میں آجاتا۔ بوڑھے باس کو جب پتا چلا تو اس نے اسی روز چارلس کو ملازمت سے برطرف کر دیا۔ کیونکہ وہ خوبصورت ...... لیڈی سیکریٹری اتفاق سے کمپنی کے بوڑھے باس کی بیوی بھی تھی۔

اس دوران چارلس سوبھراج پیرس کی اعلیٰ سوسائٹی میں متعارف ہو چکا تھا۔ بڑے گھرانوں کی خواتین اسے اپنے ہاں دعوتوں پر مدعو کرنے پر فخر محسوس کرتیں۔ کوئی بھی نہیں جانتا تھا کہ چارلس کے تعلقات بعض ایسے لوگوں سے بھی تھے جنہیں معاشرہ اور قانون پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھتا تھا۔ ایسے لوگوں میں پورلو، چارلس کے لیے بہت اہمیت رکھتا تھا۔ وہ رات کو پورلو اور اس کے دو ساتھیوں کے ساتھ مل کر راہزنی اور ڈکیتی کی وارداتیں کرتا جس سے اسے اپنے اخراجات کے لیے اچھی خاصی رقم مل جاتی تھی۔ چارلس سوبھراج بہت محتاط ہو کر کام کرتا جب چھوٹی چھوٹی وارداتوں سے ملنے والی رقم اس کے لیے ناکافی ثابت ہونے لگی تو اس نے ایک اور طریقہ اختیار کیا۔ امیر لوگوں کے ہاں دعوتوں میں شرکت کے دوران وہ خوب گھوم پھر کر گھر کا جائزہ لے لیتا اور بعد میں اپنی یادداشت کے بھروسے پر اس گھر کا نقشہ بنا کر پورلو اور اس کے ساتھیوں کے حوالے کر دیتا۔ جو دوسرے تیسرے دن اس گھر کا صفایا کر ڈالتے اور چارلس کو اس کا حصہ مل جاتا۔

فیلکس سے چارلس سوبھراج کے تعلقات خوشگوار تھے۔ اسے اپنا محسن سمجھتے ہوئے چارلس اس کا احترام بھی بہت کرتا تھا۔ فیلکس کو قطعی علم نہیں تھا کہ چارلس ہی دراصل شہر کے بڑے بڑے گھروں میں ہونے والی ڈکیتی کی ان وارداتوں کا ذمہ دار ہے۔ البتہ ہیلن کے معاملے میں اسے کچھ اختلاف ضرور تھا۔ اس کا خیال تھا کہ چارلس اس معصوم لڑکی کی زندگی برباد کر دے گا۔ وہ وقتاً فوقتاً چارلس کو اس سے دور رہنے کی تلقین کرتا رہتا جسے چارلس ہمیشہ ہنس کر ٹال دیتا۔

یہ اگست ۱۹۶۸ء کی بات ہے۔ چارلس، ہیلن کو ایک خوبصورت چم چماتی ہوئی گاڑی میں بٹھا کر ڈونوائل کی طرف لے گیا۔ وہ راستے میں ہیلن کو بتا رہا تھا کہ اس کے کروڑپتی باپ نے اپنے کاروبار میں حصہ دار بنانے کے لیے اسے سائیگون بلایا ہے مگر وہ ہیلن کے بغیر کہیں نہیں جانا چاہتا۔ وہ اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ ہیلن سے شادی کے لیے کہہ چکا تھا مگر وہ اپنے ماں باپ کو رضامند نہیں کر سکی تھی۔ اس وقت بھی ہیلن نے چند روز کی مہلت مانگی تاکہ اپنے باپ کو قائل کر سکے۔

اس رات ڈونوائل کے کاسینو میں چارلس بہت دیر تک جوا کھیلتا رہا۔ آدھی رات تک وہ چھ ہزار فرانک جیت چکا تھا۔ ہیلن اسے بار بار روک رہی تھی کہ اب اسے بازی ختم کر کے واپس چلنا چاہیے لیکن اس نے اسے اس بری طرح ڈانٹ دیا کہ ہیلن سہم گئی۔ چارلس کا یہ روپ اس نے پہلی مرتبہ دیکھا تھا۔ اس کے کچھ ہی دیر بعد چارلس سب کچھ ہار گیا حتیٰ کہ وہ پچاس فرانک بھی جو ہیلن نے اپنے پرس میں چھپا رکھے تھے۔ واپس جاتے ہوئے چارلس کا موڈ بگڑا ہوا تھا۔ اس کے منہ سے گالیوں کا طوفان ابل رہا تھا اور ہیلن پسنجر سیٹ پر سہمی ہوئی بیٹھی کھڑکی سے باہر تاریکی میں گھور رہی تھی۔ چارلس کار کی رفتار بڑھاتا چلا گیا۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ایک بار پھر شادی کا تذکرہ چھیڑ دیا۔ خوف کے مارے ہیلن کے چہرے پر زردی پھیل گئی۔ وہ بری طرح چیخ رہی تھی۔ کار کی رفتار خطرناک حد تک تیز تھی۔ چارلس کی کوئی معمولی سی غلطی ان کی زندگیوں کا خاتمہ کر سکتی تھی۔ ہیلن چیخ چیخ کر گاڑی کی رفتار کم کرنے کو کہہ رہی تھی مگر چارلس نے دھمکی دی کہ اگر اس نے شادی کا اقرار نہ کیا تو وہ کار سامنے سے آنے والی کسی گاڑی یا سڑک کے کنارے کسی درخت سے ٹکرا دے گا۔ بالآخر ہیلن کو اقرار کرنا پڑا۔ چارلس نے رفتار کم کر دی لیکن اسی لمحہ عقب میں پولیس کار کے سائرن کی آواز سن کر اس نے رفتار ایک بار پھر بڑھا دی اور اس کے ساتھ ہی کار کو دائیں طرف ایک کچی سڑک پر موڑ دیا۔ تیز رفتار کار بے قابو ہو کر ایک کھیت کی منڈیر سے ٹکرا کر قلابازیاں کھاتی ہوئی کئی گز دور جا کر رک گئی۔ یہ ان کی خوش قسمتی تھی کہ اس خوفناک حادثے میں معمولی چوٹوں کے علاوہ انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا تھا۔ پولیس نے چارلس کو تیز رفتاری کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ بعد میں انکشاف ہوا کہ وہ کار بھی چوری کی تھی۔

چارلس کو آٹھ ماہ کی سزا ہوگئی۔ روٹن کی جیل میں اس سے ملاقات کے لیے آنے والوں میں ہیلن اور فیلکس کے علاوہ پورلو اور اس کا ایک ساتھی بھی شامل تھا۔ فیلکس ہر ملاقات پر چارلس کو سمجھانے کی کوشش کرتا چارلس پہلے تو اس کی باتیں خاموشی سے سنتا رہتا لیکن پھر اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگیا اور اس نے فیلکس کو برا بھلا کہتے ہوئے اس سے قطع تعلق کا اعلان کر دیا۔ وہ ہیلن سے کسی طرح بھی دستبردار ہونے کو تیار نہیں تھا۔ اس طرح فیلکس کچھ عرصہ کے لیے اس کی زندگی سے نکل گیا۔

پورلو نے جیل کے افسران سے یہ اجازت حاصل کر لی تھی کہ وہ کبھی کبھار چارلس کے لیے گھر کا پکا ہوا کھانا لے آیا کریں گے۔ جیل کے حکام نے ہفتے میں صرف ایک دن کھانا لانے کی اجازت دے دی۔ کھانا دینے کے دوسرے دن پورلو جب خالی ٹفن واپس لے کر جاتا تو ٹفن کے ایک ڈبے کی دوہری تہ میں اسے پیرس کے کسی نہ کسی ایسے دولت مند گھر کا نقشہ مل جاتا جہاں چارلس کبھی دعوت اڑا چکا ہوتا۔ پورلو اور اس کے ساتھی اسی رات اس گھر کا صفایا کر دیتے۔ چارلس کا حصہ وہ الگ جمع کرتے جاتے تھے۔ اس طرح جب وہ مارچ ۱۹۶۹ء میں جیل سے رہا ہوا تو اس کے پاس پندرہ ہزار فرانک کی رقم جمع ہو چکی تھی۔ جیل سے نکلتے ہی اس نے فیلکس سے اپنے رویے کی معافی مانگ لی اور اس کے چند روز بعد ہیلن سے شادی کر لی۔ شادی کی اس تقریب میں فیلکس بھی شریک تھا۔

۱۹۷۰ء کے موسم بہار میں چارلس سوبھراج کے لیے ہیلن کا یہ انکشاف کسی دھماکے سے کم نہیں تھا کہ وہ ماں بننے والی ہے لیکن شومئی قسمت سے انہی دنوں چارلس کو حکومت کی طرف سے نوٹس ملا کہ فرانس کے ایک شہری کی حیثیت سے اسے کم از کم اٹھارہ مہینے لازمی فوجی خدمات انجام دینا ہوں گی۔ فرار کا کوئی راستہ نہیں تھا لیکن چارلس کو یقین تھا کہ وہ چند ہفتوں سے زیادہ فوج میں نہیں رہ سکے گا۔ فیلکس نے وعدہ کیا تھا کہ اس کی عدم موجودگی میں وہ ہیلن کا خیال رکھے گا۔

چارلس سوبھراج نے اپنا یہ دعوے ثابت کر دکھایا کہ وہ زیادہ عرصہ تک فوج میں نہیں رہ سکے گا۔ چند ہفتے بعد ہی اسے میڈیکل ڈسچارج مل گیا۔ اس پر اس کے ایک ساتھی فوجی نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا۔

"اس نے فوج میں آتے ہی عجیب و غریب حرکتیں شروع کر دیں وہ آئے دن بیمار بن جاتا اور حیرت کی بات یہ تھی کہ ڈاکٹر جیسے ہی تھرما میٹر اس کے منہ میں لگاتا تو ٹمپریچر ایک سو تین سے بھی اوپر پہنچ جاتا۔ اس کے لیے وہ کونسا طریقہ اختیار کرتا تھا؟ کبھی کسی کی سمجھ میں نہ آسکا۔ وہ ہمیشہ ڈاکٹروں کو قائل کرنے کی کوشش کرتا کہ وہ خونی السر میں مبتلا ہے۔ ممکن ہے ڈاکٹر بھی سمجھ چکے ہوں کہ وہ محض اداکاری کر رہا ہے لیکن اپنا پیچھا چھڑانے کے لیے ڈاکٹروں نے متفقہ طور پر اسے فوج کے لیے اَن فٹ قرار دے دیا اور اس طرح چند ہفتے بعد ہی وہ عیار ترین شخص فوج سے رخصت ہوگیا۔"

چارلس سوبھراج فوج سے ڈسچارج لے کر گھر پہنچا تو اس کی مالی حالت دگرگوں تھی۔ ہیلن کو ان دنوں اگرچہ اچھی غذا اور آرام کی ضرورت تھی لیکن وہ زندہ رہنے کے لیے سخت جدوجہد کر رہی تھی۔ شب و روز کی محنت سے اس کی صحت برباد ہو چکی تھی۔ چارلس کو اس کی یہ حالت دیکھ کر گہرا صدمہ پہنچا۔ اس نے اپنی سوتیلی بہن لیو سے رابطہ قائم کیا جس کا شوہر پیرس ہی میں ایک ریسٹورنٹ چلا رہا تھا۔ لیو نے ترس کھا کر چارلس کو ہوٹل میں ویٹر رکھ لیا لیکن چارلس تیسرے ہی روز لیو کے پرس سے چھ ہزار فرانک چرا لے گیا۔ یہ رقم اس نے اسی رات جوئے میں ہار دی۔ چوری کا انکشاف ہوتے ہی لیو نے پولیس کو رپورٹ کر دی اور چارلس ایک مرتبہ پھر پکڑا گیا۔

وہ گہری نظروں سے سیاحوں کو اس طرح دیکھ رہا تھا جیسے قصائی بکرے کا جائزہ لیتا ہے۔ ہیلن ایک بینچ پر بیٹھ گئی۔ اس کا جسم پسینے سے تر ہو رہا تھا اور سانس پھولی ہوئی تھی۔

آگرہ میں تین دن قیام کے بعد وہ بمبئی آ گئے۔ جہاں چند روز بعد ۵ نومبر ۱۹۷۰ء کو سورج کی پہلی کرن کے ساتھ ہیلن نے ایک خوبصورت بچی کو جنم دیا۔ وہ اس وقت بمبئی کے سب سے مہنگے اور بہترین ہسپتال میں تھی۔ چارلس سوبھراج کی خوشی قابلِ دید تھی۔ اس نے ہیلن کو پھولوں سے لاد دیا۔ وہ بچی کو گود میں لیے دن بھر کمرے میں ٹہلتا رہتا بچی کا نام اس نے شوبرا رکھا۔ ہسپتال کے کاغذات میں اپنے پروفیشن والے خانے میں اس نے "بزنس مین" لکھا تھا۔ اور یہ غلط بھی نہیں تھا۔ وہ ایسے بزنس سے وابستہ تھا جس میں ہر سو خطرات کے سائے بھی منڈلا رہے تھے۔

چارلس سوبھراج چھبیس سال کا بھرپور جوان تھا۔ خوبرو ہونے کے ساتھ خوش اخلاقی کے باعث دوسروں کے لیے اس میں بڑی کشش تھی۔ وہ چونکہ پیرس سے آیا تھا اور اس کی بیوی بھی فرانسیسی حسینہ تھی، اس لیے بہت جلد بمبئی میں رہائش پذیر فرانسیسی باشندوں میں گھل مل گیا۔ یہاں فرانسیسیوں نے اپنی ایک الگ سوسائٹی بنا رکھی تھی۔ ان کا تعلق اگرچہ فرانس کے مختلف شہروں سے تھا مگر وہ سب ایک خاندان کی طرح رہ رہے تھے۔ سوسائٹی کا ڈائریکٹر موسیو مانٹ اس سے بہت زیادہ متاثر تھا۔ اس کی بیوی بھی چارلس اور ہیلن کی گرویدہ تھی۔ موسیو مانٹ نے چارلس کو پیش کش کی کہ اگر وہ پسند کریں تو انہیں کچھ عرصہ کے لیے برائے نام کرائے پر سوسائٹی کا گیسٹ اپارٹمنٹ مل سکتا ہے۔ چارلس نے کسی تامل کے بغیر یہ پیش کش قبول کر لی اور گیسٹ اپارٹمنٹ میں منتقل ہو گیا۔ تین ماہ تک یہاں رہتے ہوئے اسے سوسائٹی کی تقریبات میں بھی شرکت کا موقع ملتا رہا۔ مسز مانٹ تو ہیلن اور شوبرا کی اس طرح گرویدہ ہوئی تھی کہ ان کے بغیر اسے ایک لمحہ کو بھی چین نہ پڑتا۔ اس کا زیادہ وقت ہیلن کے فلیٹ پر گزرتا یا وہ ہیلن اور اس کی بچی کو اپنے مکان پر لے آتی۔ رات کا کھانا اکثر انہی کے ہاں ہوتا وہ اپنے مہمانوں کے سامنے ہیلن اور چارلس کی تعریفیں کرتے ہوئے نہ تھکتی۔ چارلس کے لہجے سے وہ بیحد متاثر تھی۔ کسی بھی موضوع پر چارلس بڑی روانی سے بے تکان بولتا چلا جاتا۔ ہر موضوع پر اس کی معلومات حیرت انگیز تھیں۔ ان صفات کے باوجود مسز مانٹ کو چارلس سے ایک شکایت ضرور تھی کہ وہ راتوں کو اکثر گھر سے غائب رہتا تھا۔ ایک مرتبہ تو مسز مانٹ نے اس سے پوچھ بھی لیا مگر چارلس نے کاروباری مصروفیات کی آڑ لے کر اسے بڑی خوبصورتی سے ٹال دیا تھا۔

چارلس سوبھراج کی ذہانت میں کوئی شبہ نہیں تھا۔ اس نے محنت سے کبھی جی نہیں چرایا تھا۔ ایک مرتبہ جس کام کا ارادہ کر لیتا اسے پایۂ تکمیل تک پہنچائے بغیر دم نہ لیتا۔ ہندوستان کا رخ کرنے سے پہلے اس نے اس ملک کے قانون کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔ اس قانون میں اس نے کچھ ایسی خامیاں تلاش کر لی تھیں جن سے اب وہ بھرپور فائدہ اٹھا رہا تھا۔

بمبئی میں ایسے دولتمندوں کی کمی نہیں تھی جو امریکن یا دوسری قیمتی گاڑیاں رکھنے کے خواہشمند تھے لیکن یہ گاڑیاں انہیں بہت مہنگی پڑتیں۔ اگر شیورلیٹ کار قانونی طور پر درآمد کی جاتی تو اس پر کم از کم پچیس ہزار ڈالر کی رقم خرچ ہوتی۔ سرخ فیتے کے باعث طویل انتظار کی کوفت الگ تھی بعض اوقات دو دو سال تک انتظار کرنا پڑتا۔

بمبئی کی اونچی سوسائٹی میں چارلس اب اجنبی نہیں رہا تھا۔ اس کے حلقے میں چوٹی کے فلم اسٹار سے لے کر صنعت کار اور سیاستدان تک شامل تھے۔ ان میں سے بیشتر لوگ قیمتی گاڑیاں حاصل کرنا چاہتے تھے مگر سرخ فیتہ اور طویل انتظار ان کی اس خواہش کا گلا گھونٹے ہوئے تھا۔ چارلس سوبھراج نے ان کی یہ مشکل حل کر دی۔ وہ ایسے لوگوں سے گاڑیوں کے آرڈر بک کرنے لگا۔ ہر گاڑی کے لیے وہ دو ہزار ڈالر پیشگی وصول کر لیتا اور اس کے فوراً ہی بعد ہوائی جہاز کے ذریعے طہران پہنچ جاتا تھا۔ وہ اس بزنس سے منسلک قابلِ اعتماد لوگوں سے رابطہ قائم کر کے کوئی مرسیڈیز وغیرہ خرید لیتا۔ ایسی گاڑیاں عام طور پر یورپ کے کسی نہ کسی ملک سے چوری کر کے طہران لائی جاتی تھیں۔ گاڑی خریدتے ہی چارلس سوبھراج اپنے نام اس کے جعلی کاغذات تیار کروا لیتا اور سڑک کے راستے پاکستان سے ہوتا ہوا کسی ایسی جگہ سے ہندوستان کی سرحد میں داخل ہوتا جہاں متعلقہ محکمہ کے کارکن گاڑی کے بارے میں زیادہ گہرائی میں جانے کی ضرورت محسوس نہ کرتے اور اگر کبھی کوئی اعتراض اٹھایا بھی جاتا تو چارلس کچھ رقم سے مٹھی گرم کر کے اعتراض کرنے والے کی زبان بند کر دیتا۔ دنیا کے کسی بھی ملک میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو اپنے ذاتی مفاد کو قومی مفادات پر ترجیح دیتے ہیں۔

ہندوستان کی حدود میں داخل ہوتے ہی چارلس گاڑی کے کاغذات ضائع کر دیتا اور گاڑی کو بمبئی کے نواح میں واقع ایک ایسے گیراج میں پہنچا دیتا جہاں ایک مکینک کی مدد سے گاڑی کا انجن، ریڈیو، ایئر کنڈیشنر، اسپیئر ٹائر اور دیگر قیمتی اشیاء نکال لی جاتیں۔ اس کے بعد چارلس اس کھٹارے کو کسی مصنوعی حادثے کے ذریعے کوئی چھوٹا موٹا نقصان پہنچا دیتا۔ یہ نقصان عام طور پر گاڑی کے فینڈر کو پہنچایا جاتا اس طرف سے اطمینان ہو جانے کے بعد چارلس گاڑی کو کسی ویران سڑک پر چھوڑ کر گمنام کال کے ذریعے پولیس کو اس لاوارث گاڑی کی اطلاع دے دیتا۔ پولیس اس لاوارث گاڑی کو اپنے قبضے میں لینے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچتی کہ یہ گاڑی اسمگل کر کے ہندوستان لائی گئی تھی لیکن اس کے مالکان پکڑے جانے کے خوف سے گاڑی چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے توسط سے ڈھانچہ نما وہ گاڑی کسٹمز کی تحویل میں پہنچ جاتی جہاں کچھ عرصہ بعد اسے کباڑ کی حیثیت سے نیلام کر دیا جاتا۔ گاڑی کسٹمز کی



تحویل میں پہنچنے کے بعد چارلس کنسوئیاں لیتا رہتا کہ نیلام کب ہو گا۔ نیلام کے دن وہ اپنے کسی آدمی کے ذریعے گاڑی کا وہ ڈھانچہ اپنے کسی گاہک کے نام خرید لیتا اور پھر اس سے نکالے ہوئے آلات دوبارہ فٹ کر کے فنشنگ کے بعد گاہک کے حوالے کر دی جاتی جو کسٹمز کے کاغذات کے باعث اس کی قانونی ملکیت سمجھی جاتی۔ چارلس سوبھراج وہ گاڑی اپنے گاہک کے ہاتھ کم از کم بیس ہزار ڈالر میں فروخت کر دیتا جس میں اسے کم از کم ستر فی صد منافع ضرور ہوتا۔ اب تک وہ چھ گاڑیاں فروخت کر چکا تھا۔ اس کے گاڑی خریدنے والے گاہکوں میں ہندوستان کا وہ فلمسٹار بھی شامل تھا جس کا نام آج بھی برصغیر کے بچے بچے کی زبان پر ہے۔

چند ہفتوں بعد ہی چارلس نے فرنچ سوسائٹی کا گیسٹ اپارٹمنٹ چھوڑ کر جوہو کے علاقے میں ایک لگژری اپارٹمنٹ حاصل کر لیا۔ یہ بمبئی کا فیشن ایبل علاقہ تھا۔ یہاں صرف وہی لوگ رہائش اختیار کر سکتے تھے جنہیں خود بھی علم نہیں تھا کہ ان کے پاس دولت کہاں سے آتی ہے۔ چارلس اب اکثر گھر سے غائب رہنے لگا تھا۔ ہیلن اکیلی گھر میں پڑے پڑے بیزار رہنے لگی۔ فاصلہ زیادہ ہونے کی وجہ سے فرنچ سوسائٹی میں اس کا آنا جانا کم ہو گیا تھا کبھی کبھار مسز مانٹ آ جاتی تو دو چار گھنٹوں کے لیے اس کا دل بہل جاتا۔ وہ فرانسیسی اور اسپینی کے علاوہ اور کوئی زبان بول یا سمجھ نہیں سکتی تھی۔ اس لحاظ سے اس کے پڑوسیوں سے بھی تعلقات نہیں تھے ۔۔۔ جو مقامی زبانوں کے علاوہ کوئی اور زبان نہیں سمجھ سکتی تھیں۔ ہیلن پر بعض اوقات عجیب سی وحشت طاری ہونے لگتی۔ اس نے کئی مرتبہ چارلس سے پوچھنے کی کوشش کی کہ وہ دن رات کہاں غائب رہتا ہے لیکن چارلس نے ہمیشہ اسے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ اس کی کاروباری مصروفیات اسے کسی ایک جگہ نہیں ٹکنے دیتیں بعض اوقات بات کرتے ہوئے چارلس کے لہجے میں سختی آ جاتی۔ ہیلن اکثر سوچتی کہ اگر اس کی بیٹی شوبرا نہ ہوتی تو وہ اب تک تنہائی میں دم گھٹ کر مر چکی ہوتی۔

وہ ۱۹۷۰ء کا آخری دن تھا۔ ہیلن دن بھر کھڑکی میں بیٹھی تاحدِ نگاہ پھیلے ہوئے سمندر کو گھورتی رہی تھی۔ اس کے کان دروازے کی آہٹ پہ لگے ہوئے تھے۔ بہت دیر ہو گئی لیکن کسی نے دروازے پر دستک نہیں دی وہ سوچ رہی تھی کہ چارلس کہاں غائب ہے۔ کم از کم آج کے دن تو اسے گھر پر ہونا چاہیے تھا۔ اس نے پیرس میں اپنے والدین کو ٹیلیفون کرنے کی کوشش کی لیکن آپریٹر نے بتایا کہ کال ملنے میں کم از کم دو دن لگیں گے۔ ہیلن نے ریسیور پٹخ دیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

چارلس سوبھراج اس رات ہانگ کانگ کے قریب جزیرہ میکاؤ کے ایک کاسینو میں جوا کھیل رہا تھا۔ جوا اس کی زندگی کا ایک اہم جزو بن چکا تھا۔ قسمت ساتھ دیتی تو اس کی جیبوں میں نوٹ رکھنے تک کو جگہ نہ ہوتی۔ جیبیں تنگیٔ داماں کی شکایت کرتی ہوئی نظر آتیں اور جب ہارنے پر آتا تو سب کچھ ہارتا چلا جاتا۔ اپنی رقم ہارنے کے بعد قرض لیتا، قرض نہ ملتا تو کپڑے تک داؤ پر لگا دیتا لیکن اس رات قسمت کی دیوی اس پر سایہ فگن تھی۔

وہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں اکثر کئی کئی روز تک گھر سے غائب رہتا۔ جوا بھی اس کے کاروبار میں شامل تھا۔ اس مرتبہ وہ پندرہ دن بعد بمبئی لوٹا تو ایک خطیر رقم کے علاوہ اس کے پاس چند قیمتی تحائف بھی موجود تھے۔ ہیرے کا نیکلس اور انگوٹھی اس نے اپنے ہاتھ سے ہیلن کو پہنائی تھی۔ شوبرا کے لیے وہ قیمتی موتیوں کا باریک ہار لے کر آیا تھا جو ابھی بمشکل تین ماہ کی تھی۔ ہیلن نے یہ ہار سنبھال کر رکھ لیا۔ ہیلن کو نیکلس اور انگوٹھی پہناتے ہوئے چارلس نے اس سے اپنے گزشتہ رویّے کی معافی مانگی اور وعدہ کیا کہ چند روز بعد وہ اسے تفریح کے لیے ہانگ کانگ لے جائے گا۔ جہاں اس کی ساری کوفت دور ہو جائے گی۔

"ذرا سوچو تو ڈیئر!" وہ محبت آمیز لہجے میں بولا۔ "جب ہم ہانگ کانگ ایئرپورٹ پر اتریں گے تو خوبصورت مرسڈیز کار ہماری منتظر ہو گی۔ ہمارا قیام بینڈرین ہوٹل میں ہو گا اور رات کا کھانا ہم سمندر میں تیرتے ہوئے ریسٹورنٹس میں کھایا کریں گے۔ ابرڈین کی بندرگاہ پر ہمارے چاروں طرف تیرتی ہوئی رنگ برنگی روشنیاں کیسا دلفریب منظر ہو گا۔"

"سچ کہہ رہے ہو؟" ہیلن نے مشتبہ نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔

"تمہیں جلد ہی میری باتوں کا یقین آ جائے گا۔" چارلس نے مسکراتے ہوئے کہا۔ وہ اس منصوبے کے بارے میں سوچ رہا تھا جس کی کامیابی کے بعد وہ دنیا کا امیر ترین آدمی بن سکتا تھا۔ یہ پُر اسرار منصوبہ اس نے ہانگ کانگ ہی میں اپنے چند دوستوں کے ساتھ مل کر تیار کیا تھا۔ منصوبہ کامیاب ہوتے ہی وہ ان سے الگ ہو جائے گا۔ اس نے پہلے ہی طے کر رکھا تھا کہ ہانگ کانگ سے پیرس تک بڑے بڑے دارالحکومتوں میں نائٹ کلب کھول لے گا۔ کلب کا نام بھی اس نے پہلے ہی سوچ رکھا تھا۔ شوبرا نائٹ کلب۔ اس کے خیال میں۔۔۔

تھا لیکن اس کی توقع کے برعکس پائپ کا قطر اتنا زیادہ نہیں تھا کہ اس جیسا دبلا پتلا شخص بھی اس میں داخل ہو سکتا۔ اس نے کمرے میں آکر پریمیئر کو اس صورتحال سے آگاہ کیا اور سر کو دونوں ہاتھوں میں تھام کر صوفے پر بیٹھ گیا۔ پریمیئر کے چہرے پر بھی تشویش کے تاثرات ابھر آئے۔

"ایک ترکیب ہو سکتی ہے۔" کچھ دیر کی خاموشی کے بعد پریمیئر نے لب کشائی کی۔

"وہ کیا؟" چارلس نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

"کیوں نہ ایئر کنڈیشننگ پائپ کو دستی بم سے اڑا دیا جائے؟"

"تمہارا دماغ تو خراب نہیں ہو گیا؟" چارلس نے اسے گھورا۔ "تمہاری اس تجویز میں بہت سی خامیاں ہیں۔ پہلی تو یہ کہ ہمارے پاس دستی بم نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ دوسری یہ کہ ایئر کنڈیشننگ کو اڑانے کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا اور تیسری اور سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ بم کا دھماکہ اتنا خوفناک ہو گا کہ اس سے نہ صرف اس ہوٹل کی آدھی بلڈنگ اڑ جائے گی بلکہ ہماری اپنی زندگیوں کی بھی کوئی ضمانت نہیں ہو گی۔" وہ خاموش ہو کر انگلیاں چٹخانے لگا۔ پھر یکایک اچھل پڑا۔ "تیزاب... ہاں تیزاب، اگر انتہائی طاقتور قسم کا کوئی تیزاب فرش کے اس سوراخ میں ڈال دیا جائے تو ہم اس سوراخ کو نہایت آسانی سے کشادہ کر سکتے ہیں۔"

اس نے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی دیکھی۔ سوا چھ بج چکے تھے۔ اس وقت تک بلیک آؤٹ کی وجہ سے بیشتر دکانیں بند ہو چکی تھیں۔ اگر کوئی ایک آدھ دکان کھلی بھی ہو گی تو وہاں انھیں مطلوبہ چیز نہیں مل سکتی تھی۔

"ٹھیک ہے۔" وہ ایک ہاتھ کا گھونسہ دوسرے ہاتھ کی ہتھیلی پر مارتے ہوئے بولا۔ "ہم آج کی رات بھی بین الاقوامی شہرت کی مالک اس امریکی رقاصہ کے کمرے میں گزاریں گے۔"

رقاصہ لیزا... کو کھول دیا گیا۔ منہ میں ٹھنسا ہوا کپڑا نکلتے ہی اس نے پہلے چند لمبے لمبے سانس لیے پھر لہجے کو پرسکون بنانے کی کوشش کرتے ہوئے بولی۔

"تم لوگ شاید یہ بات بھول رہے ہو کہ آج رات ہوٹل کے نائٹ کلب میں میرا ڈانس پروگرام ہے۔"

"آج کا پروگرام بھول جاؤ۔ فون پر کلب کے منیجر کو اطلاع دے دو کہ تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں ہے اس لیے آج رات تم پروگرام نہیں کر سکو گی۔" چارلس بولا۔

"یہ ناممکن ہے۔" ایستھر نے نفی میں سر ہلایا۔ "آج رات انٹرنیشنل اکیڈمی کے کچھ لوگ کلب میں آنے والے ہیں اور یوں بھی معاہدے کی رو سے میں کسی پروگرام سے انکار نہیں کر سکتی۔"

"اگر تم ڈانس کرنے پر بضد ہو تو۔" چارلس نے سرد لہجے میں کہا۔ "آج رات تمہارا ڈانس اسی کمرے میں ہو گا اور وہ بھی صرف میرے لیے۔ فون کا ریسیور اٹھاؤ اور منیجر کو پروگرام کی منسوخی کی اطلاع دے دو۔"

"وہ نہیں مانے گا۔" لیزا رو دینے والے لہجے میں بولی۔ "میری طبیعت کی خرابی کا سنتے ہی وہ ڈاکٹر کو یہاں بھیج دے گا۔ معاہدے کے بعد کوئی رقاصہ ڈانس سے صرف اس وقت انکار کر سکتی ہے جب اس کی کوئی ٹانگ ٹوٹ چکی ہو۔"

پریمیئر کی آنکھوں میں عجیب سی چمک ابھر آئی۔ لیزا اس کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر لرز اٹھی۔ وہ اس سے نظریں چراتے ہوئے ان دونوں کو سمجھانے کی کوشش کرتی رہی کہ اب تک خاموش رہ کر ان سے تعاون کرتی رہی ہے۔ اس نے ان کے کام میں مداخلت کی کبھی کوشش نہیں کی لیکن آج رات ہندوستان کی بعض مقتدر ہستیاں اس کا پروگرام دیکھنے کے لیے آ رہی ہیں اور وہ ان لوگوں کے سامنے اپنے فن کے اظہار کا یہ موقع کھونا نہیں چاہتی تھی۔

"آج کی رات مجھے مت روکو پلیز!" وہ ملتجی لہجے میں بولی۔ "اگر تم چاہو تو میں تم لوگوں کو اسٹیج کے قریب کوئی ایسی میز دلوا سکتی ہوں، جہاں سے میری نگرانی کر سکو گے۔ اگر چاہو تو تم میں سے کوئی ایک مجھے اپنے کوٹ کی جیب میں رکھے ہوئے پستول کی زد میں رکھ سکتا ہے۔ ظاہر ہے ایسی صورت میں، میں کوئی غلط قدم اٹھانے کی حماقت نہیں کروں گی۔"

چارلس نے فوری طور پر کوئی جواب نہیں دیا۔ وہ غالباً لیزا... کی اس تجویز پر غور کر رہا تھا۔ اس کی اس الجھن کو دیکھتے ہوئے لیزا کے دل میں ایک بار پھر امید کی کرن روشن ہوئی اور وہ فرار کا منصوبہ بنانے لگی۔ اسٹیج پر ڈانس کے دوران ایک مرتبہ اسے اسٹیج کے کنارے پر رکھی ہوئی باریک جالی کی ایک اسکرین کے پیچھے جانا پڑتا تھا۔ اس انتہائی مختصر سے وقت میں وہ نہایت پھرتی سے لباس تبدیل کر کے دوبارہ اسٹیج پر آ جاتی۔ اس نے سوچا کہ آج رات اس اسکرین کے پیچھے جاتے ہی مدد کے لیے چیخنا چلانا شروع کر دے گی یا سیدھے سادے طریقے پر عمل کرتے ہوئے کسی تماشائی سے لپٹ کر شور مچا دے گی۔

"ٹھیک ہے۔" چارلس نے چند لمحوں کی خاموشی کے بعد جواب دیا۔ "ہال کی مختلف میزوں پر ہمارے کئی آدمی موجود ہوں گے۔ اگر تم نے کوئی چالاکی دکھانے کی کوشش کی تو چاروں طرف سے فائرنگ شروع ہو جائے گی جس میں لاتعداد بے گناہ بھی مارے جائیں گے اور تمہارے جسم میں تو اتنی گولیاں پیوست ہوں گی کہ ان کا شمار بھی نہیں ہو سکے گا۔"

"کیا تم واقعی مجھے بھی شوٹ کر دو گے؟" لیزا نے عجیب سی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔

"کسی خوش فہمی میں مت رہنا۔ میں تشدد یا قتل و غارت کو پسند نہیں کرتا لیکن وقت آنے پر ایسا کوئی قدم اٹھانے سے دریغ بھی نہیں کروں گا۔" چارلس نے جواب دیا۔

"کیا واقعی تم مجھے گولی مار سکو گے؟" لیزا نے اپنی بات دہراتے



ہوئے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔

"ہاں، یہاں۔" چارلس نے اس کے دل کے مقام کی طرف اشارہ کیا۔ "میں تمہارے چہرے یا ٹانگ پر گولی نہیں ماروں گا کیونکہ نہ میں تمہارا چہرہ بگاڑنا چاہتا ہوں اور نہ میں ٹانگ توڑوں گا کیونکہ میں تم جیسی حسین عورتوں کو پسند کرتا ہوں۔"

پریمیئر نے ایک ہلکا سا قہقہہ لگایا۔ چارلس کی اس بات پر اسے واقعی ہنسی آ گئی تھی۔ چارلس کی جگہ اگر وہ اس مشن کا باس ہوتا تو اب تک لیزا کی کم از کم ایک ٹانگ تو ضرور توڑ چکا ہوتا۔ چند لمحوں کی خاموشی کے بعد چارلس اچانک ہی ایک جھٹکے سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور لیزا کے چہرے پر نظریں جمائے ہوئے بولا۔

"نہیں، آج رات میں تمہیں ڈانس کی اجازت نہیں دے سکتا۔"

لیزا اس کے فیصلے کی اس تبدیلی پر پریشان سی ہو گئی۔ چارلس نے بتایا کہ دن رات جاگتے رہنے کی وجہ سے بیحد تھکا ہوا ہے اور وہ کسی قسم کا رسک نہیں لینا چاہتا۔ مزید برآں اسے اپنے طور پر کوئی فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ وہ ایک بہت بڑی بین الاقوامی تنظیم کا رکن ہے جو اس پر مکمل طور پر اعتماد کرتی ہے۔ تنظیم نے اسے یہ مشن سونپا تھا اور وہ کسی قسم کا خطرہ مول لے کر تنظیم کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچانا چاہتا تھا۔ چارلس نے اگرچہ تنظیم کا نام نہیں لیا تھا لیکن لیزا کو سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ وہ مافیا یا ایسی ہی کسی خوفناک تنظیم کے شکنجے میں آ چکی ہے۔

"لیکن کیا ایک عورت کو اس طرح اذیت دیتے ہوئے تمہارا ضمیر تمہیں ملامت نہیں کرتا؟" لیزا نے ایک آخری کوشش کی۔

"میں ماضی کے جس خارزار سے گزرا ہوں اس کے بعد میری فلاسفی میں ضمیر نام کی کسی چیز کا وجود نہیں رہا۔" چارلس سوبھراج نے کہتے ہوئے فون کا ریسیور اس کی طرف بڑھا دیا۔ اس کے دوسرے ہاتھ میں پکڑے ہوئے پستول کا رخ لیزا کی طرف تھا۔

لیزا نے کرب آمیز نگاہوں سے چارلس کی طرف دیکھتے ہوئے نائٹ کلب کا نمبر ملایا اور منیجر کو اطلاع دی کہ علالت کے باعث وہ آج کے پروگرام میں حصہ نہیں لے سکے گی۔

بہرحال، ہفتے کی وہ رات کسی نہ کسی طرح گزر گئی۔ شدید ذہنی اذیت کے باعث لیزا رات کو نیند میں بھی چونک چونک کر اٹھ جاتی۔ چارلس نے اسے ایک بار پھر پلنگ سے باندھ دیا تھا کیونکہ وہ خود بھی کچھ آرام کرنا چاہتے تھے۔ اس نے جب لیزا کے منہ میں کپڑا ٹھونسنا چاہا تو اس نے وعدہ کیا کہ وہ شور مچانے کی کوشش نہیں کرے گی۔ وہ رات بھر جسمانی اور ذہنی کرب میں مبتلا رہی۔ کچھ دیر کو آنکھ لگتی تو بھیانک خواب دکھائی دینے لگتے۔ اس کی رات اسی طرح سوتے جاگتے ہوئے گزر گئی۔ رات کو کئی مرتبہ اس نے سڑک پر دندناتے ہوئے فوجیوں کے بھاری جوتوں کی دھمک سنی تھی۔ بلیک آؤٹ کی وجہ سے فوجی دستے رات بھر شہر میں گشت کرتے رہتے۔ کئی مرتبہ اس نے اس ہاتھی کی چنگھاڑ بھی سنی تھی جس پر ہوٹل میں قیام کرنے والے مہمانوں کو دن بھر سیر کرائی جاتی تھی۔ لیزا ایک مرتبہ خود بھی اس ہاتھی پر بیٹھ کر سیر کر چکی تھی لیکن اس نے کبھی اس کے بارے میں سوچا تک نہیں تھا۔ لیکن اس رات چنگھاڑ سن کر اسے پہلی مرتبہ احساس ہوا کہ دن بھر مشقت کرنے والے اس ہاتھی کو بھی رات کے وقت آہنی زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے۔

اتوار کی صبح لیزا کے لیے کچھ زیادہ ہی خوفناک ثابت ہوئی۔ وہ چھتیس گھنٹوں سے ان کی قید میں تھی۔ اس کے جسم پر شب خوابی کا وہی لباس تھا، جو اس رات ان کے آنے سے کچھ ہی دیر پہلے اس نے پہنا تھا۔ پسینے کی بو سے اس کا دماغ ماؤف ہو چلا تھا۔ پھر یکایک اس کی قوتِ برداشت جواب دے گئی اور وہ بری طرح چیخ اٹھی۔ صوفے پر بیٹھا ہوا چارلس سوبھراج بدحواسی میں اچھل کر پلنگ کے قریب پہنچا اور تکیے سے لیزا کا منہ دبا دیا۔ اس نے تکیہ اس وقت ہٹایا جب لیزا کی آنکھیں اپنے حلقوں سے ابلنے لگی تھیں۔

"مجھے افسوس ہے۔" لیزا گہرے گہرے سانس لیتے ہوئے بولی۔ "مگر یہ ذہنی اذیت اب میری برداشت سے باہر ہو رہی ہے۔"

"اس قسم کی کوئی دوسری کوشش تمہاری زندگی کے خاتمے پر ختم ہو گی۔" چارلس نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے سرد لہجے میں کہا۔

وہ کچھ دیر تک لیزا کی چیخ کے ردِعمل کا انتظار کرتا رہا مگر کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ چیخ کی آواز یا تو کمرے سے باہر نہیں پہنچی تھی اور اگر کسی نے وہ آواز سنی بھی تھی تو اس پر توجہ نہیں دی تھی۔ مطمئن ہونے کے بعد چارلس نے پریمیئر کو تیزاب کی تلاش میں بھیج دیا اور لیزا کو مشورہ دیا کہ گرم پانی سے نہا لے۔ غسل سے اس کی تھکن دور ہو جائے گی اور وہ ذہنی طور پر جو ٹینشن محسوس کر رہی ہے وہ بھی کسی حد تک کم ہو جائے گا۔ مگر لیزا نے اس کا مشورہ ماننے سے انکار کر دیا۔ چارلس چند لمحے گہری نظروں سے اس کی طرف دیکھتا رہا پھر بریف کیس سے ایک شیشی نکال لی جس میں رنگ برنگی گولیاں بھری ہوئی تھیں۔

"غسل سے تم تازگی محسوس کرو گی اور کسی حد تک ذہنی سکون بھی ملے گا۔ اس طرح تم چیخنے چلانے والی حماقت دوبارہ نہیں دہراؤ گی بصورتِ دیگر تمہیں خاموش رکھنے کے لیے دو چار خواب آور گولیاں تمہارے حلق میں ٹھونسنی پڑیں گی۔"

لیزا بدحواس سی ہو کر باتھ روم میں گھس گئی۔

ظاہر ہے لیزا کے لیے اس ہدایت پر عمل کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔ نیم گرم پانی کے غسل سے اسے واقعی کچھ سکون سا ملا تھا اور وہ کچھ سوچنے کے قابل ہو سکی تھی۔ نہاتے ہوئے وہ سوچ رہی تھی کہ گزشتہ تقریباً چالیس گھنٹوں کے دوران ان لوگوں نے اسے کوئی نقصان نہیں پہنچایا تھا اور غالباً اسے نقصان پہنچانے کا ارادہ بھی نہیں رکھتے

ڈالر نقدی کی صورت میں بھی موجود تھے۔ اسے معلوم تھا ان دنوں شہر کی سڑکوں کے علاوہ ایئرپورٹ پر بھی فوجی گشت کرتے رہتے تھے۔ پولیس اور سکیورٹی کا عملہ بھی خاصا مستعد تھا۔ ایسی صورت میں وہ ایئرپورٹ پر زیادہ دیر رک کر کسی قسم کا خطرہ مول نہیں لینا چاہتا تھا۔

وہ تقریباً ایک گھنٹہ پہلے اشوکا ہوٹل کے ایک عقبی دروازے سے نکلے تھے۔ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق پرمیرا اور ڈیوکسم کو ٹرین کے ذریعے بمبئی روانہ ہو جانا تھا جہاں سے وہ کسی بھی فلائٹ سے طہران پہنچ جاتے جہاں مالِ غنیمت تقسیم کیا جاتا۔ لوٹ کا مال چونکہ چارلس کے پاس تھا اس لیے اسے کسی بھی پہلی فلائٹ سے ہندوستان سے نکل جانا تھا۔

چارلس ہندوستانیوں کی نفسیات سے بھی پوری طرح آگاہ تھا۔ انگریزوں نے دو سو سال تک ہندوستان پر حکومت کی تھی اور یہاں کے باشندے آزادی ملنے کے طویل عرصہ بعد بھی اسی غلامانہ ذہنیت کا شکار تھے۔ غیر ملکیوں کے سامنے تو وہ بچھ بچھ جاتے خصوصاً کوئی ایسا غیر ملکی جو قیمتی لباس میں ہو اور پُروقار شخصیت کا مالک ہو۔ یہی وجہ تھی کہ اشوکا ہوٹل سے نکلنے سے پہلے چارلس نے لباس تبدیل کر لیا تھا۔ وہ یہ بھی جانتا تھا کہ ایئرپورٹ پر کسٹمز کا عملہ غیر ملکیوں کے ساتھ خصوصی رعایت برت رہا تھا۔ یہ بھی شاید اسی غلامانہ ذہنیت کا اثر تھا کہ وہ بعض غیر ملکی مسافروں کا سامان کھلوانا بھی ضروری نہیں سمجھتے تھے۔

چارلس نے ایئرلائن کاؤنٹر سے طہران کا ٹکٹ خریدا۔ اس نے رقم کی ادائیگی ہندوستانی کرنسی میں کی تھی۔ اسے راجستھان ایمپوریم کے سیف سے ڈالرز کے علاوہ ہندوستانی کرنسی بھی خاصی مقدار میں مل گئی تھی۔ امیگریشن کاؤنٹر سے بھی وہ کسی رکاوٹ کے بغیر گزر گیا حالانکہ ایلن گیلین کے نام سے اس کا پاسپورٹ جعلی تھا۔ بالآخر وہ کسٹمز کاؤنٹر پر پہنچ گیا جہاں کسٹمز کا عملہ مسافروں کا سامان چیک کرنے اور اس پر چاک سے او کے کے نشان لگانے میں مصروف تھا۔ یہ اس کے راستے کی آخری رکاوٹ تھی۔ اس کے بعد ٹرانزٹ لاؤنج تھا جہاں دوسرے گیٹ کے سامنے مسافروں کو جہاز تک لے جانے کے لیے بس کھڑی تھی اور مسافر بس میں سوار ہو رہے تھے۔ چارلس سے آگے کسٹمز کاؤنٹر کے سامنے قطار میں گنتی کے صرف چند آدمی تھے اور وہ بڑے سکون سے کھڑا اپنی باری کا انتظار کر رہا تھا کہ دفعتاً ایک آواز سن کر وہ بری طرح چونک گیا۔

"مسٹر گیلین!"

یہ آواز ہال کے داخلی دروازے سے آئی تھی اور جب سے اس نے یہ نام اپنایا تھا کسی نے پہلی مرتبہ اسے اس نام سے مخاطب کیا تھا۔ اس کے جسم پر چیونٹیاں سی رینگنے لگیں۔ اس نے ایسا انداز اختیار کر لیا جیسے آواز سنی ہی نہ ہو۔ وہ بڑی مشکل سے اپنے آپ کو پیچھے مڑ کر دیکھنے سے باز رکھ سکا تھا لیکن چند لمحوں بعد کسی نے دوبارہ اس کا نام پکارا اور اس مرتبہ یہ آواز بہت قریب سے آئی تھی اس کے ساتھ ہی اس نے اپنے کندھے پر کسی مضبوط ہاتھ کا بوجھ محسوس کیا۔ چارلس کے جسم کے مسام بڑی تیزی سے پسینہ اگلنے لگے لیکن اس نے اپنے چہرے سے کسی تاثر کا اظہار نہیں ہونے دیا اور پیچھے مڑ کر دیکھنے لگا۔ وہ ایئر انڈیا کا بکنگ ایجنٹ تھا جس نے نرم لہجے میں بتایا کہ اس کے ٹکٹ کے معاملے میں ایک پیچیدگی سی پیدا ہو گئی ہے۔

"کیسی پیچیدگی؟" چارلس نے پُرسکون لہجے میں کہتے ہوئے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی کی طرف دیکھا۔ اس کی فلائٹ روانہ ہونے میں صرف چند منٹ رہ گئے تھے۔

"آپ نے ٹکٹ خریدتے وقت رقم کی ادائیگی ہندوستانی کرنسی میں کی تھی جبکہ غیر ملکی مسافر اس کے مجاز نہیں ہیں۔ وہ صرف ڈالر، پونڈ اسٹرلنگ یا فرانک میں ہی ادائیگی کر سکتے ہیں۔" بکنگ ایجنٹ نے بتایا۔

چارلس کا چہرہ بگڑ گیا۔ وہ بکنگ ایجنٹ پر برس پڑا کہ محض اس معمولی سی بات پر اسے پریشان کر رہا ہے۔ وہ جانتا تھا کہ اس قسم کا درشت رویہ اکثر معاون ثابت ہوتا تھا لیکن اس مرتبہ اس کا یہ حربہ کامیاب نہ ہو سکا اور بکنگ ایجنٹ بضد رہا کہ وہ بکنگ کاؤنٹر پر جا کر اس معاملے کو سلجھا لے۔ ایجنٹ نے اسے یقین دہانی کرائی تھی کہ جہاز اس کے سوار ہونے سے پہلے پرواز نہیں کرے گا۔ چارلس بڑبڑاتا ہوا ایجنٹ کے ساتھ چل پڑا۔ کرنسی کے تبادلے کا مسئلہ حل کرنے میں پانچ منٹ لگ گئے جبکہ چارلس کے لیے ایک ایک لمحہ قیمتی تھا۔

وہ تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا کسٹمز کاؤنٹر پر پہنچ گیا۔ وہاں اس وقت کوئی مسافر نہیں تھا۔ کسٹمز کا عملہ عام طور پر مسافروں کے دستی سامان پر زیادہ توجہ نہیں دیتا تھا۔ کسٹمز انسپکٹر بیگ کی زپ کھول کر سرسری سے انداز میں اس کا جائزہ لینے لگا جس میں چند کپڑے، شیونگ کا سامان ٹوتھ پیسٹ و برش اور سیاحت سے متعلق چند کتابچے بے ترتیبی سے ٹھنسے ہوئے تھے۔ لاکھوں ڈالر کی مالیت کے جواہرات اور دس ہزار ڈالر کی نقد رقم بیگ کے نیچے خفیہ تہ میں پوشیدہ تھی۔ انسپکٹر جس انداز میں چیکنگ کر رہا تھا اس سے پتا چلتا تھا کہ وہ زیادہ گہرائی میں نہیں جائے گا۔ چارلس کی نظریں انسپکٹر کے ہاتھ پر تھیں اور ذہن تیزی سے سوچ رہا تھا کہ اس آخری مرحلے کے بعد اسے دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکے گی۔ اسی لمحہ ملے جلے شور کی آواز سن کر چارلس نے پیچھے مڑ کر دیکھا اور اس کے ساتھ ہی اس کا دل اچھل کر حلق میں آگیا۔ اشوکا ہوٹل کے جیولری اسٹور راجستھان ایمپوریم کا مالک پردیش نہایت خستہ حالت میں گیٹ میں داخل ہو کر لاؤنج میں موجود مسافروں کے چہروں کو گھور رہا تھا اس کے ساتھ آٹھ دس مسلح پولیس والے بھی تھے۔ چارلس کو یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ امریکی رقاصہ لیبزا نے اپنا خاموش رہنے کا وعدہ پورا نہیں کیا تھا۔



ایک طرف کسٹمز آفیسر اور دوسری طرف پولیس۔

چارلس سوبھراج قدرت کی اس ستم ظریفی پر دل ہی دل میں مسکرا دیا۔ وہ آہنی اعصاب کا مالک تھا۔ کسی بدحواسی کا مظاہرہ کرنے کے بجائے اس نے اپنے ذہن کو کنٹرول میں رکھا اور وہی کچھ کیا جو ایسے موقع پر کسی عقل مند آدمی کو کرنا چاہیے۔ اس نے کسٹمز آفیسر کی طرف دیکھا جو ابھی تک اس کے ایئر بیگ میں ٹھنسی ہوئی چیزوں کا جائزہ لینے میں مصروف تھا۔ اس کا انداز بتا رہا تھا کہ وہ محض رسمی کارروائی کر رہا ہے۔ ورنہ اسے اس بیگ سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔

"آپ میرا بیگ چیک کر لیجیے آفیسر، میں ابھی آیا۔" چارلس نے مسکراتے ہوئے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی اٹھا دی اور اس کاؤنٹر کے سامنے سے ہٹ کر ایک اور کاؤنٹر کی آڑ میں تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا ہال کے آخری سرے کی طرف چل دیا۔ یہاں بھی کچھ مسافر بنچوں پر بیٹھے ہوئے تھے۔ غالباً انہیں کسی دوسری فلائٹ سے جانا تھا۔ چارلس اس طرح آڑا ہو کر چل رہا تھا کہ اس کی پشت ہال میں داخل ہونے والے پولیس والوں اور راجستھان ایمپوریم کے مالک پردیش کی طرف تھی جو ہونق سا چہرہ بنائے اس طرف موجود مسافروں کے چہروں میں جھانک رہا تھا۔ ہال کے آخری سرے پر ایک دفتر کا دروازہ دیکھ کر چارلس تیزی سے اندر گھس گیا۔ اتفاق سے دفتر میں اس وقت کوئی بھی نہیں تھا۔ چارلس متجسس نگاہوں سے اِدھر اُدھر دیکھتا ہوا دوسرے دروازے کی طرف لپکا جو دوسری طرف واقع لگیج روم میں کھلتا تھا۔ دو پورٹر سامان اٹھا اٹھا کر رن وے کی طرف رخ کیے ہوئے ٹرک پر لاد رہے تھے۔ مسافروں کا یہ سامان یقیناً کسی فلائٹ سے جانے والا تھا۔ چارلس ان پورٹروں کی طرف توجہ دیے بغیر تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا دائیں طرف ایک اور دروازے میں گھس گیا۔ اس کا دوسرا قدم اس لاؤنج میں تھا جو کسی ریلوے اسٹیشن کے تھرڈ کلاس ویٹنگ روم کا منظر پیش کر رہا تھا۔ ستون کے قریب بیٹھا ہوا ایک بھکاری اس کی طرف لپکا مگر چارلس اسے دھکیلتا ہوا تیزی سے باہر نکل گیا۔ چند ہی لمحوں بعد وہ بھیگی ہوئی رات کی کھلی فضا میں سانس لے رہا تھا۔

کاؤنٹر کے پیچھے کھڑے ہوئے کسٹمز آفیسر نے مطمئن انداز میں گردن ہلاتے ہوئے بیگ کی زپ بند کر دی اور چاک سے اس پر "او کے" کا نشان لگا کر مسافر کی واپسی کا انتظار کرنے لگا جو ٹائلٹ گیا تھا۔ دو منٹ گزر گئے۔ مسافر ابھی تک واپس نہیں لوٹا تھا۔ اس دوران راجستھان ایمپوریم کا مالک پردیش مسلح پولیس والوں کے ساتھ وہاں پہنچ گیا اور کاؤنٹر پر رکھے ہوئے پی او اے سی کے فلائٹ بیگ کو دیکھتے ہی مُردار خور گدھ کی طرح اس پر جھپٹا۔

"یہ......یہ......یہی ہے وہ بیگ!" پردیش کے حلق سے پھنسی پھنسی سی آواز نکلی۔ کاؤنٹر کی دوسری طرف ایستادہ کسٹمز آفیسر حیرت سے کبھی حواس باختہ پردیش کو اور کبھی پولیس والوں کی طرف دیکھ رہا تھا۔

چارلس سوبھراج صبح پہلی ٹرین سے بمبئی روانہ ہو گیا۔ عین آخری لمحات میں جس صورتحال کا سامنا کرنا پڑا تھا، اس کا اسے افسوس تھا لیکن اشوکا ہوٹل کے اس کمرے میں اس نے وہ تین دن جس کیفیت میں گزارے تھے وہ اس کی زندگی کے یادگار لمحات تھے۔ اس کا خیال تھا کہ تین دن تک کمرے میں بند رہتے ہوئے اس نے ہر ہر لمحہ زندگی کو بھرپور انداز سے محسوس کیا تھا۔

دہلی کے اخبارات نے اس ڈکیتی کی خبر نمایاں طور پر شائع کی تھی۔ امریکن رقاصہ الینٹھر کی تصویر بھی شائع ہوئی تھی۔ اس تصویر میں وہ اپنی عمر سے کہیں بڑی نظر آ رہی تھی۔ اس نے اس سنسنی خیز ڈرامے کے ایک ایک لمحے کی تفصیل بیان کی تھی۔ اخبارات نے جیولری اسٹور کے مالک پردیش کا بیان بھی نمایاں طور پر شائع کیا تھا۔ اس نے پولیس کو بیان دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا تھا کہ وہ پُراسرار "مسٹر لولو" کوئی پیشہ ور قاتل تھا۔ اس کی آنکھوں کی چمک بڑی خوفناک تھی۔ چارلس سوبھراج نے دو تین اخبارات اپنے پاس محفوظ کر لیے تاکہ مورس کے سامنے انہیں ثبوت کے طور پر پیش کر سکے کہ اس نے منصوبے کی تکمیل میں کسی بددیانتی یا کوتاہی کا ثبوت نہیں دیا تھا بلکہ عین آخری لمحات میں اسے ہیرے جواہرات سے بھرا ہوا فلائٹ بیگ پالم ایئرپورٹ پر چھوڑ کر راہِ فرار اختیار کرنا پڑی تھی۔

بمبئی پہنچنے کے دوسرے ہی دن وہ طہران روانہ ہو گیا۔ اسے ہندوستان سے نکلنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی تھی۔ ویسے بھی اس وقت اس کے پاس ایک اور فرضی نام سے نیا پاسپورٹ موجود تھا۔ چارلس سوبھراج کے خیال میں بمبئی جیسے شہر میں جعلی پاسپورٹ خریدنا ایسا ہی تھا جیسے چلتے چلتے کسی دکان سے مٹھائی خرید لی جائے۔

تہران میں چارلس کو بڑی پیچیدہ صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ مورس کسی طرح اس کی اس کہانی پر یقین کرنے کو تیار ہی نہیں تھا۔ لیکن جب چارلس نے دہلی کے اخبارات اس کے سامنے رکھے تو اس کا غصہ کسی حد تک کم ہوا تاہم وہ مسلسل چارلس کو برا بھلا کہتے ہوئے اس کو اس ناکامی کا ذمہ دار ٹھہراتا رہا۔ اس کے خیال میں اشوکا ہوٹل سے فرار ہوتے وقت چارلس اگر امریکی رقاصہ کو بھی بے ہوش کر دیتا یا اس کے منہ میں کپڑا ٹھونس دیتا تو اس وقت صورتحال مختلف ہوتی۔ مورس کو رہ رہ کر چارلس کی اس حماقت پر تاؤ آ رہا تھا جس کی وجہ سے بنا بنایا کھیل بگڑ گیا تھا۔ مورس جس طرح بار بار سانپ کی طرح بل کھا رہا تھا اس سے اندازہ لگایا جا سکتا تھا کہ وہ کسی بھی لمحے چارلس پر جھپٹ پڑے گا۔ چارلس بھی غیر محتاط نہیں تھا۔ اس کا ایک ہاتھ کوٹ کی جیب میں چاقو پر تھا لیکن اسے یقین تھا کہ چاقو کے استعمال کا

واقع جوڈیشل حوالات میں بند مجسٹریٹ کے سامنے پیشی کا منتظر تھا کہ دفعتاً وہ بری طرح چیخنے چلّانے لگا۔ اس کی حالت اس بکرے کی سی تھی جسے زمین پر گرا کر ذبح کیا جا رہا ہو۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے پیٹ تھام رکھا تھا اور اس کے حلق سے نکلنے والی چیخیں آسمان کی خبر لا رہی تھیں چہرے پر کرب و اذیت کے تاثرات ظاہر کر رہے تھے کہ وہ واقعی تکلیف میں ہے۔ جوڈیشل حوالات کے آفیسر انچارج نے اسے فوری طور پر ہسپتال بھیج دیا۔

ہسپتال کا نوجوان ڈاکٹر اس کے پیٹ کو قدرے دائیں طرف سے دباتے ہوئے اس سے مختلف سوالات کر رہا تھا۔ ڈاکٹر نے جیسے ہی ایک جگہ ہاتھ رکھ کر دبایا چارلس بری طرح چیخ اٹھا۔

''یہی...... ہاں یہی جگہ ہے۔ مجھے پرانا السر ہے۔ کبھی کبھی بری طرح تڑپا دیتا ہے۔''

''السر نہیں، اپنڈکس ہے۔ آپریشن ہوگا۔'' ڈاکٹر نے یہ کہتے ہوئے اپنے ماتحتوں کو اشارا کیا کہ اسے آپریشن تھیٹر پہنچا دیا جائے۔

چارلس بری طرح بدحواس ہو گیا۔ اس نے تکلیف کا بہانہ محض ہسپتال میں آنے کے لیے کیا تھا کیونکہ اس کا خیال تھا کہ ایک دو دن ہسپتال میں رہتے ہوئے وہ فرار کا کوئی نہ کوئی راستہ تلاش کر لے گا لیکن اب الٹی آنتیں گلے میں پڑ رہی تھیں۔ اس نے یقین دلانے کی بہت کوشش کی کہ اب وہ قدرے بہتر ہے لیکن اس کی کسی بات پر کان دھرنے کے بجائے اسے آپریشن تھیٹر میں پہنچا دیا گیا۔

اپنڈکس کے آپریشن کے بعد چارلس کو ایک پرائیویٹ کمرے میں پہنچا دیا گیا۔ جہاں چار پانچ روز تک تو اس نے بستر سے ہلنے کی کوشش نہیں کی۔ ایک مسلح پولیس والا چوبیس گھنٹے دروازے پر موجود رہتا تھا۔ چارلس کو اکیلے باتھ روم تک جانے کی اجازت بھی نہیں تھی۔ ایسے موقع پر پولیس والا اسے ہتھکڑی لگا دیتا اور زنجیر کا دوسرا سرا تھامے اس کے ساتھ کھڑا رہتا۔ البتہ اس کے پاس ملاقاتیوں کی آمد و رفت پر کوئی پابندی نہیں تھی۔ ۲۴ دسمبر ۱۹۷۱ء کی شام ہیلن پھولوں کا گلدستہ اور بادام کے بسکٹوں کا ڈبہ لے کر پہنچی تو دروازے پر موجود سنتری نے حسب معمول پھولوں کے گلدستے اور بسکٹوں کے ڈبے کو چیک کرنا ضروری سمجھا تاکہ کوئی ممنوعہ چیز اندر نہ لے جائی جا سکے۔ چارلس کے ہسپتال میں داخل ہونے کے بعد ہیلن کئی مرتبہ یہاں آ چکی تھی اور پولیس کانسٹیبل اس سے کسی حد تک مانوس ہو چکا تھا۔

کمرہ تاریک تھا۔ بلیک آؤٹ کے باعث رات کے وقت کمرے میں موم بتی تک جلانے کی اجازت نہیں تھی۔ اندر داخل ہوتے ہی ہیلن نے نتھنے سکوڑ لیے۔ کمرے میں طویل عرصے سے سفیدی اور صفائی وغیرہ نہ ہونے کی وجہ سے ایک عجیب ناگوار سی بو کا احساس ہو رہا تھا۔ چارلس آہنی پٹی والے پلنگ پر نیم دراز تھا۔ اس کے ایک ہاتھ میں ہتھکڑی تھی جس کی زنجیر کا دوسرا سرا پلنگ کی پٹی سے منسلک تھا۔ وہ دونوں فرانسیسی زبان میں باتیں کرتے رہے۔ حالانکہ انہیں کسی ایسی زبان میں باتیں کرنے کی ممانعت تھی جو محافظ کی سمجھ میں نہ آسکے۔ محافظ جب انہیں ٹوکتا تو وہ انگلش میں باتیں کرنے لگتے لیکن کچھ دیر بعد دوبارہ فرانسیسی بولنے لگتے۔ ایک گھنٹہ پلک جھپکتے میں گزر گیا۔ ملاقات کا وقت ختم ہو رہا تھا۔

''ملاقات کا وقت ختم ہو گیا۔ اب تم جا سکتی ہو مس!'' دروازے کے قریب بیٹھے ہوئے سنتری نے ہیلن کو مخاطب کیا۔

''کیا تم کچھ دیر اور رکنے کی اجازت نہیں دے سکتے؟ یہاں دیکھنے والا کون ہے جو تمہاری شکایت کرے گا؟'' ہیلن کا لہجہ ملتجی تھا۔

سنتری نے زیادہ اصرار نہیں کیا اور اپنی جگہ پر بیٹھا خلا میں گھورتا رہا۔ ایک گھنٹہ اور گزر گیا۔ چارلس اور ہیلن سرگوشیوں میں باتیں کرتے رہے۔ ان کی گفتگو کا سلسلہ منقطع ہونے پر کمرے کی نیم تاریک فضا میں خاموشی پھیل گئی۔ سنتری نے بنچ پر بیٹھے بیٹھے دیوار سے ٹیک لگا لی تھی، اور پھر چارلس کی پیشگوئی کے عین مطابق وہ اسی طرح بیٹھے بیٹھے اونگھنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد وہ باقاعدہ خراٹے لینے لگا۔ کمرے کی خاموش فضا میں اس کے خراٹوں کی آواز بڑا پُراسرار تاثر دے رہی تھی۔ چارلس نے کن انکھیوں سے سنتری کی طرف دیکھتے ہوئے آہستگی سے ہیلن کا ہاتھ دبایا ہیلن نے معنی خیز انداز میں سر ہلا دیا۔ ہیلن جب پہلی مرتبہ چارلس سے ملاقات کے لیے اس کمرے میں آئی تھی تو چارلس نے اسی روز فرار کا منصوبہ بنا لیا تھا۔ ہیلن کو اس منصوبے میں اہم کردار ادا کرنا تھا۔ وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر دبے پاؤں سنتری کی طرف بڑھنے لگی۔ اسے صورتحال کی نزاکت اور اس کے نتائج کا پوری طرح احساس تھا لیکن اس کے باوجود وہ پوری طرح مطمئن اور پُرسکون تھی۔ سنتری کے قریب پہنچ کر اس نے کسی ماہر جیب تراش کی طرح سیدھے ہاتھ کی دو انگلیاں اس کی جیب میں داخل کر دیں جس میں چابیوں کا گچھا رکھا ہوا تھا۔ اس نے نہایت ہوشیاری کا ثبوت دیتے ہوئے چابیوں کا گچھا نکال لیا اور بڑی عجلت سے چارلس کی ہتھکڑی کھول دی۔ چارلس آہستگی سے پلنگ سے اتر آیا۔ اس نے ہیلن کو اشارے سے خدا حافظ کہا اور دبے قدموں کمرے سے نکل کر تاریک راہداری میں غائب ہو گیا۔ ہیلن نے بستر پر لیٹ کر چادر اوڑھ لی۔ آنے والے لمحات کے خیال سے پہلی مرتبہ اس کے دل میں خوف کی لہریں سی اٹھنے لگیں لیکن اس نے جلد ہی اپنی کیفیت پر قابو پا لیا۔

ہسپتال سے باہر آنے میں چارلس کو کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔ اس نے سفید رنگ کا کرتا پاجامہ پہن رکھا تھا۔ یہ لباس چونکہ ہسپتال میں عام طور پر استعمال ہوتا تھا اس لیے کسی نے اس کی طرف توجہ دینے کی ضرورت نہیں سمجھی تھی۔ ہسپتال سے باہر آتے ہی اس نے ایک



ٹیکسی رکوائی اور پچھلی سیٹ میں دھنستے ہوئے ڈرائیور کو نئی دہلی کی طرف چلنے کو کہا۔ چارلس ٹیکسی کو کچھ دیر تک اس علاقے میں گھماتا رہا پھر ڈرائیور کو گاڑی کا رخ موڑ لینے کی ہدایت کی۔ پرانی دہلی ریلوے اسٹیشن کے قریب گنجان آبادی والے علاقے میں پہنچ کر اس نے ٹیکسی چھوڑ دی۔ درمیانے درجے کے ایک ہوٹل میں کمرہ حاصل کرنے میں بھی اسے کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔ اس بھاگ دوڑ میں اس کے زخم کے ایک دو ٹانکے کھل گئے تھے جن سے خون رسنے لگا تھا۔ اس نے بستر کی چادر پھاڑ کر زخم پر نئی پٹی باندھی اور رات بھر کروٹیں بدلتا رہا۔ زخم میں تکلیف کے باعث اسے ایک لمحے کو بھی آرام نہیں ملا تھا۔ صبح پانچ بجے کے قریب اس نے بستر چھوڑ دیا۔ بستر کی چادر کو پگڑی کی طرح سر پر لپیٹ لیا اور کمبل جسم پر لپیٹ کر کمرے سے باہر آ گیا۔ ہوٹل میں سناٹا تھا۔ اسے عقبی دروازے سے باہر نکلنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔ اس کا حلیہ کسی نچلی ذات کے دیہاتی سے ملتا جلتا تھا۔ اسٹیشن پر پہنچتے ہی اس نے بمبئی کا ٹکٹ خریدا اور ٹرین کے انتظار میں پلیٹ فارم پر ٹہلنے لگا۔ اس دوران اس نے اسٹال سے چائے کا ایک کپ لیا۔ اسٹال والے سے بات کرتے ہوئے اس کا لہجہ غیر ملکی ہونے کی چغلی کھا رہا تھا۔ قریب ہی کھڑا ہوا پولیس والا اس کے لہجے سے چونک سا گیا۔ اسے حیرت تھی کہ ایک غیر ملکی کو ایک اچھوت کا روپ دھارنے کی کیا ضرورت پیش آ گئی تھی؟ اس نے چارلس سے باز پرس شروع کر دی۔ چارلس اس کے سوالات سے بوکھلا گیا اور ایک دم بھاگ کھڑا ہوا لیکن زخم کی وجہ سے وہ زیادہ دور تک نہ جا سکا۔ لڑکھڑا کر گرا اور سنبھلنے سے پہلے ہی پولیس والے کی گرفت میں آ چکا تھا۔

ادھر ہسپتال سے چارلس کے فرار کے تقریباً ایک گھنٹے بعد اس کا راز فاش ہو چکا تھا۔ سنتری نے آنکھ کھلتے ہی بوکھلا کر کمرے کی تاریک فضا میں گھورا۔ چارلس کی بیوی نظر نہیں آئی۔ وہ اٹھ کر جمائی لیتا ہوا پلنگ کے قریب آ گیا اور پھر جیسے ہی اس نے چادر ہٹائی پلنگ پر قیدی کے بجائے اس کی بیوی کو دیکھ کر اس کے دیوتا کوچ کر گئے۔ اسے صورتحال کو سمجھنے میں دیر نہیں لگی تھی۔ اس نے ہیلن کو بالوں سے پکڑ کر جھنجھوڑ ڈالا اور منہ پر تھپڑ رسید کرتے ہوئے قیدی کے بارے میں پوچھنے لگا۔ چارلس کی ہدایات کے مطابق ہیلن صرف فرانسیسی زبان میں بات کر رہی تھی جس کا ایک لفظ بھی سنتری کے پلے نہیں پڑ رہا تھا۔ بالآخر اسے پولیس اسٹیشن لے جایا گیا جہاں ہیلن نے بیان دیا کہ اس کے شوہر نے اسے خواب آور دوا کھلا کر بے ہوش کر دیا تھا اور پھر اسے اپنے بستر پر لٹا کر فرار ہو گیا۔ کوئی بھی اس کی بات پر یقین کرنے کو تیار نہیں تھا۔ ایک ایسا شخص جو زنجیر بکف تھا یہ سب کچھ نہیں کر سکتا تھا۔ ہیلن کو اعانت جرم کے الزام میں جیل بھیج دیا گیا۔

جیل میں پہلی رات ہیلن کے لیے بڑی خوفناک ثابت ہوئی۔ وہ بار بار سوچتی رہی کہ چارلس کی باتوں میں کیسے آ گئی تھی؟ دہلی کے اشوکا ہوٹل میں ڈکیتی کی واردات کی خبر سننے کے بعد ہیلن نے فیصلہ کر لیا کہ وہ چارلس سے علیحدگی اختیار کر لے گی۔ چارلس نے اسے بتایا تھا کہ مورس نے اسے ہیلن اور شوبھرا کے اغوا اور قتل کی دھمکی دے کر یہ واردات کرنے پر مجبور کیا تھا اور ان کی زندگیاں بچانے کے لیے ہی وہ اس خطرناک منصوبے میں حصہ لینے پر آمادہ ہوا تھا۔ اور اب اس نے ہسپتال سے فرار کے لیے ہیلن کو اپنی مدد پر آمادہ کر لیا تھا۔ اس نے ہیلن سے وعدہ کیا تھا کہ ہندوستان کی سرحد سے نکلتے ہی وہ پولیس کو ڈاک کے ذریعے حلفیہ بیان بھیج کر ہیلن کی بے گناہی کا یقین دلا دے گا اور ہیلن کو پولیس سے نجات مل جائے گی کیونکہ انڈیا کی پولیس کسی فرانسیسی شہری کو کسی جرم کے ثبوت کے بغیر جیل میں بند نہیں رکھ سکتی تھی۔ اس کے علاوہ مقامی پولیس کو فرانسیسی سفارتخانے کا خوف بھی ہوگا۔ ہیلن نے چارلس کی اس تجویز سے اختلاف کیا تھا مگر چارلس ہر ملاقات پر اسے اکساتا رہا۔ اس نے یہ وعدہ بھی کیا تھا کہ یہاں سے نکلتے ہی وہ ہیلن کو پیرس واپس بھجوا دے گا۔ ہیلن اس کے اس جال میں آ گئی تھی اور اب اپنی حماقت کا خمیازہ بھگت رہی تھی۔

چند روز بعد فرانسیسی سفارتخانے کے توسط سے ہیلن کو ایک ''دوست'' کی طرف سے تین سو ڈالر کی ضمانت پر رہا کر دیا گیا۔ رہائی کا مژدہ سنتے ہی ہیلن، شوبھرا کے ہمراہ پیرس واپسی کا پروگرام بنانے لگی لیکن جب پولیس سے اسے اپنا ہینڈ بیگ واپس ملا تو اس میں سے پاسپورٹ، دہلی سے ہانگ کانگ کا ہوائی ٹکٹ اور دو سو ڈالر کی رقم غائب تھی۔ اس نقصان پر صبر کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا لیکن جب ایک پولیس آفیسر نے بتایا کہ وہ انٹرپول کے ریکارڈ پر بھی آ چکی ہے تو اس کا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔ چارلس کی بیوی ہونے کی حیثیت سے اسے بھی اپنے شوہر کے جرائم میں برابر کا شریک تصور کیا جا رہا تھا۔ ہیلن نے اسی روز اپنے والدین اور فیلکس کو خط لکھا کہ وہ اس جہنم سے نکلنا چاہتی ہے۔ اسے پیرس آنے کے لیے کرائے کی رقم بھیجی جائے۔ اس نے اپنی ماں کو یہ بھی لکھ دیا تھا کہ ان مصائب کا باعث چارلس ہے اور آئندہ وہ اس سے کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہتی۔

اس رات وہ ہوٹل کے کمرے میں شوبھرا کو سلانے کی کوشش کرتے ہوئے یہی کچھ سوچ رہی تھی کہ دروازے پر دستک کی تیز آواز سن کر چونک گئی۔ اس نے شوبھرا کو بستر پر لٹا دیا اور اٹھ کر دروازہ کھولا لیکن باہر کوئی نہیں تھا۔ یخ بستہ ہوا کے جھونکے نے اس پر کپکپی طاری کر دی۔ اس کی نظریں کاغذ کے اس پُرزے پر جم گئیں جو اس کے پیروں کے قریب پڑا تھا۔ اس نے جھک کر کاغذ اٹھا لیا اور اس کی مختصر سی تحریر پڑھتے ہی ہیلن کو سینے میں اپنا دل ڈوبتا ہوا محسوس ہونے لگا۔

''چارلس قریب المرگ ہے۔ وہ تمہاری زندگی بچانے کے لیے

کام میں چارلس کو آدھے گھنٹے سے زیادہ وقت نہیں لگا۔ زمین کی سطح پر شگاف ہوتے ہی ٹھنڈی ہوا کا ایک جھونکا اس کے چہرے سے ٹکرایا۔ شگاف کو مزید کشادہ کر کے چارلس نے سر اوپر نکالا اور اطراف کا جائزہ لینے لگا۔ بازار کی بیشتر دکانیں بند ہو چکی تھیں۔ قرب و جوار میں تاریکی تھی، لیکن یہ اس کی بدقسمتی تھی کہ عین اسی وقت ڈیوٹی سے فارغ ہو کر بازار کی طرف جانے والا جیل کا ایک سنتری وہاں پہنچ گیا۔ اگر وہ اپنے راستے چلتا رہتا تو شاید اس سرنگ سے لاعلم ہی رہتا۔ مگر وہ بیڑی سلگانے کے لیے رک گیا۔ اس کا رخ بازار کی طرف تھا۔ ہوا کے جھونکوں کی وجہ سے دیا سلائی دو مرتبہ بجھی تھی۔ وہ رخ پھیر کر کھڑا ہو گیا تاکہ جسم کی آڑ لے کر بیڑی سلگا سکے۔ اسی لمحے اس نے چارلس کے سر کو سرنگ سے نمودار ہوتے دیکھا تھا۔ پہلے تو وہ بھونچکا سا رہ گیا لیکن پھر اسے صورتحال کو سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ اس نے فوراً پستول نکال کر فائر جھونک دیا۔ یہ چارلس کی خوش قسمتی تھی کہ بدحواسی میں چلائی جانے والی گولی اس کے سر سے کئی فٹ دور گری تھی لیکن وہ فوراً ہی نیچے جھک گیا اور فرانسیسی کو صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے وہ دونوں سانپ کی سی پھرتی سے سرنگ میں رینگتے ہوئے کوٹھری میں واپس پہنچ گئے۔

سنتری دوڑتا ہوا اس جگہ پہنچ گیا جہاں اس نے زمین سے سر کو نمودار ہوتے اور غائب ہوتے دیکھا تھا۔ سرنگ دیکھتے ہی وہ بری طرح چونک گیا۔ اس نے سرنگ میں دو تین فائر جھونک دیے۔ بدحواسی میں جیل کے گیٹ کی طرف دوڑا اور دفتر میں قیدیوں کے فرار کے اس منصوبے کی اطلاع دے دی۔ جیل کا انچارج میجر یہ اطلاع ملتے ہی سناٹے میں آ گیا اور دوسرے لمحے وہ مسلح سنتریوں کا ایک دستہ لے کر دوڑتا ہوا جیل کے اس سیکشن میں پہنچ گیا جو غیر ملکی قیدیوں کے لیے مخصوص تھا۔ سنتریوں نے قیدیوں کو کوٹھریوں سے نکال کر صحن میں جمع کر لیا۔ ان کی تعداد دس تھی جن میں ریڈ آئی بھی شامل تھا۔ نیم بے ہوشی کے باعث دو سنتری اسے گھسیٹتے ہوئے کوٹھری سے نکال کر لائے تھے۔ میجر چند لمحوں تک قیدیوں کے چہروں کا جائزہ لیتا رہا پھر قریب کھڑے ہوئے سنتری سے رائفل لے کر اس کی سنگین ریڈ آئی کے نرخرے پر رکھ دی اور بھیڑیے کی طرح غرّایا۔

"آج تک کوئی قیدی میری اس جیل سے فرار نہیں ہوا۔"

میجر نے سنگین چند انچ پیچھے ہٹا لی۔ ریڈ آئی کو سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ اس کی زندگی کے آخری لمحات آن پہنچے ہیں میجر کا چہرہ غصے کی شدت سے بہت بھیانک ہو رہا تھا کنپٹیوں کی نسیں پھولی ہوئی تھیں، آنکھوں سے خون ابل رہا تھا۔ وہ رائفل کو حرکت دینا ہی چاہتا تھا کہ قریب کھڑے ہوئے ایک سنتری نے رائفل پر گرفت جماتے ہوئے سرگوشی کی۔ اتنے لوگوں کی موجودگی میں ایک امریکی شہری کو اس طرح موت کے گھاٹ اتارنا ہمارے لیے نقصان دہ بھی ہو سکتا ہے۔"

بات شاید میجر کی سمجھ میں آ گئی تھی۔ اس نے رائفل چھوڑ دی اور اپنے ماتحت کو حکم دیا کہ ان قیدیوں کو اس کے دفتر میں پیش کیا جائے۔ کچھ دیر بعد تمام قیدی اس کے دفتر میں موجود تھے۔ سنتری ہر قیدی پر تشدد کے نت نئے حربے استعمال کرتے ہوئے پوچھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ فرار کے اس منصوبے کا سرغنہ کون تھا، اور اس منصوبے میں کون کون شامل تھا۔ چارلس اگرچہ پہلے ہی اعتراف کر چکا تھا کہ فرار کا یہ منصوبہ اس نے بنایا تھا اور کوئی دوسرا قیدی اس کے ساتھ شامل نہیں تھا لیکن میجر اس کی بات پر یقین کرنے کو تیار نہیں تھا۔ ریڈ آئی نے یہ بات خاص طور پر نوٹ کی تھی کہ میجر چارلس کے بارے میں کسی اور انداز میں سوچ رہا تھا، شاید وہ سمجھ رہا تھا کہ قیمتی لباس پہنا ہوا یہ شخص جس کی کلائی پر دو ہزار ڈالر مالیت کی گھڑی بندھی ہوئی تھی، جو عالیشان ہوٹلوں میں قیام کرتا ہے اور جس کے ہاتھ عورتوں کے ہاتھوں کی طرح ملائم تھے، وہ بھلا ایسے مشقت طلب کام میں کیسے ہاتھ ڈال سکتا ہے؟ تشدد کے باعث قیدیوں کے جسم زخمی ہو گئے، وہ ذبح ہوتے ہوئے جانوروں کی طرح بلبلا رہے تھے۔ ریڈ آئی نے بیہوش ہونے کی کوشش کی تھی مگر یہ فارم بھی دھوکا دے گیا تھا۔ وہ بری طرح پٹتا اور بلبلاتا رہا۔ چارلس چیخ چیخ کر کہتا رہا کہ فرار کا یہ منصوبہ اسی کا تھا اور کوئی اور قیدی اس کے ساتھ شامل نہیں تھا مگر میجر نے اس کی بات پر کان نہ دھرا، اس کا خیال تھا کہ چارلس یہ الزام اپنے سر لے کر دوسرے قیدیوں کو بچانا چاہتا ہے۔

مارپیٹ کا یہ سلسلہ صبح تک جاری رہا۔ بیشتر قیدی لہولہان ہو چکے تھے۔ چارلس کا فرانسیسی ساتھی کئی مرتبہ بے ہوش ہوا تھا مگر ہر مرتبہ اس کے چہرے پر پانی کے چھینٹے ڈال کر اسے ہوش میں لایا جاتا اور مارپیٹ کا سلسلہ پھر شروع ہو جاتا۔ یہ صورتحال دیکھ کر ریڈ آئی نے بے ہوش ہونے کا خیال ذہن سے نکال دیا اور خاموشی سے پٹتا رہا۔ بالآخر صبح انہیں کوٹھریوں میں واپس بھیج دیا گیا۔ ان سب کو ہتھکڑیاں پہنا دی گئی تھیں۔ اس دوران سنتریوں نے تمام کوٹھریوں کو چھان مارا تھا، مگر مڑے تڑے ایک چمچے کے علاوہ انہیں ایسی کوئی چیز نہیں مل سکی جس سے زمین کھودی جا سکتی۔ مڑا تڑا وہ چمچہ سنتری اپنے ساتھ لے گئے لیکن چارلس کا سوٹ کیس چھوڑ دیا تھا۔ چارلس کے ساتھ اس امتیازی سلوک سے ریڈ آئی کو یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ چارلس جیل میں آتے ہی جیل کے کسی ذمہ دار آفیسر کی مٹھی گرم کر چکا تھا تاکہ اسے ایسی چھوٹی موٹی رعایتیں ملتی رہیں لیکن اس وقت ایسی باتیں سوچنے کا موقع نہیں تھا۔ سنتریوں کی مارپیٹ سے اس کے جسم کا جوڑ جوڑ دکھ رہا تھا۔ دو دانت بھی اپنی جگہ چھوڑ چکے تھے۔ وہ بار بار اپنی زبان پر خون کا ذائقہ محسوس کر رہا تھا لیکن تکلیف کے باوجود اس کی آنکھیں بوجھل ہونے لگیں اور وہ



نیند کی آغوش میں پہنچ گیا۔ جلد ہی اس کی آنکھ کھل گئی۔ چارلس کو اپنے اوپر جھکے ہوئے دیکھ کر وہ چونک گیا۔ اسے مزید حیرت اس بات پر ہوئی کہ چارلس کے ہاتھ آزاد تھے اور کھلی ہوئی ہتھکڑی اس کی ایک کلائی میں جھول رہی تھی۔

"میری وجہ سے تمہیں جس اذیت کا سامنا کرنا پڑا ہے، اس پر میں شرمندہ ہوں۔" چارلس سرگوشیانہ لہجے میں کہتا ہوا اور آگے جھک گیا اور ہاتھ میں پکڑی ہوئی چابی سے ریڈ آئی کی ہتھکڑی بھی کھول دی "انہیں اپنے ہاتھوں سے مت نکالنا۔ اگر سنتری اس طرف آنکلیں تو اپنے دونوں ہاتھ اسی طرح ملائے رکھنا جیسے وہ اب بھی ہتھکڑی میں جکڑے ہوئے ہیں۔"

چارلس کے اس انکشاف نے ریڈ آئی کے دماغ کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا کہ اس کے اٹیچی کیس کے ایک خفیہ خانے میں ایسی نو چابیاں موجود ہیں جو ایشیا کے نو مختلف ممالک میں استعمال ہونے والی ہتھکڑیوں کو کھولنے میں استعمال ہو سکتی ہیں۔ چارلس نے بتایا کہ یہ چابیاں اس نے ہانگ کانگ میں خریدی تھیں جنہیں وہ مختلف ممالک میں استعمال کر چکا تھا۔

"میں نے جتنی رقم ان چابیوں کے حصول پر خرچ کی ہے اس سے بآسانی ایک رولز رائس خریدی جا سکتی تھی۔" چارلس نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "لیکن شاید رولز رائس میرے لیے اتنی مفید ثابت نہ ہوتی جتنا فائدہ میں ان چابیوں سے اٹھا رہا ہوں۔"

اس روز دوپہر کے بعد ان دس غیر ملکی قیدیوں کو جیل کے ایک ایسے حصے میں منتقل کر دیا گیا جہاں حفاظتی انتظامات اس سے زیادہ سخت تھے۔ انہیں جن کوٹھریوں میں رکھا گیا وہ چارلس کے خیال میں کسی زمانے میں کتوں کی رہائش کے لیے استعمال کی جاتی رہی ہوں گی گارے اور کچی اینٹوں کی بنی ہوئی ہر کوٹھری تین فٹ چوڑی، پانچ فٹ لمبی تھی اور اونچی صرف اتنی تھی کہ سیدھا ہو کر نہیں بیٹھا جا سکتا تھا۔ ہر کوٹھری میں دو دو قیدیوں کو ٹھونس دیا گیا تھا۔ اس سے پہلے انڈرویئر کے علاوہ انہیں ہر قسم کے لباس سے بھی محروم کر دیا گیا تھا۔ اس یخ بستہ تاریک کوٹھری میں داخل ہوتے ہی مکڑیاں اور چیونٹیاں نہایت بے تکلفی سے ان کے جسموں پر رینگنے لگیں۔ ریڈ آئی نے چارلس کا ساتھ پسند کیا اور یہ جان کر اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ چارلس کا بریف کیس اس ڈبہ نما کوٹھری میں بھی اس کے ساتھ تھا۔

ان کے ساتھ یہ سلوک اگرچہ جانوروں سے بھی بدتر تھا لیکن انہیں اب بھی یہ سہولت بہرحال حاصل تھی کہ وہ باچا کے ذریعے بازار سے اپنی کوئی مطلوبہ چیز منگوا سکتے تھے۔ یہاں منتقل ہونے کے بعد پہلی مرتبہ جب باچا چکر لگاتا ہوا اس طرف آیا تو ریڈ آئی نے اس سے پینڈرکس کی چند گولیاں منگوا لیں تاکہ اس عقوبت خانے میں زیادہ سے زیادہ وقت سو کر گزار سکے۔ چارلس نے سب سے پہلے جو چیزیں منگوائی تھیں ان میں ایک گلاس کے علاوہ ایک لمبی سرنج بھی شامل تھی۔ انتہائی کڑی نگرانی کے باوجود قیدیوں کو ایسی چیزیں منگوانے پر کوئی پابندی نہیں تھی۔

"کیا مطلب؟ تم نے یہ سرنج کیوں منگوائی ہے؟" ریڈ آئی نے الجھی ہوئی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔

جواب میں چارلس نے صرف کندھے اچکانے پر ہی اکتفا کیا، لیکن اس کی آنکھوں میں ابھرتی ہوئی چمک دیکھ کر ریڈ آئی کو یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ چارلس کے دماغ میں فرار کا کوئی نیا منصوبہ کلبلا رہا ہے۔ وہ چارلس کے آہنی اعصاب کی داد دیے بغیر نہ رہ سکا جو شکست تسلیم کرنے کے بجائے پینترے بدل بدل کر حالات کا مقابلہ کر رہا تھا۔

ریڈ آئی کا ذہن بری طرح الجھا ہوا تھا۔ اس نے اس اذیت سے نجات حاصل کرنے کے لیے پینڈرکس کی ایک گولی نگل لی جس کے کچھ ہی دیر بعد وہ نیم دراز پوزیشن میں اونگھنے لگا۔

چارلس نے وہ سرنج نکال لی جو بلاشبہ گھوڑوں کو انجکشن لگانے کے لیے استعمال ہو سکتی تھی۔ وہ چند لمحے سرنج کو گھورتا رہا پھر ریڈ آئی کو جھنجھوڑنے لگا۔ ریڈ آئی کے ذہن پر غنودگی طاری تھی۔ اس نے بمشکل آنکھیں کھول کر چارلس کی طرف دیکھا۔ پہلے تو کوئی بات اس کی سمجھ میں نہ آ سکی لیکن پھر چارلس کا ارادہ جان کر وہ لرز اٹھا۔ چارلس سرنج کی لمبی سوئی اپنے بازو میں گھونپ رہا تھا پھر اس نے آہستہ آہستہ پسٹن کھینچنا شروع کیا۔ اس کے جسم کا خون آہستہ آہستہ سرنج میں منتقل ہونے لگا۔

"یہ خون اس گلاس میں ڈال دو۔" چارلس نے خون سے بھری ہوئی سرنج ریڈ آئی کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

ریڈ آئی نے اس کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے سرنج گلاس میں خالی کر دی۔ چارلس نے اسے لے کر سوئی دوبارہ اپنے بازو میں گھونپ دی اور خون کھینچنے لگا۔ تین مرتبہ خون نکالنے سے گلاس تقریباً بھر چکا تھا۔ چارلس کا چہرہ اب بھی پرسکون تھا لیکن ریڈ آئی کے چہرے پر کرب کے ایسے تاثرات تھے جیسے یہ خون چارلس کے بازو سے نہیں اس کے جسم سے نکالا گیا ہو۔

"شکریہ۔" چارلس کے لہجے میں نقاہت تھی۔ "مجھے یقین ہے کہ کہیں نہ کہیں ہماری ملاقات پھر ہو گی اور عین ممکن ہے کہ ہمیشہ کی طرح تم اس وقت بھی میری کوئی مدد کر سکو۔"

چارلس نے جملہ ختم کرتے ہی گلاس ہونٹوں سے لگا لیا اور آنکھیں بند کر کے ایک ہی سانس میں اپنا خون پی گیا لیکن دوسرے ہی لمحے وہ حلق میں انگلی ڈال کر ابکائیاں لینے لگا اور منہ سے نکلنے والا خون اپنی ٹھوڑی، گردن اور کپڑوں پر پھیلانے لگا۔ اسے دیکھ کر ریڈ آئی کے ذہن میں کسی خون آشام کا تصور ابھر آیا لیکن کسی ایسے خون آشام کے بارے میں اس نے کبھی نہیں سنا تھا جو اپنا ہی خون پیتا ہو۔ چارلس اب قدرے

ایک بار پھر چارلس کی اس پیشکش کو مسترد کر دیا۔

دو ہفتے گزر گئے۔ اس دوران آندرے عجیب سی الجھن کا شکار رہا اس نے فیلکس سے بھی چارلس سے فون پر ہونے والی اس گفتگو کا ذکر نہیں کیا تھا لیکن دو ہفتے بعد رات کو ایک بار پھر فون کی گھنٹی نے اس کا ذہنی شیرازہ بکھیر دیا۔ وہ چارلس کی کال تھی۔

"تمہیں چند روز پہلے کی گفتگو یاد ہے آندرے؟" چارلس نے دریافت کیا۔

"ہاں، ایک ایک لفظ میرے ذہن کی لوح پر ثبت ہے۔" آندرے نے دل کی دھڑکنوں پر قابو پاتے ہوئے جواب دیا۔

"اور مجھے امید ہے کہ تم نے کوئی فیصلہ بھی کر لیا ہوگا۔ میں اس وقت استنبول میں ہوں اور مجھے ایک قابلِ اعتماد ساتھی کی ضرورت ہے۔ میں تمہیں ہوائی جہاز کا ٹکٹ بھیج رہا ہوں۔" چارلس کی آواز سنائی دی۔

آندرے کوئی جواب نہ دے سکا۔ اس کے دماغ میں چیونٹیاں سی رینگ رہی تھیں اور وہ اپنے آپ میں کوئی فیصلہ کرنے کی جرأت نہیں پا رہا تھا۔

"اس دنیا میں دو قسم کے انسان بستے ہیں۔" ایک لمحے کی خاموشی کے بعد چارلس کی آواز دوبارہ سنائی دی۔ "ایک وہ جو زندگی کو داؤ پر لگا کر کامیابی حاصل کرتے ہیں اور دوسرے وہ جو اپنے خول سے نکلنا پسند نہیں کرتے اور بالآخر دوسروں کے قدموں تلے کچلے جاتے ہیں۔ میں استنبول ایئرپورٹ پر تمہارا انتظار کروں گا۔ کیا تم مجھے پہچان لوگے؟"

"ہاں پہچان لوں گا۔" آندرے کے حلق سے پھنسی پھنسی سی آواز نکلی۔

استنبول ایئرپورٹ پر کسٹمز لاؤنج میں داخل ہوتے ہی آندرے نے چارلس کو دیکھ لیا تھا۔ ان کا آمنا سامنا اگرچہ تقریباً دس سال بعد ہوا تھا مگر آندرے کو اسے پہچاننے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی تھی۔ جسم پر بہترین تراش کا تھری پیس قیمتی سوٹ اور آنکھوں پر گہرے شیشوں والی عینک نے اس کی شخصیت کو خاصا پُروقار بنا دیا تھا۔ اس کے دائیں بائیں دو محافظ بھی موجود تھے۔ اس رکھ رکھاؤ کے ساتھ وہ کوئی یونانی کروڑپتی ہی لگ رہا تھا۔ آندرے کے جسم پر معمولی سے کپڑے کی پتلون اور ہائی نیک کی بنیان تھی۔ اپنا اور چارلس کا موازنہ کرتے ہوئے وہ ایک لمحے کو احساسِ کمتری کا شکار ہو گیا لیکن پھر فوراً ہی اس نے اپنے اس احساس کو ذہن سے جھٹک دیا۔

آندرے اپنا سامان جمع کروا رہا تھا کہ ہال کے اسپیکر پر اس کے نام کا اعلان ہوا۔ اس کے لیے فون کال تھی۔ آندرے سامان کاؤنٹر پر چھوڑ کر اس طرف بڑھ گیا جہاں ٹیلیفون بوتھ واقع تھا۔ کیبن میں داخل ہو کر ریسیور اٹھاتے ہوئے اس نے کسٹمز لاؤنج کے گیٹ کے قریب شیشے کی دیوار کی طرف دیکھا۔ چارلس اب وہاں نظر نہیں آ رہا تھا۔ اسی لمحے ریسیور پر چارلس کی آواز ابھری۔

"خوش آمدید آندرے!" چارلس کا لہجہ سرگوشیانہ تھا۔ "لاؤنج سے نکلنے کے بعد باہر آ کر مجھ سے ملو تو مجھے ایلین کے نام سے مخاطب کرنا۔ ذہن نشین کر لو میرا نام ایلین گنھتر ہے۔ اس کی وضاحت میں بعد میں کروں گا۔"

اس کے ساتھ ہی فون بند ہو گیا۔ آندرے ریسیور رکھ کر کیبن سے باہر آ گیا اور کسٹمز کاؤنٹر سے اپنا سامان لے کر بیرونی دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ چارلس گیٹ کے سامنے ہی بانہیں پھیلائے کھڑا تھا۔ اس نے آندرے کو اپنے مضبوط بازوؤں میں بھینچ لیا اور پھر اس کی پیشانی اور رخساروں پر بوسوں کی بارش کر دی۔ چارلس نے اپنے دونوں ساتھیوں سے اس کا تعارف کرایا۔ ان میں ایک باڈی گارڈ تھا اور دوسرا اس کا پرائیویٹ سیکریٹری۔ یہ تو آندرے کو کئی دن بعد معلوم ہوا کہ ڈچ باڈی گارڈ ایک خوفناک قاتل تھا۔ اب تک کئی افراد اس کے ہاتھوں موت کی وادی میں پہنچ چکے تھے اور اس کا سیکریٹری پائرے پرمیٹر تھا جو دہلی میں اشوکا ہوٹل کی ڈکیتی کے بعد کسی طرح بھارت سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا تھا۔

طہران سے فرار ہونے کے بعد چارلس نے ان دونوں کو بھی استنبول بلا لیا تھا۔ طہران جیل میں کئی روز تک 'ساوک' کا تشدد برداشت کرنے کے بعد چارلس کسی نہ کسی طرح ضمانت پر رہائی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ اس کی ضمانت منظور کر لینا ایسا ہی تھا جیسے کسی پالتو بلی سے کہہ دیا جائے کہ وہ رات کو گھر سے باہر نہ نکلے۔ بہرحال، زنداں سے نکلتے ہی وہ چوری کی ایک کار میں سرحد عبور کر کے عراق پہنچ گیا۔ وہاں سے ترکی کی سرحد عبور کرنے میں بھی اسے زیادہ دشواری پیش نہیں آئی۔ انقرہ پہنچتے ہی اس نے چوری کی وہ کار بیچ دی اور ایک عالیشان ہوٹل میں قیام کے دوران ایک لکھ پتی تاجر کی بیٹی کا قرب حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ چند ہی ملاقاتوں میں دولتمند لڑکی اسے اپنا سب کچھ سمجھ بیٹھی تھی۔ اس رومانس کے دوران چارلس کی نظر اس کی دولت پر تھی۔ بالآخر چارلس نے اس لڑکی کو اس بات پر آمادہ کر لیا کہ اگر وہ سرمایہ لگانے پر راضی ہو تو چارلس استنبول میں ایک بہت بڑا ڈیپارٹمنٹ اسٹور کھول سکتا ہے۔ اس طرح اس نے دولتمند تاجر کی بیٹی سے ایک لمبی رقم وصول کر لی اور اسے صبر و انتظار کی تلقین کر کے استنبول آ گیا۔

ایئرپورٹ کے باہر ایک نئی امریکی کار کے قریب کھڑے ہوئے باوردی شوفر نے انہیں دیکھتے ہی دروازہ کھول دیا اور چاروں گاڑی میں گھس گئے۔ راستے میں وہ پیرس اور استنبول کے موسم پر تبصرہ کرتے رہے اور آندرے چارلس کے ساتھ جیسے ہی ہوٹل کے کمرے میں داخل ہوا چارلس نے اس پر سوالات کی بوچھاڑ کر دی۔ وہ بے صبری سے ایک ایک فرد کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔ آندرے بڑے سکون سے



اس کے سوالات کا جواب دیتا رہا اور بالآخر اس نے بھی وہ سوال پوچھ ہی لیا جو بہت دیر سے اس کے دماغ میں کلبلا رہا تھا۔ چارلس نے فرضی نام کیوں اپنا رکھا ہے؟

چارلس کے لیے یہ سوال غیر متوقع نہیں تھا۔ اس نے بتایا کہ بہت عرصہ پہلے اس کا چالان ہو گیا تھا اور وہ عدالت میں پیش ہونے کے بجائے بھاگ نکلا تھا۔ ان دنوں وہ چونکہ ایک نہایت اہم کاروباری مشن پر استنبول آیا ہوا تھا اس لیے وہ نہیں چاہتا تھا کہ پولیس اسکے پرانے کیس کی آڑ لے کر اس کے کاروباری معاملات میں روڑے اٹکائے، اس لیے اس نے وقتی طور پر فرضی نام اپنا لینے ہی کو ترجیح دی تھی۔

"مشرق میں اسے برا نہیں سمجھا جاتا۔" وہ آخر میں بولا۔ "میں کچھ ایسے لوگوں کو بھی جانتا ہوں جو ہر صبح کپڑے تبدیل کرنے کے ساتھ اپنا نام بھی بدل لیتے ہیں۔"

آندرے نے ایک ہلکا سا قہقہہ لگایا۔ اس کے لیے یہ بات اگرچہ کسی لطیفے سے کم ثابت نہیں ہوئی تھی لیکن وہ چارلس کی بات پر یقین لے آیا تھا۔ وہ سمجھتا تھا کہ چونکہ یہ بات اس کے بھائی نے کہی تھی، اس لیے اس کی صداقت میں کسی قسم کا شبہ نہیں ہو سکتا تھا۔

"ہیلن کا کیا معاملہ ہے؟" آندرے نے ڈرتے ڈرتے وہ سوال بھی کر ہی ڈالا جس نے اسے پیرس میں بھی پریشان کر رکھا تھا۔

"وہ ذلیل!" چارلس کے چہرے کے تاثرات بدل گئے۔ "میں جسے دیوی سمجھا تھا وہ شیطان نکلی۔ وہ میری نرمی اور عدم موجودگی سے ناجائز فائدہ اٹھاتی رہی۔ میری بدنامی اور رسوائی کا باعث بن گئی تھی۔ ثبوت مل جانے کے بعد میں نے اسے ہمیشہ کے لیے اپنی زندگی سے نکال دیا لیکن اب میں مناسب وقت کا انتظار کر رہا ہوں تاکہ شوبھرا کو اپنی تحویل میں لے سکوں۔ میں اپنی بیٹی کو اس بدذات عورت کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتا۔"

آندرے خاموش بیٹھا اس کی باتیں سنتا رہا۔ اس کے ذہن میں اچانک یہ خیال ابھرا کہ ممکن ہے چارلس نے شوبھرا کے سلسلے میں مشورہ کرنے کے لیے ہی اسے استنبول بلایا ہو لیکن وہ اس سلسلے میں کوئی سوال کرنے کی جرأت نہ کر سکا۔ چارلس نے اس پر ایک عجیب سا سحر طاری کر رکھا تھا۔ وہ محسوس کر رہا تھا جیسے کوئی غیر مرئی قوت اسے اپنی گرفت میں لیے ہوئے ہو۔ وہ خاموش بیٹھا چارلس کی طرف دیکھتا رہا۔ پھر اس کی نظریں کمرے میں بھٹکنے لگیں جہاں چاروں طرف انگریزی، فرانسیسی اور کئی مختلف زبانوں کے اخبارات بکھرے ہوئے تھے۔

چارلس اب موضوع بدل کر حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ کر رہا تھا۔ واٹر گیٹ اسکینڈل، مشرقِ وسطیٰ میں ایک نئی جنگ کی تیاریاں، سوئس اسٹاک ایکسچینج میں سونے پر دباؤ اور دنیا کے مختلف ممالک کی کرنسی کے

اور ہمدرد ہو بلکہ ان کی زبان بھی روانی سے بول سکتا ہو تو وہ اس اجنبی ملک میں اپنے آپ کو تنہا نہیں سمجھتے اور خصوصاً کوئی فرانسیسی جب کسی سے اپنی زبان سنتا ہے تو وہ فوراً ہی اعتماد کر لیتا ہے کیونکہ اس کے خیال میں فرانسیسی بولنے والا کوئی شخص دھوکا نہیں دے سکتا۔

خوبرو آندرے میں یہ تمام صفات بدرجہ اتم موجود تھیں۔ وہ کسی ہوٹل، بار روم یا تفریح گاہ میں گھومتے ہوئے اپنے کسی شکار کا انتخاب کرتا۔ بات موسم سے شروع ہوتی اور چند منٹ کے اندر اندر وہ اس سے بے تکلف ہو جاتا۔ اس کی پسند، ناپسند اور اس کی بعض کمزوریوں سے واقفیت حاصل کرنے میں بھی آندرے کو چند منٹ سے زیادہ نہ لگتے اور پھر اسے اپنے ساتھ شام گزارنے پر آمادہ کر لینا زیادہ مشکل ثابت نہ ہوتا۔ چارلس کے سکھائے ہوئے نفسیات کے سبق سے آندرے پورا پورا فائدہ اٹھا رہا تھا۔ اگر اس کا شکار کوئی مرد ہوتا تو آندرے لڑکیوں کے تذکرے سے اسے اس طرح شیشے میں اتار لیتا کہ وہ اس کا گرویدہ ہو کر رہ جاتا۔ اگر کوئی عورت ہوتی تو آندرے اس کے حسن کی تعریفیں کرتے ہوئے نہ تھکتا۔ یہاں تک کہ وہ عورت اس کے سامنے پوری طرح بے بس ہو کر رہ جاتی۔ ابتدائی چند منٹوں میں اپنے شکار کا نفسیاتی تجزیہ کرنے کے بعد آندرے انہیں ان کے ذوق کے مطابق تحریص و ترغیب دلاتا مثلاً وہ شہر کی ایسی دکانوں سے واقف تھا جہاں بازار سے پچاس فیصد رعایت پر قیمتی پتھر اور جواہرات مل سکتے تھے۔ اسے یہ بھی معلوم تھا کہ بہترین حشیش کہاں مل سکتی تھی اور ایسے جوئے خانوں سے بھی واقف تھا جہاں انتظامیہ کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے لمبی رقمیں جیتی جا سکتی تھیں۔

چارلس اور آندرے اکثر ایک ساتھ شکار پر حملہ آور ہوتے۔ وہ اپنے آپ کو بہت بڑے بزنس مین سیاح ظاہر کر کے سیاحوں سے بے تکلف ہو جاتے جو بالآخر ان کی طرف سے رات کے کھانے کی دعوت قبول کر لینے میں کوئی ہرج نہ سمجھتے۔ کھانے کے دوران چارلس بڑی ہوشیاری سے مہمان کے کھانے یا مشروب میں خواب آور دوا ملا دیتا جس کے چند ہی منٹ بعد وہ انٹا غفیل ہو جاتا اور صبح جب اس کی آنکھ کھلتی تو وہ اپنے آپ کو دنیا کا سب سے بڑا احمق تسلیم کر لیتا۔ اس کے سامان سے نقدی، پاسپورٹ اور ٹریولرز چیک وغیرہ غائب ہو چکے ہوتے تھے۔

چارلس نے ایک اچھے کاروباری کی طرح اس بزنس کے کچھ اصول بنا رکھے تھے جن پر وہ سختی سے کاربند تھا۔ اس کا پہلا اصول تو یہ تھا کہ ان وارداتوں میں پستول، چاقو یا منشیات وغیرہ استعمال نہیں کرتا تھا تاکہ بعد میں اس کے خلاف کسی قسم کا ثبوت مہیا نہ ہو سکے۔ منشیات کے بارے میں تو اس نے آندرے کو بھی سختی سے ہدایت کر رکھی تھی کہ ایسی کوئی چیز نہ تو استعمال کی جائے اور نہ اپنے پاس رکھی جائے۔ شکار پھانسنے کے لیے اسے حشیش یا ہیروئن کا لالچ ضرور دیا جائے لیکن خود ان چیزوں کے قریب نہ پھٹکا جائے۔

آندرے یہ سن کر دہشت زدہ سا رہ گیا تھا کہ ہزاروں غیر ملکی سیاح منشیات کے استعمال، اور اسمگلنگ کے الزام میں استنبول سے لے کر سنگاپور تک کی جیلوں میں بھرے ہوئے ہیں۔

ہر روز صبح ناشتے سے پہلے تقریباً ایک گھنٹے تک دونوں بھائی کراٹے کی مشق کرتے اور ایک دوسرے کے پیٹ پر گھونسے برساتے۔ چند روز بعد آندرے وہ طاقت حاصل کر چکا تھا کہ اپنے سے کئی گنا طاقتور شخص کو پلک جھپکتے... میں ناک آؤٹ کر سکتا تھا۔ ناشتے کے بعد وہ دنیا بھر کے سیاسی و غیر سیاسی حالات پر بحث کرتے جن میں عام معلومات بھی شامل تھیں مثلاً قبرص سے ایتھنز آمد و رفت کے لیے کون کون سے ذرائع استعمال کیے جا سکتے تھے۔ مراکو سے اسمگل ہونے والے چار ضرب چھ فٹ کے قالین کی استنبول میں کیا قیمت مل سکتی تھی؟ امریکا کے سرکاری ٹی وی کے خاص خاص پروگرام کون سے تھے؟ شاہ ایران سردیوں کی چھٹیاں کہاں گزارتا ہے؟ وغیرہ۔ رات کو چارلس کا زیادہ وقت ٹائم، نیوز ویک، ٹائمز آف لندن، واشنگٹن پوسٹ اور پیرس کے ہیرالڈ ٹریبیون جیسے اخبارات کے مطالعہ میں گزرتا تاکہ صبح آندرے کے سوالوں کا اطمینان بخش جواب دے سکے۔ وہ دونوں آپس میں بھی اب صرف انگریزی میں گفتگو کرتے تھے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آندرے بھی روانی سے انگریزی بولنے لگا۔

یہ انکشاف بھی آندرے کے لیے حیرت انگیز تھا کہ پائرے پریمیر اور ڈچ باڈی گارڈ، جو دوسرے ہوٹل میں مقیم تھے اور ہمہ وقت چارلس کے سگنل کے منتظر رہتے تھے، انکے علاوہ کچھ اور لوگ بھی چارلس کے پے رول پر تھے جن میں زیادہ تعداد نوجوان اور خوبصورت لڑکیوں پر مشتمل تھی۔ یہ لڑکیاں کسی غیر ملکی سیاح کو پھانس کر چارلس کو اطلاع دے دیتیں چارلس فوراً پہنچ جاتا اور بالکل روایتی انداز میں کسی لڑکی کے پھانسے ہوئے شکار سے تعارف ہوتا۔ لڑکی درمیان سے نکل جاتی اور چارلس اسی رات اپنے شکار پر خواب آور دوا استعمال کر کے اسے اس کے اثاثے سے محروم کر دیتا۔ ان لڑکیوں میں بھی زیادہ تر فرانسیسی اور امریکن تھیں۔ یہ سب کی سب چارلس پر فریفتہ تھیں اور اس کے اشاروں پر ناچ رہی تھیں۔ آندرے کے لیے یہ کوئی حیرت کی بات نہیں تھی۔ عورتوں کے لیے چارلس میں خاصی کشش تھی۔ کسی عورت سے متعارف ہونے کے چند منٹ بعد ہی چارلس نہایت آسانی سے اسے اپنے اشاروں پر ناچنے پر مجبور کر دیتا۔ اس سلسلے میں آندرے نے اپنی ڈائری میں ایک دلچسپ واقعہ بھی قلم بند کیا تھا۔

ان دنوں استنبول میں غیر ملکی سیاح کثیر تعداد میں آرہے تھے، ایک دن ایک ایسی لڑکی ان کی نظروں میں آگئی جو اگر کسی مقابلۂ حسن میں حصہ لیتی تو ملکۂ حسن کا خطاب حاصل کرنے میں اسے ذرا بھی دشواری پیش نہ آتی، وہ امریکی لڑکی بیس سال سے کچھ کم ہی تھی۔ وہ جس طرف سے بھی گزرتی،



لوگ اسے مڑ مڑ کر دیکھنے پر مجبور ہو جاتے۔ کچھ دل پھینک قسم کے لوگوں نے اس کا قرب حاصل کرنے کی کوشش بھی کی تھی لیکن لڑکی کا بوائے فرینڈ آڑے آیا اور لڑکی کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھانے والے لوگ اپنا سا منہ لے کر رہ گئے۔ لڑکی کے بارے میں چارلس کی اطلاع یہ تھی کہ وہ اپنے بوائے فرینڈ سے شادی کرنے والی تھی اور اس کے سوا کسی اور کا خیال ذہن میں لانے کو تیار ہی نہیں تھی۔ چارلس نے دعویٰ کیا کہ وہ ان کا ملاپ نہیں ہونے دے گا۔

اسی روز چارلس اس لڑکی کے بوائے فرینڈ سے تعارف حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ بیس سالہ ٹام شکاگو کا رہنے والا تھا اور ابھی تک اس نے زندگی کی کسی منزل کا تعین نہیں کیا تھا۔ اس رومانس ہی کو اس نے اپنا مقصدِ حیات بنا لیا تھا۔ چارلس نے جلد ہی معلوم کر لیا کہ ٹام اپنے قصبے میں ایک ایسا اسٹور کھولنے کے خواب دیکھ رہا تھا جس کے ساتھ ایک خوبصورت ریسٹورنٹ بھی ہو جس کے ہال میں وقت کے مشہور پوپ سنگرز کے نغمے گونجتے رہیں۔ چارلس نے فوراً اس کی تائید میں سر ہلا دیا۔ اس کے خیال میں اس سے بہتر اور کوئی بزنس ہو ہی نہیں سکتا تھا۔ اس کی باتوں نے ٹام کو آسمان پر چڑھا دیا۔ چارلس نے اسے مشورہ دیا کہ اگر وہ اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہے تو شادی کا خیال فی الحال ذہن سے نکال دے۔ اس نے ترکی کے ایک گاؤں کا پتا بتاتے ہوئے کہا کہ وہاں قدیم نوادرات کوڑیوں کے مول بکتے ہیں اگر ٹام وہاں سے کچھ نوادرات لے آئے تو انہیں استنبول میں فروخت کر کے اتنا منافع حاصل کر سکتا ہے کہ امریکا میں اپنے مطلب کا اسٹور اور ریسٹورنٹ کھولنے کے لیے اسے مزید رقم کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

ٹام فوراً اپنے مشن پر روانہ ہو گیا۔ اس کے جانے کے دوسرے دن چارلس نے اپنی توجہ شیری کی طرف مبذول کر دی لیکن اس مرتبہ اس کی حکمتِ عملی کچھ اور تھی۔ اس نے شیری کو بتایا کہ اس کا دوست انتہائی غیر ذمہ دار، جواری اور منشیات کا عادی ہے۔ اگر اس کا بس چلے تو وہ شیری کو بھی جوئے میں داؤ پر لگانے سے نہیں چوکے گا۔ آندرے بھی اس وقت قریب ہی تھا۔ وہ خاموشی سے باتیں سنتا رہا۔ اسے کسی قسم کی مداخلت کی جرأت نہیں ہوئی تھی۔

شیری نے اس کی بات تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ اس کے خیال میں ٹام نہایت شریف لڑکا تھا۔ اس میں کوئی برائی نہیں تھی۔

"ٹام کے بارے میں تمہارا یہ موقف میرے لیے غیر متوقع نہیں ہے۔" چارلس نے کہا۔ "محبوب کی اچھائی اور برائی میں امتیاز کرنا مشکل ہوتا ہے۔ ایسی باتوں کو تو کوئی غیر جانبدار شخص ہی محسوس کر سکتا ہے۔ میرے خیال میں اب بھی وقت ہے۔ میرا مشورہ ہے کہ جتنی جلدی ہو سکے تم اس سے اپنا دامن چھڑا لو۔ بھلا اس شخص پر کیا اعتماد کیا جا سکتا ہے جس نے اب تک اپنی زندگی کی کسی منزل کا تعین ہی نہ کیا ہو؟"

چارلس کی ان نپی تلی باتوں سے شیری کا ٹام پر یقین متزلزل ہونے لگا۔ اسے ٹام کی وہ چھوٹی چھوٹی کمزوریاں یاد آنے لگیں جنہیں وہ اب تک نظر انداز کرتی رہی تھی۔ چارلس نے شیری کی اس کیفیت سے بھرپور فائدہ اٹھایا اور ٹام کی ان کمزوریوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے لگا۔

کئی روز بعد ٹام جب چارلس کے بتائے ہوئے گاؤں سے خالی ہاتھ واپس لوٹا تو شیری کا بدلا ہوا رویہ دیکھ کر حیرت زدہ سا رہ گیا۔ شیری نے فوراً اعلان کر دیا کہ وہ شادی کے فیصلے پر نظر ثانی کرنا چاہتی ہے جس کے لیے ٹام کو انتظار کرنا پڑے گا۔ اب ٹام واقعی پریشان ہو کر رہ گیا لیکن وہ شیری پر کسی قسم کا دباؤ نہیں ڈال سکتا تھا۔ دوسرے روز ٹام جب چارلس سے ملا تو چارلس نے اسے ایک نیا مشن سونپ دیا۔ مشن یہ تھا کہ ٹام نیلی مسجد کے گرد و نواح میں پڑے رہنے والے ہپیوں میں گھوم پھر کر یہ جائزہ لے کہ کن کن ہپیوں کی جیبوں کو ان کے پاسپورٹس اور ٹریولرز چیکس کے بوجھ سے ہلکا کیا جا سکتا ہے۔ اس کے لیے چارلس نے اسے پچاس فیصد کمیشن کی پیشکش کی تھی۔ ٹام انتہائی فرمانبرداری کا مظاہرہ کرتا ہوا اپنے اس نئے مشن پر روانہ ہو گیا۔

دوسری طرف شیری، چارلس کے اشاروں پر ناچ رہی تھی۔ عزت و ناموس کی اب اس کی نظروں میں کوئی حیثیت نہیں رہی تھی۔ وہ چارلس کی ہدایات پر غیر ملکی مرد سیاحوں کو اپنے حسن کے جال میں پھانس لیتی۔ آدھی رات کے لگ بھگ جب اس کا شکار خواب آور گولیوں کے زیرِ اثر انٹا غفیل ہو چکا ہوتا تو چارلس بھی اطلاع پا کر وہاں پہنچ جاتا اور وہ دونوں نقدی، ٹریولرز چیکس اور پاسپورٹ لے کر رفوچکر ہو جاتے۔

آندرے اکثر سوچتا کہ وہ لوگ جن کا ماضی بے داغ تھا جنہوں نے کبھی کوئی معمولی سا جرم بھی نہیں کیا تھا، اس قدر آسانی سے چارلس کے جال میں کیوں پھنس جاتے تھے اور اس کے معمولی سے اشارے پر بڑے سے بڑے جرائم پر آمادہ کیوں ہو جاتے تھے؟

"وہ سب لوگ چارلس کے سامنے اس لیے گھٹنے ٹیک دیتے کہ وہ اسے چاہتے تھے۔" آندرے نے اپنی ڈائری میں لکھا۔ "مردوں کو چارلس میں ہر وہ چیز نظر آتی جس کا اپنے لیے وہ محض تصور ہی کر سکتے تھے۔ عورتیں اسے اپنا محبوب سمجھتیں۔ بہت کم عورتیں ایسی تھیں جو اس کا قرب حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکی ہوں گی۔ اس کے علاوہ چارلس انہیں معقول معاوضہ ادا کرتا تھا۔ شیری جب استنبول سے روانہ ہوئی تو اس کے پرس میں تین ہزار ڈالر نقد اور کلائی پر دو ہزار ڈالر مالیت کی گھڑی موجود تھی۔ ٹام استنبول کی جیل میں تھا۔ اسے ایک ہپی کا پاسپورٹ اور ٹریولرز چیکس چرانے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ اس کے بارے میں چارلس کا یہ تجزیہ درست ثابت ہوا تھا کہ ٹام کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جن کی اپنی زندگی بھی

آندرے کی آنکھوں میں خوف ابھر آیا لیکن چارلس کا چہرہ پُرسکون تھا۔ اس کی آنکھوں میں ایک عجیب سی اُلجھن ضرور تھی لیکن اس کا خوف سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ اس نے بے ہوش فل اور ایتھل کی طرف دیکھا پھر آندرے کو اشارہ کرتا ہوا دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ اس دوران دروازے پر دوسری مرتبہ دستک دی جا چکی تھی۔ آندرے بڑی پھرتی سے دروازے کی آڑ میں دیوار سے چپک کر کھڑا ہو گیا۔ فل کا بٹوہ ابھی تک اس کے ہاتھ میں تھا اور خوف و دہشت سے اس کا دل خزاں رسیدہ پتے کی طرح تھرتھرا رہا تھا۔ وہ پہلی مرتبہ ایسی خوفناک صورتحال کا سامنا کر رہا تھا۔

"ہیلو..... اوہ۔"

دروازہ کھلتے ہی ایک مردانہ آواز آندرے کی سماعت سے ٹکرائی۔ بولنے والے کے لہجے میں حیرت تھی اور شاید اس وجہ سے وہ جملہ بھی مکمل نہیں کر سکا تھا۔

"یس پلیز!" چارلس نے دروازے کے سامنے کھڑے ہوئے اس شخص کے چہرے پر نظریں جما دیں جو چہرے سے کوئی یونانی لگ رہا تھا۔ اس نے دونوں ہاتھوں میں تازہ پھولوں کا ایک بڑا سا گلدستہ اٹھا رکھا تھا۔ چارلس کو دیکھ کر اس کے چہرے پر عجیب سی بدحواسی چھائی تھی اور وہ چارلس کے کندھے کے اوپر سے کمرے میں جھانکنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن چارلس نے دروازہ چند انچ سے زیادہ نہیں کھولا تھا۔

"یس پلیز! کس سے ملنا ہے؟" چارلس نے پُرسکون لہجے میں کہتے ہوئے سوالیہ نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔

"مس لوڈینا۔" اجنبی کے حلق سے پھنسی پھنسی آواز نکلی۔ "شاید اس نے اپنا پروگرام بدل دیا ہے۔"

"تمہاری مس لوڈینا نے یقیناً اپنا پروگرام نہیں بدلا ہو گا بلکہ تم غلط دروازے پر آ گئے ہو۔"

اجنبی نے چونک کر دروازے کے اوپر پیتل کے چمکتے ہوئے نمبر کی طرف دیکھا اور پھر "سوری..... تھینک یو۔" کہتا ہوا تیزی سے دوسرے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

چارلس نے دروازہ بند کر کے آندرے کی طرف دیکھا جو دیوار سے چپکا، پیشانی سے پسینہ پونچھ رہا تھا۔ پھر اس کی نظریں پلنگ کی طرف اٹھ گئیں جہاں فل اور ایتھل دنیا و مافیہا سے بے خبر پڑے تھے۔ چارلس کی آنکھوں کی الجھن کچھ اور بھی بڑھ گئی۔

آندرے نے فل کا بٹوہ اپنی جیب میں رکھا اور آگے بڑھ کر ایتھل کے ہینڈ بیگ کی تلاشی لینے لگا۔ وہ پاسپورٹ نکال ہی رہا تھا کہ چارلس نے آگے بڑھ کر اس کے ہاتھ سے ہینڈ بیگ لے کر اسی جگہ رکھ دیا جہاں سے اٹھایا تھا پھر آندرے کی جیب سے فل کا بٹوہ نکال کر اسے دوبارہ فل کی جیب میں رکھا اور کچھ کہے بغیر آندرے کو اشارہ کرتا ہوا دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ آندرے حیرت سے اس کی طرف دیکھتا رہ گیا۔

"یہ دونوں بہت عظیم ہیں۔" چارلس نے راہداری میں چلتے ہوئے کہا۔ "میرے دل میں ان کے لیے بہت احترام ہے اور میں انہیں کوئی نقصان پہنچانے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔"

دوسرے دن صبح سویرے چارلس نے فون پر دونوں میاں بیوی کی خیریت دریافت کی اور بتایا کہ وہ اپنے شوفر کو گاڑی اور مووی کیمرے دے کر بھیج رہا ہے تاکہ وہ دونوں استنبول میں اپنا آخری دن پوری طرح سیر و تفریح میں گزار سکیں۔

اسی رات استنبول ائیرپورٹ پر چارلس اور آندرے سے رخصت ہوتے ہوئے فل اور ایتھل کے دل ان کی محبت سے معمور تھے۔ ایتھل سوچ رہی تھی کہ اپنے وطن پہنچتے ہی وہ اپنے دوستوں سے بڑے فخریہ انداز میں ان دونوں کا تذکرہ کرے گی جو استنبول جیسے خطرناک شہر میں قدم قدم پر ان کے کام آئے تھے۔ لیکن وہ اس حقیقت سے بے خبر تھی کہ وہ خود تباہی کے دہانے سے لوٹ کر آئے تھے۔ انہیں ان کی محبت نے بچا لیا تھا۔ وہ جس طرح ایک دوسرے کے لیے چاہت کا اظہار کرتے رہے تھے اس نے چارلس جیسے لٹیرے کو بھی متاثر کر دیا تھا اور میاں بیوی کی یہی محبت ان کی زندگیوں کی ضامن بن گئی تھی۔

۱۰ نومبر کا دن ترکی کی تاریخ میں اس لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل ہے کہ اس روز جدید ترکی کا بانی کمال اتاترک پوری ترک قوم کو روتا ہوا چھوڑ کر اس دنیا سے رخصت ہو گیا تھا۔ کمال اتاترک کی برسی پورے ملک میں عقیدت و احترام سے منائی جاتی ہے۔ اس روز نہ صرف ترکی کا قومی پرچم سرنگوں رہتا ہے بلکہ تمام سینما ہال، شراب خانے اور تفریحی مقامات بند کر دیے جاتے ہیں۔ صبح سے شام تک مساجد میں تل دھرنے کو جگہ نہیں رہتی۔ لوگ گھروں میں بھی اس قسم کی تقریبات کا اہتمام کرتے ہیں جس میں ترکی کے بابائے قوم کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔

۱۰ نومبر ۱۹۷۳ء کو پیرس سے آنے والا ایک متوسط جوڑا استنبول ہلٹن میں داخل ہوا تو انہیں یہ جان کر سخت مایوسی ہوئی کہ کم از کم آج کے دن وہ استنبول میں کسی قسم کی تفریح سے لطف اندوز نہیں ہو سکیں گے۔ حالانکہ یہ بات انہیں پیرس سے روانگی سے پہلے ہی معلوم ہونا چاہیے تھی کہ آج کے دن ترکی میں کمال اتاترک کا سوگ منایا جاتا ہے، کیونکہ کچھ عرصہ قبل وہ دونوں استنبول میں رہ چکے تھے۔

اینٹن اور اس کی بیوی کرسٹا کا تعلق امریکہ سے تھا۔ عرصہ پہلے وہ الگ الگ سیاحوں کی حیثیت سے استنبول آئے تھے۔ ان کی پہلی ملاقات یہیں پر ہوئی تھی۔ چند ملاقاتوں ہی میں انہوں نے ایک دوسرے کو پسند کر لیا اور جلد ہی رشتۂ ازدواج میں بندھ گئے۔ ایشیا

کوشش کر رہا ہے، شاید یہ ملاقات آج ہی رات ہو جائے۔

رات دس بجے اینٹن اور کرسٹا ڈنر کے لیے کمرے سے باہر نکلنے ہی والے تھے کہ فون کی گھنٹی نے ان کے قدم روک لیے۔ اینٹن نے لپک کر ریسیور اٹھا لیا۔ دوسری طرف اوکاڈا تھا۔

"یہ تمہاری خوش قسمتی ہے مسٹر اینٹن کہ مسٹر سیتو اپنی مصروفیات کے باوجود تمہیں چند منٹ دینے پر آمادہ ہو گئے ہیں۔ بہتر ہے کہ تم اپنی دیگر تمام مصروفیات منسوخ کر کے کیسینو پہنچ جاؤ۔"

اینٹن کا دل یکبارگی دھڑک اٹھا۔ اس نے اپنا بہترین لباس زیب تن کیا اور کرسٹا سے معذرت چاہتا ہوا کمرے سے نکل گیا۔ اس کے جانے کے بعد کرسٹا کو کمرے ہی میں کھانا منگوانا پڑا تھا۔

کیسینو میں داخل ہوتے ہی اینٹن نے اوکاڈا کو دیکھ لیا جو اپنی گھڑی کی طرف دیکھتے ہوئے بار بار دروازے کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اضطراب اس کے چہرے سے نمایاں تھا لیکن اسے تنہا دیکھ کر اینٹن کو کسی حد تک مایوسی ہوئی تھی۔ قریب پہنچنے پر اوکاڈا نے اس سے ہاتھ ملاتے ہوئے ایک ٹھنڈا سانس بھرا اور ایک بار پھر گھڑی دیکھتے ہوئے معذرت آمیز لہجے میں بولا۔

"مجھے افسوس ہے کہ مسٹر سیتو ابھی تک نہیں آئے۔ وہ شاید اپنے ملاقاتیوں کو انتظار کرانا کچھ زیادہ ہی پسند کرتے ہیں۔"

"کوئی بات نہیں، چند منٹ انتظار کر لینے میں کوئی ہرج نہیں ہے۔" اینٹن نے خوش اخلاقی کا مظاہرہ کیا۔ اس کے خیال میں یہ دنیا بھر کے دولتمندوں کا وطیرہ تھا کہ اپنے ملاقاتیوں کو بعض اوقات گھنٹوں انتظار کی اذیت میں مبتلا رکھتے تھے۔

آدھا گھنٹہ گزر گیا۔ اوکاڈا کے ساتھ اب اینٹن بھی بے چینی سے بار بار کرسی پر پہلو بدل رہا تھا۔ اوکاڈا ہر چند منٹ بعد ندامت کا اظہار کر رہا تھا کہ مسٹر سیتو نے ایک شریف آدمی کو بلاوجہ انتظار کے کرب میں مبتلا کر رکھا ہے۔ پھر وہ اٹھ کر کاؤنٹر پر چلا گیا اور فون پر نمبر ملا کر کچھ دیر باتیں کرنے کے بعد واپس آ گیا۔

"فضا میں خنکی کی وجہ سے مسٹر سیتو طبیعت میں کچھ بوجھل پن سا محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے انتظار کی اس زحمت پر معذرت کرتے ہوئے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ اگر آپ پسند کریں تو وہ اپنے کمرے ہی میں آپ کو خوش آمدید کہیں گے۔" اوکاڈا نے بتایا۔

"میرا خیال ہے یہ مناسب بھی رہے گا۔ کیسینو کے اس شور و غل میں ڈھنگ کی کوئی بات نہیں ہو سکتی۔" اینٹن نے کہتے ہوئے کرسی چھوڑ دی۔

کمرہ نمبر چار سو دس خالی تھا البتہ اس قسم کے آثار نظر آ رہے تھے کہ کچھ دیر پہلے یہاں کوئی موجود تھا۔ اس کمرے کو دیکھ کر یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا تھا کہ کوئی کروڑپتی جاپانی یہاں رہائش اختیار کر سکتا ہے۔ اینٹن کی آنکھوں میں الجھن دیکھ کر اوکاڈا فوراً ہی صورتحال کی وضاحت کرنے لگا۔

"یہ کمرہ مسٹر سیتو نے دراصل اپنے کاروباری ملاقاتیوں کے لیے لے رکھا ہے کیونکہ وہ اپنے رہائشی کمرے میں کسی قسم کی کاروباری گفتگو کو پسند نہیں کرتے۔ آپ سمجھتے ہیں نا، کچھ لوگ اپنے لیے چند اصول بنا لیتے ہیں اور بڑی سختی سے ان پر کاربند رہتے ہیں۔" اوکاڈا نے کہتے ہوئے فون کا ریسیور اٹھا کر ہوٹل کی روم سروس کو کافی کا آرڈر دیا اور پیرس کے بارے میں گفتگو چھیڑ دی۔

کافی آ گئی۔ اینٹن نے چند گھونٹ بھرنے کے بعد کپ میز پر رکھ دیا اور کھڑکی کے سامنے کھڑے ہو کر شہر کی جگمگاتی ہوئی روشنیوں کا نظارہ کرنے لگا۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے چارلس نے ویلیم کی اچھی خاصی مقدار اس کی کافی میں ملا دی۔ اینٹن نے کافی میں شکر زیادہ ملائی تھی اس لیے چارلس کو یقین تھا کہ وہ خواب آور گولیوں کی وجہ سے کافی کا بدلا ہوا ذائقہ محسوس نہیں کر سکے گا۔ چند منٹ کھڑکی کے سامنے کھڑے رہنے کے بعد اینٹن واپس آ گیا اور کسی قسم کا ردِعمل ظاہر کیے بغیر کافی کی چسکیاں لینے لگا۔ اس نے واقعی گولیوں کا ذائقہ محسوس نہیں کیا تھا۔

"بہت دیر ہو چکی۔ میرا خیال ہے اب چلنا چاہیے۔" اینٹن بالآخر اکتا کر جانے کے لیے اٹھ گیا۔

"یہ واقعی مسٹر سیتو کی زیادتی ہے۔" چارلس گھڑی دیکھتے ہوئے بولا۔ "اتنا وقت ضائع کیا ہے تو میرے خیال میں چند منٹ اور انتظار کر لیتے ہیں۔"

اینٹن گہرا سانس لیتا ہوا دوبارہ کرسی پر بیٹھ گیا اور بار بار دروازے کی طرف دیکھنے لگا۔ اوکاڈا کی نظریں اینٹن کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں لیکن ابھی تک کسی ردِعمل کا اظہار نہیں ہوا تھا۔ وہ بار بار کرسی پر پہلو بدل رہا تھا، کبھی انگلیوں سے کرسی کے ہتھے پر طبلہ بجانے لگتا۔ وہ پوری طرح چاق و چوبند نظر آ رہا تھا جس پر اوکاڈا کو شدید حیرت کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ وہ اس کی کافی میں جتنی گولیاں ملا چکا تھا، وہ اینٹن جیسے چار آدمیوں کو اس سے بھی نصف وقت میں گہری نیند سلا دینے کے لیے کافی تھیں لیکن اینٹن پر ان گولیوں نے ابھی تک کوئی اثر نہیں کیا تھا۔

"بس بہت ہو چکی۔" اینٹن کہتا ہوا ایک جھٹکے سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اس جاپانی صنعتکار نے اسے واقعی بور کیا تھا اور اپنی شام کی بربادی پر اسے افسوس ہو رہا تھا۔ "میں کیسینو میں ہوں۔ اگر اس دوران مسٹر سیتو آ جائے اور ملاقات پسند کرے تو مجھے کیسینو میں اطلاع کر دینا۔"

"یہ تو واقعی بہت زیادتی ہے، مسٹر سیتو کو ایسی غیر ذمے داری کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے تھا۔" چارلس نے کہا اور پھر خود ہی سیتو کی وکالت کرتے ہوئے بولا۔ "عین ممکن ہے کہ وہ جاپان سے کسی کال کا انتظار کر رہا ہو یا حساب لگا رہا ہو کہ آپ سے گفتگو میں کسی نتیجہ پر پہنچتے ہوئے اسے کتنی سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔ کیا یہ مناسب نہ ہو گا کہ چند منٹ اور ان کی راہ دیکھ لی جائے؟" لیکن اس مرتبہ اوکاڈا کا یہ حربہ کارگر ثابت نہیں ہوا کیونکہ اینٹن اس دوران دروازے کے ہینڈل پر ہاتھ رکھ چکا تھا۔ "ایک منٹ پلیز!" اوکاڈا نے اسے رکنے کا اشارہ کیا۔ "میں بھی آپ کے ساتھ نیچے چل رہا ہوں۔ بس ذرا باتھ روم ہو آؤں، چند سیکنڈ سے زیادہ نہیں لگیں گے۔ پھر ہم اکٹھے ہی چلیں گے۔"

اینٹن رک گیا۔ اوکاڈا باتھ روم میں گھس گیا لیکن اس کے فوراً بعد دو آدمی ہاتھوں میں تکیے اٹھائے باتھ روم سے برآمد ہوئے۔ وہ آندرے اور وان ڈیم تھے۔ انہیں دیکھ کر اینٹن کی آنکھیں پھیل گئیں۔ لیکن اس سے پہلے کہ وہ صورتِ حال کو سمجھ سکتا یا مدد کے لیے چیخ سکتا، وہ دونوں چیل کی طرح اس پر جھپٹے۔ آناً فاناً اینٹن کو فرش پر گرا کر اس کے منہ پر ٹیپ چپکا دیا گیا۔ اسی لمحہ چارلس بھی باتھ روم سے باہر آ گیا۔ اس نے مسٹر سیتو اور اوکاڈا والا ڈراما جاری رکھنا ضروری نہیں سمجھا تھا۔ اینٹن پر خواب آور گولیوں کا اثر نہ ہونے کی وجہ سے اس کے چہرے کے تاثرات بگڑے ہوئے تھے۔ اس نے جیب سے ایک لمبی سی سرنج نکالی اور سوئی اینٹن کے بازو میں پیوست کر کے سرنج میں بھرا ہوا تمام سیال اس کے جسم میں منتقل کر دیا۔ اس مرتبہ اینٹن کی آنکھیں بند ہونے میں چند سیکنڈ سے زیادہ نہیں لگے تھے۔

چارلس نے اس کی قیمتی گھڑی اتارنے کے علاوہ جیب سے ساری نقدی بھی نکال لی تھی۔ اسے غصّہ آ رہا تھا کہ اس وقت اینٹن کی انگلی میں ہیرے کی وہ انگوٹھی نہیں تھی جو اس نے پہلے روز دیکھی تھی۔ وہ انگوٹھی اس نے یا تو اپنے کمرے میں چھوڑ دی تھی یا اسے ہوٹل کے لاکر میں رکھوا دیا تھا۔ اس نے اینٹن کی جیب سے برآمد ہونے والی رقم گنی جو اس کی توقع سے بہت کم نکلی۔ اس پر اس کا پارہ کچھ اور بھی چڑھ گیا لیکن اسی لمحہ اس کے ذہن میں ایک اور خیال ابھرا اور وہ آندرے اور وان ڈیم کو اینٹن کی نگرانی کی ہدایت کرتا ہوا کمرے سے نکل کر تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا لابی کی طرف چل دیا۔ ایک فون بوتھ میں گھس کر اس نے اینٹن کے کمرے کا نمبر ملایا اور جیسے ہی کرسٹا نے کال ریسیو کی وہ لہجے کو خوشگوار بناتے ہوئے بولا۔

"میں اوکاڈا بول رہا ہوں میڈم! آپ کے شوہر مسٹر اینٹن اور مسٹر سیتو کے مابین ایک بہت بڑا کاروباری معاملہ طے پا چکا ہے۔ مسٹر سیتو آپ کے شوہر کے بزنس کو ترقی دینے کے لیے کم از کم پچاس لاکھ ڈالر کا سرمایہ فراہم کرنے پر آمادہ ہو گئے ہیں۔ اس وقت سب لوگ لابی میں موجود ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ خوشی کے اس موقع پر آپ کی موجودگی ضروری ہے تاکہ آپ اپنے ہاتھوں سے اپنے شوہر اور مسٹر سیتو کو خوشی کا جام پیش کر سکیں۔ کیا آپ لابی تک آنے کی زحمت گوارہ کر سکتی ہیں میڈم؟"

"اوہ کیوں نہیں۔" کرسٹا کے لہجے میں ہلکی سی کپکپاہٹ تھی۔ "میں چند منٹ میں پہنچ رہی ہوں۔"

کرسٹا لابی میں داخل ہوئی تو اوکاڈا نے مسکراتے ہوئے اس کا استقبال کیا اور جاپانیوں کے مخصوص انداز میں خم ہو کر تعظیم دیتے ہوئے بولا۔

"انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ صبح کا انتظار کرنے کے بجائے اسی وقت معاہدے کی دستاویز تیار کر کے دستخط کر دیے جائیں۔ وہ دونوں اس وقت مسٹر سیتو کے کمرے میں ہیں، جہاں میری اور آپ کی موجودگی بھی ضروری ہے تاکہ ہم گواہوں کی حیثیت سے دستخط کر سکیں۔ معاہدے کی تکمیل میں چند منٹ سے زیادہ نہیں لگیں گے، اس کے بعد خوشی کا جشن منایا جائے گا۔" اوکاڈا نے کہتے ہوئے لفٹ کی طرف اشارہ کیا۔

اوکاڈا کی دستک کے جواب میں جیسے ہی کمرہ نمبر چار سو دس کا دروازہ کھلا، کرسٹا کی نظریں کمرے کے فرش پر پڑے ہوئے اپنے شوہر پر جم گئیں۔ اس کی آنکھوں اور منہ پر ٹیپ چپکا ہوا تھا۔ اس سے پہلے کہ وہ کچھ سمجھ سکتی، چارلس نے اسے پوری قوت سے کمرے میں دھکیل دیا۔ دوسرے ہی لمحہ وہ بھی اپنے شوہر کے برابر فرش پر پڑی تھی اور اس کے منہ پر بھی ٹیپ چپکا ہوا تھا۔ چارلس نے اسے بازو سے پکڑ کر ایک جھٹکے سے اٹھا دیا۔ کرسٹا دہشت زدہ نظروں سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کی دونوں ہتھیلیاں بھی زمین پر ٹکی ہوئی تھیں۔ چارلس نے بڑی بے رحمی سے سرنج کی سوئی اس کے بازو میں پیوست کر دی۔ اس کے چہرے پر بے پناہ درندگی تھی۔ سوئی کھینچنے کے ساتھ ہی کرسٹا اپنے شوہر کے پہلو میں فرش پر لڑھک گئی۔

چارلس نے اس کے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے انگوٹھیاں نکال کر اپنی جیب میں ڈال لیں اور کرسٹا کا ہینڈ بیگ آندرے کی طرف اچھالتا ہوا ایک بار پھر کمرے سے باہر نکل گیا۔ اس کی واپسی تقریباً آدھے گھنٹے بعد ہوئی تھی۔ کرسٹا اور اینٹن کے پاسپورٹ، ان کی تمام تر نقدی، ٹریولرز چیک اور میز کی دراز میں رکھی ہوئی ایک اور قیمتی گھڑی بھی اس کی جیب میں پہنچ چکی تھی۔

پو پھٹنے سے پہلے چارلس، آندرے اور ان کے دونوں ساتھی کمرہ نمبر چار سو دس سے نکل گئے۔ اینٹن اور کرسٹا کمرے کے فرش پر خواب آور گولیوں کے زیرِ اثر گہری نیند میں تھے۔ چارلس نے دروازے پر "ڈونٹ ڈسٹرب" کا کارڈ آویزاں کر دیا تھا۔ اسے یقین تھا کہ صبح دس گیارہ بجے سے پہلے انہیں ہوش نہیں آئے گا اور وہ اس وقت تک استنبول چھوڑ چکے ہوں گے۔ چارلس کو اس پروجیکٹ میں پچاس ساٹھ ہزار ڈالر کی توقع تھی لیکن ہاتھ آنے والی رقم

کہ مشرق میں رہنے والوں کے چہرے ایک ہی جیسے ہوتے ہیں۔ جیل میں قدم رکھتے ہی ہم اپنی شناخت تبدیل کرلیں گے۔ میرا مطلب سمجھ رہے ہو نا؟"

آندرے نے اثبات میں سر ہلادیا لیکن چارلس کی یہ منطق اب تک اس کی سمجھ میں نہیں آسکی تھی کہ جیل میں داخل ہوتے ہی وہ اپنے آپ کو آندرے اور آندرے کو چارلس سوبھراج کیوں بنانا چاہتا تھا۔ آندرے سوچ رہا تھا کہ شاید وہ اپنے اس بڑے بھائی پر ضرورت سے زیادہ ہی اعتماد کرنے لگا تھا۔ چند ماہ پہلے وہ پیرس میں بڑے اطمینان وسکون کی زندگی بسر کررہا تھا۔ اس کے پاس ایک معقول ملازمت تھی، رہائش کے لیے مختصر سا فلیٹ تھا۔ اس کی دوستی کے حلقے میں منتخب لڑکیاں شامل تھیں۔ اس کی ہر شام خوشگوار ہوتی اور رات کو وہ سکون کی نیند سوتا تھا لیکن آج وہ ایک اجنبی ملک میں پولیس وین میں بیٹھا جیل کی طرف جارہا تھا اور کچھ نہیں کہا جاسکتا تھا کہ اسے زندگی کے کتنے سال اس جیل میں بسر کرنا تھے۔ یہاں سزا پوری ہونے کے بعد اسے ترک پولیس کے حوالے کردیا جاتا جو اسے گرفت میں لینے کے لیے سرحد پر تیار کھڑی تھی۔ یہ سب کچھ سوچتے ہوئے اس نے نفی میں سر ہلادیا۔ وہ کسی ایسے شخص کا روپ دھارنے کو تیار نہیں تھا جو بیسیوں وارداتوں میں کم از کم چھ ممالک کی پولیس کو مطلوب تھا۔

"میری بات کو سمجھنے کی کوشش کرو۔" چارلس نے اس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے کہا۔ اس کی آنکھوں میں عجیب سی چمک تھی۔ اس نے یہ منصوبہ بہت سوچ سمجھ کر بنایا تھا۔ "جیل کے حکام چند روز ہی میں یہ دریافت کرلیں گے کہ یونان میں آندرے ڈارپو کے خلاف کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں ہے۔ ایسی صورت میں آندرے کے خلاف پولیس کا کیس کمزور ہوجائے گا اور اسے معمولی سی ڈانٹ ڈپٹ اور تنبیہ کے بعد یونان سے نکل جانے کا حکم دیتے ہوئے چھوڑ دیا جائے گا۔"

بات اب آندرے کی سمجھ میں آگئی تھی۔ اگر چارلس جیل کے حکام کے سامنے اپنے آپ کو آندرے کی حیثیت سے پیش کرتا ہے تو ظاہر ہے آزادی بھی اسی کو ملے گی۔

"پھر میرا کیا ہوگا؟ کیا میں سزا بھگتنے کے لیے جیل میں پڑا رہوں گا؟" اس نے چارلس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے کہا۔

"میں نے بہت سوچ سمجھ کر یہ منصوبہ بنایا ہے۔" چارلس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آگئی۔ "جیل سے رہا ہونے کے بعد کسی دوسرے ملک میں پہنچتے ہی میں جیل کے پتے پر تمہیں خفیہ الفاظ میں ٹیلیگرام دے دوں گا۔ اس کے فوراً ہی بعد تم جیل کے ذمہ دار افسران سے رابطہ قائم کرکے یہ انکشاف کردو گے کہ آندرے ڈارپو تو تم ہو۔ جیل والوں نے غلط آدمی کو آندرے سمجھ کر رہا کردیا ہے۔"

آندرے فوری طور پر جواب دینے کے بجائے خاموشی سے سوچتا رہا۔ چند منٹ بعد وہ جیل پہنچنے والے تھے اور اس وقت کسی لمبی چوڑی بحث کی گنجائش نہیں تھی لیکن وہ ایک خدشے کا اظہار کیے بغیر نہ رہ سکا۔

"شاید تم نے اس پہلو پر غور نہیں کیا کہ اس انکشاف کے بعد جیل والوں کا سارا غصّہ مجھ پر ہی اترے گا۔"

"بالکل نہیں۔" چارلس نے نفی میں سر ہلایا۔ "تمہاری طرف سے یہ دھمکی کہ تم فرانسیسی سفارتخانے کو ان کی لاقانونیت سے آگاہ کردو گے، ان کا غصّہ ٹھنڈا کرنے کے لیے کافی ہوگی۔ یونان کی نئی حکومت فرانس سے کسی کشیدگی کا خطرہ مول نہیں لے سکتی اور وہ بھی اس فرانسیسی شہری کے لیے جو خود ان کی غلطی کا خمیازہ بھگت رہا ہو۔"

ان کی یہ گفتگو جاری نہ رہ سکی کیونکہ وین جیل کے قریب پہنچ چکی تھی۔ قلب ایتھنز سے صرف بیس منٹ کے فاصلے پر پائریوسی کی بندرگاہ کے قریب ایک پہاڑی پر واقع کوری ڈالوسی کی جیل کی دیواریں دھوپ میں چمک رہی تھیں۔ جیل کے چاروں طرف چھوٹی چھوٹی فیکٹریاں پھیلی ہوئی تھیں اور بادی النظر میں دور سے اس جیل پر بھی کسی فیکٹری ہی کا گمان ہوتا تھا۔

وین سے اترتے ہی چار مسلح محافظوں نے انہیں نرغے میں لے لیا اور ایک خوبصورت وسیع وعریض لان سے گزرتے ہوئے جیل کے اس حصے میں پہنچادیا گیا جو سیکشن فور کہلاتا تھا۔ یہ سیکشن ان قیدیوں کے لیے مخصوص تھا جو اپنے مقدمات عدالت میں پیش ہونے کے منتظر تھے۔ اس سیکشن کا فرش سبز رنگ کی چکنی ٹائلوں کا بنا ہوا تھا۔ ٹائلوں ہی کی بنی ہوئی دیواریں بھی وقتاً فوقتاً دھوئی جاتی تھیں تاکہ ان پر میل کے دھبے نہ رہیں۔ قیدیوں کی تفریح کے لیے ایک ہال بھی تھا جس میں ریڈیو اور ٹیلی وژن کے علاوہ تفریح کی دوسری سہولتیں بھی مہیا تھیں۔

اس روز جب جیل کا ایک افسر قیدیوں کی حاضری لینے کے لیے آیا تو وہ ہال کے دروازے ہی میں رک کر اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے کلپ بورڈ پر دیکھ کر قیدیوں کے نام پکارنے لگا۔ "چارلس سوبھراج!"

آفیسر کی آواز سن کر آندرے نے کن انکھیوں سے چارلس کی طرف دیکھا اور پھر ایک لمحہ کی ہچکچاہٹ کے بعد دو قدم آگے بڑھ کر حاضری دے دی۔ اس کے بعد جیسے ہی آندرے ڈارپو کا نام پکارا گیا چارلس نے بلاجھجک قدم آگے بڑھا کر "یس سر" کا نعرہ لگادیا۔ یہ آندرے کی زندگی کا وہ لمحہ تھا جس نے اس کی شناخت بدل دی تھی۔

چند ہفتے گزر گئے۔ وقت ایک ہی ڈگر پر چل رہا تھا۔ خوش قسمتی سے چارلس اور آندرے کو دوسری منزل پر ایک ہی کوٹھری میں رکھا گیا تھا۔ جیل کا یہ حصّہ صرف غیر ملکی قیدیوں کے لیے مخصوص تھا۔ اس جیل میں قیدیوں کو صبح سوا سات بجے سے پہلے جاگنے پر مجبور نہیں کیا جاتا تھا۔

"میں ایسی جیل میں بھی رہ چکا ہوں جہاں قیدیوں کو صبح پانچ بجے بستر سے اٹھا کر میدان میں کھڑا کردیا جاتا تھا۔" چارلس نے آندرے کو بتایا۔

اس جیل میں قیدیوں کو دی جانے والی خوراک بھی قابلِ تعریف تھی۔ صبح ناشتے میں انڈہ، ڈبل روٹی اور چائے جبکہ دوپہر اور رات کے کھانے میں مچھلی، گوشت، سبزیاں اور پھل وغیرہ شامل تھے۔ وہاں قیدیوں سے کسی قسم کا کام بھی نہیں لیا جاتا تھا۔ انہیں لکھنے پڑھنے اور ہال میں تفریحی سرگرمیوں کی پوری اجازت تھی۔ ان دونوں نے اپنے آپ کو ویتنامی ظاہر کیا تھا۔ یوں تو قیدیوں کو ایک دوسرے سے ملنے پر کوئی پابندی نہیں تھی لیکن چارلس صرف انہی قیدیوں سے ملتا جو کسی وقت اس کے کام آسکتے تھے۔ اس نے آندرے کو بھی یہی مشورہ دیا تھا۔

"جیل میں پہلا اصول یہ ہے کہ کسی دوست کے انتخاب میں احتیاط سے کام لینا چاہیے کیونکہ کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ کون سا قیدی جیل کے افسروں کا ایجنٹ ہوسکتا ہے۔"

کوئی اور قیدی چونکہ ویتنامی زبان نہیں سمجھ سکتا تھا، اس لیے دوسرے لوگ بھی ان دونوں سے دور دور ہی رہنے لگے تھے۔ مستزاد یہ کہ وہ دونوں دن بھر کراٹے کی مشق کرتے رہتے۔ ان کے منہ سے ایسی بھیانک آوازیں نکلتیں کہ دوسرے قیدی کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیتے۔ ایک ہفتہ اسی طرح گزر گیا اور پھر اس روز وہ دونوں جیسے ہی کراٹے کی مشق کے لیے تیار ہوئے، ایک بھاری بھرکم یونانی قیدی چارلس کے راستے میں آگیا۔ اس کا وزن تین سو پونڈ سے کم تو کسی طرح نہیں ہوگا۔ وہ ریچھ کی طرح بانہیں پھیلا کر چارلس کی طرف بڑھا تھا۔ چارلس اس کے تیور دیکھتے ہوئے سنبھل گیا۔ اور پھر اس نے اچانک ہی اس بھینسے نما یونانی پر حملہ کردیا۔ پہلے ایک چوپ اور پھر فلائنگ کک! یونانی وہیں ڈھیر ہوگیا۔ اس کے بعد کسی اور قیدی کو ان دونوں بھائیوں میں سے کسی کے راستے میں آنے کی جرأت نہیں ہوئی تھی۔

فارغ اوقات میں چارلس یونانی قانون کے مطالعہ میں مصروف رہتا۔ وہ ہر دوسرے تیسرے دن عدالت کو ایک تفصیلی خط بھی لکھتا جس میں اپنے آپ کو آندرے ظاہر کرتے ہوئے رہائی کی استدعا کی جاتی۔ اس کی تحریر انتہائی متاثر کن تھی۔ وہ اپنی ان درخواستوں میں سقراط اور افلاطون کے بعض اقوال کے حوالے بھی دیتا۔ اس نے اعتراف کرلیا تھا کہ وہ انجانے طور پر بعض شیطانی قوتوں کے زیرِ اثر آگیا تھا لیکن اگر اسے رہا کردیا جائے تو وہ فوری پر اس ملک سے نکل جائے گا اور آئندہ کبھی ادھر کا رخ نہیں کرے گا۔ عدالت کو یہ خط بھیجتے ہوئے چارلس آندرے کو تسلی دیتا کہ عدالت کو خط ملنے کے پندرہ دن کے اندر اندر وہ دونوں اس جیل سے رہا ہوجائیں گے۔

دو ماہ گزر گئے۔ چارلس کو عدالت کی طرف سے اپنے خط کا بھی جواب نہیں ملا۔ دن گزرنے کے ساتھ ساتھ آندرے کی مایوسی بڑھتی رہی جبکہ چارلس کے ذہن میں منفی جذبات پرورش پاتے رہے۔ آندرے نے ایک مرتبہ یہ تجویز بھی پیش کی تھی کہ انہیں اپنی اصلیت ظاہر کردینا چاہیے لیکن چارلس نے اس تجویز کو سختی سے مسترد کردیا تھا کیونکہ وہ اسی پوزیشن سے فائدہ اٹھانا چاہتا تھا۔

"میرے ذہن میں ایک اور تجویز ہے۔" چارلس نے اس کی طرف جھکتے ہوئے معنی خیز لہجے میں کہا۔ "میرا خیال ہے ہم یہاں سے فرار ہوسکتے ہیں۔"

آندرے حیرت سے اس کا منہ تکنے لگا۔ چارلس مزید کوئی بات کہے بغیر اپنی کوٹھری سے نکل کر ریکریشن ہال میں آگیا اور دن بھر مختلف قیدیوں اور جیل کے محافظوں سے گپیں لڑاتا رہا۔ اس رات کوٹھری میں واپس آتے ہی چارلس نے قمیص کے بٹن کھول کر قمیص کے اندر چھپا ہوا جیل کا ایک نقشہ نکالا تو آندرے کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔

"یہ...... یہ نقشہ تم نے کہاں سے لیا؟" آندرے ہکلایا۔

"ارادہ پختہ ہو تو کسی چیز کا حصول ناممکن نہیں رہتا۔" چارلس نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

اس رات وہ دونوں موم بتی کی روشنی میں نقشے کا تفصیلی جائزہ لیتے رہے۔ چارلس نے بہت جلد سیکشن فور کے نیچے ایک ایسا زیرِ زمین نالہ دریافت کرلیا جو اس سیکشن کی ایک سو بیس کوٹھریوں کی غلاظت اور گندے پانی کی نکاسی کے لیے بنایا گیا تھا۔ یہ زیرِ زمین نالہ جیل کی دیوار کے باہر مین گٹر لائن میں جاملتا تھا۔ جس کا پانی پائریوسی کی بندرگاہ کے قریب سمندر میں جاگرتا تھا۔

"جیلوں میں گندے پانی کی نکاسی کے لیے عام طور پر چھوٹے پائپ استعمال کیے جاتے ہیں۔" چارلس، آندرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔ "لیکن اس جیل میں گٹر لائن کے لیے جو پائپ استعمال کیے گئے ہیں وہ اتنے کشادہ ہیں کہ ہم جیسے آدمی نہایت آسانی سے اس میں داخل ہوکر دوسری طرف نکل سکتے ہیں۔ اگر ہم اس زیرِ زمین نالے تک کھدائی میں کامیاب ہوجائیں تو فرار کا راستہ نکل سکتا ہے۔"

وہ کھدائی کے بارے میں غور کرتے رہے لیکن اس وقت سب سے اہم مسئلہ یہ تھا کہ ان کی کوٹھری دوسری منزل پر تھی۔ فرار کے اس منصوبے پر عمل کرنے کے لیے ضروری تھا کہ وہ نچلی منزل کی کسی کوٹھری میں منتقل ہوجاتے مگر اپنی مرضی سے کوٹھری تبدیل کرنا ممکن نہیں تھا۔ چارلس نے اس کا حل بھی تلاش کرلیا۔ دوسرے دن انہوں نے

آپس میں دھینگا مشتی شروع کردی۔ دوسری کوٹھریوں میں رہنے والے قیدی ایک دو روز تک تو ان کی یہ دن رات کی ہنگامہ آرائی برداشت کرتے رہے لیکن پھر ان کے خلاف شکایات کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ تین روز بعد جیل کے دو محافظ انہیں گھسیٹتے ہوئے کمرے سے باہر لے گئے اور بتایا کہ اب انہیں نچلی منزل کی ایک کوٹھری میں رکھا جائے گا جہاں ان کی بہتر نگرانی ہو سکے گی۔ اگر وہاں بھی وہ لوگ اس ہنگامہ آرائی سے باز نہ آئے تو ان دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کر کے قیدِ تنہائی میں ڈال دیا جائے گا۔ چارلس نے محافظوں کی زیادتی پر احتجاج کیا لیکن کوٹھری سے نکلتے ہوئے اس نے آندرے کو آنکھ ماردی۔

انہیں نچلی منزل کی کوٹھری میں منتقل کرنے کے بعد ایک محافظ ہر وقت کوٹھری کے سامنے ٹہلتا رہتا تاکہ وہ کسی قسم کی ہنگامہ آرائی نہ کر سکیں لیکن یہاں آتے ہی ان کی تیزی طراری رخصت ہو گئی۔ وہ دن بھر اپنی کوٹھری میں کتابیں پڑھتے رہتے۔ محافظ ان کی شرافت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور بہت جلد دوسرے قیدیوں کے سامنے ان کی مثالیں پیش کی جانے لگیں۔ چند روز بعد ان کی نگرانی بھی ختم کردی گئی۔

نگرانی ختم ہوتے ہی چارلس نے نقشے کی مدد سے ایک بار پھر کوٹھری کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔ اس کے خیال میں اس کام کے لیے کم از کم دو اور آدمیوں کی ضرورت تھی کیونکہ کوٹھری کے فرش میں تقریباً ایک فٹ کی گہرائی تک کنکریٹ کی تہ بچھی ہوئی تھی اور اس کے اوپر ماربل کی ٹائلوں کا فرش تھا۔

چارلس چاہتا تھا کہ سرنگ کسی اور کوٹھری میں لگائی جائے کیونکہ اس کے خیال میں اس کام میں کم از کم چھ ہفتے لگ سکتے تھے۔ اور اس دوران سرنگ کے دریافت کر لینے کے خطرے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اور چارلس چاہتا تھا کہ اگر بدقسمتی سے سرنگ کا راز فاش ہو بھی جائے تو سرنگ ان کی اپنی کوٹھری میں دریافت نہ ہو۔ اس طرح وہ سنگین الزام سے بچ جائیں گے۔

چارلس نے اسی روز سے جیل کے سیکشن چار میں رہنے والے قیدیوں کا گہری نظروں سے جائزہ لینا شروع کر دیا لیکن یہ جان کر اسے سخت مایوسی ہوئی کہ تقریباً ایک سو قیدیوں میں کوئی فرانسیسی نہیں تھا۔ بالآخر چارلس نے دو امریکی نوجوانوں پر اپنی توجہ مبذول کردی جنہیں حشیش کی معمولی سی مقدار رکھنے کے جرم میں پکڑا گیا تھا۔ پیٹ اور سینسپر کا خیال تھا کہ یونانی پولیس نے ان کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ وہ دونوں دوسرے قیدیوں سے الگ تھلگ رہتے۔ لیکن جب چارلس اور آندرے نے ان سے ہمدردی کا اظہار کیا تو وہ بہت جلد ان سے مانوس ہو گئے۔ پیٹ اور سینسپر کا شمار امریکہ کے ان نوجوانوں میں ہوتا تھا جو ویتنام کی جنگ میں اپنے ملک کی پالیسیوں کی مخالفت کو اپنا فرض سمجھتے تھے۔ اور اتفاق سے جیل میں ان کی ملاقات دو ویتنامیوں یعنی چارلس اور آندرے سے ہو گئی تھی جو امریکہ کی جنگجویانہ حکمتِ عملی سے اپنا وطن چھوڑنے پر مجبور ہو گئے تھے۔ وہ گھنٹوں اس موضوع پر باتیں کرتے رہتے۔ چارلس امریکی پالیسی کی مخالفت پر اکثر ان دونوں کا شکریہ ادا کرتا۔

ان لوگوں کی کوٹھریاں بھی آمنے سامنے تھیں۔ دن کے وقت کوٹھریوں کے دروازے کھلے رہتے اور قیدیوں کو ایک دوسرے کے ہاں آنے جانے کی پوری اجازت تھی بشرطیکہ ان کی آمد و رفت سے کسی قسم کا ہنگامہ نہ ہو۔ ان دونوں امریکی نوجوانوں سے ان کی دوستی بہت گہری ہو گئی تھی لیکن چارلس نے ابھی تک انہیں اپنے فرار کے منصوبے سے آگاہ نہیں کیا تھا۔

"میرا خیال ہے وہ دونوں ہر لحاظ سے قابلِ اعتماد ہیں۔ اب ان سے بات کر لینی چاہیے۔" ایک رات آندرے کو چارلس نے مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

"اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ دونوں قابلِ اعتماد ہیں لیکن میں چاہتا ہوں کہ ان کے دل میں فرار کی خواہش میں اتنی شدت پیدا کر دی جائے کہ جب ہم ان کے سامنے یہ تجویز پیش کریں تو وہ انکار نہ کر سکیں بلکہ بہتر ہوگا کہ فرار کی تجویز انہی کی طرف سے پیش ہو۔"

"یہ کیسے ہو سکتا ہے؟" آندرے نے الجھی ہوئی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔

"ہو جائے گا تم خاموشی سے دیکھتے رہو۔" چارلس نے معنی خیز انداز میں مسکراتے ہوئے کہا۔

"تمہاری باتیں کبھی میری سمجھ میں نہیں آسکتیں۔" آندرے کہتے ہوئے خاموش ہو گیا۔

امریکی نوجوانوں سے اگلی ملاقات کم از کم آندرے کے لیے خاصی سنسنی خیز ثابت ہوئی تھی۔ چارلس نے بڑی خوبصورتی سے گفتگو کا موضوع بدل دیا تھا۔

"تم لوگوں سے کتنی حشیش برآمد ہوئی تھی؟" چارلس نے سوالیہ نگاہوں سے سینسپر کی طرف دیکھا۔

"صرف بارہ گرام۔" سینسپر نے جواب دیا۔ وہ دراز قامت اور صحت مند نوجوان تھا۔ مختصر سی داڑھی اس کے چہرے پر خوب سج رہی تھی۔ اس کا تعلق ٹیکساس سے تھا۔

"اور تمہارے پاس کتنی حشیش تھی؟"

"آدھے اونس سے زیادہ نہیں رہی ہوگی۔" پیٹ کے لہجے میں تلخی تھی۔ اوکلاہاما کا رہنے والا یہ نوجوان فوج میں بھرتی ہونے سے بچنے کے لیے امریکہ سے کینیڈا فرار ہو گیا تھا جہاں سے وہ یورپ چلا گیا۔



یورپ ہی میں اس نے ایک لڑکی سے شادی کر لی لیکن چند ہی روز بعد انکشاف ہوا کہ وہ لڑکی پہلے سے شادی شدہ ہے اور اس کا شوہر بزنس کے سلسلے میں طویل عرصہ سے مالٹا میں مقیم ہے۔

"مجھے تم لوگوں سے پوری ہمدردی ہے۔" چارلس نے تاسف کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ "بارہ گرام حشیش اگرچہ زیادہ بڑی مقدار نہیں لیکن میں ایک ایسے نوجوان کو بھی جانتا ہوں جس سے صرف ایک گرام حشیش برآمد ہوئی تھی اور یونانی قانون نے اسے چھ سال قید بامشقت کی سزا دی تھی۔"

دونوں امریکی نوجوان سکتے میں آگئے۔ گرفتاری کے بعد ایک یونانی وکیل نے بتایا تھا کہ انہیں زیادہ سے زیادہ ایک سال کی سزا ہو سکتی ہے اور ممکن ہے اس میں بھی کوئی تخفیف کر دی جائے۔

"یہ محض طفل تسلی ہے۔" چارلس نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔ "منشیات کے سلسلے میں یہ یونانی بڑے حساس واقع ہوئے ہیں۔ بلکہ انہیں جنونی کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ موجودہ فوجی حکومت تو منشیات کے اسمگلروں کو کسی صورت میں بھی معاف کرنے کو تیار نہیں۔ عدلیہ بھی ان کے دباؤ میں ہے اور نئے فوجی قوانین کے تحت یہاں کئی ایسے لوگوں کو بھی موت کی سزا دی جا چکی ہے جن کے قبضے سے صرف چند گرام حشیش برآمد ہوئی تھی۔" چارلس نے بتایا۔

پیٹ اور سینسپر کے چہرے دھواں ہو گئے۔ انہیں اپنا مستقبل تاریک نظر آنے لگا۔

"سزائے موت!" سینسپر نے غیر یقینی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔ اس کے چہرے پر ہوائیاں اُڑ رہی تھیں۔

"ہاں، اور شاید ہمیں بھی ڈکیتی اور رہزنی کی سزا بھگتنے کے لیے اپنی پوری زندگی اسی جیل میں گزارنا پڑے۔" چارلس نے جواب دیا۔ وہ دونوں امریکیوں کو بتانے لگا کہ کس طرح ویتنام میں امریکہ کے جنگی جنون کے باعث اپنے ملک سے فرار ہونا پڑا تھا۔ وہ مختلف ملکوں میں بھٹکتے ہوئے یونان پہنچ گئے جہاں پیٹ کا جہنم بھرنے کے لیے انہوں نے چوری کی اور پکڑے گئے۔ اور اب زندگی کا باقی حصہ ان یونانیوں کے رحم و کرم پر گزرے گا۔

دونوں امریکی نوجوان حواس باختہ ہو رہے تھے۔ معمولی سی چوری کے لیے عمر قید کی سزا۔ واقعی ظلم و ناانصافی کی انتہا تھی۔ چارلس گہری نظروں سے ان کے چہروں کا جائزہ لے رہا تھا۔ وہ انسانی نفسیات کا ماہر تھا۔ ان دونوں کے چہروں کے تاثرات دیکھ کر وہ سمجھ گیا کہ لوہا گرم ہو چکا ہے اور اب اسے اپنی مرضی کے مطابق ڈھالنے کے لیے چوٹ لگا دینا چاہیے۔ وہ ایک گہرا سانس لیتے ہوئے بتانے لگا کہ کسی نے اسے اس جیل کا نقشہ فراہم کر دیا تھا جس کے مطالعہ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ سیکشن فور کے نیچے گٹر لائن کا پائپ اتنا کشادہ ہے کہ ہم جیسا درمیانے جسم کا آدمی اس میں داخل ہو کر رینگتا ہوا آسانی سے دوسری طرف نکل سکتا ہے لیکن فرار کی خواہش کے باوجود اسے سرنگ کھودنے کا کوئی تجربہ نہیں ہے۔ وہ کچھ ایسے معصومانہ انداز میں باتیں کر رہا تھا کہ دونوں امریکی اپنے آپ میں یہ سمجھنے پر مجبور ہو گئے کہ انہیں فرار کے سلسلے میں ان مظلوم ویتنامیوں کی مدد کرنی چاہیے۔ اور بالآخر انہوں نے یہ پیشکش کر دی کہ وہ دونوں فرار میں نہ صرف ان کی مدد کرنے کو تیار ہیں بلکہ اگر وہ چاہیں تو سرنگ انہی کی کوٹھری سے کھودی جا سکتی ہے۔

اپنی کوٹھری میں پہنچ کر چارلس اور آندرے ایک دوسرے کو مبارکباد دے رہے تھے۔ چارلس نے اس وقت جس قدر اداکاری کا مظاہرہ کیا تھا وہ آندرے کے لیے واقعی انتہائی حیرت انگیز تھا۔

"اب تم نے اندازہ لگا لیا ہوگا کہ کسی کی کمزوری سے کس طرح فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اسی لیے میں تم سے بھی ہمیشہ یہی کہتا ہوں کہ انسانی نفسیات کا مطالعہ بہت ضروری ہے۔ اگر تم کسی شخص کی نفسیات کا صحیح تجزیہ کر سکو تو اس کی کوئی نہ کوئی دکھتی ہوئی رگ تمہارے ہاتھ ضرور آجائے گی۔" چارلس نے مسکراتے ہوئے کہا۔

آندرے سے کوئی جواب نہ بن پڑا۔ چارلس جمائی لیتا ہوا اپنے بستر پر دراز ہو گیا۔ اس نے آندرے کو بھی جلد سونے کو کہا۔ کیونکہ کل صبح انہیں کھدائی کا کام شروع کر دینا تھا۔

چند زنگ آلود کیل، ایک کھانا کھانے والا چمچہ اور ایک کانٹا، یہ وہ اوزار تھے جن سے وہ سرنگ کھودنا چاہتے تھے۔ سب سے پہلے کنکریٹ کی ایک فٹ دبیز تہ کو ادھیڑنا تھا پھر مٹی میں کم از کم چھ فٹ کی گہرائی تک پہنچنے کے بعد سرنگ کا رخ موڑنا تھا اور اس سے آگے کتنا فاصلہ طے کرنا تھا، اس کے بارے میں فی الحال کوئی بات یقینی طور پر نہیں کہی جا سکتی تھی۔ چارلس کے محتاط اندازے کے مطابق اس کام کے لیے کم از کم آٹھ ہفتے درکار تھے۔ ان آٹھ ہفتوں کے دوران انہیں آرام کیے بغیر صبح سے رات تک کام کرنا تھا جبکہ محافظوں کی صورت میں خطرہ ان سے صرف بیس فٹ کے فاصلے پر موجود تھا۔ کوئی محافظ کسی بھی وقت ٹہلتا ہوا اس طرف آسکتا تھا لیکن یہ خطرہ مول لیے بغیر وہ اپنے منصوبے پر عمل نہیں کر سکتے تھے۔

کنکریٹ کی ایک فٹ دبیز تہ اُدھیڑنے میں دو ہفتے لگ گئے لیکن جیسے ہی وہ کچی مٹی تک پہنچے ان کا کام قدرے آسان ہو گیا۔ چارلس اور آندرے کا زیادہ وقت اس گڑھے ہی میں گزرنے لگا۔ چارلس نے یہ سرنگ صرف اتنی چوڑی رکھی تھی کہ دُبلے پتلے ہونے کی وجہ سے صرف وہی دونوں اس میں سما سکتے تھے۔ چوڑے شانوں اور کسرتی جسم کے مالک پیٹ اور سینسپر کے لیے اس سرنگ میں گھسنا

ممکن نہیں تھا۔ ان دونوں کو حیرت بھی تھی کہ چارلس نے سرنگ کی چوڑائی اتنی کم کیوں رکھی تھی۔ سینسپر نے اس طرف توجہ دلائی تو چارلس نے بڑی خوبصورتی سے اسے سمجھا دیا تھا۔

"اس وقت زیادہ چوڑی سرنگ کھودنا خطرے سے خالی نہیں ہوگا۔ مناسب وقت پر سرنگ کو ضرورت کے مطابق کشادہ کر لیا جائے گا۔"

سرنگ کچھ اور گہری ہوئی تو چارلس نے فیصلہ کیا کہ اب صرف ایک آدمی کو سرنگ میں کام کرنا چاہیے۔ اس تجویز پر فوراً ہی عمل شروع ہوگیا۔ ان میں سے ایک آدمی سرنگ کے اندر کھدائی میں مصروف رہتا جبکہ باقی تینوں کمرے میں بیٹھے اطمینان سے باتیں کرتے، تاش یا کراٹے کھیلتے رہتے تاکہ محافظ وہاں کوئی غیر معمولی بات محسوس نہ کرسکیں۔ سرنگ کے اس راز کو چھپانے کے لیے چارلس نے شروع ہی میں کچھ حفاظتی اقدامات کر لیے تھے۔ اس نے ایک بڑے سے کاغذ پر فرش کی ٹائلوں کا نقشہ بنا لیا تھا۔ یہ نقشہ اس قدر مہارت سے تیار کیا گیا تھا کہ اگر اسے فرش پر بچھا دیا جاتا تو دور سے یہ اندازہ لگانا دشوار ہوتا کہ فرش کی اصل ٹائلیں کہاں سے شروع ہوتی ہیں اور کاغذ کہاں ختم ہوتا ہے۔ کوری ڈالوسی جیل کا قاعدہ تھا کہ اگر قیدی پسند کریں تو اپنی کوٹھریوں کی صفائی کر سکتے تھے۔ دوسری صورت میں انہیں مجبور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا نہ ہی جیل کی طرف سے کوٹھریوں کی صفائی کا کوئی انتظام تھا۔ اگر کسی کوٹھری کے قیدی غلاظت میں رہنا پسند کرتے تھے تو کسی کو کوئی اعتراض نہیں تھا۔ دونوں امریکی نوجوان، پیٹ اور سینسپر یوں بھی اس معاملے میں خاصے بدنام تھے۔ ان کی کوٹھری میں اکثر گندگی بکھری رہتی اس لیے چارلس کو یقین تھا کہ فرش پر سرنگ کا دہانا چھپانے کے لیے ٹائلوں کے نقشے والا جو کاغذ استعمال کیا گیا تھا اس پر دھول مٹی کی تہ کسی کے لیے شبہے کا باعث نہیں بنے گی۔

ان کے لیے سب سے اہم مسئلہ سرنگ سے برآمد ہونے والی مٹی اور پتھروں کو ٹھکانے لگانے کا تھا۔ اس کا چارلس نے یہ حل دریافت کیا کہ وہ سب باری باری اپنی قمیص میں مٹی بھر کر کھیل کے میدان میں چلے جاتے جہاں ٹہلتے ہوئے وہ قمیص میں بھری ہوئی مٹی کو آہستہ آہستہ زمین پر پھیلاتے رہتے۔ ان میں سے ہر ایک کو دن میں کئی چکر لگانے پڑتے اور اس وقت پکڑے جانے کے خوف سے ان کے دلوں کی دھڑکن خطرناک حد تک تیز ہو جاتی۔ اگر اس موقع پر انہیں کوئی محافظ یا کوئی قیدی بھی ٹوک دیتا تو ان میں سے کوئی نہ کوئی یقیناً پھٹ پڑتا۔ ان کے اعصاب میں اس حد تک تناؤ آچکا تھا کہ کوئی معمولی سی بات بنا بنایا کھیل بگاڑ سکتی تھی لیکن یہ ان کی خوش قسمتی تھی کہ ابھی تک ایسا کوئی اتفاق پیش نہیں آیا تھا۔

تاریکی اور گھٹن کے باعث سرنگ میں زیادہ دیر رکنا بھی ممکن نہیں رہا تھا۔ چارلس اور آندرے باری باری سرنگ میں اترتے۔ اس وقت چارلس سرنگ میں تھا۔ کھدائی کرتے ہوئے چمچہ کسی پتھر سے ٹکرا گیا۔ چارلس کے اندازے کے مطابق یہ پتھر ڈیڑھ فٹ کے لگ بھگ ضرور رہا ہوگا۔ پسینے میں تر ہونے کے باعث چمچہ اس کے ہاتھ سے بار بار پھسل رہا تھا۔ گھٹن کی وجہ سے سینے میں سانس رکنے لگا لیکن وہ چونکہ اپنے آپ کو گینگ لیڈر سمجھ رہا تھا اس لیے اپنے ساتھیوں کے سامنے کمزوری کی کوئی مثال قائم نہیں کرنا چاہتا تھا۔ وہ اس وقت تک سرنگ سے باہر نہیں نکلا جب تک کہ اس نے پتھر کو راستے سے نہیں ہٹا دیا۔

چھ فٹ کی گہرائی تک پہنچنے کے بعد چارلس نے سرنگ کا رخ اس طرف موڑ دیا جہاں اس کے خیال میں گٹر کا پائپ ہو سکتا تھا لیکن نویں ہفتے کے شروع میں، جبکہ آندرے سرنگ میں کھدائی کر رہا تھا، اسے انتہائی غیر متوقع طور پر اینٹوں کی ایک دیوار کا سامنا کرنا پڑ گیا۔ اس نے باہر آکر جب چارلس کو صورتِ حال سے آگاہ کیا تو وہ نفی میں سر ہلاتے ہوئے بولا۔

"نقشے میں اس طرف کوئی دیوار نہیں ہے۔"

"لیکن زمین میں دفن صدیوں پرانے کسی کھنڈر کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔" سینسپر نے تبصرہ کیا جسے آثارِ قدیمہ سے بھی کچھ دلچسپی تھی۔ وہ کچھ عرصہ تک مصر میں آثارِ قدیمہ تلاش کرنے والی ایک پارٹی میں بھی شامل رہا تھا لیکن ایک موقع پر جب پارٹی کے لیڈر کو پتا چلا کہ وہ منشیات کا عادی ہے تو اسے پارٹی سے نکال دیا گیا تھا۔

لیکن چارلس کا خیال تھا کہ یہاں کوئی کھنڈر بھی نہیں ہو سکتا تھا۔ اس نے سرنگ میں جا کر اس دیوار کا معائنہ کیا اور حکم صادر کر دیا کہ دیوار کو توڑ کر راستہ بنایا جائے کیونکہ اس کے سوا اور کوئی چارہ بھی نہیں تھا۔ تقریباً ایک گھنٹے تک کھدائی کرتے ہوئے آندرے کا جسم بری طرح دکھ رہا تھا مگر اسے دوبارہ سرنگ میں اترنا ہی پڑا تھا۔ وہ دیوار کی اینٹوں کے جوڑوں کو کرید کر انہیں الگ کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ لیکن دو گھنٹے کی کوشش کے باوجود اسے کوئی کامیابی نہیں ہو سکی تھی۔ اس کی جگہ چارلس نے لے لی اور تقریباً تین گھنٹے بعد جب وہ سرنگ سے باہر آیا تو اس نے بتایا کہ وہ اینٹوں کے جوڑ میں ایک دراڑ پیدا کرنے میں کامیاب ہوگیا ہے۔ اس کے فوراً ہی بعد آندرے سرنگ میں اتر گیا۔ اسے اپنی کوشش جاری رکھے ہوئے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ ہوگیا۔ اس مرتبہ اسے ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑا تھا۔ وہ ایک اینٹ کو اس کی جگہ سے ہلانے میں کامیاب ہوگیا تھا۔

دفعتاً گڑگڑاہٹ کی آواز کے ساتھ دیوار ٹوٹ گئی اور پانی کا ایک زبردست ریلا بہہ نکلا۔ سرنگ میں پانی اس قدر تیزی سے بھرا تھا کہ آندرے کو سنبھلنے کا موقع نہ مل سکا۔ اسے ہوش آیا تو پانی اس کی گردن تک پہنچ چکا تھا۔ اس نے بری طرح چیخنا شروع کر دیا۔ اس کے ساتھ ہی وہ سرنگ سے باہر نکلنے کی کوشش کرنے لگا لیکن نہ تو سرنگ کی دیوار پر اس کی گرفت جم رہی تھی اور نہ ہی اس کے پیر زمین کو پکڑ رہے تھے۔ اب وہ پانی میں باقاعدہ ڈبکیاں کھا رہا تھا۔ اسے اپنی آنکھوں کے سامنے موت کے بھیانک سائے رقص کرتے ہوئے نظر آنے لگے۔ اسے محسوس ہو رہا تھا جیسے وہ سرنگ سے باہر نکلنے کا چھ فٹ کا یہ فاصلہ کبھی طے نہ کر سکے گا۔

سرنگ کے دہانے کے قریب فرش پر بیٹھا چارلس سرنگ کے اندر سے پانی اور آندرے کی چیخوں کی آواز سن کر بری طرح بدحواس ہوگیا۔ دوسرے ہی لمحہ وہ فرش پر لیٹ کر سرنگ کے اندر جھک گیا۔ سینسپر نے اس کے پیر پکڑ لیے اور چارلس نے مزید نیچے جھک کر آندرے کو اوپر کھینچ لیا اور اسے فرش پر لٹا کر پیٹ اور سینسپر کو حکم دیا کہ وہ سرنگ کے اوپر والے حصے پر جمع مٹی اور پتھر سرنگ میں پھینک کر اوپر آتے ہوئے پانی کو روکنے کی کوشش کریں۔ سینسپر اور پیٹ کے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ وہ بڑی عجلت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مٹی اور پتھر سرنگ میں پھینکنے لگے لیکن ان کی یہ کوشش بارآور ثابت نہ ہو سکی اور سرنگ میں پانی بھرتا رہا۔

وہ چاروں پتھر کے مجسموں کی طرح بے حس و حرکت بیٹھے سرنگ میں بھرتے ہوئے پانی کو دیکھتے رہے۔ ان کے ذہنوں پر سناٹا سا طاری تھا۔ البتہ صرف ایک خیال بار بار گونج رہا تھا کہ صرف چند لمحوں بعد ان پر کیا قیامت ٹوٹنے والی تھی۔ پانی اب سرنگ کے کنارے تک پہنچ چکا تھا لیکن شاید تقدیر کو ان پر رحم آگیا۔ بجائے اس کے کہ یہ سیلاب کوٹھری کے فرش پر بہہ نکلتا، معجزانہ طور پر پانی وہیں رک گیا۔ ایک قطرہ بھی فرش پر نہیں آسکا تھا۔ اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے سرنگ میں پانی کی سطح کم ہونے لگی۔ انہوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔ چارلس کے علاوہ ہر ایک کا چہرہ مایوسی کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔ چارلس نے مایوس ہونا نہیں سیکھا تھا۔

"ہم کل دوبارہ کھدائی شروع کریں گے۔" وہ مسکراتے ہوئے بولا۔ "مٹی نرم ہو جانے کی وجہ سے اب ہمیں زیادہ دشواری پیش نہیں آئے گی۔"

لیکن اسی رات وہاں سے تیسری کوٹھری کے فلش سے پانی بہہ نکلا۔ یہ پانی کوٹھری میں اس قدر تیزی سے بھرا تھا کہ اس کوٹھری کا لبنانی قیدی بدحواس ہو کر بری طرح چیخنے لگا۔ محافظوں نے کسی نہ کسی طرح فلش بند کر دیا۔ اس وقت کسی قیدی سے اس سلسلے میں بازپرس نہیں کی گئی لیکن صبح ہوتے ہی تمام کوٹھریوں کو چیک کیا جانے لگا کہ کہیں کسی قیدی نے اپنی کوٹھری کا فلش تو بند نہیں کر دیا جس سے پانی آگے بڑھنے کے بجائے لبنانی قیدی کی کوٹھری سے بہہ نکلا۔ چار مسلح محافظوں پر مشتمل ایک دستہ جب سینسپر اور پیٹ کی کوٹھری میں داخل ہوا تو ان سب کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ دماغ میں چیونٹیاں سی رینگنے لگیں لیکن تقدیر نے یہاں بھی ان کا ساتھ دیا اور اسے ناقابلِ یقین معجزہ ہی کہا جا سکتا تھا کہ کسی محافظ کی نظر ٹائلوں کے نقشے والے کاغذ پر نہیں پڑی جو سرنگ کے منہ پر بچھا ہوا تھا۔

تمام کوٹھریوں کی تلاشی اور چیکنگ کے بعد محافظ بالآخر اس نتیجہ پر پہنچے کہ لبنانی قیدی کی کوٹھری کے فلش سے بہنے والے پانی سے کسی قیدی کا کوئی تعلق نہیں تھا۔ اور اس کے ساتھ ہی جیل کی سرگرمیاں معمول پر آگئیں لیکن ایک قباحت یہ ہوئی کہ ایک محافظ کو سینسپر اور پیٹ کی کوٹھری کے سامنے ڈیوٹی پر تعینات کر دیا گیا جہاں سے وہ اس راہداری کی تمام کوٹھریوں پر نگاہ رکھ سکتا تھا۔ ظاہر ہے ایسی صورتحال میں چارلس وغیرہ کے لیے کھدائی کا کام جاری رکھنا ممکن نہیں رہا تھا۔

سینسپر اور پیٹ کو اب سرنگ کی کھدائی سے کوئی دلچسپی نہیں رہی تھی کیونکہ دوسرے ہی ہفتے ان کے وکیل نے اطلاع دی تھی کہ سینسپر کے والدین نے رقم بھیج دی ہے جس سے وہ ان کی رہائی کا انتظام کر رہا ہے۔ اس اطلاع کے چوتھے دن ان دونوں امریکی نوجوانوں کو رہائی کا مژدہ سنا دیا گیا۔ رخصت ہونے سے پہلے وہ چارلس کی کوٹھری میں آئے اور دونوں بھائیوں کو بڑی گرمجوشی سے الوداع کہہ کر چلے گئے۔

چارلس سوبھراج اس صورتحال سے ذرا بھی پریشان نہیں ہوا۔ سینسپر اور پیٹ کے جیل سے رخصت ہوتے ہی اس کے شاطرانہ ذہن نے ایک اور منصوبے کے تانے بانے بننے شروع کر دیے تھے۔ دو تین دن کے انتظار کے بعد جب اسے یقین ہوگیا کہ وہ دونوں یونان کی حدود سے نکل چکے ہوں گے تو اس نے چیخ چیخ کر ایک محافظ کو بلا لیا اور امریکی نوجوانوں کی کوٹھری کے فرش میں سرنگ کا انکشاف کر دیا۔ اس نے محافظوں کو بتایا کہ وہ بہت پہلے اس سرنگ کا انکشاف کر چکا ہوتا لیکن لحیم شحیم امریکی نوجوانوں نے دھمکی دی تھی کہ اگر اس نے کسی کو اس سرنگ کے بارے میں اطلاع دینے کی کوشش کی تو اسے ہلاک کر دیا جائے گا۔ وہ خود چونکہ کمزور سا آدمی ہے اس لیے ان کے خوف سے اب تک خاموش رہا تھا۔ چارلس کا خیال تھا کہ اس مخبری کے انعام کے طور پر اس کی خواہش کے

یقین کیوں ہو چلا تھا کہ اسے جس چیز کی تلاش تھی وہ اسے بدھ مت ہی میں مل سکے گی۔ دوسرے روز جب اس نے بتایا کہ وہ کھٹمنڈو بھی جائیں گے تو جنیفر کی گویا دلی مراد بر آئی لیکن بہت جلد اس نے محسوس کر لیا کہ کرسٹوفر اس سے دور ہوتا جا رہا تھا۔ وہ اگرچہ اب بھی جنیفر سے محبت کا اعتراف گاہے بگاہے کرتا رہتا لیکن جنیفر اس کے قول و فعل کا تضاد بڑی شدّت سے محسوس کر رہی تھی۔ اب کرسٹوفر اس سے دور رہنے کی کوشش کرتا۔ جنیفر جب اسے متوجہ کرنے کی کوشش کرتی تو وہ بہانہ بنا دیتا کہ اسے ذہنی یکسوئی کی ضرورت ہے۔ کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ کرسٹوفر آدھی رات کو کمرے سے نکل کر باہر چلا جاتا اور ساحل کی ریت پر تنہا بیٹھا خلا کو گھورتا رہتا۔ جنیفر نے اپنے آپ کو کبھی اتنا تنہا اور ایسا بے بس محسوس نہیں کیا تھا۔ کرسٹوفر جب کبھی آواگون، نروان اور تبت کے لاماؤں کی تعلیمات کا ذکر چھیڑتا تو جنیفر اس کی باتوں میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کرتی۔ اس کا مقصد اس کے علاوہ اور کچھ نہ ہوتا کہ وہ اس کی توجہ حاصل کر سکے۔

ایک رات جب کہ نوجوانوں کا ایک گروہ پام کے ایک درخت کے نیچے بیٹھا حشیش کا دھواں اڑا رہا تھا، کرسٹوفر اور جنیفر بھی وہاں پہنچ گئے۔ کرسٹوفر تو جلد ہی دو تین نوجوانوں سے نروان کی بحث میں الجھ گیا اور جنیفر حشیش پینے والے نوجوانوں کی ٹولی میں شامل ہو گئی۔ بہت عرصہ بعد اسے حشیش پینے کو ملی تھی۔ آدھی رات تک وہ نشے میں دُھت ہو چکی تھی اور پھر والہانہ انداز میں رقص کرتے ہوئے دفعتاً اُس نے پانی میں چھلانگ لگا دی۔ اسکے قہقہے سب میں نمایاں تھے۔ صبح جب ہوش میں آئی تو اپنے آپکو ایک ہپی نوجوان کے جھونپڑے میں پا کر گڑبڑا سی گئی۔

اپنے جھونپڑے میں پہنچ کر اس نے اپنی اس حرکت پر ندامت کا اظہار کیا تو کرسٹوفر افسردہ سے لہجے میں بولا۔

"جب تک تم بدھ فلسفہ کو نہیں سمجھ سکو گی اس وقت تک ایسی حرکتیں کرتی رہو گی۔"

گوا سے واپسی پر دہلی میں صرف ایک روز قیام کے بعد وہ بذریعہ طیارہ کھٹمنڈو روانہ ہو گئے۔ ہمالیہ کی چوٹی پر پرواز کرتے ہوئے وہ اپنے آپ میں کچھ عجیب سی کیفیت محسوس کر رہے تھے۔ کھٹمنڈو پہنچتے ہی کرسٹوفر نے ایئرپورٹ ہی سے کچھ معلومات حاصل کیں اور کوپان خانقاہ کی طرف روانہ ہو گئے۔

ہمالیہ کے دامن میں واقع اس وادی کا شمار دنیا کی حسین ترین وادیوں میں کیا جا سکتا تھا۔ کوپان کی یہ خانقاہ ۱۹۶۰ء کی دہائی میں زینا نامی ایک روسی شہزادی نے تعمیر کرائی تھی تاکہ نروان کی تلاش میں آنے والے یورپی نوجوان یہاں قیام کر سکیں۔ خانقاہ تک صرف پیدل پہنچا جا سکتا تھا۔ راستہ انتہائی دشوار گزار اور خطرناک تھا۔ کئی لوگ وہاں تک پہنچنے کی کوشش میں اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔

کھٹمنڈو کے نواح میں واقع ایک بدھ اسٹوپا میں چند گھنٹے قیام کے بعد جنیفر اور کرسٹوفر پہاڑی چٹانوں میں بل کھاتی ہوئی اس خطرناک پگڈنڈی پر چل پڑے جس پر دو تین آدمی بمشکل پہلو بہ پہلو چل سکتے تھے۔ وادی میں تاحدِ نگاہ دھان کے کھیت پھیلے ہوئے تھے۔ فضا میں دھان کی مہک رچی ہوئی تھی۔ اس تنگ سی پگڈنڈی پر کاشتکاروں کے مویشیوں کی بھی آزادانہ آمد و رفت تھی۔ کبھی کوئی بھینس یا بیل وغیرہ سامنے سے آتا ہوا نظر آ جاتا تو انہیں چٹان کے ساتھ چپک جانا پڑتا۔ جگہ جگہ انہیں کاشتکاروں کی چھوٹی چھوٹی بستیاں بھی نظر آئیں جہاں قریب ہی کھیتوں میں کام کرنے والی عورتیں انہیں دیکھ کر خیرسگالی کے انداز میں ہاتھ ہلا دیتیں۔

کوپان کی خانقاہ ایک پہاڑی چوٹی پر واقع ہے جو چوبیس گھنٹے دبیز دھند اور بادلوں میں ڈھکی رہتی ہے۔ دور سے دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے جیسے یہ عمارت فضا میں معلق ہو۔ قرب و جوار کی چھوٹی چھوٹی بستیوں میں رہائشی انتظامات کی وجہ سے خانقاہ میں آنے والوں کو کم از کم رہائش کے مسئلے سے دوچار نہیں ہونا پڑتا۔ ڈیڑھ روپے یومیہ پر رہائش کے لیے جگہ دستیاب ہو جاتی ہے لیکن چونکہ جنیفر اور کرسٹوفر کو اخراجات میں خاصی دشواریاں پیش آ رہی تھیں اس لیے انہوں نے کوئی جھونپڑا کرائے پر حاصل کرنے کے بجائے کھلی جگہ میں چھولداری لگانے کا فیصلہ کیا۔

جنیفر کو یقین نہیں آ رہا تھا کہ وہ دنیا کی چوٹی پر پہنچ چکی ہے۔ جہاں اسے کم از کم تیس دن قیام کرنا تھا۔ اس دوران انہیں بدھ مت کے فلسفے کی تعلیم اور نفس کشی کے طریقوں اور فوائد سے آگاہ کیا جانے والا تھا لیکن پہلے دن کے لیکچر پر وہ پوری طرح توجہ نہ دے سکی کیونکہ اس کا زیادہ وقت سر اور کپڑوں سے جوئیں نکالتے ہوئے گزرا تھا۔

وہ صبح پانچ بجے اٹھ جاتے۔ ایک گھنٹہ گیان اور منتروں کی تربیت کے بعد وہ مخصوص انداز میں آلتی پالتی مار کر بیٹھ جاتے اور صبح کی طلوع ہوتی ہوئی روشنی میں مہاتما بدھ کی شبیہہ تلاش کرنے کی کوشش کرتے۔ ناشتے میں صرف جو کا دلیہ اور دہی ملتا۔ اس کے بعد ان کی کلاسیں شروع ہو جاتیں۔ پہلے لاما یاشی کلاس لیتا پھر لاما تبتسن زوپا رنپوشی انہیں بدھ مت کی تعلیمات پر لیکچر دیتا۔ لاما رنپوشی کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ تین سال کی عمر میں اس کے اندر ایک مرحوم لاما کی روح حلول کر گئی تھی۔

لاما ہال کے وسط میں آلتی پالتی مار کر بیٹھ جاتا۔ اس کے سامنے شیشے کا وہ کیس رکھا ہوا تھا جس میں مہاتما بدھ کے چھوٹے چھوٹے لاتعداد مجسمے سجے ہوئے تھے۔ وہ مہاتما بدھ کی تعلیمات کا



پرچار کرتے اور یہی سبق دیتے کہ کرم (بدھ مت کا فلسفہ) کو سمجھ لینے کے بعد نروان حاصل کر لینا زیادہ مشکل نہیں۔

مہینے کے اختتام تک یہ حیرت انگیز تبدیلی دیکھنے میں آئی کہ کرسٹوفر تو مہاتما بدھ کی تعلیمات سے دور ہوتا گیا لیکن جنیفر اپنے آپ کو گویا اس کے لیے وقف کر چکی تھی۔ اسے اب اس کی بھی پروا نہیں تھی کہ کرسٹوفر اس سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ اس کا خیال تھا کہ زندگی بھر بھٹکنے کے بعد اسے ایک ایسا راستہ مل گیا تھا جس پر چلتے ہوئے وہ منزل پر پہنچ سکتی تھی۔

جان ایف کینیڈی ایئرپورٹ سے روانہ ہونے والی پین امریکن ایئرلائن کی پرواز نمبر ۲۱ کے بوئنگ ۷۴۷ کے پہیوں نے ۱۴ مئی ۱۹۷۵ء کو جس وقت تہران ایئرپورٹ کے رن وے کو چھوا اس وقت تہران میں شام کے سائے ڈھل رہے تھے۔ یہ پرواز اپنے مقررہ وقت سے بہت لیٹ ہو چکی تھی اس لیے طیارے کے مائیک سسٹم سے ٹرانزٹ مسافروں سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ جہاز سے نیچے نہ اتریں کیونکہ یہ پرواز یہاں زیادہ دیر نہیں رکے گی۔

اس طویل سفر نے مسافروں کو بری طرح تھکا دیا۔ وہ جہاز کے کپتان کی اس ہدایت پر عمل کرنے پر مجبور تھے لیکن وہ نوجوان فرانسیسی لڑکی اور اس کا دوست ان ہدایات کو نظرانداز کرتے ہوئے ٹانگیں سیدھی کرنے اور تازہ ہوا میں سانس لینے کے لیے اپنی سیٹوں سے اٹھ کر دروازے میں آ گئے جہاں موجود ایئرہوسٹس نے مسکراتے ہوئے انھیں دیکھا۔ وہ فرانسیسی لڑکی جین چومیر تھی۔ ملک کے دور افتادہ قصبے میں پرورش پانے والی جین ایئرہوسٹس بننے کی خواہش لے کر پیرس آئی تھی۔ وہ ایئرہوسٹس تو نہ بن سکی البتہ ایک ایئرلائن کے ٹکٹنگ کے شعبہ میں ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئی۔ اس کا ساتھی کرسٹن روشر اسی شعبے سے وابستہ تھا۔ وہ دونوں دس دن کی چھٹیاں منانے کے لیے ہندوستان جا رہے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ کم از کم ایک ہفتہ کشمیر کی وادی میں گزاریں گے جس کے بارے میں انہوں نے بہت کچھ سن رکھا تھا۔

وہ دونوں سیڑھی کے پلیٹ فارم پر کھڑے اس سفر کے بارے میں باتیں کر رہے تھے کہ کسی کی آواز سن کر پیچھے مڑ گئے۔ وہ دُبلا پتلا سا آدمی تھا۔ سر پر گولف کیپ، آنکھوں پر تاریک شیشوں والی عینک اور فرنچ کٹ داڑھی نے اسے خاصا مضحکہ خیز بنا دیا تھا۔ وہ دروازے میں کھڑی ایئرہوسٹس سے کسی بات پر بحث کر رہا تھا۔ اس کے چہرے کے بگڑے ہوئے تاثرات اس کی اندرونی کیفیت کا اظہار کر رہے تھے۔ جین اور کرسٹن اپنی باتیں چھوڑ کر اس کی طرف متوجہ ہو گئے۔ اس کا اصرار تھا کہ وہ اپنی پسند کے سگریٹ خریدنے کے لیے نیچے اترنا چاہتا تھا۔ اس کا لہجہ بتا رہا تھا کہ وہ اپنی بات منوانے کا عادی ہے۔ ایئرہوسٹس نے اس سے زیادہ بحث کرنا مناسب نہیں سمجھا اور اسے ٹرمنل تک جانے کی اجازت دے دی لیکن اس شرط پر کہ وہ زیادہ سے زیادہ دس منٹ میں واپس آ جائے گا۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کرسٹن نے بھی ٹرمنل تک جانے کی اجازت طلب کر لی اور ظاہر ہے ایئرہوسٹس کے لیے انکار کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔

جہاز سے اترنے والے یہ دونوں مسافر ٹرمنل میں ایک دوسرے سے متعارف ہوئے۔ اس سلسلے میں پہل اس ہپی نے ہی کی تھی جو زبردستی جہاز سے اترا تھا۔ اس نے ایلین گوتھر کے نام سے اپنا تعارف کرایا تھا لیکن ظاہر ہے یہ ہپی چارلس سوبھراج کے سوا کون ہو سکتا تھا۔ اس نے اپنے آپ کو پیرس سے شائع ہونے والے اخبار "پیرس میچ" کا فوٹوگرافر ظاہر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اخبار کے لیے ایک خصوصی تصویری فیچر کی تیاری کے سلسلے میں دہلی جا رہا ہے کیونکہ فرانس کے باشندے ان دنوں ہندوستان کی سیاحت میں خاصی دلچسپی لے رہے تھے اور اسے یقین تھا کہ اس کا یہ تصویری فیچر نہ صرف فرانس کے لوگوں کے لیے بلکہ اس کے اخبار کے لیے بھی منافع بخش ثابت ہو گا۔

بیس منٹ بعد جہاز تہران سے دہلی کے لیے روانہ ہو گیا۔ پرواز ہموار ہوتے ہی چارلس اپنی سیٹ سے اٹھ کر ٹہلتا ہوا اس جگہ پہنچ گیا جہاں کرسٹن اور جین بیٹھے ہوئے تھے۔ پھر اجازت طلب کیے بغیر وہ نہایت بے تکلفی کا مظاہرہ کرتا ہوا سیٹ کے بازو پر ٹک گیا اور انہیں ہندوستان کے بارے میں دلچسپ معلومات فراہم کرنے لگا۔ گفتگو کے دوران جب چارلس کو معلوم ہوا کہ وہ دونوں کشمیر جا رہے ہیں تو وہ زور زور سے سر ہلاتے ہوئے بولا۔

"عجیب اتفاق ہے۔ میرا بھی پہلے کشمیر ہی جانے کا پروگرام ہے، تم لوگوں کے ساتھ اچھی خاصی تفریح رہے گی۔"

چارلس نے انہیں بتایا کہ وہ اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ کشمیر جا چکا تھا اگر دونوں اس کے ساتھ رہے تو وہ ان کے لیے بڑا کارآمد ثابت ہو گا۔ کسی سیاح کے لیے اجنبی ملک میں رہائش کا مسئلہ سب سے زیادہ اہم اور سنگین ہوتا ہے۔ چارلس نے بتایا کہ سری نگر میں وہ ان کے لیے ہاؤس بوٹ کا انتظام کر سکتا ہے۔

جہاز کے دہلی پہنچنے تک چارلس انہیں پوری طرح متاثر کر چکا تھا۔ اس کی اب تک کی باتوں سے جین اس نتیجہ پر پہنچی تھی کہ فرانس کا یہ ہپی فوٹوگرافر ان کے لیے واقعی بہترین اور سودمند راہنما ثابت ہو سکتا ہے۔ دہلی ایئرپورٹ کے ٹرمنل میں داخل ہوتے وقت جین اور کرسٹن کچھ عجیب سا محسوس کر رہے تھے۔ امیگریشن اور کسٹمز کاؤنٹر کے سامنے سانپ کی طرح بل کھاتی ہوئی مسافروں کی طویل

ایلین گوتھر نے کسی جھجک کا مظاہرہ کیے بغیر میری آندرے کے ہاتھ پر بوسہ دیا اور اس طرح گہری نظروں سے اس کا جائزہ لینے لگا جیسے کوئی جوہری کسی ہیرے کو پرکھنے کی کوشش کر رہا ہو۔ وہ زیرِ لب کچھ... بڑبڑایا بھی تھا جس کا مفہوم قریب کھڑی ہوئی جین نے یہ لیا کہ میری آندرے، ایلین گوتھر کی سابق بیوی سے بہت حد تک ملتی جلتی تھی۔ وہ ابھی آپس میں پوری طرح متعارف بھی نہ ہو پائے تھے کہ ایک ہاؤس بوٹ کا ایجنٹ ایلین گوتھر کو بازو سے پکڑ کر کھینچتا ہوا ایک طرف لے گیا۔ چند منٹ بعد وہ واپس آیا تو اس کے منہ سے گالیوں کا طوفان ابل رہا تھا۔

"چور، لٹیرے۔ ان کا بس چلے تو یہاں آنے والے سیاحوں کے کپڑے تک اتار لیں!"

ہاؤس بوٹ کا ایجنٹ ایک بار پھر اسے بازو سے پکڑ کر ایک طرف لے گیا۔ واپس آکر اس نے اپنے ساتھیوں کو سامان اٹھانے کو کہا لیکن پھر سامان رکھوا دیا۔ تین مرتبہ ایسا ہوا۔ ہاؤس بوٹ کا ایجنٹ انہیں آمادہ دیکھ کر ہر مرتبہ کوئی نہ کوئی اور مطالبہ پیش کر دیتا۔ بالآخر ایلین گوتھر نے اس کے گریبان پر ہاتھ ڈالتے ہوئے چیخ کر کہا۔

"ٹھیک ہے۔ تمہاری شرائط ہمیں منظور ہیں لیکن اگر ہاؤس بوٹ ہماری مرضی کے مطابق ثابت نہ ہوئی تو تمہیں جھیل میں اتنے غوطے دوں گا کہ آئندہ کسی سیاح کو دھوکا دینے کی کوشش نہیں کرو گے۔"

سلطان نامی نوّے فٹ لمبی اور پندرہ فٹ چوڑی وہ کشتی انیسویں صدی کے آخر میں اس وقت بنائی گئی تھی جب انگریز سیاحوں کے ایک گروہ کو مقامی باشندوں نے اپنی زمینوں پر مکان کی تعمیر سے روک دیا تھا۔ البتہ یہ اجازت دے دی تھی کہ اگر وہ چاہیں تو ڈل جھیل میں کشتی تعمیر کر کے اس پر رہائش اختیار کر سکتے ہیں۔ اس کشتی کی تعمیر میں ٹیک اور مہاگنی لکڑی سے کام لیا گیا تھا جس پر خوبصورت کندہ کاری کی گئی تھی۔ تقریباً سو سال گزرنے کے بعد بھی کشتی ابھی بہترین حالت میں تھی۔ اس میں ہر وہ چیز موجود تھی جو رہائش کے لیے ضروری ہو سکتی تھی۔ تین کشادہ کمرے، جنہیں بیڈ روم کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ کشتی کا ایک بیڈ روم میری آندرے اور برنارڈ، دوسرا جین اور کرسٹن کے حصے میں آیا جبکہ تیسرے بیڈ روم پر ایلین گوتھر نے قبضہ جما لیا۔ ایلین ان دونوں جوڑوں کا مشترکہ میزبان تھا اور کشتی پر آتے ہی اس نے کمان سنبھال لی۔

اسی رات ہاؤس بوٹ کے عرشے پر جب وہ لوگ کھانے کے لیے جمع ہوئے تو جین، میری آندرے کو دیکھ کر حیران سی رہ گئی۔ جین نے جب پہلی مرتبہ اسے ایئرپورٹ پر دیکھا تھا تو وہ بڑی مجہول سی لڑکی لگی تھی۔ میلا سا لباس، پریشان سا چہرہ اور اداس اداس سی لیکن اس وقت وہ قطعی مختلف نظر آ رہی تھی۔ سلیقے سے آراستہ بال اور سمر ڈریس میں وہ اپنی عمر سے کہیں کم نظر آ رہی تھی۔ اس کے چہرے پر اس وقت نہ تو اداسی نظر آ رہی تھی اور نہ پریشانی، جین کو یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ میری آندرے میں یہ تبدیلی ایلین گوتھر کی وجہ سے آئی تھی۔ وہ یقیناً ایلین سے متاثر ہو چکی تھی لیکن ایلین کے رویے سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ اسکی طرف مائل نہیں تھا۔ کھانے کی میز پر اس نے سب کا استقبال ایک ہی انداز میں کیا تھا۔ اس کی کسی بھی حرکت سے یہ ظاہر نہیں ہوتا تھا کہ وہ میری آندرے میں خصوصی دلچسپی لے رہا ہے۔

ہاؤس بوٹ کے خانساماں نے کھانے میں مرغی پکائی تھی۔ لیکن پہلا لقمہ کھاتے ہی ایلین گوتھر کا چہرہ بگڑ گیا اور اس نے سالن کی پلیٹیں اٹھا کر جھیل میں پھینک دیں۔

"بوٹ کے ایجنٹ نے تمہارے کھانے کی بڑی تعریف کی تھی۔" ایلین خانساماں کو گھورتے ہوئے بولا۔ "لیکن ایسا بدذائقہ کھانا میں نے کبھی نہیں کھایا۔ جاؤ اور ہوٹل سے چکن روسٹ لاؤ۔"

اس رات جب وہ سونے کے لیے اپنے کمروں میں پہنچے تو جین، ایلین گوتھر ہی کی باتیں کرتی رہی۔ کھانے کے دوران ایلین گوتھر مسلسل بولتا رہا تھا۔ اس کی باتیں جین کے لیے بڑی حیرت انگیز ثابت ہوئی تھیں۔ ایلین کے کہنے کے مطابق وہ مسلسل کئی برس تک فرانس کا کراٹے چیمپئین رہ چکا تھا۔ فوجی خدمات کے دوران وہ بہادری کے کئی اعزازات حاصل کر چکا تھا۔ وہ پہلا شخص تھا جس نے کورس کی مقررہ مدّت کے نصف عرصہ میں سار بون یونیورسٹی سے قانون کی ڈگری حاصل کی تھی اور فوٹو گرافر کی حیثیت سے اس نے کینیا کے خوفناک جنگلوں میں اتنے قریب سے شیروں اور چیتوں کی تصویریں کھینچی تھیں کہ دیکھنے والے اَش اَش کر اٹھے تھے اور ویتنام کی جنگ میں اگلے محاذ پر وہ بہترین کارنامے انجام دے چکا تھا۔ جین اس کی باتوں سے حقیقتاً متاثر ہوئی تھی لیکن کرسٹن کے خیال میں وہ دنیا کا سب سے بڑا جھوٹا تھا۔

"اس کے بارے میں سوچ کر اپنی انرجی ضائع مت کرو۔" کرسٹن نے کہا۔ "میرے لیے اس کی کوئی بات بھی قابلِ یقین نہیں۔ البتہ اسے تم بہت بڑا بہروپیا کہہ سکتی ہو۔"

جین نے سر جھٹک کر ان خیالات کو ذہن سے نکالنا چاہا پھر اس کی ذہنی رو میری آندرے کی طرف مڑ گئی۔ بیچاری آندرے، اگر وہ واقعی ایلین گوتھر کی باتوں میں آ گئی تھی تو آگے چل کر نجانے اس کا کیا حشر ہو۔

دوسرے کمرے میں میری آندرے بھی ایلین گوتھر ہی کے بارے میں سوچ رہی تھی لیکن اس کی سوچ کا رُخ قدرے مختلف تھا۔



ایلین گوتھر میں اگر واقعی یہ تمام تر صلاحیتیں موجود تھیں، جن کا اس نے کھانے کے دوران تذکرہ کیا تھا تو یقین سے کہا جا سکتا تھا کہ آگے چل کر وہ دنیا کا بہت بڑا اور نامور آدمی ثابت ہوگا۔ ایلین گوتھر سے اس کی ملاقات ایک اتفاق کا نتیجہ تھی اور فی الحال وہ کوئی اندازہ نہیں لگا سکتی تھی کہ آگے چل کر ان کی اس ملاقات کا نتیجہ کیا نکلے گا۔

میری آندرے کا بچپن کنیڈا کے ایک خوبصورت شہر کیوبک سٹی سے تقریباً بیس میل دور دریا کے دوسرے کنارے پر واقع لیوئس نامی ایک چھوٹے سے قصبے میں گزرا تھا۔ اس کا باپ ریلوے میں گارڈ تھا جو ڈیوٹی کے سلسلے میں بعض اوقات تین تین دن گھر سے غیر حاضر رہتا۔ محدود تنخواہ میں نو بچّوں کی پرورش ماں باپ کے لیے بہت بڑا مسئلہ بنی ہوئی تھی۔ ڈیوٹی کے علاوہ باپ اوور ٹائم کرنے کی کوشش بھی کرتا تاکہ تنخواہ کے ساتھ کچھ فاضل رقم مل سکے۔

میری آندرے چھ بھائیوں سے چھوٹی اور تین بہنوں میں سب سے بڑی تھی۔ اس کا ناک نقشہ بہن بھائیوں سے بہت مختلف تھا جس سے وہ ہمیشہ احساسِ کمتری کا شکار رہی۔ دبلی پتلی، آنکھوں پر موٹے عدسوں کی عینک جسے لگانے کے بعد وہ اپنی عمر سے کہیں بڑی نظر آتی۔ حالات نے اسے بہت حسّاس بنا دیا تھا۔ ایک تو وہ یوں بھی کم گو تھی دوسرے گھر کے دیگر افراد اس پر توجہ بھی کم ہی دیتے۔ وہ خاموش بیٹھی دوسروں کی باتیں سنتی رہتی۔ اتفاق سے وہ خاصی رومان پسند واقع ہوئی تھی۔ میڈم بویری کے رومانس کی داستان اسے تقریباً زبانی یاد ہو چکی تھی۔ یہ کتاب ہر وقت اس کے تکیے کے نیچے موجود رہتی اور وقتاً فوقتاً اس کے مختلف ابواب کا مطالعہ کر کے اپنا جی بہلانے کی کوشش کرتی پھر اچانک کتاب چھوڑ کر آئینے کے سامنے کھڑی ہو جاتی اور اپنے چہرے پر وہ نقوش تلاش کرنے کی کوشش کرتی جن سے وہ میڈم بویری سے اپنا موازنہ کر سکے لیکن اس سلسلے میں اسے ہمیشہ مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا۔ اس کا احساسِ کمتری اور بھی شدید تر ہو جاتا۔

میری آندرے میں کسی کے لیے کوئی کشش نہیں تھی۔ اس نے قصبے کے ایک دو نوجوانوں سے رومان لڑانے کی کوشش بھی کی تھی لیکن وہ اپنا دامن جھٹک کر آگے بڑھ گئے تھے۔ بالآخر میری آندرے نے چرچ کی نن بننے کا فیصلہ کر لیا۔ اس کا خیال تھا کہ عبادت کے ساتھ ساتھ دنیا والوں کی نگاہوں سے اوجھل رہ کر اسے کچھ تسکین مل سکے گی۔ لیکن جب اس نے چرچ کے قوائد و ضوابط کا مطالعہ کیا تو پتا چلا کہ اس طرح وہ ہمیشہ کے لیے باقی دنیا سے کٹ جائے گی۔ اس کی دنیا صرف اور صرف چرچ کی چار دیواری تک محدود رہے گی۔ یہ سوچ کر اس نے نن بننے کا خیال ذہن سے نکال دیا۔

میری آندرے اٹھارہ سال کی تھی جب اس کے دل میں فلمی اداکارہ بننے کا خیال آیا۔ اس نے جب اپنے اس خیال کا اظہار کیا تو گھر والوں نے اس کا خوب مذاق اڑایا اور میری آندرے نے اداکارہ بننے کا خیال بھی ذہن سے نکال دیا۔ انہی دنوں اس کے باپ پر دل کا دورہ پڑا اور اس کے ساتھ ہی اسے ملازمت سے ریٹائرمنٹ لینا پڑی۔ میری آندرے کو تعلیم چھوڑ کر گھر کے اخراجات میں ہاتھ بٹانے کے لیے ملازمت کا راستہ اختیار کرنا پڑا۔ ایک سال تک میڈیکل سیکریٹری کا کورس مکمل کرنے کے بعد اسے اپنے ہی قصبے کے آرتھو پیڈک اسپتال میں ملازمت مل گئی۔ وہ دن بھر استقبالیہ کاؤنٹر پر بیٹھی اسپتال میں آنے والے مریضوں سے مغز ماری کرتی رہتی۔ اسپتال سے گھر اور گھر سے اسپتال، اس کے علاوہ میری آندرے کے لیے زندگی میں اور کوئی دلچسپی نہیں رہ گئی تھی۔

وہ اٹھائیس سال کی ہو چکی تھی۔ گھر کے اخراجات کا بوجھ اس کے بھائیوں نے سنبھال لیا تھا۔ میری آندرے کو اب اپنے گھر میں گھٹن سی محسوس ہونے لگی۔ دو بھائیوں کی شادی کے بعد ان کے بچّے چوبیس گھنٹے ہنگامہ مچائے رکھتے۔ میری آندرے کو تنہائی اور سکون کی تلاش تھی۔ اس نے اسی گلی میں ایک مختصر سا فلیٹ کرائے پر لے لیا۔ ماں سے ملنے کے لیے وہ دن میں ایک چکر گھر کا بھی ضرور لگا لیتی۔

سینٹ لیوئس میں زندگی ایک ہی ڈگر پر چل رہی تھی۔ صبح چھ بجے اٹھنا، پندرہ منٹ عبادت، آدھے گھنٹے تک بائیبل کا مطالعہ اور پھر ناشتہ اور دفتر کے لیے تیاری۔ دن بھر دفتر اور شام کو گھر۔ قصبے میں اس کے لیے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ کبھی وقت ملتا تو دریا کے کنارے آکر بیٹھ جاتی جس کے دوسرے کنارے چند میل کے فاصلے پر کیوبک سٹی کی رونقیں تھیں۔ کئی مرتبہ میری آندرے کے ذہن میں خیال آیا تھا کہ وہ کیوبک سٹی چلی جائے لیکن ہر مرتبہ اس نے یہ خیال ذہن سے جھٹک دیا تھا۔

میری آندرے بری طرح احساسِ کمتری اور تنہائی کا شکار تھی۔ اس کا زیادہ وقت کتابیں پڑھنے یا گٹار بجانے میں گزرتا۔ اس کی کیفیت اس معصوم جانور کی سی تھی جو کسی شکاری کے جال میں پھنس گیا ہو اور اسے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہ آ رہا ہو۔ وہ باقاعدگی سے چرچ بھی جا رہی تھی لیکن اسے ایک لمحہ کو بھی کبھی سکونِ قلب نصیب نہیں ہوا۔

میری آندرے کی سب سے بڑی خواہش تھی کہ وہ کوئی گاڑی خرید لے۔ اس کا خیال تھا کہ اس طرح وہ اپنی اداسی اور تنہائی کسی حد تک کم کرنے میں کامیاب ہو سکے گی لیکن گاڑی خریدنے کے لیے رقم کی ضرورت تھی اور اسپتال کی ملازمت میں بچت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ اس نے اسپتال کی نوکری چھوڑ کر میری

انٹونی ریسٹورنٹ میں ویٹریس کی حیثیت سے ملازمت اختیار کرلی، ہائی وے پر واقع اس ریسٹورنٹ میں ہر وقت گاہکوں کا ہجوم رہتا۔ میری آندرے رقم جمع کرنے کے خیال سے اپنی استطاعت سے زیادہ کام کرتی جس سے اس کی صحت متاثر ہونے لگی اور آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے پڑگئے لیکن ایک سال بعد اس کے پاس اتنی رقم جمع ہوچکی تھی کہ اس نے ایک پرانی فاکس ویگن خرید لی لیکن وہ زیادہ عرصہ تک اس گاڑی سے فائدہ نہ اٹھا سکی۔

گاڑی خریدنے کے چند ہی روز بعد میری آندرے ایک دکان سے ضرورت کی چند چیزیں خریدنے کے بعد باہر نکل ہی رہی تھی کہ اچانک دروازہ ٹوٹ کر اس کے اوپر آن گرا۔ شیشے کی کرچیاں اس کے مختلف حصّوں میں پیوست ہوچکی تھیں لیکن سب سے زیادہ ضرب بائیں گھٹنے پر آئی تھی، دروازے کی چوکھٹ کے ساتھ اکھڑنے والی ایک اینٹ اس کے گھٹنے پر لگی تھی اور شیشے کی لاتعداد کرچیاں گوشت کو چیرتی ہوئی ہڈی تک پہنچ گئی تھیں۔ خون کا فوارہ بہہ نکلا تھا۔ میری آندرے کو بے ہوشی کی حالت میں اسی اسپتال میں پہنچا دیا گیا جہاں اس نے اپنی زندگی کے دس سال ملازمت کرتے ہوئے گزارے تھے۔ ہوش آنے پر میری آندرے کو بتایا گیا کہ شیشے کی کرچیوں سے اس کی ٹانگ کی وہ نس کٹ گئی تھی جو ایڑی تک پہنچ کر پیر کو حرکت کرنے میں مدد دیتی ہے اور اب شاید اسے زندگی بھر بیساکھی کے سہارے پیر گھسیٹ کر چلنا پڑے لیکن میری آندرے نے تقدیر کا یہ فیصلہ قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

”میں اپاہج بن کر زندگی نہیں گزار سکتی،“ اس نے پُرعزم لہجے میں کہا ”میں اسی پیر پر چل کر یہ ثابت کر دوں گی کہ اگر قوّتِ ارادی ہو تو تقدیر بھی اسے نہیں جھکا سکتی۔“

اور واقعی میری آندرے نے یہ ثابت کر دکھایا کہ اگر قوتِ ارادی مضبوط ہو تو انسان تقدیر کے فیصلے بدل سکتا ہے۔ مسلسل ایک سال تک اسپتال کے علاج کے ساتھ وہ اپنے طور پر بھی کوشش کرتی رہی۔ وہ کرسی پر بیٹھی پیر کو حرکت دیتی رہتی اور بالآخر وہ اٹھ کر چلنے لگی۔ اس کے پیر میں اگرچہ ہلکی سی لنگڑاہٹ آگئی تھی لیکن بہرحال یہ اپاہج پن سے بہتر تھی۔ رفتہ رفتہ یہ لنگڑاہٹ بھی کم ہوگئی اور وہ اپنی زندگی کے معمولات پر لوٹ آئی۔ اس نے ایک بار پھر اسپتال کی ملازمت کرلی تھی۔ وہ دن بھر مریضوں کی دیکھ بھال کرتی اور فارغ اوقات میں اپنی کار ڈرائیو کرتی ہوئی شہر سے دور نکل جاتی۔

اور پھر میری آندرے کی زندگی میں وہ دن بھی آگیا جس کا اسے بڑی مدّت سے انتظار تھا۔ برنارڈ سے ملاقات نے اسے زندگی کے بارے میں از سرِ نو سوچنے پر مجبور کر دیا۔ برنارڈ عمر میں اس سے چند سال بڑا تھا جس کے سر کے بال بڑی تیزی سے گر رہے تھے۔ وہ ایک سرکاری دفتر میں بک کیپر تھا۔ اس کی گفتگو بھی زیادہ تر اپنے کاروباری امور ہی سے متعلق ہوتی۔ برنارڈ اگرچہ میری آندرے کے خوابوں کا شہزادہ نہیں تھا لیکن وہ پہلا شخص تھا جس نے اس کے دروازے پر دستک دی تھی۔

ان کی دوستی کو دو تین سال گزر گئے۔ اب وہ ایک دوسرے کو اچھی طرح سمجھنے لگے تھے۔ بالآخر انہوں نے شادی کا فیصلہ کرلیا اور تاریخ بھی طے ہوگئی لیکن صرف ایک ہفتہ پہلے باہمی مشورے سے انہوں نے شادی کا پروگرام ملتوی کر دیا۔ کچھ عرصہ بعد جب دوبارہ شادی کا مسئلہ اٹھا تو میری آندرے نے بلاجھجک کہہ دیا کہ وہ شادی نہیں کرنا چاہتی کیونکہ برنارڈ سے اسے سرے سے محبت ہی نہیں تھی۔ اس کا یہ جواب سن کر برنارڈ کے ہونٹوں پر بھی مسکراہٹ آگئی۔

”میں بھی کچھ ایسا ہی محسوس کر رہا ہوں،“ اس نے میری آندرے کی طرف دیکھے بغیر کہا۔

سینٹ لیوئس کے ہر شخص کو توقع تھی کہ وہ دونوں بہت جلد ازدواجی رشتے میں بندھ جائیں گے لیکن میری آندرے اور برنارڈ نے یہ زنجیریں پہننے کے بجائے بے لوث دوستی کو ترجیح دی تھی۔ ایک رات وہ دونوں میری انٹونی نامی اسی ریسٹورنٹ میں بیٹھے ہلکی شراب کی چسکیاں لے رہے تھے جہاں میری آندرے ویٹریس کی حیثیت سے ملازمت بھی کرچکی تھی۔ یہ اس علاقے کا واحد ریسٹورنٹ تھا جہاں تفریح کے چند لمحات میسّر آسکتے تھے۔ مشروب کی چسکیاں لیتے ہوئے میری آندرے کے ذہن میں اچانک ہی خیال آیا تھا کہ کیوں نہ وہ لمبی تفریح کے لیے کچھ عرصہ کے لیے شہر سے باہر چلے جائیں۔ برنارڈ نے بھی اس کے اس خیال کی تائید کرتے ہوئے تجویز پیش کی تھی کہ انہیں نہ صرف شہر بلکہ ملک سے باہر جانا چاہیے۔ دنیا کی سیاحت کے خیال سے میری آندرے کی آنکھوں میں عجیب سی چمک ابھر آئی تھی۔ اس کے پاس دس ہزار ڈالر کی وہ رقم محفوظ تھی جو دکان میں پیش آنے والے حادثے کے بعد عدالت کے توسط سے اسے ملی تھی۔ اس کا خیال تھا کہ کم از کم آدھی رقم بچا کر بھی وہ اپنی سیاحت کا شوق پورا کرلے گی۔ وہ بہت عرصہ سے مشرق کے بارے میں پُراسرار قصے کہانیاں پڑھتی رہی تھی۔ اسے ہندوستان دیکھنے کا زیادہ شوق تھا۔ تاج محل کے بارے میں بہت کچھ سن چکی تھی۔ محبت کی اس لافانی یادگار کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتی تھی۔

”ٹھیک ہے،“ برنارڈ نے تائید کرتے ہوئے کہا ”ہم سب سے پہلے ہندوستان چلیں گے اس کے بعد ہانگ کانگ اور بنکاک۔“

ان کا وہ ایک ہفتہ بہت مصروفیت کے عالم میں گزرا۔۔۔

میری آندرے نے جب اپنے گھر والوں کو بتایا کہ وہ ہندوستان کی سیاحت کے لیے جا رہی ہے تو سننے والے دنگ رہ گئے۔ اس کے ٹھیک ایک ہفتہ بعد جب مونٹریال کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے ان کے جہاز نے ٹیک آف کیا تو میری آندرے کھڑکی سے باہر جھانکتے ہوئے دل



میں عجیب سی کیفیت محسوس کر رہی تھی۔

اور اب وہ دنیا کی اس حسین ترین وادی کی آغوش میں تھی۔ کشمیر کے بارے میں اس نے کسی میگزین میں پڑھا ضرور تھا لیکن یہ خطہ تو اس کے خوابوں سے بھی زیادہ حسین ثابت ہوا تھا۔ وہ رات بھر اپنے بستر پر لیٹی یہی سب کچھ سوچتی رہی۔ اس نے برنارڈ کی طرف دیکھا جو بے خبر سو رہا تھا۔ میری آندرے چپکے سے اٹھ کر کمرے سے باہر آگئی۔ چاندنی رات میں جھیل کا منظر بہت پُراسرار تاثر دے رہا تھا۔ خوشبو سے لدی ہوئی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے اس کے جسم سے ٹکرا رہے تھے۔ سردی سے اس کے جسم پر کپکپی سی طاری ہونے لگی اور وہ زیادہ دیر تک اس منظر سے لطف اندوز نہ ہوسکی۔

کمرے میں واپس آکر بھی وہ بہت دیر تک اس پُرفسوں وادی کے بارے میں سوچتی رہی۔ پھر اچانک اس کے تصوّر میں ایلین گوتھر کا چہرہ ابھر آیا لیکن وہ ایلین کے بارے میں زیادہ دیر تک نہ سوچ سکی۔ اس کی آنکھیں نیند سے بوجھل ہو رہی تھیں۔

شور کی آواز سے جین کی آنکھ کھل گئی۔ وہ خوابیدہ ذہن سے ان آوازوں کے بارے میں سوچنے لگی جو چاروں طرف سے آتی ہوئی محسوس ہو رہی تھیں۔ اس نے لپک کر کھڑکی کھول دی۔ برف پوش پہاڑ کی مشرقی چوٹی کی اوٹ سے سورج طلوع ہو رہا تھا۔ جھیل کے نیلگوں پانی میں نرم دھوپ کی مچلتی ہوئی کرنیں عجیب دلفریب منظر پیش کر رہی تھیں۔ وہ ان چھوٹی چھوٹی کشتیوں کی طرف متوجہ ہوگئی جو ہاؤس بوٹ سلطان اور اس جیسی دوسری رہائشی کشتیوں کو گھیرے میں لیے ہوئے تھیں۔ ایک کشتی میں تازہ پھولوں کے گلدستے لدے ہوئے تھے اور پھول بیچنے والی بوڑھی کشمیری عورت کا جھریوں بھرا چہرہ پھولوں کے پیچھے تقریباً چھپ کر رہ گیا تھا۔ دوسری کشتی میں تازہ تندوری نان بھرے ہوئے تھے۔ نوعمر لڑکی ہر بجرے کے قریب پہنچ کر بڑے دلکش انداز میں آواز لگا رہی تھی۔ اس کے قریب ہی دوسری کشتی پر سبز چائے، تلی ہوئی مچھلی، پکوڑے اور کباب وغیرہ کی دکان سجی تھی۔ ایک اور کشتی پر ادویات وغیرہ نظر آرہی تھیں جبکہ لانڈری کی ایک کشتی بھی موجود تھی۔ جین کے لیے یہ منظر خاصا دلچسپ ثابت ہوا۔ یہ گویا تیرتا ہوا بازار تھا جو بجروں پر مقیم سیاحوں کو ان کی ضرورت کی اشیا فراہم کرنے کے لیے لگایا گیا تھا۔

جین ابھی یہ سب کچھ دیکھ ہی رہی تھی کہ کمرے کا دروازہ کھلا اور ایلین گوتھر اندر گھس آیا۔ اس کے جسم پر نیکر کے سوا کچھ نہیں تھا البتہ گردن پر نیلے رنگ کا تولیہ لپیٹ رکھا تھا۔ جین اسے اس حلیے میں دیکھ کر حیران سی رہ گئی۔

”میرے کمرے کے باتھ روم کا نل خراب ہے۔ اگر اجازت ہو تو تمہارا باتھ روم استعمال کرلوں؟“ ایلین گوتھر نے جین کی طرف دیکھتے ہوئے کہا اور پھر جواب کا انتظار کیے بغیر باتھ روم میں گھس گیا۔ تقریباً آدھے گھنٹے بعد جب وہ باہر نکلا تو اس کے چہرے سے داڑھی غائب تھی۔ اس نے نہ صرف کرسٹن کا شیونگ کا سامان اور آفٹر شیو لوشن بے تکلفی سے استعمال کیا تھا بلکہ جین کے استعمال کی ایک دو چیزوں پر بھی ہاتھ صاف کر دیا تھا۔ تھوڑی دیر بعد وہ سب لوگ بجرے کے عرشے پر بیٹھے ناشتہ کر رہے تھے۔ میری آندرے بار بار کن انکھیوں سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی لیکن ایلین گوتھر کی توجہ جین پر تھی۔ وہ ہر بات میں اسی کو مخاطب کر رہا تھا۔

”مجھے تو لگتا ہے یہ تم پر ڈورے ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے“، کرسٹن نے جین کی طرف جھکتے ہوئے سرگوشی کی۔

جین کے حلق سے بے اختیار قہقہہ ابل پڑا اور پھر اگلے چند روز میں یہ بات ثابت ہوگئی کہ کرسٹن نے غلط نہیں کہا تھا۔ ایلین گوتھر واقعی جین پر ڈورے ڈالنے کی کوشش کر رہا تھا جبکہ میری آندرے ایلین میں دلچسپی لے رہی تھی اور برنارڈ خاموش تماشائی کی طرح یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا۔

ناشتے کے کچھ ہی دیر بعد وہ لوگ وادی کی تفریح کو نکل گئے۔ کرائے کے خچروں پر تقریباً ایک گھنٹہ چلتے رہنے کے بعد وہ ایسی جگہ پہنچ گئے جہاں ایک طرف سلسلۂ ہمالیہ کی فلک بوس چوٹیاں تھیں اور دوسری طرف نشیب میں تاحدِ نگاہ کشمیر کی جنّت نظیر وادی پھیلی ہوئی تھی۔ ان کے دائیں طرف سطحِ سمندر سے آٹھ ہزار سات سو فٹ کی بلندی پر گولف کا وہ میدان تھا جسے دنیا کا سب سے بڑا گولف کورس ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ ایلین گوتھر زیادہ تر جین ہی سے مخاطب رہا تھا۔ اسی دوران ایک دو مرتبہ میری آندرے نے اس کی توجہ حاصل کرنے کی کوشش کی تھی مگر کامیاب نہیں ہوسکی تھی۔

ایلین گوتھر کی شخصیت ان سب کے لیے خاصی پُراسرار ثابت ہو رہی تھی۔ وہ اکثر کئی کئی گھنٹے غائب رہتا اور جب واپس آتا تو کسی کے پوچھے بغیر خود ہی بتا دیتا کہ وہ بزنس کے سلسلے میں مصروف تھا۔ ایک رات، جبکہ ایلین گوتھر غائب تھا، جین اور میری آندرے وغیرہ بازار میں سیر کرتے ہوئے جیسے ہی ایک ریسٹورنٹ میں داخل ہوئے ایلین گوتھر کو دیکھ کر وہ سب چونکے بغیر نہیں رہے تھے۔ وہ اکیلا نہیں تھا۔ اس کے ساتھ تین لڑکیاں بھی تھیں۔ دو برطانوی اور ایک چینی۔ تینوں کا تعلق نوجوان نسل کے اس بگڑے ہوئے طبقے سے تھا جنہیں حشیش اور دیگر منشیات کی طلب مشرق کی طرف کھینچ لاتی ہے۔ وہ چاروں اپنی اپنی جگہ پر آگے کو جھکے ہوئے سرگوشیانہ لہجے میں باتیں کر رہے تھے۔ میری آندرے نے ایلین کو آواز دی تو وہ اس طرح چونک گیا تھا جیسے ان کی آمد اس کے لیے قطعی غیر متوقع نہ رہی ہو۔ جین اور کرسٹن وغیرہ کے لیے ایلین کا اس طرح

دوسری لڑکیوں کے ساتھ نظر آنا کوئی حیرت انگیز بات نہیں تھی لیکن میری آندرے کے چہرے پر کرب کے تاثرات صاف دیکھے جاسکتے تھے۔

جین کے لیے ایک اور بات حیرت کا باعث بنی ہوئی تھی۔ دادی کی تفریح کے دوران اس نے کئی مرتبہ صرف ایلین گوتھر یا گروپ کی تصویر کھینچنا چاہی تھی لیکن ہر مرتبہ ایلین یا تو بڑی خوبصورتی سے کیمرے کی آنکھ سے اوجھل ہوگیا تھا یا اس نے لپک کر جین سے کیمرہ لے لیا تھا کہ پیشہ ور فوٹو گرافر ہونے کی حیثیت سے وہ بہتر تصویریں لے سکتا ہے۔ ایک موقع پر جین نے بڑی ہوشیاری کا ثبوت دیتے ہوئے ایلین گوتھر کی ایک تصویر کھینچ لی تھی لیکن جب فلم دھلی تو یہ حیرت انگیز انکشاف ہوا کہ اس رول کی تمام تصویریں بالکل ٹھیک تھیں مگر ایلین والی تصویر اس طرح خراب ہوگئی تھی کہ اس کے چہرے کو شناخت کرنا ممکن نہیں رہا تھا۔

وہ بجرے پر ان کی آخری رات تھی۔ کھانا لگ چکا تھا صرف ایلین کا انتظار تھا کچھ دیر بعد جب وہ نمودار ہوا تو جین اسے دیکھ کر ششدر سی رہ گئی ........ اس نے اسکاچ وھسکی کی ایک بوتل میز پر رکھتے ہوئے یہ اعلان کیا کہ آج رات وہ جشن منائیں گے۔ سب لوگوں نے ایک ایک دو دو گھونٹ پیے مگر میری آندرے جام پر جام چڑھاتی چلی گئی۔ وھسکی نے جلد ہی رنگ دکھانا شروع کردیا اور میری آندرے اٹھ کر ناچنے لگی۔ اس نے پاگلوں کی طرح رقص شروع کردیا تھا۔ برنارڈ نے اسے بازو سے پکڑ کر کمرے میں لے جانا چاہا مگر میری آندرے ہوا کے گھوڑے پر سوار تھی۔ اس نے برنارڈ کے منہ پر تھپڑ رسید کردیا۔ برنارڈ چند لمحے اسے گھورتا رہا پھر پیر پٹختا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا۔ کچھ دیر بعد جین اور کرسٹن بھی اپنے کمرے میں چلے گئے۔ جین کو امید تھی کہ صبح انہیں ان تینوں میں سے کسی کی لاش ضرور نظر آئے گی مگر اس کے یہ خدشات بے بنیاد نکلے۔ ان دونوں کے آنے کے کچھ ہی دیر بعد ایلین گوتھر بھی میری آندرے کو چھوڑ کر کشتی سے چلا گیا تھا۔ جین اپنے کمرے میں بیٹھی میری آندرے کے رونے اور چیخنے کی آواز سنتی رہی۔

"اس شخص کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔" کرسٹن نے جین کی طرف دیکھتے ہوئے سرگوشی کی۔ "وہ میری آندرے کے گرد ایک ایسا حصار قائم کررہا ہے جس سے نکلنا اس کے لیے ممکن نہیں ہوگا۔"

دوسرے دن سہ پہر کو جب وہ سری نگر سے دہلی کے لیے روانہ ہوئے تو ائیرپورٹ کی عمارت کے باہر ایک چھوٹے سے بک اسٹال کے سامنے سے گزرتے ہوئے جین بری طرح چونک گئی۔ اس نے جلدی سے آگے بڑھ کر وہ اخبار اٹھالیا جس کے پہلے ہی صفحہ پر اس چینی لڑکی کی تصویر نظر آرہی تھی جسے دو تین روز قبل وہ ایلین گوتھر کے ساتھ ریسٹورنٹ میں دیکھ چکی تھی۔ اخبار کی اطلاع کے مطابق یہ چینی لڑکی اپنے کمرے میں مردہ پائی گئی تھی اور اس کے سامان سے اس کا پاسپورٹ، ٹریولرز چیک اور نقدی وغیرہ غائب تھی۔ جین نے اپنے ساتھیوں کی طرف دیکھا، وہ کافی آگے نکل چکے تھے۔ اس کے دماغ میں سنسناہٹ سی ہورہی تھی۔ وہ تیز تیز قدم اٹھاتی ہوئی اپنے ساتھیوں سے جا ملی۔

ایک رات دہلی میں گزارنے کے بعد وہ صبح سویرے تاج محل ایکسپریس سے آگرہ کے لیے روانہ ہوگئے۔ راستے میں ایلین گوتھر انہیں تاج محل کے بارے میں بتاتا رہا۔ میری آندرے کے لیے اس کا ایک ایک لفظ حیرت انگیز تھا۔ آگرے میں تاج محل کی سیر کے دوران بھی میری آندرے، ایلین گوتھر سے چپکی رہی۔ جین کو اس کے پاگل پن پر افسوس بھی ہورہا تھا جو کسی پتھر سے سر ٹکرا رہی تھی۔

دو دن آگرہ میں رہنے کے بعد وہ پھر دہلی آگئے۔ اگلے دن جین اور کرسٹن کو ہندوستان سے رخصت ہوجانا تھا۔ اس رات جب ایلین گوتھر نے اس سے تنہائی میں ملاقات کی درخواست کی تو جین کے لیے یہ بات خلاف توقع نہیں تھی۔

"میں ایک کاروباری معاملے میں تم سے بات کرنا چاہتا ہوں لیکن کرسٹن کو ہماری اس ملاقات کا علم نہیں ہونا چاہیے۔" ایلین نے اس کے کان میں سرگوشی کی۔

جین کے ہونٹوں پر معنی خیز مسکراہٹ آگئی۔ اسے یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ ایلین گوتھر اس سے سری نگر اور آگرے میں اپنی خدمات کا معاوضہ وصول کرنا چاہتا تھا۔ اس نے جب کرسٹن کو اس صورت حال سے آگاہ کیا تو اس کی پیشانی پر سلوٹیں ابھر آئیں۔

"محتاط رہنا۔ یہ شخص انتہائی گہرا اور بہت خطرناک ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ موقع سے کوئی فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گا۔" کرسٹن نے کہا۔

"مطمئن رہو۔" جین کے ہونٹوں پر معنی خیز مسکراہٹ آگئی "پیرس کی میٹرو میں سفر کے دوران صبح سے شام تک ایسے بیسیوں اوباش ٹکراتے ہیں۔ اگر اس نے کوئی ایسی ویسی حرکت کی تو ایسا سبق سکھاؤں گی کہ زندگی بھر یاد رکھے گا۔"

اسی رات جین دہلی کے قلب کناٹ پیلس میں واقع سیلر نائٹ کلب میں داخل ہورہی تھی۔ تیسرے درجے کا یہ نائٹ کلب ان غیرملکی سیاحوں میں خاصی شہرت رکھتا ہے جو سیاحت سے زیادہ منشیات کے حصول کے لیے دہلی کا رخ کرتے ہیں۔ نیم تاریک ماحول میں دہلی کے شرفا بھی اس کلب کی خدمات سے خاطر خواہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اس میں ایسے مختصر کیبن بھی موجود ہیں جو ضرورت مندوں کو بھاری معاوضے پر دو تین گھنٹوں کے لیے دے دیے جاتے ہیں۔ کلب کی انتظامیہ اپنے گاہکوں کا بہت خیال رکھتی ہے۔ ان کی ملی بھگت سے اوّل تو پولیس اس طرف کا رخ ہی نہیں کرتی اور اگر کبھی پولیس آ بھی جائے تو معزز گاہکوں کو خفیہ دروازے سے نکال دیا

یہیں گزار دوں گی ۔"

"لیکن شاید کبھی ....."

"نہیں ۔" میری آندرے نے اُس کی بات کاٹ دی۔ اُسے یقین تھا کہ اب وہ کبھی چارلس سے نہیں مل سکے گی۔ اس کی یادوں ہی کو سینے سے لگائے زندگی گزار دے گی ۔

میری آندرے کو اپنے گھر پہنچے ہوئے بمشکل ایک ہفتہ ہوا ہوگا کہ چارلس کا پہلا خط ملا۔ لفافے پر بنکاک کی مہر تھی۔ اندر سے برآمد ہونے والے کاغذ پر ایک مختصر سی نظم کے سوا اور کچھ نہیں تھا۔ اس نظم کا ایک ایک لفظ میری آندرے کے دل میں اُتر گیا۔ چارلس نے لفظوں کی آڑ میں بڑی خوب صورتی سے اپنے جذبات کی عکاسی کی تھی۔ ان خوب صورت لفظوں کی حلاوت ابھی میری آندرے کے ذہن سے محو نہیں ہوئی تھی کہ چارلس کا دوسرا خط پہنچ گیا۔

"دل کی دھڑکن ۔ میری آندرے!

تمہارے جانے کے بعد زندگی کا ایک ایک لمحہ محال ہو رہا ہے۔ یہ جدائی جانگسل ثابت ہو رہی ہے۔ لیکن مجھے یقین ہے، اپنی محبت پر اعتماد ہے کہ یہ جدائی دیرپا ثابت نہیں ہوگی۔ میں تمہارا انتظار کر رہا ہوں۔ میری زندگی میں جو خلا پیدا ہو گیا ہے، اُسے صرف اور صرف تم ہی پُر کر سکتی ہو۔ اب اور انتظار مت کراؤ۔ آجاؤ۔"

چارلس !

میری آندرے کے نام آنے والے خطوط کا تانتا بندھ گیا۔ ایک ایک دن میں بارہ بارہ خطوط آنے لگے جن پر مختلف ممالک کے ڈاک خانوں کی مہر ثبت ہوتی اور پھر ٹیلی فون کالز کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو گیا۔ دفتر یا گھر، وہ کہیں بھی ہوتی اُسے فون مل جاتا۔ ایک دن بنکاک سے کال ملتی تو دوسرے دن آپریٹر ہندوستان سے کال کی اطلاع دیتی۔ پھر سری لنکا، کھٹمنڈو اور کبھی ہانگ کانگ۔ دُنیا کے ان دور دراز خطوں سے سُنائی دینے والی چارلس کی آواز اس پر سحر سا طاری کر دیتی۔ میری آندرے نے اپنی تمام تر سرگرمیاں ختم کر دی تھیں۔ چارلس کے نام کے علاوہ اُسے دنیا کی کسی چیز سے دلچسپی نہیں رہی تھی۔ اسپتال سے چھٹی ہوتے ہی وہ سیدھی گھر بھاگتی جہاں لاتعداد خطوط اُس کے منتظر ہوتے۔ وہ ٹیلی فون کے پاس بیٹھی خطوط پڑھتی رہتی اور جیسے ہی فون کی گھنٹی بجتی، وہ لپک کر ریسیور اٹھا لیتی۔ چارلس کی فون کالز اور خطوط اُس کی زندگی کا محور بن کر رہ گئے تھے۔

"میرے خوابوں کی حسین تعبیر، میری آندرے!

تم ابھی تک شاید میری محبت کی شدت کا اندازہ نہیں لگا سکیں۔ تمھیں یہ بھی علم نہیں ہوگا کہ میں کس طرح جدائی کے انگاروں پر لوٹ رہا ہوں۔ میرے صبر کا پیمانہ اب چھلکنے ہی والا ہے۔ اگر تم جلدی آجاؤ تو ہم فلپائن کے خوب صورت ترین جزیرے پر چھٹیاں گزارنے چلیں گے۔ جزیرے کے ساحل پر درختوں کے جُھنڈ میں خوب صورت ولا ہمارا منتظر ہے۔ ہم ناریل کے اُونچے درختوں کے سائے میں بیٹھ کر مستقبل کے منصوبے بنائیں گے۔ تم جب تک نہیں آؤ گی میں اسی طرح فراق کے الاؤ میں جلتا رہوں گا۔

چارلس !"

اُس کے تیسرے ہی دن میری آندرے کو ایک اور خط ملا۔

"دل کی دھڑکن، میری آندرے !

تنہائی اب کاٹ کھانے کو دوڑتی ہے۔ تمہارے بغیر ایک لمحے کو بھی سکون نہیں ملتا۔ میں تمھیں کس طرح ٹوٹ کر چاہتا ہوں، اس کا اندازہ تمھیں یہاں آنے کے بعد ہی ہوگا۔ تم دیکھو گی کہ میں کس طرح تمھیں اپنے سامنے بٹھا کر تمہاری پوجا کرتا ہوں، اور ہاں، میں نے تمہارے لیے تھائی لینڈ کے خالص ریشم کے گاؤن بنوانے کا آرڈر دے دیا ہے۔ سُرخ اور فیروزی رنگ کے یہ گاؤن تمہارے حسن میں چار چاند لگا دیں گے۔ آج میں ایک جوہری کے پاس جا رہا ہوں تاکہ تمہارے لیے قیمتی پتھروں کے جڑاؤ نیکلس بریسلیٹ، انگوٹھی اور ایئر رنگز کا آرڈر دے سکوں۔ مجھے یقین ہے کہ تمہارے آنے تک یہ ساری چیزیں تیار ہوں گی۔ بس تمہارے آنے کی دیر ہے۔

چارلس ۔"

میری آندرے کی زندگی اتھل پتھل ہو کر رہ گئی۔ وہ دریا کے کنارے گھنٹوں بیٹھی چارلس کے بارے میں سوچتی رہتی۔ جس نے اُسے ایک دوراہے پر لا کھڑا کیا تھا۔ اُسے سری نگر میں بجرے پر گزرے ہوئے وہ لمحات یاد آ رہے تھے۔ اس ایک ہفتے کے دوران چارلس نے ایک مرتبہ بھی اس کی طرف نظر بھر کر نہیں دیکھا



تھا۔ اس کے برعکس وہ جین کے آگے پیچھے پھر تا رہا تھا یا اُس کی توجہ کی مرکز وہ تین ہپی لڑکیاں تھیں جنھیں وہ ایک مرتبہ ریسٹورنٹ میں چارلس کے ساتھ دیکھ چکی تھی۔ سری نگر سے دہلی آنے کے بعد بھی چارلس نے کبھی اُسے قابلِ توجہ نہیں سمجھا تھا لیکن جیسے ہی جین ہندوستان سے رُخصت ہوئی، چارلس غیر متوقع طور پر اُس کی طرف جھکتا چلا گیا۔ برنارڈ کی موجودگی کے باوجود وہ موقع پا کر اس کے کان میں کوئی نہ کوئی میٹھی سرگوشی کر دیتا یا ٹیکسی وغیرہ میں بیٹھتے ہوئے جان بوجھ کر اس کے ہاتھ یا جسم کے کسی حصّے کو چھو لیتا اور ظاہر یہ کرتا کہ ایسا محض اتفاقی طور پر ہوا ہے۔ پھر کھٹمنڈو کی سیاحت کے دوران چارلس کو اس کے اور قریب آنے کا موقع مل گیا تھا۔........ اُس سہانی شام کے ایک ایک لمحے کی تفصیل اس کے ذہن پر نقش تھی لیکن اُسے یاد نہیں آ رہا تھا کہ اس شام چارلس نے اُس کی محبت کے اعتراف میں زبان سے بھی کچھ کہا تھا یا نہیں لیکن اب اُس کے خطوط کا ایک ایک لفظ محبت کی چاشنی میں لپٹا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔ وہ چارلس کی اس تبدیلی کی کوئی منطقی وجہ تلاش کرنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن اس کا ذہن اس قدر اُلجھا ہوا تھا کہ کوئی بات سمجھ میں نہیں آ رہی تھی۔

دوسرے روز میری آندرے کو چارلس کا ٹیلیگرام ملا جس میں پیش کش کی گئی تھی کہ اگر وہ بنکاک آنے کے لیے تیار ہو تو چارلس اُسے ہوائی جہاز کا دو طرفہ ٹکٹ بھیج سکتا ہے۔ اسی رات حسبِ توقع کال آ گئی۔ میری آندرے نے لپک کر ریسیور اُٹھا لیا۔

"تم ٹیلی گرامز اور ٹیلی فون کالز پر اتنی رقم برباد کیوں کر رہے ہو؟" چند رسمی جملوں کے تبادلے کے بعد میری آندرے نے کہا۔

"میں تم سے محبت کرتا ہوں میری! یہ دولت میرے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔" چارلس نے جواب دیا۔ "میں تمھارا انتظار کر رہا ہوں۔ میں تنہائی کے جس کرب میں مبتلا ہوں تم اندازہ نہیں لگا سکتیں۔"

تقریباً پندرہ منٹ کی گفتگو کے بعد لائن کٹ گئی میری آندرے عجیب سی اُلجھن کا شکار تھی۔ اس کی قوّتِ فیصلہ جواب دے چکی تھی۔ اس نے دوسرے دن ڈینس کو اپنے فلیٹ پر بلا لیا اور کچھ کہے بغیر چارلس کے تمام خطوط اس کے سامنے ڈھیر کر دیے۔ خطوط پڑھتے ہوئے ڈینس کے چہرے کے تاثرات ہر لحظہ تبدیل ہو رہے تھے۔

"یہ خطوط پڑھ کر دُنیا کی کوئی بھی عورت اپنے چاہنے والے کی صداقت سے انکار نہیں کر سکتی۔" ڈینس اُس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے بولی۔ "تم نے کیا سوچا ہے؟"

"کچھ نہیں۔" شدتِ جذبات سے میری آندرے کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ "میں عجیب سی اُلجھن کا شکار ہوں۔ کوئی فیصلہ کرنا میرے بس میں نہیں رہا۔"

ڈینس کسی حد تک اُس کی اندرونی کیفیت سے آگاہ تھی، لیکن فوری طور پر وہ بھی کوئی مشورہ نہ دے سکی۔ اس سے اگلے دن میری آندرے نے ایک پُرانے دوست سے رابطہ قائم کیا۔ بوون وکیل تھا اور کئی سال پہلے جب میری آندرے دُکان کا دروازہ گرنے سے زخمی ہوئی تھی تو بوون معاوضے کے حصول کے سلسلے میں اس کی مدد کر چکا تھا۔ دراصل یہ بوون ہی کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ میری آندرے کو اس حادثے کے نتیجے میں معاوضے کے طور پر دس ہزار ڈالر مل گئے تھے۔ اس واقعے کے بعد سے ان دونوں میں دوستی کا ایک ناتا قائم ہو گیا تھا اور وہ وقتاً فوقتاً ایک دوسرے سے ملتے رہتے تھے، اور میری آندرے کے خیال میں اس وقت بھی بوون ہی اُسے کوئی بہتر مشورہ دے سکتا تھا۔ وہ دونوں اسی ریسٹورنٹ میں آ گئے جہاں تقریباً دس سال پہلے میری آندرے ویٹریس کی حیثیت سے کام کر چکی تھی۔

بوون کو یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی تھی کہ میری آندرے کسی خاص موضوع پر بات کرنا چاہتی ہے لیکن وہ کریدنے کے بجائے اُسے خود اپنے الفاظ میں بات کرنے کا موقع دینا چاہتا تھا۔ بوون کے خیال میں وہ ایک سلجھی ہوئی لڑکی تھی۔ اس نے آج تک جو کمایا تھا کھا کر دکھایا تھا۔ وہ باقاعدگی سے چرچ جاتی اور ماں باپ کی خدمت میں کسر نہ اٹھا رکھتی۔ اس کے جاننے والوں میں بھی اُسے اچھی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ بوون کے خیال میں میری آندرے کی زندگی میں صرف شوہر کی کمی تھی۔ وہ تیس سال کی ہو چکی تھی۔ اور گزرنے والا ہر دن اُسے بڑھاپے کی طرف لے جا رہا تھا۔

رم کی چسکیوں کے دوران میری آندرے اُسے اپنی سیاحت کے حالات سُناتی رہی وہ چند لمحے خاموش رہی اور پھر غبارے کی طرح پھٹ پڑی۔ اس نے چارلس کے تمام خطوط بوون کے سامنے رکھ دیے اور اپنے جذبات پر قابو پانے کی کوشش کرتے ہوئے بولی۔

"تمھاری کیا رائے ہے۔ اگر میں بنکاک کے لیے چارلس کی پیش کش قبول کر لوں تو مجھے کیا نقصان ہو سکتا ہے؟" وہ چند لمحے سوالیہ نگاہوں سے اُس کی طرف دیکھتی رہی پھر خود ہی اپنے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے بولی "میری نوکری ہی جائے گی نا۔

لیکن مجھے یقین ہے کہ واپس آ کر مجھے کوئی نہ کوئی اور نوکری مل جائے گی۔ میرے پاس دو ہزار ڈالر کی رقم موجود ہے اور چارلس کا بھیجا ہوا واپسی کا ٹکٹ بھی موجود ہوگا۔ اگر اس کے یہ سارے دعوے غلط نکلے تو میں خاموشی سے واپس چلی آؤں گی۔"

بوون سکون و اطمینان سے اُس کی باتیں سنتا رہا۔ وہ جواب میں کسی جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہتا تھا۔ چارلس کی محبت کے بارے میں میری آندرے کا یہ انکشاف اس کے لیے چونکا دینے والا نہیں تھا۔ یہ کہانی تو جنگل کی آگ کی طرح پورے قصبے میں پھیلی ہوئی تھی۔ ہر محفل میں اُسی کا تذکرہ تھا۔ مختلف زبانوں پر مختلف باتیں تھیں۔ کوئی کہتا میری آندرے مشرق کے ایک کروڑ پتی کو گھائل کر کے تڑپتا چھوڑ آئی ہے۔ ایک طرف سے یہ آواز بھی سُننے میں آئی تھی کہ ہندوستان کا ایک مہاراجہ میری آندرے کی محبت کا اسیر ہو چکا ہے اور اب وہ اسے اپنی مہارانی بنانا چاہتا ہے۔

بوون اُس کے چہرے پر نظریں جمائے سوچ رہا تھا کہ چارلس کو میری آندرے میں ایسی کون سی چیز پسند آ گئی تھی، جو اس کے لیے اس طرح بے چین ہو رہا تھا۔ حالاں کہ میری آندرے کا شمار ان لڑکیوں میں ہوتا تھا جو کسی لحاظ سے بھی جنسِ مخالف کو متاثر نہیں کر سکتیں۔ ڈھلتی ہوئی عمر اور شکل و صورت بھی ایسی واجبی سی کہ کوئی مرد ایک مرتبہ دیکھنے کے بعد اس کے چہرے پر دوسری نظر ڈالنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا، اگر اس کی صورت ہی اچھی ہوتی تو اب تک اسی قصبے کا کوئی نہ کوئی نوجوان اسے پسند کر چکا ہوتا مگر وہ راندۂ درگاہ تھی اور اُسے حیرت تھی کہ چارلس نے اُسے کیسے پسند کر لیا تھا مگر بوون میری آندرے کے سامنے ان خیالات کا اظہار کر کے اس کی دل شکنی نہیں کرنا چاہتا تھا لیکن اتنا وہ جانتا تھا کہ وہ جو بھی مشورہ دے گا میری آندرے اس پر بلا چون و چرا عمل کر ڈالے گی۔

"ہاں واقعی تمھارا کیا نقصان ہو سکتا ہے۔" وہ بالآخر مسکراتے ہوئے بولا۔ "البتہ یہ مشورہ ضرور دوں گا کہ بنکاک پہنچنے کے بعد اگر تمھیں چارلس کے بارے میں ذرا بھی شبہ ہو کہ وہ منشیات کے کاروبار یا کسی اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہے جس سے تمھارا نام بھی پولیس کے ریکارڈ پر آنے کا احتمال ہو تو پہلی فرصت میں اس سے پیچھا چھڑا کر واپس آنے کی کوشش کرنا۔ تھائی لینڈ میں فوج کی حکمرانی ہے۔ سول قانون بھی فوجی قوانین کے سامنے بے بس ہوتا ہے۔ کسی گڑبڑ کی صورت میں وہاں کا کوئی وکیل بھی تمھاری کوئی مدد نہیں کر سکے گا۔"

"لیکن ــ چارلس کو منشیات یا غیر قانونی سرگرمیوں سے کوئی دلچسپی نہیں۔" میری آندرے نے اس کے خاموش ہونے پر مسکراتے ہوئے کہا۔ "اُس کا بزنس پوری دُنیا میں پھیلا ہوا ہے۔ وہ کروڑ پتی ہے۔ اُسے یقیناً ایسی چیزوں سے کوئی دلچسپی نہیں ہو سکتی جو اُس کے کاروبار میں اُلجھن کا باعث بنتی ہوں۔"

"ٹھیک ہے۔" بوون بھی مسکراتے ہوئے بولا۔ "اگر ایسا ہے تو میں تمھیں مبارک باد دیتا ہوں۔"

میری آندرے کو مبارک باد دیتے ہوئے بھی بوون سوچ رہا تھا کہ کروڑ پتی چارلس کو میری آندرے میں ایسی کیا دلچسپی نظر آئی تھی کہ وہ دنیا کی حسین ترین لڑکیوں کو چھوڑ کر اس جیسی لڑکی کے فراق میں آہیں بھر رہا تھا۔

اگلے کئی ہفتے میری آندرے زندگی کے اس دوراہے پر کھڑی رہی جس کا ایک راستہ تو جانی پہچانی منزل کی طرف جاتا تھا۔ اس طرف زندگی کے وہی جانے پہچانے راستے تھے جن پر وہ گزشتہ تیس برسوں سے چلتی آ رہی تھی جب کہ دوسرا راستہ بالکل اجنبی تھا اور کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ یہ نیا راستہ اُسے کس منزل پر لے جائے گا۔

چارلس کے خطوط بدستور آتے رہے۔ ان خطوط کے لیے دنیا کے چند بڑے بڑے ہوٹلوں کے مونوگرام والے لیٹر پیڈ استعمال کیے گئے تھے۔ اس ضمن میں پہلا خط بمبئی کے تاج محل ہوٹل کے لیٹر پیڈ پر، دوسرا بنکاک کے اورینٹل ہوٹل، تیسرا ہانگ کانگ کے پینن سولا ہوٹل اور چوتھا کھٹمنڈو کے سولٹی ہوٹل کے مونوگرام والے خوب صورت لیٹر پیڈ پر لکھا گیا تھا۔ یہ لیٹر پیڈ دُنیا کے کسی بھی بڑے سے بڑے شخص کو متاثر کرنے کے لیے کافی تھے۔ ان خطوط کی تحریر بھی دل کی گہرائیوں کو چھوتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ ۲۹ جون ۱۹۷۵ء کی تاریخ کے لکھے ہوئے دو خطوط پڑھ کر تو میری آندرے تڑپ اُٹھی۔

"مائی ڈارلنگ!

میری محبت سمندر سے زیادہ گہری اور آسمان کی بلندیوں سے زیادہ ارفع و اعلیٰ ہے۔ میری زندگی کی سب سے بڑی خواہش ہے کہ میری آنے والی نسل تمھاری کوکھ سے جنم لے تاکہ میرے نام کے ساتھ تمھارا نام بھی زندہ رہے۔

چارلس"



دوسرا خط بھی اُسی تاریخ کو لکھا گیا تھا۔

"دو دن پہلے کاروبار کے سلسلے میں مجھے کولمبو جانے کا اتفاق ہوا، جہاں میری ملاقات جنیوا سے آنے والے ایک حسین جوڑے سے ہوئی۔ وہ دونوں میاں بیوی اولاد کی نعمت سے محروم تھے اور کسی سیلونی بچّے کو گود... لینے کے لیے کولمبو آئے تھے۔ اُن کی باتیں سُن کر نجانے میں کیوں سوچنے لگا کہ کاش میرا بھی کوئی بچّہ ہو۔ اگر ہم شادی کر لیں تو ۱۹۷۶ء کے آخر تک اس نعمت سے بہرہ ور ہو سکتے ہیں۔ اُس وقت تک ہم کسی نہ کسی جگہ سیٹل ہو چکے ہوں گے۔ مجھے اُمید ہے کہ تمھارے دل میں بھی اولاد کی خواہش مچلتی ہوگی۔ میں بے چینی سے تمھاری آمد کا منتظر ہوں۔

چارلس"

جولائی کے آخری ہفتے، میری آندرے کی تیسویں سالگرہ کے چند روز بعد رات کے کھانے کے دوران گھر کے افراد حسبِ معمول خوش گپیوں میں مشغول تھے لیکن میری آندرے اپنے معمول کے مطابق خاموشی سے کھانا کھاتی رہی۔ کھانے کے بعد اُس نے برتن سمیٹنے اور دھونے میں اپنی ماں کی مدد کی اور کچھ دیر بعد جب کافی کا دور چلا تو میری آندرے نے جو اعلان کیا، اُس کے الفاظ بم کا دھماکا ثابت ہوئے۔ ہر شخص اپنی جگہ پر بے حس و حرکت ہو کر رہ گیا جیسے سانپ سونگھ گیا ہو۔ میری آندرے چند لمحے اُن کے چہروں کا جائزہ لیتی رہی۔ پھر بات جاری رکھتے ہوئے بولی۔

"میں اپنی ملازمت چھوڑ کر چارلس کی دعوت پر بنکاک جا رہی ہوں۔"

میری آندرے کی ماں میری پال کی بوڑھی آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہہ نکلے۔ اُس کا باپ آگسٹن اس طرح خاموش ہو گیا تھا جیسے اُس کی قوّتِ گویائی سلب ہو چکی ہو۔ ڈینس کے لیے میری آندرے کا یہ فیصلہ اگرچہ غیر متوقع نہیں تھا لیکن وہ ڈر رہی تھی کہ کہیں اس کے باپ کی حرکتِ قلب رُک نہ جائے۔ فضا پر بوجھل سا سکوت طاری تھا۔ بالآخر ماں ہی نے خاموشی کو توڑا۔

"چارلس سے تمھاری ملاقات ایک ہفتے سے زیادہ کی نہیں۔ اس مختصر سے عرصے میں کسی کے بارے میں مطمئن ہو جانا حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔ میرا خیال ہے تمھیں اپنے فیصلے پر نظرِ ثانی کرنی چاہیے۔"

"یہ فیصلہ میں نے بہت سوچ سمجھ کر کیا ہے۔" میری آندرے نے پُرسکون لہجے میں جواب دیا۔ "اگر چارلس قابلِ اعتماد ثابت نہ ہوا تو میں فوری طور پر واپس آ جاؤں گی۔"

"لیکن، ہم تمھیں اس کی اجازت نہیں دے سکتے۔ تمھارا باپ بسترِ مرگ پر ہے۔ کوئی معمولی سا صدمہ بھی اس کے لیے جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے۔" ماں نے احتجاج کیا۔

میری آندرے پہلے ہی جانتی تھی کہ اس کے اس فیصلے کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ اُسے اپنے افرادِ خانہ سے محبت تھی۔ اپنے گھر سے محبت تھی۔ اس نے ہمیشہ اپنے گھر کا مفاد پیشِ نظر رکھا تھا۔ اُس نے جب سے ہوش سنبھالا تھا، گھر کی خدمت کی تھی اور اب اپنے معاملات میں اپنی مرضی کے استعمال کو اپنا حق سمجھتی تھی۔

"میں نے اس گھر کے لیے بہت کچھ کیا ہے۔" وہ تلخ لہجے میں بولی۔ "آپ لوگوں کو احساس ہونا چاہیے کہ میں تیس سال کی ہو چکی ہوں اور اب مجھے بھی اپنی زندگی سنوارنے کا حق ملنا چاہیے۔ اگر ایک اچھا موقع مل رہا ہے تو اس سے فائدہ نہ اُٹھانا بہت بڑی حماقت ہوگی۔ میں جو فیصلہ کر چکی ہوں، اسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔"

بالآخر میری آندرے کی اس ضد کے سامنے سب کو ہتھیار ڈالنے پڑے اور پھر اگست ۱۹۷۵ء کی ایک صبح میری آندرے اپنے عزیزوں اور دوستوں سے رُخصت ہو کر بنکاک کے لیے پرواز کر گئی۔ اس مرتبہ وہ اکیلی تھی اور سفر طویل تھا لیکن اس کے باوجود اُسے کسی قسم کا خوف محسوس نہیں ہو رہا تھا۔ چند ماہ پہلے جب وہ برنارڈ کے ساتھ دنیا کی آوارہ گردی کے لیے نکلی تھی تو دل میں طرح طرح کے خدشات نے سر اُبھارا تھا۔ اجنبی زمین اجنبی لوگ۔ لیکن اب جہاں وہ جا رہی تھی، وہاں ایک ایسا شخص موجود تھا جو اس کے انتظار میں بیٹھا گھڑیاں گن رہا تھا۔ وہ اس پر اعتماد کر سکتی تھی۔ جہاز پر سوار ہونے سے پہلے اس نے برنارڈ کی طرف مڑ کر دیکھا تھا۔ برنارڈ نے اُس کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر بنکاک میں بھی میری آندرے اُس کی ضرورت محسوس کرے تو اُسے اطلاع کر دے۔ وہ فوراً اس کی مدد کو پہنچ جائے گا۔ ایسا کہتے ہوئے اگرچہ برنارڈ کے ہونٹوں پر مسکراہٹ تھی لیکن اس کے چہرے پر کرب کے تاثرات میری آندرے کی نگاہوں سے چھپے نہیں رہ سکے تھے۔

بنکاک کی طرف پرواز کرتے ہوئے میری آندرے نے

کی یادگار رات ہوگی۔ چارلس رات بھر اُس کے کانوں میں میٹھی میٹھی سرگوشیاں کرتا رہے گا لیکن توقع کے برعکس یہ رات اُس کی زندگی کی بدترین رات ثابت ہوئی۔ چارلس وہ درندہ ثابت ہوا تھا جو اپنے شکار کو زخمی کرکے اس کی بےبسی کا تماشہ دیکھ کر محظوظ ہوتا ہے۔

گھٹیا سے ہوٹل کے اس کمرے میں صرف ایک پلنگ تھا جس کے وسط میں چارلس گہری نیند سو رہا تھا۔ اس کے خراٹے کمرے کی خاموش فضا میں ارتعاش سا پیدا کر رہے تھے —— میری آندرے ایک صوفے پر لیٹی ہوئی تھی اور نیند اُس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی —— وہ تاریک خلا میں گھور رہی تھی۔ میری آندرے کے دماغ میں آندھیاں سی چل رہی تھیں۔ سوچنے سمجھنے کی قوت جواب دے چکی تھی۔ صبح سے کچھ پہلے بالآخر اس نے فیصلہ کرلیا کہ صبح وہ پہلے جہاز سے کینیڈا واپس چلی جائے گی لیکن پھر اُس نے یہ خیال ذہن سے نکال دیا۔ وہ ہر رکاوٹ کو توڑتی ہوئی کس طمطراق سے بنکاک آئی تھی لیکن جب دوسرے ہی دن واپس پہنچ جائے گی تو اس کے عزیز و اقارب کیا سوچیں گے۔ کیسے کیسے طعنے دیں گے۔ اُس کا جینا حرام ہوجائے گا۔ اور وہ کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے گی۔ اس نے طے کرلیا کہ اب وہ واپس نہیں جائے گی۔ وہ یہاں اپنے اس محبوب کی دعوت پر آئی تھی جو اُس کے فراق میں آہیں بھرتا رہا تھا لیکن یہاں آکر صورتِ حال اس کے برعکس نکلی۔ وہ چارلس پر اپنا حق سمجھتی تھی اور اُس کا یہ حق کسی اور عورت نے چھین لیا تھا۔ اس نے فیصلہ کرلیا کہ اگر وہ واقعی عورت ہے تو اس چڑیل سے اپنا حق چھین کر رہے گی۔

اس کا نام اینا بیلا تھا۔ ڈک اور اسیل کو اپنی اس اکلوتی اولاد پر بجا طور پر فخر تھا۔ اینا بیلا ۱۹۴۶ء میں اس وقت پیدا ہوئی تھی جب کمپیوٹر پہلی بار دنیا میں متعارف ہوا تھا اور برطانیہ کے وزیراعظم ونسٹن چرچل نے پہلی مرتبہ روس کے لیے آئرن کرٹین کا نام استعمال کیا تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب دوسری جنگِ عظیم دنیا کو تباہی کے دہانے پر پہنچا کر اختتام کو پہنچ چکی تھی اور بےشمار مائیں ایسی اولادوں کو جنم دے رہی تھیں جن کی ولدیت کا خود اُنھیں بھی علم نہیں تھا۔

کیلی فورنیا کا وہ دور اُفتادہ قصبہ اس لحاظ سے پورے امریکہ میں منفرد حیثیت رکھتا تھا کہ صدیاں گزرنے کے بعد بھی اس کے باشندے اپنے خون کا خالص پن برقرار رکھے ہوئے تھے۔ اس قصبے کے چاروں طرف بلند پہاڑوں کا قدرتی حصار تھا جن کے دامن میں شاداب وادیاں بکھری ہوئی تھیں۔ اینا بیلا کا بچپن انہی مرغزاروں میں گزرا تھا۔ یہیں اُس نے جوانی کی دہلیز میں قدم رکھا تھا اور یہیں تعلیم حاصل کی تھی۔ نصابی تعلیم کے ساتھ مشرقی مذاہب کا مطالعہ کرتے ہوئے اینا بیلا بالآخر اس نتیجے پر پہنچی تھی کہ دُنیا میں آنے والا ہر بچّہ اپنے والدین کا انتخاب خود کرتا ہے۔ اگر یہ دُرست تھا تو اُسے خوشی تھی کہ پیدائش سے پہلے اُس نے ڈک اور اسیل جیسے مشفق والدین کا انتخاب کیا تھا۔

اینا بیلا کی پیدائش سے پہلے ڈک کی آمدنی محدود تھی۔ وہی لگی بندھی تنخواہ تھی جس میں اُنھیں گزارا کرنا پڑتا تھا لیکن اینا بیلا کی آمد کے چند ہی روز بعد اُس نے ملازمت چھوڑ کر کاروبار شروع کردیا۔ جس سے اُس کی آمدنی میں روزافزوں اضافہ ہوتا رہا۔ ڈک کو بہت سے بچّوں کی خواہش تھی لیکن اینا بیلا کی پیدائش کے بعد اسیل اُس کی مزید خواہش پوری نہ کرسکی اس طرح صرف اور صرف اینا بیلا اُن کی توجہ کا مرکز بنی رہی۔ اس کے چہرے کے نقوش ماں سے مشابہ تھے۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھیں ستواں ناک اور گلاب کی پنکھڑیوں سے نازک ہونٹ۔ اینا بیلا نہ صرف والدین بلکہ قصبے کے دیگر باشندوں کے لیے بھی ایک ایسی گڑیا کی حیثیت رکھتی تھی جسے ہر کوئی اپنے دل میں سجانا چاہتا تھا۔ ذرا بڑی ہوئی تو اُسے دعوتوں میں مدعو کیا جانے لگا۔ کوئی بھی سالگرہ پارٹی اس کے بغیر ادھوری سمجھی جاتی۔ وہ شروع ہی سے احکامات صادر کرنے کی عادی تھی لیکن اس کا لہجہ ایسا دھیما اور اثرانگیز ہوتا کہ کوئی بھی اُس کے احکامات کی تعمیل سے انکار نہ کرسکتا۔ وہ اپنا ہر کام سلیقے سے کرتی۔ دوسرے بچّوں کی طرح اس میں تخریب یا توڑ پھوڑ کا عنصر نہیں تھا۔ اسکول کی ٹیچرز اُس کی ذہانت کی معترف تھیں۔ اسکول کے بعد وہ دن بھر اپنے مکان کے عقب میں واقع جنگل میں تتلیوں کے پیچھے دوڑتی رہتی۔ اس کے قہقہے قصبے کے باشندوں کو اس قصبے میں بھرپور زندگی کا احساس دلاتے رہتے۔

اسیل کو یاد تھا کہ اینا بیلا کی زندگی میں پہلی تبدیلی اس وقت آئی تھی جب وہ دس سال کی تھی۔ اسیل کے بوڑھے والد کارلو کا اصرار تھا کہ اب اینا بیلا کو اپنے آبائی وطن اٹلی کی سیر بھی کرنی چاہیے تاکہ اس کے دل میں بچپن ہی سے اپنے آبائی وطن کی محبت جگہ بنا سکے۔ اسیل کا خیال تھا کہ اینا بیلا ابھی بہت کم عمر ہے۔ اُسے نہ تو رشتے داروں کی شناخت ہوسکتی ہے اور نہ ہی کسی اور چیز کا احساس۔ لیکن باپ کی ضد کے سامنے اسیل کو ہتھیار ڈالنے ہی پڑے اور بالآخر اینا بیلا کو تین ہفتوں کے لیے اٹلی بھیج دیا گیا۔



کارلو کی زندگی سنگِ مرمر کی کانوں میں کھدائی کرتے ہوئے گزری تھی۔ اُسے فخر تھا کہ اس نے اس کان کی کھدائی میں بھی حصّہ لیا تھا جہاں چار سو سال پہلے مائیکل اینجلو نے ڈیوڈ کے مجسمے کی تیاری کے لیے سنگِ مرمر کا انتخاب کیا تھا لیکن اب کارلو ریٹائر ہوچکا تھا۔ اس کا زیادہ وقت اپنے انگور کے باغ کی دیکھ بھال اور گاؤں کے لوگوں سے گپیں ہانکنے میں گزرتا۔ اینا بیلا کے آنے کے بعد اُس کی مصروفیات بڑھ گئیں۔ وہ اُسے لے کر وادی میں گھومتا رہتا۔ کبھی سنگِ مرمر کی وہ کانیں دکھانے کے لیے لے جاتا جہاں اُس نے زندگی کا بہترین وقت گزارا تھا اور کبھی اس شہرِ خموشاں میں لے جاتا جہاں اس کے اسلاف ابدی نیند سو رہے تھے۔

کارلو اور اینا بیلا میں دوستی کا ایک ایسا رشتہ استوار ہوچکا تھا جس کی مثال کم از کم اس دنیا میں ملنا بہت مشکل ہے۔ کارلو اُسے ایک لمحے کو بھی اپنی نگاہوں سے اُوجھل نہ ہونے دیتا۔ گاؤں کی کوئی دوسری عورت جب اینا بیلا کے قریب آنے کی کوشش کرتی تو کارلو اُسے اس طرح بھگا دیتا جیسے اُسے خدشہ ہو کہ یہ عورت اینا بیلا پر قبضہ نہ جمالے۔ وہ اینا بیلا کے ہر کام کی دیکھ بھال خود کرتا۔ صبح جب اینا بیلا کی آنکھ کھلتی تو باورچی خانے سے آنے والی خوشبو اُسے بتا دیتی کہ نانا اُس کے لیے بہترین ناشتا تیار کر رہا ہے۔

تین ہفتے پلک جھپکتے میں گزر گئے۔ کارلو اب بھی اینا بیلا کو واپس بھیجنے کے لیے تیار نہیں تھا اور نہ ہی اینا بیلا واپس جانا چاہتی تھی۔ بالآخر کارلو نے اپنی بیٹی کو فون کیا کہ بچّی کو کچھ عرصہ اور اٹلی میں رہنے دیا جائے۔ اسیل آمادہ نہیں تھی لیکن باپ کی ضد کے سامنے اُسے ایک بار پھر ہتھیار ڈالنے پڑے۔

چند ہفتے اور گزر گئے۔ اینا بیلا حسبِ معمول دوپہر کے کھانے کے بعد سو گئی۔ ایک دو گھنٹوں کی نیند کے بعد وہ اپنے آپ کو ہلکا پھلکا سا محسوس کرنے لگتی۔ پھر ہلکے سے ناشتے کے بعد وہ اپنے نانا کے ساتھ وادی کی سیر کو نکل جاتی جہاں سے واپسی غروبِ آفتاب کے وقت ہی ہوتی۔

اس روز دوپہر کے بعد اینا بیلا کی آنکھ کھلی تو اُسے گھر میں غیر فطری سی خاموشی کا احساس ہوا۔ عام طور پر گھر کی فضا میں بوڑھے کارلو کی گنگناہٹ سنائی دیتی رہتی تھی۔ لیکن اس روز عجیب سا سناٹا طاری تھا۔ اینا بیلا اُٹھ کر آنکھیں ملتی ہوئی کارلو کے کمرے میں پہنچی تو اُس کا دل اُچھل کر حلق میں آگیا۔ کارلو فرش پر اوندھا پڑا تھا۔ اس کا چہرہ سفید ہورہا تھا اور ایک ہاتھ مدد طلب انداز میں آگے کو پھیلا ہوا تھا۔ دوسرا ہاتھ سینے پر تھا جیسے وہ اپنے دل کو مٹھی میں بھینچنے کی کوشش کر رہا ہو۔ اینا بیلا کو دیکھ کر کارلو نے مسکرانے کی کوشش کی۔ اس کے ساتھ ہی اُس کے جسم کو ہلکا سا جھٹکا لگا اور پھر وہ ہمیشہ کے لیے بےحس و حرکت ہوکر رہ گیا۔

یہ ننھی اینا بیلا کی زندگی کا خوف ناک ترین تجربہ تھا۔ اُس نے اپنے نانا کو مرتے ہوئے دیکھا تھا اور کارلو کی تدفین کے وقت گاؤں کے بیسیوں لوگوں کے ساتھ آنسو بہائے تھے۔ فورٹ ڈی مارمی سے رخصت ہونے سے پہلے وہ اکیلی نانا کی قبر پر گئی۔ پھول چڑھائے اور بہت دیر تک قبر کے اُن سفید پتھروں کو دیکھتی رہی جن کے بارے میں کارلو نے بتایا تھا کہ سنگِ مرمر کی یہ سلیں اُس نے خود اپنے ہاتھوں سے تراشی تھیں۔

اینا بیلا تقریباً تین ماہ بعد امریکہ واپس لوٹی تو وہ بہت بدل چکی تھی۔ وہ صرف اطالوی زبان بولتی اور اپنے آپ کو اطالوی کہلانے پر فخر محسوس کرتی۔ اس نئی صورتِ حال نے اسیل کو پریشان کردیا لیکن رفتہ رفتہ اینا بیلا اعتدال پر آگئی تو اُسے اطمینان سا ہوا۔

ہائی اسکول سے گریجویشن کرنے کے بعد اینا بیلا کو ایک بار پھر یورپ جانے کا موقع ملا۔ اس مرتبہ اسیل بھی ہمراہ تھی۔ وہ بظاہر اپنے عزیزوں سے ملنا چاہتی تھی لیکن اس سے زیادہ وہ اینا بیلا پر نگاہ رکھنے کے لیے اس کے ساتھ جارہی تھی۔ اسیل نے اپنے دفتر سے صرف ایک ماہ کی رُخصت لی تھی اور جب واپس جانے کا وقت آیا تو اینا بیلا نے ساتھ جانے سے صاف انکار کردیا۔ اُس کے لہجے میں درخواست کے بجائے تحکم کا عنصر غالب تھا۔ اسیل نے کسی بحث میں اُلجھنا مناسب نہیں سمجھا البتہ یہ ضرور کہا کہ وہ جہاں بھی ہو گھر سے رابطہ قائم رکھے اور اگر کسی معاملے میں کوئی دشواری پیش آئے تو فوراً ٹیلی فون پر اطلاع کردے۔ گھر واپس پہنچ کر اسیل نے جب شوہر کو صورتِ حال سے آگاہ کیا تو وہ مسکراتے ہوئے بولا۔

”یہ تم نے بہت اچھا کیا کہ اُس پر اپنی مرضی مسلّط کرنے کی کوشش نہیں کی۔ وہ جو کچھ کرنا چاہتی ہے کرنے دو۔ یہ زندگی اس کی ہے اور اُسے اپنے طور پر زندگی گزارنے کا پورا پورا حق حاصل ہے۔ ویسے میرا خیال ہے اس کے پاس جیسے ہی رقم ختم ہوگی وہ واپس لوٹ آئے گی۔“

ڈک کا خیال تھا کہ اینا بیلا زیادہ سے زیادہ ایک دو ہفتے بعد لوٹ آئے گی لیکن اُس کا یہ خیال غلط نکلا۔ اینا بیلا دو سال تک یورپ اور مشرقِ وسطیٰ کی آوارہ گردی کرتی رہی۔ گزر اوقات

کے لیے اُسے کوئی نہ کوئی چھوٹا موٹا کام مل جاتا۔ ایتھنز میں ایکروپولس کے دامن میں وہ بہت معمولی کمیشن پر غیر ملکی سیاحوں کو یونانی مصنوعات فروخت کرتی رہی۔ میڈرڈ کے ایک اسپتال میں اس نے نرسنگ اردلی کی حیثیت سے کام کیا۔ پیرس میں اخبار بیچ کر گزارہ کرتی رہی اور استنبول میں مقامی باشندوں کو انگلش پڑھا کر دو وقت کی روٹی کماتی رہی۔ اس دوران اسیل اُسے بدستور خطوط لکھتی رہی۔ اس کے ہر خط میں صرف ایک ہی مطالبہ ہوتا' گھر واپس آجاؤ۔'

"خدا کے لیے کسی طرح اینا بیلا کو واپس بلا لو۔" ایک روز اسیل نے روتے ہوئے ڈک سے کہا۔ "وہ میری ایک ہی تو اولاد ہے۔ اور میں اس طرح اُس سے دور نہیں رہ سکتی۔"

"وہ میری بھی بیٹی ہے۔" ڈک نے جواب دیا۔ "لیکن وہ بالغ اور خود مختار ہے۔ ہم اس پر اپنی مرضی مسلط نہیں کر سکتے۔ اُسے اپنے طور پر زندگی گزارنے کا پورا حق حاصل ہے۔"

اینا بیلا ۱۹۶۶ء میں کیلی فورنیا واپس پہنچی۔ اُس وقت وہ بیس سال کی ہو چکی تھی۔ اس کے احباب اُسے دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ یورپ اور مشرقِ وسطیٰ کی آب و ہوا نے اُس پر خوشگوار اثرات مرتب کیے تھے۔ وہ ایک بھرپور دوشیزہ کے روپ میں سامنے آئی تھی اور اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا تھا کہ اس وقت قصبے میں اس جیسی حسین لڑکی اور کوئی نہیں تھی۔ وہ اطالوی، فرانسیسی اور اسپینی زبانیں روانی سے بول سکتی تھی جب کہ یونانی زبان بھی اس کے لیے اجنبی نہیں رہی تھی۔

"میں ان لوگوں میں سے ہوں جو نہایت آسانی سے اور بہت جلد دوسری زبانیں سیکھ لیتے ہیں۔" اینا بیلا نے ایک روز اسیل کو بتایا اور جب واپس جاؤں گی تو یہی زبانیں حصولِ روزگار کے سلسلے میں میری مددگار ثابت ہوں گی۔"

"واپس!" اسیل بُری طرح چونک گئی۔ "لیکن یہ تمہارا گھر ہے۔ یہاں سے واپس کہاں جاؤ گی؟"

"اس میں شبہ نہیں کہ اس وقت میں یہاں موجود ہوں۔" اینا بیلا نے اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے کہا۔ "لیکن میں نے اپنے آپ کو اس خطۂ زمین کا اٹوٹ انگ کبھی نہیں سمجھا۔"

اس کے ارادے جان کر اسیل پریشان ہو گئی۔ اینا بیلا اسی ملک میں پیدا ہوئی تھی لیکن اپنے آپ کو اس ملک کا باشندہ تسلیم کرنے کو تیار نہیں تھی۔ اُسے ہر وقت دھڑکا لگا رہتا کہ اینا بیلا کسی بھی وقت یہاں سے رُخصت ہونے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ اینا بیلا نے زادِ راہ جمع کرنے کے لیے ملازمت شروع کر دی۔ وہ کم از کم اتنے پیسے جمع کر لینا چاہتی تھی کہ کسی یورپی ملک کا ہوائی ٹکٹ خرید سکے۔ دن ہفتے اور ہفتے مہینوں میں بدلتے گئے۔ ایک سال بیت گیا۔ اس دوران اینا بیلا نے اگرچہ ایک مرتبہ بھی اپنے اس ارادے کا اظہار نہیں کیا تھا مگر اسیل کے خدشات اپنی جگہ برقرار تھے۔ وہ ماں تھی اور اُس پر جو کچھ بیت رہی تھی اُسے وہی بہتر طور پر سمجھ سکتی تھی۔

ملازمت کے ساتھ ساتھ اینا بیلا نے آرٹ اسکول میں داخلہ لے لیا لیکن پھر نرسنگ کی طرف متوجہ ہو گئی۔ کیوں کہ اس کا خیال تھا کہ میڈیکل کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے کسی بھی شخص کو یورپ کے کسی بھی ملک میں آسانی سے ملازمت مل سکتی ہے۔ جونیئر کالج میں گریڈ بہتر ہونے کی بنا پر اُسے اسٹیفورڈ کے میڈیکل اسکول میں داخلہ حاصل کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔ اس نے ایکسرے ٹیکنالوجی کا انتخاب کیا تھا، لیکن اُسے جلد ہی تجربہ ہو گیا کہ زندگی کے دوسرے شعبوں کی طرح اس شعبے میں بھی بددیانتی کا عمل دخل موجود ہے۔ اسپتال کا ایکسرے سیکشن کا عملہ اپنے فرائض کی انجام دہی کے بجائے اِدھر اُدھر غائب رہتا اور بے چارے مریضوں کو گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا۔

ایک مرتبہ اینا بیلا نے ایکسرے مشین میں ایک ایسا معمولی سا نقص دریافت کیا جو آگے چل کر مریضوں اور اسٹاف کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا تھا۔ اس نے سپروائزر کو مشین کے اس نقص کی نشان دہی کی۔ وہ محض سر ہلا کر رہ گیا۔ اینا بیلا نے اسپتال کے انچارج ڈاکٹر کو اس صورتِ حال سے مطلع کیا تو وہ بھی اُس کا شکریہ ادا کرنے سے زیادہ کچھ نہ کر سکا۔ ایکسرے مشین کی خرابی کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ ڈاکٹروں کا یہ رویّہ دیکھ کر اینا بیلا نے اُسی روز اسپتال کی ملازمت چھوڑ دی اور اپنی ایک دوست سے شکوہ کرتے ہوئے بولی۔

"ڈاکٹروں کو تو ایسی باتیں زیب نہیں دیتیں۔ وہ تو مسیحا ہیں لیکن بدقسمتی سے وہ اپنے آپ کو خدا سمجھ بیٹھے ہیں جو اپنی غلطی کو غلطی نہیں سمجھتے۔"

طویل عرصے تک اپنے قصبے سے غیر حاضری کے باعث اب انا بیلا اپنے لیے کچھ اجنبیت سی محسوس کر رہی تھی۔ ۱۹۶۳ء میں جب وہ یورپ کی سیاحت پر گئی تھی تو اس وقت امریکی نوجوان اپنے معاشرے میں ایک اہم کردار ادا کر رہے تھے۔ ان کے کردار قابلِ رشک تھے لیکن اب جب کہ امریکی صدر کو ڈلاس میں گولی مار کر ہلاک کیا جا چکا تھا، یہ نوجوان نسل ایک نیا رنگ اختیار کر رہی تھی ۔۔ لمبے بال، بے تحاشا بڑھی ہوئی داڑھیاں



اور پیوند لگے کپڑے! ہپی ازم امریکی تہذیب کو نگل رہا تھا۔

...... بے راہ روی اور منشیات کا استعمال ایک عام سی بات ہو گئی تھی۔ اینا بیلا کو ان چیزوں سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ وہ ایسے لوگوں سے بات کرتے ہوئے بھی کتراتی لیکن بالآخر اسے اپنے اسکول کے زمانے کا ایک دوست مل ہی گیا۔

زمانۂ تعلیم میں جمی کھیلوں اور باغبانی کا رسیا تھا لیکن اب اُس کا حُلیہ بھی بدل چکا تھا۔ لڑکیوں کی طرح لمبے بال اور چوہے کی دُم کی طرح لٹکتی ہوئی باریک مونچھیں، اُسے گٹار کے سوا دُنیا کی کسی چیز سے دلچسپی نہیں تھی۔ البتہ دوسرے نوجوانوں کی نسبت اس میں شرافت کا مادّہ ابھی کسی حد تک موجود تھا۔ پہلی ہی ملاقات میں اینا بیلا نے محسوس کر لیا تھا کہ جمی کے پیشِ نظر زندگی کا کوئی مقصد نہیں تھا۔ اُسے کام سے صرف اس حد تک دلچسپی تھی کہ اس آمدنی سے گٹار کی تاریں خریدنے کے علاوہ دو وقت کی روٹی کا انتظام ہو سکے۔ چند ملاقاتوں کے بعد اینا بیلا پر یہ انکشاف بھی ہوا کہ جمی شراب نوشی کا بھی عادی ہے لیکن یہ عادت ابھی ابتدائی مراحل میں تھی۔

کئی مہینوں کی ملاقاتوں کے بعد اینا بیلا نے محسوس کیا کہ جمی کے لیے اس کے دل میں کچھ عجیب سے جذبات جنم لے رہے تھے۔ وہ اس کے لیے بے چین سی رہنے لگی، جس روز جمی سے ملاقات نہ ہوتی وہ کھوئی کھوئی سی رہتی۔

"میں جمی کو پسند کرنے لگی ہوں۔" ایک روز اُس نے اپنی ماں کو بتایا۔ "ہم چند روز بعد شادی کرنے والے ہیں۔"

انا بیلا کے اس فیصلے نے اسیل کو بدحواس کر دیا۔ اُسے بیٹی کی شادی پر کوئی اعتراض تھا لیکن اس نے ایک ایسے شخص کا انتخاب کیا تھا جس کا کوئی مقصدِ حیات نہیں تھا۔ جسے نہ تو کسی کام سے دلچسپی تھی اور نہ ہی اُس کے دل میں آگے بڑھنے کی خواہش تھی۔ جمی کا شمار تو اُن لوگوں میں کیا جا سکتا تھا جو خود تو ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ کوئی دوسرا اُن کی ضروریات پوری کرتا رہے۔ اسیل نے اپنے شوہر کو اینا بیلا کے اس فیصلے کے بارے میں بتایا تو وہ اس پر کوئی تبصرہ نہ کر سکا۔

شادی بہت سیدھے سادے طریقے پر انجام پائی۔

اسیل کو یہ جان کر بہرحال خوشی ہوئی تھی کہ جمی بھی اینا بیلا کو ٹوٹ کر چاہتا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ اپنی نئی ذمّے داریاں محسوس کر کے وہ کوئی کام بھی کرنے لگے گا۔

گاؤں کے قریب ہی جنگل میں وہ چھوٹا سا مکان بہت معمولی کرائے پر مل گیا جس کے بارے میں اینا بیلا نے اکثر سوچا تھا۔ اینا بیلا نے ایک سُگھڑ خاتون کی طرح فوراً ہی گھر کا نظام سنبھال لیا۔ اُس نے کچھ مُرغیاں اور بکریاں بھی پال لی تھیں۔ گھر کے کاموں سے فارغ ہونے کے بعد وہ اُن کی دیکھ بھال کرتی اور کچھ وقت باغبانی پر بھی صرف کرتی۔ جمی نے بھی ایک جگہ مالی کی حیثیت سے ملازمت کر لی تھی، لیکن حسبِ عادت بہت جلد اُس نے ملازمت چھوڑ دی اور دن بھر گھر میں بیٹھا اینا بیلا کو کام کرتے ہوئے دیکھتا رہتا۔ کئی ماہ بعد جب ایک مرتبہ اسیل اُس کے گھر آئی تو اُس نے محسوس کیا کہ اینا بیلا بیوی سے زیادہ ماں کا کردار ادا کر رہی تھی اور جمی شوہر کے بجائے بچّہ بنا ہوا تھا۔ اینا بیلا کا زیادہ وقت اُس کی ناز برداریاں کرتے گزرتا۔ میاں بیوی اگر اسی انداز میں زندگی بسر کرنا چاہتے تھے تو اُسے کوئی اعتراض نہیں تھا لیکن پریشانی کی بات یہ تھی کہ جمی نے بے تحاشا شراب نوشی شروع کر دی تھی۔ شراب بھی بے اثر ہونے لگی تو اُس نے اس سے بھی تیز منشیات کا استعمال شروع کر دیا۔ وہ اس حد تک بہتا کہ کبھی تو اُسے قے ہو جاتی اور کبھی وہ کرسی پہ بیٹھے بیٹھے لڑھک جاتا۔

اس موقع پر ایک اور کردار زندگی کے اس ڈرامے میں شامل ہو گیا جو کم از کم اینا بیلا کے لیے قدرے خوشگوار ثابت ہوا۔ وہ بمبئی کے ایک دولت مند وکیل کا بیٹا تھا، جو حصولِ تعلیم کے سلسلے میں امریکہ میں مقیم تھا اور ان دنوں چھٹیوں کی وجہ سے تلاشِ معاش کے سلسلے میں یہاں آیا ہوا تھا۔ اتفاق سے اُسے ڈک ہی کے دفتر میں ملازمت مل گئی۔ سنجے کی پہلی ہی ملاقات نے ڈک کو متاثر کیا تھا اور ڈک نے دوسرے ہی روز اُسے اپنے ہاں رات کے کھانے پر مدعو کر لیا۔ غیر ملکیوں کے لیے اینا بیلا کے دل میں بڑی کشش تھی۔ سنجے کی شخصیت اُسے کچھ زیادہ ہی پسند آ گئی تھی۔ اس ہندو نوجوان کو امریکہ میں وارد ہوتے ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا۔ وہ یہاں کی اقدار اپنانے کی کوشش کر رہا تھا جس میں اُسے خاصی دشواری پیش آ رہی تھی۔ اینا بیلا ان معاملات میں اُس کی مدد کرنے لگی۔

سنجے کو رہائش کا مسئلہ درپیش تھا۔ اینا بیلا کی شادی کے بعد اُن کا گھر کچھ خالی خالی سا ہو گیا تھا۔ ڈک نے جب سنجے کو اپنے ہاں رہائش کی پیشکش کی تو وہ اُسی روز اُن کے ہاں منتقل ہو گیا۔ اینا بیلا کا زیادہ وقت اب سنجے کے ساتھ ہی گزرنے لگا تھا۔ اُن کے تعلقات میں اگرچہ محبت کو دخل نہیں تھا لیکن وہ ایک دوسرے کے بہت قریب آ گئے تھے۔ اینا بیلا نے اس کا ہر کام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ کھانے اور لباس

کا انتخاب بھی وہ خود کرنے لگی۔ کبھی وہ لمبی ڈرائیو کے لیے نکل جاتے اور کبھی گھنٹوں کمرے میں بیٹھے باتیں کرتے رہتے۔ اینا بیلا ہندوستان کے بارے میں کرید کرید کر سوال کرتی۔ چھ سو ملین آبادی والے اس ملک کی ہر بات اُس کے لیے سنسنی خیز ثابت ہو رہی تھی۔

سنجے کی چھٹیاں ختم ہو گئیں اور وہ تعلیم کا سلسلہ جاری رکھنے کے لیے سینٹ لوئس روبسیو واپس چلا گیا جو اینا بیلا کے قصبے سے زیادہ دور نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنجے کے جاتے ہی اینا بیلا پر افسردگی سی طاری رہنے لگی۔ اس کے چہرے پر کرب کے تاثرات اُس کی اندرونی کیفیت کی غمازی کر رہے تھے۔ جمی نے بھی اس بات کو نوٹ کر لیا اور وہ بات بات پر اُسے سنجے کے طعنے دینے لگا۔ اس کا خیال تھا کہ اینا بیلا کو اپنے شوہر سے زیادہ اس ہندو نوجوان کا خیال تھا۔ اینا بیلا سب کچھ خاموشی سے سنتی رہی لیکن جب جمی نے اُسے بے حیائی کا طعنہ دیا تو اُس کی قوّتِ برداشت جواب دے گئی اور وہ بھی جمی پر طرح طرح کے الزامات عائد کرنے لگی۔

ان دونوں میں ایک سرد جنگ تھی جو طول کھینچتی جا رہی تھی۔ کچھ عرصہ پہلے تک تو یہ کیفیت تھی کہ اگر جمی کو ذرا سی تکلیف بھی ہوتی تو اینا بیلا تڑپ اُٹھتی مگر اب صورتِ حال یہ تھی کہ اگر وہ کسی تکلیف سے تڑپ بھی رہا ہوتا تو اینا بیلا کے کان پر جوں تک نہ رینگتی۔ وہ عام طور پر ہلکی آواز میں کلاسیکی موسیقی سُننے کی شوقین تھی لیکن جمی کو ذہنی اذیت پہنچانے کے لیے وہ پوپ میوزک کا کوئی کیسٹ لگا کر پوری آواز کھول دیتی کہ کانوں کے پردے پھٹتے ہوئے محسوس ہونے لگتے۔

اینا بیلا نے ایک بار پھر اسٹیفورڈ کالج میں لٹریچر اور نفسیات کی کلاسوں میں داخلہ لے لیا۔ اسٹیفورڈ ٹاؤن کے قصبے سے ایک گھنٹے کے فاصلے پر تھا اور جمی کا خیال تھا کہ وہ اس آمدورفت میں محض وقت اور پٹرول ضائع کر رہی ہے۔ جمی کا اصرار تھا کہ وہ کالج جانا بند کر دے جس پر اینا بیلا نے دھمکی دی کہ اگر اُسے زیادہ پریشان کیا گیا تو وہ اٹلی یا ہندوستان چلی جائے گی۔ سنجے اُسے کئی مرتبہ ہندوستان کی سیاحت کی دعوت دے چکا تھا۔

"تم کہیں نہیں جاؤ گی۔" جمی نے فیصلہ سُنا دیا۔ "یہ تمھارا گھر ہے۔ تمھیں زندگی بھر یہیں رہنا ہے۔"

لیکن اینا بیلا تو اُسے ہر معاملے میں زک پہنچانے پر تُلی ہوئی تھی۔ وہ اذیت کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتی۔ چند روز بعد ہی اُس نے سنجے کو اپنے ہاں دعوت پر مدعو کر لیا۔ وہ اس دعوت کو ایک خصوصی تقریب کا رنگ دینا چاہتی تھی جس کے لیے اُس نے کئی روز پہلے ہی سے سوچ رکھا تھا۔ اُس نے کتاب سے پڑھ کر ہندوستانی کھانے تیار کیے تھے۔ جمی نے بھی شاید پہلے ہی سے کچھ سوچ رکھا تھا۔ اُس روز مہمانوں کے آنے سے پہلے اُس نے بے تحاشہ شراب نوشی کی اور نشے کی حالت میں فاکس ویگن چلاتے ہوئے ایکسیڈنٹ کر دیا جس سے گاڑی بالکل تباہ ہو کر رہ گئی۔ کھانے کے دوران بھی وہ شراب نوشی کرتا رہا۔ کھانے پر تنقید کرتے ہوئے اُس نے پلیٹ میز پر اُلٹ دی اور شراب کی بوتل اٹھا کر اُسے میز پر چھڑکنے لگا۔ اینا بیلا کی قوّتِ برداشت جواب دے گئی اور وہ اپنے کمرے میں جا کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ سنجے اور اُس کے دوست جمی کو سمجھانے لگے لیکن وہ بپھرا جا رہا تھا۔ بالآخر جمی مدہوش ہو گیا۔ اور جلد ہی اُس کے خراٹے گونجنے لگے۔

سنجے نے رخصت ہوتے ہوئے اینا بیلا کے ہاتھ پر بوسہ دیا اور ایک بار پھر اُسے ہندوستان کی سیاحت کی دعوت دی۔ اینا بیلا نے اگرچہ کوئی جواب نہیں دیا تھا لیکن اُس نے طے کر لیا کہ ایک نہ ایک روز ہندوستان ضرور جائے گی۔ اُس نے اب تک ایک وفاشعار بیوی کی طرح جمی سے تعلقات نبھانے کی بھرپور کوشش کی تھی لیکن اُسے یقین ہو چلا کہ یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکے گی۔

سیلی، اینا بیلا کی وہ واحد دوست تھی جسے وہ ہر لحاظ سے قابلِ اعتماد سمجھتی تھی۔ اُس نے سیلی سے مل کر ہندوستان کی سیاحت کا پروگرام بنانا شروع کر دیا۔

"جمی کو اس کی بھنک نہیں ملنی چاہیے۔" اینا بیلا نے کہا۔ "میں جمی سے محبت کرتی ہوں لیکن ہر معاملے میں بچّوں کی طرح اس کی نگہداشت نہیں کر سکتی۔ اس کی حرکتیں اب میرے لیے ناقابلِ برداشت ہوتی جا رہی ہیں۔ اگر اُسے پتا چل گیا کہ میں ہندوستان جانے کا پروگرام بنا رہی ہوں تو وہ ہنگامہ کھڑا کر دے گا۔"

"اس صورتِ حال میں تم لوگوں کا نباہ واقعی بہت مشکل ہے۔ تم اُس سے طلاق کیوں نہیں لے لیتیں۔" سیلی نے واقعات کی تفصیل سُننے کے بعد کہا۔

"دو مرتبہ اس کی کوشش کر چکی ہوں لیکن ہر مرتبہ وہ میرے قدموں میں گر جاتا ہے۔" اینا بیلا نے افسردگی سے جواب دیا۔

وہ ۱۹۷۳ء کا سرد ترین دن تھا۔ برف باری کسی بھی لمحہ شروع ہو سکتی تھی۔ اینا بیلا اپنے والدین کے گھر آتش دان



کے سامنے بیٹھی ادب اور نفسیات کے موضوع پر باتیں کر رہی تھی۔ وہ اگرچہ اپنے آپ کو ہشاش بشاش رکھنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن اُس کی آنکھوں کا کرب ایسل کی نگاہوں سے پوشیدہ نہیں رہ سکا تھا۔ اسی دوران ٹیلی فون کی گھنٹی بج اُٹھی۔ ڈک کال ریسیو کرنے کے لیے اپنی جگہ سے اُٹھ گیا۔ چند لمحوں بعد واپس لوٹا تو اُس کا چہرہ اس طرح سفید ہو رہا تھا جیسے سارا خون نچڑ گیا ہو۔ اس کی یہ حالت دیکھ کر ایسل اور اینا بیلا بدحواس سی ہو گئیں۔

"سمجھ میں نہیں آ رہا کہ یہ سب کچھ تمھیں کیسے بتاؤں۔" ڈک کا لہجہ کپکپا رہا تھا۔ پھر چند لمحوں کی خاموشی کے بعد وہ کہنے لگا۔ "آج شام سنجے اور اُس کے تین دوست ایک دعوت میں مدعو تھے۔ جہاں وہ بے تحاشا شراب نوشی کرتے رہے۔ ان میں سے ایک لڑکا پائلٹ تھا۔ اُس نے سنجے اور اُس کے دوستوں کو اپنے جہاز پر سیر کی پیش کش کی، جسے اُنھوں نے قبول کر لیا۔"

"پھر؟" اینا بیلا نے متوحش نگاہوں سے باپ کی طرف دیکھا۔

"وہ چاروں دوست جہاز میں سوار ہو گئے۔ طیارہ فضا میں بلند ہونے کے چند ہی منٹ بعد رن وے پر گر کر تباہ ہو گیا۔ دھماکے کی آواز دور تک سُنی گئی تھی۔ قرب و جوار کے لوگ جائے حادثہ کی طرف دوڑ پڑے۔ وہ چاروں لڑکے جلتے ہوئے جہاز میں پھنس کر رہ گئے تھے۔"

"سنجے ....." اینا بیلا کا دل اُچھل کر حلق میں آ گیا۔ وہ اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ سکی تھی۔

"سب ختم ہو گیا۔" ڈک نے رو دینے والے لہجے میں جواب دیا۔ "سنجے موقع پر ہی ہلاک ہو گیا۔ کوئی مدد پہنچنے سے پہلے جلتے ہوئے جہاز میں ان چاروں کی لاشیں راکھ ہو چکی تھیں۔ اُنھیں محض اُن کی چیزوں کی وجہ سے شناخت کیا جا سکا تھا۔"

اینا بیلا کے ضبط کے بندھن ٹوٹ گئے۔ پہلی مرتبہ اُس نے اٹلی میں اپنے نانا کی موت پر آنسو بہائے تھے اور اب سنجے کی المناک موت سے وہ ایک بار پھر بکھر گئی۔

اس حادثے کے بعد جمی اور اینا بیلا کی ازدواجی زندگی قدرے پُرسکون ہو گئی۔ جھگڑے اور ہنگامے سنجے کی وجہ سے شروع ہوئے تھے یا کم از کم جمی نے اُسے اس سارے فساد کی جڑ قرار دیا تھا اور اب وہی اس دنیا میں نہیں رہا تھا تو جمی نے اطمینان کا سانس لیا تھا۔ اُس نے اینا بیلا سے وعدہ کیا تھا کہ شراب نوشی چھوڑ دے گا۔ وقتاً فوقتاً وہ قسمیں بھی کھاتا کہ اب کبھی شراب کو ہاتھ نہیں لگائے گا لیکن چند روز بعد ہی تمام وعدوں اور قسموں کو بھول کر پھر شراب نوشی شروع کر دیتا۔ یہ کہنا غلط نہ ہو گا کہ شراب اُس کی زندگی کا ایک ایسا جزو بن چکی تھی جس کے بغیر اُس کی زندگی محال تھی۔ جن دنوں وہ شراب سے دور رہتا، وہ ان کی ازدواجی زندگی کے بہترین دن سمجھے جاتے۔ وہ اپنے آپ کو مثالی شوہر ثابت کرنے کی کوشش کرتا۔ اینا بیلا کا خیال تھا کہ اگر وہ دل لگا کر کام کرے تو کم از کم فرنیچر کے شعبے میں وہ اپنی ماہرانہ حیثیت منوا سکتا تھا۔ کیوں کہ کچھ پُرانے فرنیچر کو اُس نے اس خوب صورتی سے مرمت کیا تھا کہ اُس پر نیا ہونے کا گمان ہونے لگا تھا۔ اینا بیلا نے تو یہاں تک سوچ لیا کہ اگر وہ اسی طرح سلیقے اور ڈھنگ سے کام کرتا رہے تو وہ فرنیچر کی دکان کھول سکتے ہیں۔

"میرا خیال ہے اب تو تمھاری زندگی خوش گوار ہو گی۔" یہ بات اُس کی دوست سیلی نے پوچھی تھی جو اس روز اینا بیلا سے ملنے آئی تھی۔

"یونہی سمجھ لو، لیکن جمی کا کوئی بھروسہ نہیں کہ وہ کب

سے چیک کر رہ گیا تھا۔ وہ کسی تفریح میں کھو کر اپنے آپ کو بہلانے کی کوشش بھی کرتی تو اس کا تصور اسے ایک بار پھر اسی مکان میں لے جاتا جہاں جمیؔ کی بھیانک موت کا منظر اس کے رونگٹے کھڑے کر دیتا۔ اینا بیلا کو چُپ سی لگ جاتی۔

مارشیا نفسیات کی پوسٹ گریجویٹ اسٹوڈنٹ تھی۔ وہ گہری نظروں سے اینا بیلا کا مطالعہ کرتی رہی۔ بالآخر ایک روز وہ اسے ایک پُرسکون ریسٹورنٹ میں لے گئی اور کھانے کے دوران وہ کھل کر باتیں کرتی رہیں۔

"دیکھو اینا!" مارشیا اس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے بولی "تم نے جمیؔ کی موت کو بلاوجہ اپنے ذہن پر مسلّط کر رکھا ہے۔ تم اس کی موت کے لیے اپنے آپ کو موردِ الزام کیوں سمجھتی ہو۔ آخر اس سے تمھیں کیا حاصل ہوگا؟"

"بات کچھ حاصل کرنے کی نہیں ہے" اینا بیلا نے نفی میں سر ہلایا "میں زندگی کے ... آخری لمحوں تک اس المناک منظر کو ذہن سے نہیں نکال سکتی۔ تم ان جذبات کو نہیں سمجھ سکتیں۔ میرے شوہر نے مدد کے لیے ہاتھ پھیلایا تھا لیکن میں اس کی کوئی مدد نہ کر سکی۔"

"یہ سب جذباتی باتیں ہیں۔ بعض اوقات یہی جذبات زندگی کے لیے مستقل روگ بن جاتے ہیں جن کا کوئی علاج نہیں ہوتا۔" مارشیا نے اسے سمجھانے والے انداز میں کہا اور چند لمحوں کی خاموشی کے بعد اپنے نفسیاتی اسپتال کے تجربات بتانے لگی۔

وہ ان دنوں لاس اینجلس کے اسپتال میں تھی جہاں بیسیوں مریضوں سے اس کا واسطہ پڑتا رہتا تھا۔ ایک مرتبہ ایک سہمی ہوئی عورت اس کے پاس آئی۔ اس کی عمر انتیس سال سے زیادہ نہیں تھی۔ اس عورت کو شکایت تھی کہ اس کا شوہر اس پر توجہ نہیں دیتا۔ اسے اپنے ساتھ کبھی سماجی تقریبات میں لے کر نہیں گیا۔ یہاں تک کہ گھر میں بھی وہ اس کے قرب کو پسند نہیں کرتا۔ وہ جب علیحدگی کی بات کرتی تو شوہر خودکشی کر لینے کی دھمکی دیتا۔ اینا بیلا توجہ سے اس کی باتیں سن رہی تھی۔ وہ اب تک نہیں جان سکی تھی کہ مارشیا اسے کیا سمجھانے کی کوشش کر رہی تھی۔

"حقیقت یہ تھی" مارشیا نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا "کہ اس بدقسمت عورت نے اپنی قبر خود کھود دی تھی۔ اس نے اپنے پیروں میں زنجیریں خود پہنی تھیں۔ اس نے اپنے شوہر کی زیادتیوں کے بارے میں ایک فرضی داستان گھڑ لی تھی۔ محض اس لیے کہ اس طرح اعترافِ جرم سے اپنے آپ کو تسکین پہنچانا چاہتی تھی۔ وہ بزدل تھی۔ اس میں حقائق کا سامنا کرنے کی جرأت نہیں تھی۔ احساسِ جرم دراصل وہ انسانی جذبہ ہے جو اسے دیمک کی طرح اندر ہی اندر چاٹ کر کھوکھلا کر دیتا ہے۔ جہاں تک تمھارا معاملہ ہے، یہ درست ہے کہ آخر میں جمیؔ سے تمھارا رویّہ درست نہیں تھا لیکن اس سے پہلے تم زندگی بھر اس کی محبّت کا دم بھرتی رہیں، اسے راہِ راست پر لانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ اسے برائیوں کی دلدل سے نکالنے کے لیے اس کی ہر ممکن مدد کی لیکن وہ نہیں سنبھلا۔ تمھارے آخری عمل سے مایوس ہو کر اس نے خواب آور گولیاں کھالیں۔ یہ گولیاں تم نے اس کے حلق میں نہیں ٹھونسی تھیں۔ اس میں اس کی اپنی مرضی کو دخل تھا اور اس حرکت کا ذمّے دار وہ خود تھا۔ اس نے تمھیں احساسِ جرم میں مبتلا کرنے کی کوشش کی اور وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب بھی رہا۔"

مارشیا کی باتیں اگرچہ حقائق سے قریب تر تھیں مگر اینا بیلا نے ان کا زیادہ اثر قبول نہیں کیا۔ سان فرانسسکو میں قیام کے باقی دنوں کے دوران بھی وہ خاموش سی رہی۔ وہاں سے واپس آنے کے چند ہی روز بعد ایک دن اس نے ماں کو بتایا کہ اب یہاں اس کی طبیعت اکتا چکی ہے۔ وہ اس بیزار کن ماحول سے نکلنا چاہتی ہے جہاں ہر لمحہ اسے کچوکے لگاتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ اس نے ملک سے باہر جانے کی خواہش کا اظہار کیا تو اسیل پریشان سی ہو گئی۔ اسے اینا بیلا کے وہ الفاظ یاد آگئے جو اس نے دس سال کی عمر میں اٹلی سے واپسی پر کہے تھے "یہ درست ہے کہ میں اس وقت اس خطۂ زمین پر موجود ہوں لیکن میں اپنے آپ کو اس کا حصّہ نہیں سمجھتی۔"

اسیل نے اینا بیلا کے اس فیصلے پر کوئی احتجاج نہیں کیا کیوں کہ ماں ہونے کے ناتے وہ بیٹی کی فطرت سے اچھی طرح آگاہ تھی کہ اینا بیلا کو اس کا فیصلہ تبدیل کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اسیل کے دریافت کرنے پر اینا بیلا نے اپنے پروگرام کی وضاحت میں کوئی ہرج محسوس نہیں کیا۔ اوّل تو اس کا کوئی باقاعدہ پروگرام تھا ہی نہیں۔ ویسے اس کا خیال تھا کہ سب سے پہلے یورپ جائے گی جہاں چند پرانے دوستوں سے ملاقات کے بعد مشرقِ وسطیٰ سے ہوتی ہوئی ہندوستان کا رُخ کرے گی جہاں بمبئی میں سنجے کے والدین سے ملاقات کر کے سنجے کی المناک موت کے بارے میں اپنی دلی تاثرات کا اظہار کرنا چاہتی تھی۔ اس نے سنجے سے وعدہ کیا تھا کہ وہ کبھی نہ کبھی ہندوستان ضرور جائے گی۔ اب وہ اپنا یہ وعدہ اس کی موت کے بعد پورا کرنا چاہتی تھی۔

"اگر تمھیں کبھی رقم کی ضرورت ہو یا کوئی اور دشواری محسوس کرو تو وقت ضائع کیے بغیر ہمیں اطلاع کر دینا" اسیل نے اسے تاکید کی۔



"شاید اس کی ضرورت نہ پڑے" اینا بیلا نے جواب دیا۔ "میرے پاس پوری دنیا میں ہوائی سفر کے ٹکٹ کے علاوہ تین ہزار ڈالر کے ٹریولرز چیک بھی موجود ہیں۔ بالفرض کسی وقت رقم کی ضرورت پڑی بھی تو میں کسی کو زحمت نہیں دوں گی۔ میں کوئی بھی کام کر کے اتنی رقم کما سکتی ہوں کہ گزارہ ہو سکے۔"

"پھر بھی ہم سے رابطہ قائم رکھنا" اسیل نے ملتجی لہجے میں کہا "گھر سے تمھارا رابطہ قائم رہے گا تو ہمیں تسلّی رہے گی۔"

وہ اینا بیلا پر کسی قسم کا دباؤ ڈال کر اس کے جذبات کو مجروح نہیں کرنا چاہتی تھی۔ کیونکہ وہ اینا بیلا کو اب بھی بیٹی سے زیادہ دوست سمجھتی تھی۔

اینا بیلا نے اثبات میں سر ہلا دیا اور جمیؔ کی موت کے بعد سے پہلی مرتبہ اس کے ہونٹوں پر حقیقی مسکراہٹ ابھر آئی۔ اس کی آنکھوں کی چمک بتا رہی تھی کہ وہ ایک بار پھر اپنے آپ کو زندہ انسانوں کی اس صف میں کھڑی محسوس کر رہی تھی جو زندگی کی خوشیاں سمیٹنے کو بے چین تھے۔

جنیفر نے دنیا کی آوارگی کا خیال ذہن سے نکال کر اب ایک نئی زندگی شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ اس مقصد کے لیے اس نے سیٹل کے ایک پُرسکون علاقے میں ایک مختصر سا فلیٹ حاصل کر لیا جس کا ایک کمرہ اس کے ان نوادرات کے لیے مخصوص تھا جو وہ مشرق سے لے کر آئی تھی۔ ان میں زیادہ تعداد بدھ کے مجسموں اور ہندو مورتیوں کی تھی۔ اس نے بیالوجی اور میڈیسن نرسنگ کی تربیت کے لیے کالج میں داخلہ لے لیا تاکہ ڈگری لے کر باقاعدہ پریکٹس شروع کر سکے۔ وہ اب بھی مہاتما بدھ کی تعلیمات پر عمل پیرا رہنے کی کوشش کر رہی تھی۔ مہینے میں کم از کم ایک مرتبہ اڑتالیس گھنٹے کا فاقہ ضرور کرتی تاکہ نفس کشی کی عادت برقرار رہے۔ گلے میں بدھ کا مخصوص نشان اور سُرخ موتیوں کی مالائیں پہنے رکھتی۔ اس کا یہ خیال تھا کہ یہ چیزیں اسے بلاؤں سے بچائے رکھیں گی۔

اکیسویں سالگرہ پر جنیفر نے اپنے ان تمام دوستوں کو مدعو کیا جو اب اپنی زندگی کے راستے بدل چکے تھے۔ کیمیائی ہتھیاروں کی تیاری اور پھیلاؤ کے خلاف نعرے بلند کرنے والے یہ لوگ اب سب کچھ بھول چکے تھے۔ کیس، جسے کسی زمانے میں ہر محفل کی جان سمجھا جاتا تھا، دو شادیوں کی ناکامی کے بعد اب ایک ڈیپارٹمنٹ اسٹور کے اشتراک سے ریڈی میڈ گارمنٹس کا کاروبار شروع کرنے کا پروگرام بنا رہی تھی۔ مارگریٹ جس نے ماضی میں سیاہ فاموں کو بغاوت پر آمادہ کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا اب بوڑھوں کے ہوسٹل کی نگراں تھی۔ سابیلا جو شہر کے خوبرو نوجوانوں کو غلط راہ پر ڈالنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی تھی، اب حقوقِ نسواں پر دھواں دار تقریروں کے ساتھ آزادانہ زندگی گزار رہی تھی اور جنیفر کی پرانی دوست کارمن شادی کے بعد مکمل طور پر گھریلو زندگی اپنا چکی تھی۔

اس دعوت میں کرسٹوفر بھی شامل تھا جو دنیا کی آوارہ گردی میں جنیفر کا رفیقِ سفر رہا تھا۔ وہ دونوں جب بھی ملتے جنیفر اس سے ضرور پوچھتی کہ ان کی محبت اس طرح اختتام کو کیسے پہنچ گئی جبکہ دنیا کی سیاحت پر جانے سے پہلے وہ کم از کم دو مرتبہ شادی کا پروگرام بھی بنا چکے تھے۔

"میرے خیال میں ایسی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی جس کی نشاندہی کر سکوں" کرسٹوفر جواب دیتا "اس میں میرا یا تمھارا کوئی قصور نہیں۔ صرف اس حقیقت کو مدِنظر رکھنا چاہیے کہ ہم ایک دوسرے سے الگ ہو چکے ہیں اور میرے خیال میں کچھ عرصے کے لیے ہمیں ایک دوسرے سے الگ ہی رہنا چاہیے۔"

جنیفر کو کرسٹوفر کے ان خیالات سے کوئی اختلاف نہیں تھا۔ وہ تنہائی میں اکثر اسی کے بارے میں سوچتی۔ بعض اوقات اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلتے لیکن آخر کار وہ اس نتیجے پر پہنچی کہ اب اسے کرسٹوفر سے محبت نہیں رہی۔ اس نے جس کرسٹوفر کو چاہا تھا وہ ہمالیہ کی ترائیوں میں کہیں کھو چکا تھا۔

جنیفر اگرچہ پوری سنجیدگی سے زندگی کی ان نئی راہوں پر چلنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن اس کے ساتھ ہی اسے یہ بھی احساس ہو رہا تھا کہ منفی قوتیں ایک بار پھر اس پر غالب آنے کی کوشش کر رہی تھیں۔ اس کے لیے ان قسموں کو قائم رکھنا مشکل ہو رہا تھا جو اس نے کوپان کی خانقاہ میں بدھ کے مجسّمے کے سامنے کھائی تھیں۔ اس نے بدھ کے مجسّمے کے سامنے وعدہ کیا تھا کہ آئندہ زندگی میں شراب نہیں پیے گی، تمباکو نوشی نہیں کرے گی، جھوٹ نہیں بولے گی، کسی کو نقصان نہیں پہنچائے گی اور بے راہ روی کا شکار نہیں ہوگی لیکن اکیس سال کی عمر میں ان وعدوں پر قائم رہنا اس کے لیے ممکن نہ رہ سکا۔ اس نے مارگریٹ کے ساتھ ایک مخصوص نائٹ کلب میں بھی جانا شروع کر دیا تھا۔

کرسٹوفر سے اب وہ کچھ اور بھی دور ہو گئی اور جب اُسے پتا چلا کہ کرسٹوفر جمیکا کی آبنوسی رنگت والی فرانسس نامی ایک لڑکی سے محبت کی پینگیں بڑھا رہا ہے تو جنیفر کا خون

کی تھی۔ ہوٹل سے نکلتے ہی وہ چور بازار میں پہنچ گئے۔ جہاں لاتعداد زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے خیمے نصب تھے جن میں اسمگلنگ کا مال بھرا ہوا تھا۔ دکاندار غیر ملکی سیاحوں کو گھیرنے کے لیے طرح طرح کے لالچ دے رہے تھے۔ بوڑھی عورتیں اور بچّے تازہ پھولوں کے گلدستے فروخت کر کے سیاحوں سے کچھ نہ کچھ بٹورنے کی کوشش میں تھے۔ لیکن چارلس کو ان چیزوں سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ وہ نکوشی کو کھینچتا ہوا آگے بڑھتا رہا اور بالآخر اس علاقے میں پہنچ گیا جہاں کمبوڈیا کی سرحد کے قریب واقع کانوں سے لائے ہوئے غیر تراشیدہ ہیرے فروخت ہو رہے تھے۔

نکوشی کے چہرے کے تاثرات بگڑے ہوئے تھے۔ دراصل میری آندرے کی آمد کے بعد ہی سے اس کا موڈ آف رہنے لگا تھا۔ وہ چارلس پر صرف اور صرف اپنا حق سمجھتی تھی۔ لیکن اس کی چھٹی حس بتا رہی تھی کہ میری آندرے محض چارلس کی سیکرٹری بننے کے لیے کینیڈا سے یہاں نہیں آئی تھی۔ وہ اس سلسلے میں چارلس سے کھل کر بات کرنا چاہتی تھی لیکن ابھی تک اسے موقع نہیں مل سکا تھا۔ اس وقت چارلس جس طرح اسے جانور کی طرح ہانکتا ہوا لے جا رہا تھا اس سے اس کا موڈ کچھ اور بھی بگڑ گیا تھا۔

بالآخر وہ ایک چھوٹے سے اسٹال پر رک گئے۔ مخمل کی سطح والی طشتریوں میں مختلف رنگوں کے قیمتی پتھر سجے ہوئے تھے۔ چارلس نے گہرے سرخ رنگ کا ایک چھوٹا سا ہیرا پسند کیا اور اسے نکوشی کی نذر کر دیا تاکہ اس کا موڈ بحال کر سکے۔ اس کے ساتھ ہی میری آندرے کے سلسلے میں اس سے معذرت کا اظہار بھی کیا تھا۔

”معمولی شکل و صورت والی یہ لڑکی میری سیکرٹری ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں،“ چارلس اپنے مؤقف کی وضاحت کرتے ہوئے بولا ”شادی میں تم سے ہی کروں گا لیکن اس کے لیے تمھیں چار سال انتظار کرنا ہوگا۔“

نکوشی کو اگرچہ اب اس کی باتوں کا یقین نہیں رہا تھا لیکن چار سال والی بات سن کر اس کی آنکھوں میں الجھن سی ابھر آئی۔

”چار سال تو بہت طویل مدّت ہوتی ہے۔ یہ وقت کیسے گزرے گا؟“ اس نے بالآخر دل کی بات کہہ ہی دی۔

”شادی تو میں تم سے آج بھی کر سکتا ہوں لیکن اس طرح میں اپنے یا تمھارے لیے مسائل پیدا نہیں کرنا چاہتا۔ مجھے اپنا کاروبار جمانے کے لیے کم از کم چار سال کا عرصہ درکار ہوگا۔ اس کے بعد تمھیں مزید انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔“

چارلس نے یہ بات کچھ اس اعتماد سے کہی تھی کہ نہ چاہتے ہوئے بھی اس نے یقین کر ہی لیا۔ اسی لمحے نکوشی کی توجہ ساتھ والی دکان کی طرف مبذول ہو گئی جہاں مختلف نسلوں کے کتّے فروخت کے لیے موجود تھے۔ اس نے آگے بڑھ کر روئی کے گالے کی طرح ملائم بالوں والے ایک چھوٹے سے کتّے کو گود میں اٹھا لیا اور اس کی پشت پر ہاتھ پھیرنے لگی۔ چارلس کو اس کی نیّت بھانپنے میں دیر نہیں لگی۔ وہ اس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے بولا۔

”تمھیں دو میں سے ایک چیز کا انتخاب کرنا ہوگا۔ وہ ہیرا یا یہ کتّا؟“

”یہ کتّا تم میری آندرے کے لیے کیوں نہیں خرید لیتے۔“ نکوشی نے منہ بناتے ہوئے جواب دیا۔ ”اس طرح اسے وقت گزاری کے لیے ایک دوست تو مل جائے گا۔“ چارلس کو اس کی یہ تجویز پسند آئی اور اس نے بھاؤ تاؤ کر کے یہ کتّا بھی خرید لیا۔

ریشمی بالوں والا یہ چھوٹا سا کتّا میری آندرے کو پسند آیا۔ وہ اسے فرینکی کے نام سے پکارنے لگی اور اس کے وجود میں وہ محبت تلاش کرنے لگی جو اسے چارلس سے نہیں مل سکی تھی۔ اس وقت اس کا شمار ان لوگوں میں کیا جا سکتا تھا جو اپنے چاہنے والوں سے مایوس ہو کر محبت کی تلاش میں مختلف راستوں پر بھٹکنے لگتے ہیں۔ لیکن چارلس کو شاید اس کی یہ خوشی بھی پسند نہیں آئی تھی۔ ایک روز جب وہ فرینکی کو گود میں لیے اس کی پیٹھ سہلا رہی تھی چارلس بھی پہنچ گیا۔ وہ چند لمحے فرینکی کو دیکھتا رہا پھر معنی خیز انداز میں مسکراتے ہوئے بولا۔

”میرا خیال ہے یورپ میں اس کتّے کو کم از کم چار گنا منافع پر فروخت کیا جا سکتا ہے۔ اس وقت تک اس کی دیکھ بھال کرنا تمھاری ذمّہ داری ہے۔“

چارلس کی یہ بات میری آندرے کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے لیے کافی تھی۔ وہ خون کے گھونٹ پی کر رہ گئی لیکن بولی کچھ نہیں۔

ایک ماہ گزر گیا۔ اس دوران چارلس ان دونوں لڑکیوں کو چکمے دیتا رہا۔ آج تک وہ کسی ایک ہوٹل میں ٹک کر نہیں رہا تھا ہر دوسرے تیسرے دن ہوٹل تبدیل کر لیتا۔ صبح کا ناشتا وہ عام طور پر میری آندرے کے ساتھ کسی چائنیز ریسٹورنٹ میں کرتا اور اس کے بعد ایسا غائب ہوتا کہ آدھی رات سے پہلے اس کی صورت دکھائی نہ دیتی۔ بعض اوقات اس کی واپسی دوسرے دن صبح ہوتی۔

چارلس کا زیادہ وقت شہر کے ان علاقوں میں گزرتا جو غیر ملکی سیاحوں کے مراکز سمجھے جاتے تھے۔ شام ہوتے ہی وہ نکوشی کو بھی اپنے ساتھ ملا لیتا۔ رات کا کھانا کسی اچھے سے ہوٹل میں کھانے کے بعد وہ مختلف نائٹ کلبوں میں گھومتے رہتے۔ ان دونوں میں سے کوئی لڑکی اگر عدم توجہی کی شکایت کرتی تو چارلس الٹا اسی پر برس پڑتا کہ وہ اپنا زیادہ وقت اسی کو دے رہا ہے۔

اگست ۷۵ء کے آخر میں چارلس کسی طرح میری آندرے کے پرس سے مزید آٹھ سو ڈالر نکلوانے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ اس طرح میری آندرے کے پاس صرف دو سو ڈالر رہ گئے تھے جس میں بمشکل کینیڈا کا ہوائی ٹکٹ خریدا جا سکتا تھا۔ مزید برآں تھائی لینڈ میں قیام کے ویزے کی مدّت بھی ختم ہو چکی تھی۔ اس نے جب چارلس کو ویزے کے بارے میں آگاہ کیا تو وہ بے پروائی کا اظہار کرتے ہوئے بولا۔

”یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس پر پریشان ہوا جائے۔ تمھیں شاید سرکاری محکموں میں میرے تعلقات کا اندازہ نہیں۔ پولیس میں بھی میرا اچھا خاصا رسوخ ہے۔ ویزے کی مدّت بڑھانے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی۔ بنکاک میں رشوت عام ہے۔ چند بھاٹ (تھائی کرنسی) [illegible] شخص کے ہاتھ میں تھما دیے جائیں تو کسی معاملے میں کوئی پریشانی نہیں رہتی۔“

چارلس نے اگرچہ میری آندرے کو ویزے کے بارے میں تسلّی دی تھی لیکن عملی طور پر وہ کچھ نہ کر سکا۔ تاریخ آئی اور گزر گئی۔ میری آندرے جب بھی چارلس کو یاد دلاتی وہ الٹا اسی پر برس پڑتا۔

”تم جیسی عورتوں کے ساتھ نباہ کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ مرد کے لیے عذاب ثابت ہوتی ہیں ایسی عورتیں۔ کسی کام کی طرف توجہ نہیں دی جا سکتی۔ آرام سے بیٹھی رہو، جب بھی موقع ملے گا ویزے کی تاریخ بڑھوا لوں گا۔“

میری آندرے کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ وہ ہر وقت سہمی سہمی سی رہنے لگی۔ تھائی لینڈ میں اب اس کا قیام غیر قانونی تھا۔

چارلس کے اس رویّے کے بارے میں سوچتے ہوئے اسے اور بھی باتیں یاد آ جاتیں۔ اس کے وہ وعدے یاد آنے لگتے جو اس نے اپنے خطوط میں کیے تھے۔ رنگون میں ہندوستان کے آخری مغل فرمانروا بہادر شاہ ظفر کے مقبرے کی سیر، فلپائن کے ساحل پر ناریل کے درختوں کے جھنڈ میں خوبصورت ولا میں قیام، سرخ ریشمی گون، ہیرے کے جڑاؤ والے نیکلس، بُندے اور انگوٹھیاں۔ یہ وہ سبز باغ تھے جو چارلس نے اسے دکھائے تھے۔ اس کے برعکس چارلس نے نہ صرف اس سے اٹھارہ سو ڈالر ہتھیا لیے تھے بلکہ آج تک معمولی سا لباس بھی خرید کر نہیں دیا تھا اور اسے بنکاک کے تھرڈ کلاس ہوٹلوں میں رکھا جا رہا تھا جہاں عام حالات میں وہ داخل ہونے کا تصوّر بھی نہیں کر سکتی تھی۔ سفید بالوں والا وہ چھوٹا سا کتّا واحد تحفہ تھا جو اب تک چارلس نے اسے دیا تھا اور اسے بھی وہ یورپ جا کر بیچنا چاہتا تھا۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود چارلس کے لیے اس کے دل میں اب بھی محبت کے جذبات موجزن تھے۔ جس کا اظہار اس کی ڈائری سے بھی ہوتا تھا۔

”زندگی کانٹوں پر گھسٹ رہی ہے۔ بنکاک میں اب تک کے قیام کے دوران مجھے چند لمحات بھی ایسے میسّر نہیں آئے جب مجھے چارلس کے پاس تنہائی میں بیٹھنے کا موقع ملا ہو ــ وہ شخص جس کے لیے میں نے اپنے عزیزوں سے منہ موڑ لیا، اپنا وطن چھوڑ دیا، اُسے مجھ سے کوئی دلچسپی نہیں۔ لیکن ــ میں اب بھی اسے اسی طرح چاہتی ہوں۔“

پتایا کو... تھائی لینڈ میں سیّاحوں کی جنّت کہنا غلط نہ ہوگا۔ سڑک کے راستے بنکاک سے صرف دو گھنٹے کی مسافت پر واقع یہ چھوٹا سا ساحلی شہر یورپ کے کسی بھی ماڈرن شہر سے پیچھے نہیں ہے۔ کسی زمانے میں اسے ماہی گیروں کی ایک چھوٹی سی بستی کی حیثیت حاصل تھی لیکن سیّاحوں کی توجہ کے باعث وقت کے ساتھ ساتھ یہ بستی ترقی کی منازل طے کرتی چلی گئی۔ جھونپڑوں اور گارے کے کچے مکانوں کی جگہ پختہ عمارتیں نمودار ہونے لگیں اور اب تو یہ شہر کئی میل تک پھیل گیا تھا جس کی جدید ترین عمارتیں آسمان سے باتیں کرتی ہوئی نظر آتی تھیں۔ یہاں کے ہوٹل اور نائٹ کلب یورپ کے نائٹ کلبوں کو شرماتے تھے۔ ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس میں عام طور پر امریکی، فرانسیسی اور جرمن کھانے سرو کیے جاتے تھے۔ شہر کے سڑکوں پر ہاتھی جھومتے ہوئے نظر آتے تھے۔ یہاں سواری کے لیے عام طور پر ہاتھی بھی استعمال ہوتے تھے۔ جنھیں ٹیکسیوں کی طرح کرائے پر حاصل کیا جا سکتا تھا۔ سمندر میں تاحدِ نگاہ رنگ برنگے بادبانوں والی کشتیاں تیرتی ہوئی نظر آتیں۔ سمندر میں جگہ جگہ ایسی بلند چٹانیں بکھری ہوئی تھیں جنھیں جزیرے کے طور پر استعمال کیا جا رہا تھا۔ غیر ملکی سیاح کرائے کی موٹر بوٹس پر ان جزیروں کی طرف نکل جاتے۔ انھی موٹر بوٹس کے درمیان سمندر میں ایسی لاتعداد کشتیاں بھی تیرتی ہوئی نظر آتیں

www.allpdfstuff.blogspot.com

کے آنے سے پہلے پڑھ رہا تھا۔ اس نے مونیکا سے کہا تھا کہ کتاب کا زیرِ مطالعہ باب ختم ہونے کے بعد وہ ملک شیک پی لے گا۔

تقریباً دس منٹ بعد ویرا متلی سی محسوس کرنے لگی۔ اس کے ساتھ ہی اس پر غنودگی سی طاری ہو رہی تھی۔ رسل نے ایک نظر اس کی طرف دیکھا اور پھر کتاب کی طرف متوجہ ہو گیا۔ کمرے کا دروازہ کھلا ہوا تھا اور سامنے برآمدے میں بچھی ہوئی کرسیوں پر مونیکا اور بلمونٹ بیٹھے سرگوشیانہ انداز میں باتیں کر رہے تھے۔ رسل نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے اپنا گلاس اٹھا کر ہونٹوں سے لگا لیا۔ لیکن ملک شیک پینے کے فوراً ہی بعد وہ اپنے آپ میں عجیب سی کیفیت محسوس کرنے لگا۔ متلی کے ساتھ ہی نہ صرف اسے چکّر آنے لگے تھے بلکہ ذہن پر غنودگی بھی طاری ہو رہی تھی۔ وہ اپنی اس کیفیت پر قابو پانے کی کوشش کر رہا تھا کہ پیٹ میں بڑی شدّت سے مروڑ اٹھنے لگے۔ وہ کچھ دیر تک برداشت کرنے کی کوشش کرتا رہا پھر کتاب پٹخ کر اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کے ساتھ ہی اسے بری طرح چکّر آ گیا لیکن اس نے اپنے آپ کو سنبھال لیا۔ لیکن متلی ہونے کے ساتھ پیٹ کی تکلیف شدّت اختیار کر رہی تھی۔ اس کے ساتھ ہی دماغ سن ہو رہا تھا جیسے نیند پوری شدت سے اس پر حملہ آور ہو رہی ہو۔ اسے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے جسم سے جان نکلی جا رہی ہو۔ ٹانگوں میں جسم کا بوجھ برداشت کرنے کی سکت نہیں رہی تھی۔ وہ بری طرح لڑکھڑا رہا تھا۔ اس نے برآمدے میں بیٹھے ہوئے مونیکا اور بلمونٹ کی طرف دیکھا۔ لیکن ان دونوں میں سے کوئی بھی اس کی مدد کو نہیں آیا۔ رسل اپنے آپ کو سنبھالنے کی بھرپور کوشش کرتا رہا لیکن دوسرے ہی لمحے وہ دھڑام سے فرش پر گرا اور اس کا ذہن تاریکیوں میں ڈوبتا چلا گیا۔ رسل سے لیتھرون کے ساتھ یہ واقعہ ۴ ستمبر ۱۹۷۵ کو پیش آیا تھا۔

تقریباً اڑتالیس گھنٹے بعد اسپتال کے بستر پر رسل کو ہوش آیا تو اس کے دماغ میں چیونٹیاں سی رینگ رہی تھیں۔ ویرا بھی اس کے قریب ہی موجود تھی۔ رسل کو ہوش میں آتے دیکھ کر ویرا کے ہونٹوں پر خفیف سی مسکراہٹ آ گئی لیکن اس کا چہرہ بھی اس طرح پیلا ہو رہا تھا جیسے جسم کا سارا خون نچڑ گیا ہو۔ ویرا کو بھی کچھ علم نہیں تھا کہ اس دوران ان پر کیا بیتی تھی۔ البتّہ ہوٹل کے ایک ملازم نے بتایا تھا کہ وہ دونوں اپنے کمرے کے فرش پر بے ہوش پڑے ہوئے پائے گئے تھے جنھیں فوری طور پر اسپتال پہنچا دیا گیا تھا جہاں بروقت طبّی امداد سے ان کی جانیں بچا لی گئی تھیں۔ اگر اسپتال پہنچتے ہی ان کے معدے صاف نہ کر دیے جاتے تو اس وقت ان کی لاشیں اسپتال کے سرد خانے میں پڑی ہوئی ہوتیں۔

"مونیکا اور بلمونٹ کہاں ہیں؟" رسل نے ویرا کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"پتا نہیں۔" ویرا نے کندھے اچکائے۔ "ہوش میں آنے کے بعد ان میں سے کوئی بھی نظر نہیں آیا۔"

اسی روز جب حالت سنبھلنے کے بعد انھیں چھٹی دے دی گئی تو وہ اسپتال سے نکل کر سیدھے ریلوے ہوٹل پہنچے۔ بلمونٹ کے کمرے کا دروازہ بند تھا۔ اس نے زور آزمائی سے دروازہ کھولنے کی کوشش کی مگر کامیاب نہ ہو سکا اور پھر دوسرے ہی لمحے وہ دوڑتا ہوا ہوٹل کے استقبالیہ کاؤنٹر پر پہنچ گیا اور بلمونٹ اور مونیکا کے بارے میں دریافت کیا۔ اس کا خیال تھا کہ ممکن ہے انھیں بھی اسی قسم کا کوئی حادثہ پیش آ گیا ہو اور انھیں بھی کسی کلینک یا اسپتال پہنچا دیا گیا ہو لیکن اس انکشاف نے اسے بری طرح بدحواس کر دیا کہ وہ دونوں میاں بیوی گزشتہ روز ہی ہوٹل چھوڑ کر جا چکے تھے اور انھوں نے اپنا کوئی ایڈریس بھی نہیں چھوڑا تھا۔

اپنے کمرے میں واپس آ کر رسل نے جب اپنے سامان کا جائزہ لیا تو اس کے دیوتا کوچ کر گئے۔ ان دونوں کے پاسپورٹ، شادی کا لائسنس، ڈرائیونگ لائسنس، ویرا کی شادی کی انگوٹھی، طلائی زنجیر، مووی کیمرہ، نقدی، گیارہ سو ڈالرز مالیت کے ٹریولرز چیک اور آسٹریلیا تک کے قابلِ استعمال ہوائی ٹکٹ غائب تھے۔

رسل نے بلمونٹ اور مونیکا کے خلاف پولیس میں رپورٹ لکھوانے کی کوشش کی مگر زبان آڑے آ رہی تھی۔ وہ پولیس والوں کو جو بات سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا وہ ان کے پلّے نہیں پڑ رہی تھی۔ بالآخر پولیس نے جو رپورٹ درج کی اس کا مفہوم اس سے قطعی مختلف تھا جو رسل انھیں بتانا چاہتا تھا۔

اس واقعہ کے تقریباً چھ ماہ بعد انٹرپول کے ایک ایجنٹ نے ملبورن میں رسل سے رابطہ قائم کر کے اس واقعہ کی تفصیلات دریافت کیں اور انھیں ایک مرد اور ایک عورت کی تصویریں دکھا کر شناخت چاہی تو رسل اچھل پڑا۔

"یہی ہیں۔" وہ تصویریں دیکھتے ہی بولا۔ "بلمونٹ اور اس کی بیوی مونیکا کو میں کہیں بھی پہچان سکتا ہوں۔ یہ انہی کی تصویریں ہیں۔"

وہ تصویریں چارلس سوبھراج اور میری آندرے کی



تھیں۔ جس وقت رسل اور اس کی بیوی ویرا کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا تھا اُس وقت میری آندرے کو تھائی لینڈ میں آئے ہوئے پورا ایک مہینہ ہو چکا تھا۔ اور تھائی لینڈ میں اس کا نہ صرف قیام ہی غیر قانونی تھا بلکہ وہ ایک فرضی نام اور چارلس سوبھراج کی بیوی کی حیثیت سے مجرمانہ زندگی کا آغاز کر چکی تھی۔ رسل اور ویرا کو زہر آلود، ملک شیک پلا کر انھیں لوٹنا میری آندرے کی پہلی واردات تھی اور چارلس نے اس معاملے میں اس کی پوری پوری مدد کی تھی۔

✣

ہواہن سے بنکاک تک واپسی کے آٹھ گھنٹے کے ٹرین کے سفر نے میری آندرے کو بری طرح تھکا دیا تھا۔ تھکن سے زیادہ اس پر بدحواسی طاری تھی۔ ہواہن کے ریلوے ہوٹل میں انھوں نے رسل اور اس کی بیوی ویرا کے ساتھ جو کچھ بھی کیا تھا وہ اس کے حواس مختل کر دینے کے لیے کافی تھا۔ اس نے بڑی شریفانہ زندگی گزاری تھی۔ کسی معمولی سی قانون شکنی کا خیال بھی کبھی اس کے ذہن میں نہیں آیا تھا۔ اس معاملے میں اس کا ماضی بے داغ تھا لیکن چارلس کی محبت میں اب اس کے کردار پر ایک سنگین جرم کا ایسا دھبّہ لگ چکا تھا جس کا احساس اس کی روح کو مجروح کر رہا تھا۔ ایک انجانا سا خوف اس کے ذہن پر مسلّط تھا۔ اور وہ اس احساس سے چھٹکارا پانے کے لیے چند روز مکمّل آرام کرنا چاہتی تھی۔

واپسی کے سفر کے دوران ٹرین میں بھی اسے ہر لمحہ یہی دھڑکا لگا رہا تھا کہ پولیس کسی بھی وقت ان پر ہاتھ ڈال سکتی ہے۔ وہ اپنی اندرونی کیفیت کو چھپانے کے لیے فرینکی کو گود میں دبوچے مضطربانہ انداز میں اس کے ریشمی بالوں کو سہلاتی رہی تھی۔ ایک چھوٹے سے اسٹیشن پر ٹرین رکی تو، فرینکی اس کی گود سے اچھل کر ٹرین سے اُتر گیا۔ میری آندرے نے بھی اس کے پیچھے چھلانگ لگا دی۔ وہ دونوں بہت دیر تک ایک دوسرے کے پیچھے دوڑتے رہے۔ کتّا پلیٹ فارم پر مسافروں کی ٹانگوں میں اِدھر سے اُدھر دوڑا پھر رہا تھا۔ اس اسٹیشن پر ٹرین صرف ایک منٹ کے لیے رکتی تھی لیکن میری آندرے اور کتّے کی بھاگ دوڑ کی وجہ سے دو منٹ لیٹ ہو گئی۔ بالآخر جب وہ کتّے کو دبوچ کر اپنی سیٹ پر آ گئی تو اس کی.... آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہہ نکلے۔ اس کے دل میں یہ خوف بیدار ہو چکا تھا کہ اگر ہواہن میں ان کے فرار کی خبر پھیل گئی تو یقینی طور پر ریلوے پولیس کو بھی اطلاع کر دی جائے گی اور اس کتّے کی وجہ سے انھیں آسانی سے شناخت کیا جا سکتا تھا۔ وہ مسلسل سسکیاں بھر رہی تھی اور چارلس اسے تسلّیاں دے رہا تھا کہ انھیں کوئی خطرہ نہیں ہے۔

بنکاک پہنچنے کے بعد بھی کئی روز تک میری آندرے پر بدحواسی سی طاری رہی۔ احساسِ جرم کے ساتھ وہ اپنی بے بسی اور تنہائی پر بھی آنسو بہاتی رہتی۔

"دیکھو ڈیر!" چارلس اسے راہ پر لانے کی کوشش کرتے ہوئے بولا۔ "میرے بارے میں تم اب تک غلط فہمی کا شکار رہی ہو۔ میں دل کی گہرائیوں سے تمھیں چاہتا ہوں۔ مجھے تمھاری ضرورت ہے۔ ہم بہت جلد شادی کر لیں گے اور پھر تمھارا اپنا بچہ ہو گا۔ پھر تمھیں جانوروں میں محبت تلاش کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اب تک جو کچھ بھی ہوا اسے بھول جاؤ۔ آئے دن ہوٹل تبدیل کرنا اور نکوشی سے تعلقات دراصل میرے ایک منصوبے کا حصّہ تھے۔ میرا یہ منصوبہ اب پایۂ تکمیل کو پہنچنے والا ہے۔ آئندہ تمھیں مجھ سے کبھی کوئی شکایت نہیں ہو گی۔"

"کیا تم واقعی مجھ سے محبت کرتے ہو؟" میری آندرے کے دل کی بات زبان پر آ ہی گئی۔

"کیا تمھیں میری محبت پر شبہ ہے؟"، چارلس نے اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہا۔ "بہت جلد تمھیں میری محبت کا ثبوت بھی مل جائے گا۔"

چارلس کی باتیں میری آندرے کے لیے خاصی حوصلہ افزا ثابت ہوئیں اور اس کے دل پر چھائے ہوئے مایوسی کے بادل چھٹنے لگے۔

وہ نہایت ہی خوشگوار دن تھا۔ چارلس تقریباً ایک گھنٹے سے اسے ٹیکسی میں شہر کے مختلف علاقوں کی سیر کرا رہا تھا۔ بالآخر وہ اس علاقے میں نکل آئے جہاں نہر کے کنارے کیلے کے درختوں کی قطاروں کے پیچھے عالیشان کوٹھیوں کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ پھیلا ہوا تھا۔ بیشتر سفارتخانے بھی اسی علاقے میں واقع تھے۔ بندر درختوں پر اس طرح چھلانگیں لگا رہے تھے جیسے یہ انہی کی راجدھانی ہو۔ اسی علاقے سے ملحق وہ علاقہ تھا جہاں بعض عالیشان ہوٹل، نائٹ کلب اور جواخانے واقع تھے۔ ویتنام کی جنگ کے دوران یہ علاقہ ہوس پرست امریکی فوجیوں کی شکارگاہ سمجھا جاتا تھا۔

ٹیکسی ایک پانچ منزلہ عمارت کے سامنے رک گئی جس کے دروازے پر کانت ہاؤس کے الفاظ لکھے ہوئے تھے۔ جدید طرزِ تعمیر کی حامل اس عمارت کا مقابلہ ہالی ووڈ کی کسی بھی خوبصورت بلڈنگ سے کیا جا سکتا تھا۔ عمارت کے احاطے

تک نہیں بچی۔ میرا ویزا ختم ہو چکا ہے۔ پاسپورٹ اب استعمال کے قابل نہیں رہا۔ میں اپنے آپ کو قیدی محسوس کر رہی ہوں۔ لیکن اس کے باوجود میں اب بھی چارلس سے محبت کرتی ہوں۔ اس بے ایمان کو ٹوٹ کر چاہتی ہوں جس کا ہر قدم مجھے تباہی کی طرف لے جا رہا ہے۔

❋

وہ ستمبر کا آخری ہفتہ تھا۔

پچیس سالہ ڈومنک تھائی لینڈ کے حسین ترین شہر چیانگ مائی کی سڑکوں پر دن بھر کی آوارہ گردی کے بعد تھک کر ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھا اپنے اگلے پروگرام کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ وہ دو سال سے دنیا کی سیاحت کر رہا تھا۔ کچھ عرصہ اس نے آسٹریلیا میں بھی گزارا تھا جہاں ایک کمپنی میں کلرک کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے اس نے کچھ رقم بھی جمع کر لی تھی۔ وہ یورپ اور ایشیا کا ہر وہ شہر دیکھ چکا تھا جس کے لیے خواہش کی جا سکتی تھی۔ تھائی لینڈ اس کا آخری پڑاؤ تھا۔ اس کے پاس اب بھی پندرہ سو ڈالر کی رقم موجود تھی اور وہ سوچ رہا تھا تھا کہ اب اسے اپنے وطن فرانس واپس پہنچ کر عملی زندگی شروع کر دینی چاہیے۔ یوں بھی دو سال اپنے وطن سے دور رہتے ہوئے اب وہ اداس سا رہنے لگا تھا اور اسے اپنی بیوی اور بچہ بھی یاد آنے لگا تھا جنھیں وہ دو سال سے نہیں دیکھ سکا تھا۔

وہ چیانگ مائی میں صرف ایک دن کے لیے آیا تھا لیکن اس خوبصورت شہر کی رنگینیاں اسے بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر رہی تھی۔ شہر کی ان رنگینیوں میں اپنے آپ کو تنہا محسوس کر کے کبھی وہ اداس بھی ہو جاتا اور وہ سوچتا کہ کاش اس کا کوئی ساتھی بھی ہوتا جس سے تفریح کا لطف دوبالا ہو جاتا۔ اس وقت بھی وہ اپنی تنہائی ہی کے بارے میں سوچ رہا تھا کہ اپنے قریب ہی ایک آواز سن کر چونک گیا۔

”اگر میرا اندازہ غلط نہیں تو تم فرانسیسی ہو؟“

”بالکل ٹھیک سمجھے۔“ ڈومنک نے اس نوجوان کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا جس کے چہرے کے نقوش قدرے مشرقی تھے۔ آنکھوں پر تاریک شیشوں والی عینک لگی ہوئی تھی۔ وہ اکیلا نہیں تھا۔ اس کے ساتھ ایک لڑکی بھی تھی جس کی عمر کسی طرح بھی تیس سے کم نہیں ہو سکتی تھی اور ناک چیری کی طرح سُرخ ہو رہی تھی۔

”میرا نام ایلین گوتھر ہے۔“ اجنبی نے فوراً ہی تعارف کراتے ہوئے کہا۔ ”اور یہ میری بیوی مونیکا ہے۔“

مونیکا کے لہجے سے ڈومنک کو یہ اندازہ لگانے میں دشواری پیش نہیں آئی کہ اس کا تعلق کینیڈا سے تھا۔ اس کی شکل و صورت اگرچہ واجبی سی تھی لیکن ہونٹوں پر دلکش مسکراہٹ نے اسے خاصا پرکشش بنا دیا تھا۔ ایلین گوتھر بھی بڑا ہنس مکھ واقع ہوا تھا۔ ان کی طرف سے اپنائیت کا اظہار پا کر ڈومنک بھی جلد ہی ان سے بے تکلف ہو گیا۔ اور پھر فوراً ہی ایلین گوتھر نے میزبانی کے فرائض سنبھال لیے۔ بقول اس کے تھائی لینڈ میں طویل قیام کی وجہ سے وہ اس حقیقت سے بخوبی واقف تھا کہ یورپین باشندوں کے لیے کون سے کھانے مناسب ہو سکتے تھے۔ اس کے آرڈر پر ویٹریس نے میز پر طرح طرح کے لاتعداد کھانے سجا دیے۔ ڈومنک کو اعتراف کرنا پڑا کہ ایسے لذیذ کھانے اس سے پہلے اس نے کبھی نہیں کھائے تھے۔ اور پھر ایک گھنٹے کے اندر اندر ایلین گوتھر نے اپنے مطلب کی ہر بات اس سے اگلوالی۔

”تم نے اپنے بارے میں ابھی تک کچھ نہیں بتایا۔“ ڈومنک نے چند لمحوں کی خاموشی کے بعد پوچھا۔ ”تم کیا کرتے ہو؟“

”میرا قیمتی پتھروں کا بزنس ہے۔“ ایلین گوتھر نے بے پروائی سے جواب دیا۔

”اوہ۔“ ڈومنک چونک گیا۔ ”پھر تو اچھا خاصا کما لیتے ہو گے؟“

”اس میں شبہ نہیں کہ اس کاروبار میں کمائی کے بے شمار مواقع موجود ہیں لیکن اکیلا آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔ اسے چاروں طرف بھاگ دوڑ کرنا پڑتی ہے۔ اس طرح بہت سے چانسز ضائع ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی دوسرا ساتھی بھی ہو تو بلاشبہ لاکھوں کمائے جا سکتے ہیں۔“ ایلین نے کہتے ہوئے ویٹریس کو اشارے سے بلا کر بل لانے کی ہدایت کی۔

وہ شام بہت خوشگوار تھی۔ معطر ہوا کے جھونکوں میں موسیقی کی گنگناہٹ بڑا دلفریب تاثر دے رہی تھی۔ ایلین گوتھر، ڈومنک کو اس پُرشباب شام سے لطف اندوز ہونے کی ترغیب دے رہا تھا۔ اس نے بتایا کہ وہ ایک ایسے نائٹ کلب سے واقف ہے جہاں پرکشش لباس میں تھائی لڑکیاں صدیوں پرانے گیت اور قدیم موسیقی پر رقص کرتی ہیں۔ اگر ڈومنک اس دلفریب منظر سے بھی لطف اندوز نہ ہو سکے تو وہ اسے ایک ایسی جگہ لے جا سکتا تھا جہاں لڑکیاں باکسنگ کرتی ہیں۔ وہاں ہر رات لڑکیوں میں باکسنگ کے مقابلے ہوتے ہیں۔ ان کے لڑنے کے انداز کو دیکھ کر بڑے بڑے شہرت یافتہ باکسروں کے نام ذہن سے نکل جاتے ہیں۔



وہ ریسٹورنٹ سے نکل کر اس طرف چل دیے جہاں ایلین گوتھر کی کرائے کی کار کھڑی تھی لیکن چند قدم چلنے کے بعد ڈومنک کو یکایک یوں محسوس ہوا جیسے اس کا دماغ گھوم رہا ہو۔ اس کے قدم لڑکھڑانے لگے۔ وہ اپنے آپ کو سنبھال کر چلنے کی کوشش کرتا رہا لیکن اسے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے اس کی ٹانگوں میں جسم کا بوجھ سہارنے کی سکت نہ رہی ہو۔ آخر میں اسے صرف اتنا یاد رہا کہ ایلین گوتھر اور مونیکا نے اسے سہارا دے کر گاڑی میں ٹھونسا تھا اور گاڑی اس کے ہوٹل کی طرف روانہ ہو گئی تھی۔

صبح جب اس کی آنکھ کھلی تو اپنے ان نئے دوستوں کو دیکھ کر پریشان سا ہو گیا جو اس پر جھکے ہوئے تھے۔

”اب تمھاری طبیعت کیسی ہے؟“ ایلین نے ہمدردانہ لہجے میں پوچھا۔

”مم... مجھے کیا ہوا تھا؟“ ڈومنک کے ہونٹوں سے کمزور سی آواز نکلی۔ وہ گزشتہ رات کے واقعات یاد کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ لیکن اسی لمحے اس کے پیٹ میں زبردست مروڑ اٹھی۔ اسے یوں محسوس ہوا جیسے کوئی اس کی آنتوں کو گرہ دے کر کس رہا ہو۔ وہ بُری طرح تڑپ اٹھا۔

”تمھیں پیچش ہے۔“ ایلین گوتھر نے اس کے مرض کی تشخیص کر دی۔ ”اس ملک کی آب و ہوا ہی ایسی ہے۔ غالباً سفر کے دوران غیر متوازی خوراک اور ناقص پانی کی وجہ سے یہ بیماری تمھیں لگی ہو گی۔“

ایلین گوتھر، ڈومنک سے باتیں کر رہا تھا اور مونیکا پلنگ کی پٹی کے قریب بیٹھی اس کی پیشانی سہلا رہی تھی۔ اس کے نرم ہاتھ کے لطیف لمس سے ڈومنک پر عجیب سا سحر طاری ہو رہا تھا۔ ایلین گوتھر رُکے بغیر کہے جا رہا تھا۔ وہ ڈومنک کو اپنے ان تجربات سے آگاہ کر رہا تھا جو مشرق میں طویل قیام کے دوران اسے پیش آئے تھے۔ آخر میں وہ بولا۔

”تمھاری حالت ایسی نہیں کہ تم چیانگ مائی جیسے دور دراز شہر میں اکیلے رہ سکو جہاں مناسب دواؤں کا حصول بھی ممکن نہیں۔ اگر تم پسند کرو تو ہم تمھیں اپنی کار میں بنکاک لے چلتے ہیں جہاں تم ٹھیک ہونے تک ہمارے اپارٹمنٹ میں رہ سکتے ہو۔“

”تم لوگوں کے ساتھ۔“ ڈومنک الجھی ہوئی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھنے لگا۔

”ہاں۔ ہم تمھیں مہمان کی طرح رکھیں گے اور علاج کے ساتھ ساتھ تمھاری دیکھ بھال بھی کریں گے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ تم مجھ پر اعتماد کرو۔ میں خود تمھارا علاج کروں گا۔“ ایلین نے اس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے کہا۔

ڈومنک نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ حقیقت یہ تھی کہ اس وقت وہ ان دونوں کا بے حد مشکور تھا جو نہ صرف ہمدردی سے پیش آ رہے تھے بلکہ اس کے صحت یاب ہونے تک اس کی دیکھ بھال اور علاج کے لیے بھی تیار تھے۔ اس نے مونیکا کی طرف دیکھا اور پھر بے بسی کے احساس سے بے اختیار اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

❋

اپارٹمنٹ نمبر ۵۰۲ کا دوسرا بیڈ روم ڈومنک کے لیے مخصوص کر دیا گیا۔

پہلے دو ہفتے اس پر نیم مدہوشی کی سی کیفیت طاری رہی۔ اسے کچھ احساس نہیں تھا کہ وہ کن حالات سے دوچار ہے۔ جسم کی تمام تر قوتیں آہستہ آہستہ سلب ہوتی جا رہی تھیں۔ بعض اوقات اسے یوں محسوس ہوتا جیسے زندگی کے آخری لمحات گزار رہا ہو اور موت کا فرشتہ کسی بھی وقت اس کا بلاوا لے کر پہنچ سکتا تھا۔ اسے بالکل یاد نہیں تھا کہ وہ یہاں تک کس طرح پہنچا تھا۔ یہاں آنے کے دوسرے ہی روز جب ایلین گوتھر نے یہ مشورہ دیا کہ اس کا پاسپورٹ اور ٹریولرز چیکس وغیرہ اس کے مکمل صحت یاب ہونے تک کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیے جائیں تو اسے اتنا بھی یاد نہیں تھا کہ اس نے کیا جواب دیا تھا، اس پر زیادہ تر نیم مدہوشی کی سی کیفیت طاری رہتی۔ وہ صرف اتنا جانتا تھا کہ ایلین گوتھر دن میں ایک دو مرتبہ اس کے کمرے میں آتا تھا اور اپنے ہاتھ سے دوا کھلا کر چلا جاتا تھا لیکن اس کے چند ہی منٹ بعد اس کے پیٹ میں شدید اینٹھن ہونے لگتی، اس کے ساتھ ہی متلی سی محسوس ہونے لگتی اور وہ دونوں ہاتھوں سے پیٹ دبائے ابکائیاں لیتا گرتا پڑتا باتھ روم میں گھس جاتا۔

مونیکا کو وہ اپنے لیے فرشتۂ رحمت سمجھ رہا تھا۔ اسے جب بھی ہوش آتا مونیکا کو اپنے پلنگ کے قریب بیٹھے ہوئے پاتا۔ وہ ایک ماہر اور ہمدرد نرس کی طرح اس کی تیمارداری کر رہی تھی۔ ڈومنک نے کئی مرتبہ مونیکا سے درخواست کی تھی کہ کسی ڈاکٹر کو بلا لیا جائے لیکن مونیکا نے ہر مرتبہ نفی میں سر ہلا دیا تھا اور وہ پرخلوص اور ہمدردانہ لہجے میں اسے سمجھانے کی کوشش کرتی کہ ایک تو ڈاکٹر بہت مہنگے ثابت ہوں گے اور دوسرے یہاں کے ڈاکٹروں پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اسے ایلین پر اعتماد رکھنا چاہیے۔ وہ ایسی

کا قیام غیر متعین تھا۔ اسے اپنے کاروبار کے سلسلے میں یہاں ایک مہینہ بھی لگ سکتا تھا اور ایک سال بھی۔ اس نے اینا بیلا کے استفسار پر بعض باتوں کا سرسری سا جواب دیا تھا اور بعض باتوں کو بڑی خوبصورتی سے ٹال دیا تھا۔

ایک رات اینا بیلا اپنے کمرے میں لباس تبدیل کر رہی تھی۔ مارک نے اسے موتی محل میں کھانے کی دعوت دی تھی اور وہ سوچ رہی تھی کہ تیاری میں اسے اتنی دیر نہ ہو جائے کہ مارک کی ناراضگی کا سامنا کرنا پڑے۔ اس دوران دروازے پر دستک کی آواز ابھری، پوچھنے پر ویٹر نے بتایا کہ اس کے لیے فون کال ہے۔ وہ لباس تبدیل کر کے کمرے سے نکلی اور پانچ منزلوں کی سیڑھیاں دوڑتے ہوئے طے کر کے نیچے استقبالیہ کاؤنٹر پر پہنچ گئی۔ فون کا ریسیور اٹھاتے ہوئے وہ سوچ رہی تھی کہ اسے کال کرنے والا کون ہو سکتا ہے کیونکہ مارک کے علاوہ کسی کو بھی علم نہیں تھا کہ وہ اس ہوٹل میں قیام پذیر تھی اور پھر اس شہر میں کسی اور سے اس کی واقفیت بھی نہیں تھی۔

"ہیلو!" وہ ماؤتھ پیس میں بولی۔

جواب میں خاموشی رہی۔

"ہیلو... کون ہے، مارک؟ ہیلو...؟"

اس مرتبہ بھی کوئی جواب نہیں ملا۔ ہلکی سی سنسناہٹ کے سوا لائن پر بالکل خاموشی تھی۔ یکایک اس کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی۔ غیر ارادی طور پر ریسیور پر اس کی گرفت سخت ہو گئی۔ اس نے الجھی ہوئی نگاہوں سے ڈیسک کلرک کی طرف دیکھتے ہوئے ریسیور اس کی طرف بڑھا دیا۔ کچھ دیر وہ بھی ہیلو ہیلو چیختا رہا پھر ریسیور اینا بیلا کے ہاتھ میں تھما دیا۔ لائن کٹ چکی تھی

"کس کا فون تھا؟ اس نے اپنا نام تو بتایا ہوگا؟"

اینا بیلا نے ریسیور رکھتے ہوئے کاؤنٹر کلرک کی طرف دیکھا۔

"کوئی نام نہیں بتایا تھا۔ اب اگر دوبارا فون آیا تو پوچھ لوں گا۔" کاؤنٹر کلرک نے کندھے اچکا دیے۔

اینا بیلا کی پیشانی پر لکیریں سی ابھر آئیں، وہ اضطراب اور بے چینی کا احساس لیے اپنے کمرے میں آ گئی۔ کچھ دیر تک وہ سوچتی رہی کہ کس کی کال ہو سکتی تھی، اگر مارک ہوتا تو وہ اسے اس طرح پریشان نہ کرتا۔ اس کے علاوہ اس کی کسی سے جان پہچان نہیں تھی۔ وہ یہی سب کچھ سوچتے ہوئے اپنے ہوٹل سے نکل کر اس ریسٹورنٹ میں پہنچ گئی جہاں مارک سے ملاقات طے تھی۔ اس کا خیال تھا کہ مارک پہلے ہی سے وہاں موجود ہوگا لیکن وہ ابھی تک نہیں پہنچا تھا۔ خالی بیٹھنا معیوب سمجھ کر اس نے چائے منگوالی اور ہلکی ہلکی چسکیاں لیتے ہوئے مارک کا انتظار کرنے لگی۔

دو گھنٹے گزر گئے، مارک نہیں آیا۔ اس دوران وہ تین مرتبہ چائے منگوا چکی تھی۔ قریب سے گزرنے والا ویٹر بار بار اسے گھور رہا تھا۔ اینا بیلا کی پریشانی میں اضافہ ہونے لگا۔ بالآخر اس نے اکبر ہوٹل فون کر کے مارک کے بارے میں دریافت کیا تو جواب ملا کہ اس نام کا کوئی آدمی وہاں قیام پذیر نہیں ہے۔ ہوٹل کے مہمانوں میں کوئی بھی ایسا شخص نہیں تھا جس کے نام میں مارک کا لفظ شامل ہو۔ پچھلے ایک ہفتے سے اس نام کا کوئی شخص ہوٹل میں نہیں آیا تھا اور نہ ہی اس نام سے آئندہ کے لیے کسی نے ریزرویشن کروائی تھی۔ فون پر بات کرنے والے آپریٹر نے خدشہ ظاہر کیا تھا کہ ممکن ہے اس شخص نے اسے اپنا نام غلط بتایا ہو۔

اینا بیلا کو یاد آیا کہ جب سے مارک سے ملاقات ہوئی تھی، اس نے ایک مرتبہ بھی مارک کو اکبر ہوٹل فون نہیں کیا تھا، ان کی ہمیشہ بالمشافہ ملاقاتیں ہوتی رہی تھیں۔ عام طور پر اس سے ملاقات کے لیے مارک ہی اس کے ہوٹل آتا رہا تھا یا اس نے پہلے سے ملاقات کے لیے کسی جگہ کے بارے میں طے کیا تھا۔ اس صورت حال نے اینا بیلا کو بری طرح بدحواس کر دیا۔ اسے اپنے آپ میں ایک عجیب سی شکست و ریخت کا احساس ہونے لگا۔

مارک کے اس فریب نے اسے بہت مایوس کیا تھا۔ دنیا کا ہر مرد مکار، فریبی اور دغا باز تھا۔ مرد سے اس کا اعتماد اٹھ گیا تھا۔ وہ تقریباً پانچ مہینوں سے دنیا کی آوارہ گردی کر رہی تھی لیکن اس صورت حال سے مایوس ہو کر اس نے امریکہ واپس جانے کا فیصلہ کر لیا۔ اگرچہ بہت سی قابلِ دید جگہیں باقی تھیں لیکن اس نے ان مقامات کا خیال ذہن سے نکال دیا تھا کیونکہ اس کے خیال میں یہ دنیا صرف اور صرف نوجوانوں کے لیے تھی جبکہ وہ خود جوانی کی حدود پھلانگ چکی تھی اور اس میں اب کسی کے لیے کوئی دلچسپی نہیں رہ گئی تھی۔ البتہ ہندوستان کے بارے میں اس نے طے کیا تھا کہ زندگی میں کبھی کوئی مناسب وقت دیکھ کر دوبارا یہاں ضرور آئے گی۔

ہندوستان سے رخصت ہونے سے پہلے اینا بیلا چند قیمتی پتھر خریدنا چاہتی تھی۔ وہ دن بھر شہر میں مختلف جوہریوں کی دکانوں پر گھوم پھر کر نیلم، زمرد، یاقوت اور ہیروں کی قیمتیں دریافت کرتی رہی پھر اسی رات امریکہ میں اپنی ماں کو فون کیا کہ وہ امریکہ میں ان قیمتی پتھروں کی قیمتیں دریافت کر کے بتائے۔ اس کے پاس ٹریولرز چیکس کی صورت میں سولہ سو ڈالر بچ رہے تھے اور وہ سوچ رہی تھی کہ کیوں نہ اس رقم سے یہ قیمتی پتھر خرید کر



امریکہ لے جائے جہاں اسے تھوڑا بہت منافع تو مل ہی سکتا تھا۔

سیسل نے کئی روز بعد بیٹی کی آواز سنی تھی۔ اس نے سوالات کی بوچھار کر دی۔ وہ زیادہ تر اس کی صحت کے بارے میں پوچھتی رہی آخر میں اس نے ہندوستان کے بارے میں پوچھا،

"کیسا ملک ہے؟ تمہیں یقیناً پسند آیا ہوگا۔"

"جہنم کا اگر کوئی دوسرا نام ہو سکتا ہے تو وہ ہندوستان ہے۔" اینا بیلا نے تلخ لہجے میں جواب دیا۔ "میں اب یہاں سے رخصت ہونے والی ہوں۔"

"سیدھی امریکہ آؤ گی یا کہیں اور بھی جانے کا ارادہ ہے؟" سیسل نے دریافت کیا۔

"میں یہاں سے بنکاک جاؤں گی۔ ممکن ہے وہاں سے ایک آدھ دن کے لیے کھٹمنڈو بھی چلی جاؤں۔" اینا بیلا نے جواب دیا۔ ایک دو روز پہلے اس کی ملاقات دو ایسی فرانسیسی لڑکیوں سے ہوئی تھی جو بس کے ذریعے نیپال جانے کا پروگرام بنا رہی تھیں، اور اینا بیلا نے سوچا تھا کہ اگر اتنے قریب پہنچ کر بھی وہ کھٹمنڈو نہ گئی تو اسے زندگی بھر افسوس رہے گا۔ وہ کوہ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ کو قریب سے دیکھنا چاہتی تھی،

"ٹھیک ہے لیکن محتاط رہنا اور جلد سے جلد واپس آنے کی کوشش کرنا۔" سیسل نے کہا۔

"مطمئن رہیے! میں خیریت سے گھر پہنچ جاؤں گی۔" اینا بیلا نے جواب دیا اور اس کے ساتھ ہی سلسلہ منقطع کر دیا۔

فون بند ہوتے ہی سیسل اٹلس لے کر بیٹھ گئی اور نقشے میں کھٹمنڈو تلاش کرنے لگی۔ نیپال کا چھوٹا سا ملک ہندوستان اور چین کے درمیان اس طرح پھنسا ہوا نظر آ رہا تھا جیسے ان دونوں ملکوں کو تصادم سے بچانے کے لیے ایک دوسرے سے دور رکھنا چاہتا ہو۔ نیپال کے نقشے کو دیکھتے ہوئے نجانے کیوں سرد سی لہر سیسل کے جسم میں دوڑ گئی۔ وہ ایک انجانا سا خوف محسوس کرنے لگی۔ آنکھوں میں وحشت سی ابھر آئی اور وہ بہت دیر تک خلا میں گھورتی رہی۔

* کمبوڈیا کی سرحد کے قریب ثنا تنا بیری نامی تھائی لینڈ کا وہ چھوٹا سا قصبہ اس ملک میں آنے والے سیاحوں کے راستے سے بالکل ہٹا ہوا ہے اور یہی وجہ ہے کہ بنکاک اور پتایا تک آنے والے سیاح اس طرف کا رخ نہیں کرتے۔ انتہائی دور دراز ہونے کے باوجود یہاں کے لوگ جدید تہذیب سے پوری طرح آشنا ہیں۔ بہت کم لوگ ایسے ہیں جو اب بھی پرانی اقدار کو سینے سے لگائے بیٹھے ہیں اور کسی قیمت پر بھی انہیں ترک کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ البتہ اس قصبے سے ہٹ کر دوسری چھوٹی چھوٹی آبادیاں ابھی تک جہالت کی لپیٹ میں ہیں۔

ثنا تنا بیری کی عمارتوں کا طرزِ تعمیر دیکھ کر ان پر امریکی ولاز کا شبہ ہوتا ہے لیکن ان عمارتوں کی تعمیر میں صرف لکڑی استعمال کی گئی ہے، کمروں کی دیواروں، چھتوں اور ستونوں کو خوب صورت بنانے کے لیے ان پر ایسے نقش و نگار کندہ کیے گئے ہیں جنہیں ووڈ کارونگ کا بہترین نمونہ کہا جا سکتا ہے۔ ہر مکان کے سامنے برآمدہ اور اس سے آگے وسیع لان مکینوں کے ذوق کی عکاسی کرتا ہوا نظر آتا ہے

ربڑ اور چند مخصوص پھلوں کی کاشت کو اس قصبے کی معیشت میں بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ یہاں کے مردوں میں اگرچہ وہ وجاہت نہیں جسے پرکشش کہا جا سکے لیکن بادامی آنکھوں والی عورتیں خاصی حسین ہیں۔ اب تک اس قصبے کی کم از کم دو لڑکیاں حسینۂ تھائی لینڈ کا اعزاز حاصل کر چکی ہیں۔

۱۹۷۵ء کے موسمِ خزاں میں چارلس سوبھراج نے جب اس قصبے کا رخ کیا تو اس کا مقصد سیر و تفریح سے لطف اندوز ہونا نہیں تھا، اسے اس قصبے کے فطری حسن یا حسین لڑکیوں سے بھی کوئی دلچسپی نہیں تھی، اسے تو قیمتی پتھروں کی کشش اس قصبے میں کھینچ لائی تھی۔

ثنا تنا بیری کے نواح میں واقع قیمتی پتھروں کی یہ قدیم کانیں ابھی تک جدید آلات سے روشناس نہیں ہو سکی تھیں۔ کانکن وہی طریقہ اپنائے ہوئے تھے جو صدیوں پہلے ان کے آباؤ اجداد نے

کہہ کر گیا تھا لیکن اس کی واپسی رات دس بجے سے پہلے نہیں ہوئی تھی۔ اس نے آتے ہی اعلان کر دیا کہ ہر شخص تیار ہو جائے۔ وہ پکنک کے لیے چیانگ مائی جا رہے ہیں۔ اس کے ٹھیک پندرہ منٹ بعد کرائے کی ٹویوٹا چیانگ مائی کی طرف جانے والی سڑک پر دوڑ رہی تھی۔ گاڑی میں راجر اور گیزل کے علاوہ چارلس، اجے چوہدری اور میری آندرے بھی موجود تھی جس کے چہرے پر ناگواری کے تاثرات واضح طور پر نظر آ رہے تھے۔

فلیٹ سے رخصت ہونے سے چند منٹ پہلے چارلس غیر متوقع طور پر دوا کے دو گلاس لے کر راجر اور گیزل کے کمرے میں پہنچ گیا تھا۔ اس کے خیال میں روانگی سے پہلے ان کے لیے یہ دوا پی لینا ضروری تھا کیونکہ راستہ ناہموار تھا اور گاڑی کے جھٹکوں سے ان کے معدوں میں گڑبڑ ہو سکتی تھی۔ راجر نے گلاس اس طرح ہونٹوں سے لگا لیا جیسے وہ واقعی دوا پینے جا رہا ہو جبکہ گیزل اپنے گلاس سے ایک ہلکی سی چسکی لے چکی تھی۔ اسی دوران کچن سے میری آندرے نے چارلس کو کسی کام کے لیے پکارا۔ چارلس ان دونوں کی طرف دیکھتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا۔ اس قیمتی موقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے راجر نے بڑی پھرتی سے دونوں گلاسوں کی دوا باتھ روم کے فلش میں بہا دی اور چند منٹ بعد جب چارلس دوبارہ کمرے میں داخل ہوا تو گلاس خالی دیکھ کر اس نے اطمینان سے سر ہلا دیا۔

”یہ دوا تم لوگوں کو سفر کی بہت سی تکلیفوں سے بچائے رکھے گی۔“ وہ باری باری ان کے چہروں کی طرف دیکھتے ہوئے مسکرایا۔

اور اب ڈرائیونگ کرتے ہوئے چارلس مسلسل جھک رہا تھا۔ وہ وقتاً فوقتاً مڑ کر راجر اور گیزل کی طرف بھی دیکھ لیتا۔ اسے امید تھی کہ کچھ ہی دیر میں یہ دونوں انٹاغفیل ہو جائیں گے لیکن چار گھنٹے میں تقریباً دو سو میل کا فاصلہ طے کرنے کے بعد بھی جب وہ پوری طرح بیدار اور ہوش و حواس میں نظر آئے تو چارلس کی آنکھوں میں الجھن تیر گئی۔

چارلس نے ایک گیراج کے سامنے کار روک لی اور راستہ دیکھنے کے لیے اجے چوہدری کے ساتھ گاڑی سے اتر کر ایک طرف چلا گیا۔ چند منٹ میں جب وہ واپس لوٹے تو دونوں کے چہرے بگڑے ہوئے تھے۔ صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ کسی بات پر آپس میں جھگڑ پڑے تھے۔ لیکن اجے چوہدری کا رویہ نرم تھا۔ اس نے کبھی چارلس کے سامنے اونچے لہجے میں بات نہیں کی تھی۔ وہ کسی دیوتا ہی کی طرح چارلس کی پرستش کرتا تھا اور اسے اب تک چارلس سے کسی بات پر اختلاف کرتے ہوئے نہیں دیکھا گیا تھا۔ لیکن اس وقت جب وہ دوبارہ گاڑی میں آ کر بیٹھے تو اجے چوہدری، جو راستے بھر انھیں لطیفے سناتا رہا تھا، اس طرح خاموش ہو گیا جیسے اس کے ہونٹوں کو تالا لگ گیا ہو۔

”ہم غلط راستے پر آ نکلے ہیں۔“ چارلس نے گاڑی اسٹارٹ کرتے ہوئے کہا۔ ”اس وقت رات کے تین بج رہے ہیں اور راستے کی تلاش میں سفر جاری رکھنا خطرے سے خالی نہیں ہو گا۔ اس لیے اب ہم بنکاک واپس جا رہے ہیں۔“

راجر اور گیزل پر مایوسی طاری ہو گئی۔ وہ اپنے آپ کو انجانے سے خطرے میں محسوس کر رہے تھے۔ رات کے اس آخری پہر میں اگرچہ نیند ان پر بار بار حملہ آور ہو رہی تھی لیکن وہ دونوں اپنی آنکھیں کھلی رکھنے کی بھرپور کوشش کرتے رہے اور بالآخر صبح بنکاک پہنچ کر انھوں نے اطمینان کا سانس لیا۔

کانت ہاؤس پہنچنے کے کچھ ہی دیر بعد چارلس دوا لے کر ان کے کمرے میں گھس آیا اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ لوگ بُرا نہ مانیں تو انھیں صرف ایک رات کے لیے کسی ہوٹل میں منتقل کر دیا جائے کیونکہ آج رات یہاں جواہرات کا ایک بہت بڑا خریدار آنے والا ہے۔ فلیٹ میں بہت سے بیمار افراد کی موجودگی سے وہ کوئی خوشگوار تاثر نہیں لے گا۔ اس نے تجویز کیا تھا کہ اجے چوہدری اور مونیکا انھیں ہوٹل لے جائیں گے اور ان کی دیکھ بھال کریں گے۔

”میرے خیال میں یہ سب کچھ ضروری نہیں۔“ راجر نے چند لمحے سوچنے کے بعد جواب دیا۔ ”ہم اب اپنے آپ کو بہتر محسوس کر رہے ہیں اور اپنی دیکھ بھال خود کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاسپورٹ اور ٹریولرز چیک وغیرہ ہمیں دے دیے جائیں۔“

”اس خوش فہمی میں کبھی مت رہنا کہ تم لوگ بالکل تندرست ہو چکے ہو۔“ چارلس نے اس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے کہا۔ ”یہ بیماری بار بار حملہ آور ہوتی ہے۔ جسم میں ڈی ہائیڈریشن کی وجہ سے نیند یا بے ہوشی کا دورہ کسی بھی وقت پڑ سکتا ہے۔ اگر تمھیں میری بات کا یقین نہ ہو تو یہ صاحب اس کی تصدیق کر سکتے ہیں جن پر بار بار بے ہوشی حملہ آور ہوتی رہی ہے۔“ اس نے صوفے پر لیٹے ہوئے وِیٹالی حکیم کی طرف اشارہ کیا جس نے تائید میں سر ہلا دیا۔ یہ یہودی نوجوان جب اس فلیٹ میں آیا تھا تو زندگی اس میں بھرپور انداز میں موجود تھی لیکن تقریباً چھتیس گھنٹوں کی نیند یا بے ہوشی نے اسے نچوڑ



کر رکھ دیا تھا۔

راجر اور گیزل کو بنکاک کے ایک ایسے گھٹیا سے ہوٹل میں پہنچا دیا گیا جس کا کرایہ چارلس پہلے ہی ادا کر چکا تھا۔ مونیکا اور اجے چوہدری بھی وہیں رک گئے تھے تاکہ چارلس کے آنے پر اس کی نئی ہدایات پر عمل کیا جا سکے۔ انھیں زیادہ دیر انتظار نہیں کرنا پڑا۔ چارلس کے ساتھ وِیٹالی حکیم بھی موجود تھا جو کمزوری کی وجہ سے چلنے پھرنے میں خاصی تکلیف محسوس کر رہا تھا۔ چارلس نے اعلان کیا کہ فی الحال اس نے چیانگ مائی جانے کا پروگرام ملتوی کر دیا ہے اور وہ شانتا بیری جا رہا ہے۔ وِیٹالی حکیم بھی اس کے ساتھ جائے گا۔

وِیٹالی حکیم ان دو آدمیوں سے ابھی تک رابطہ قائم کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا تھا جو برما سے ہیرے اور مارفین لے کر آنے والے تھے۔ چارلس سے ملاقات کو وہ اپنے لیے تائیدِ غیبی ہی سمجھ رہا تھا۔ چارلس اس کے لیے نہ صرف ہمدرد دوست ثابت ہوا تھا بلکہ وہ ایک ماہر جوہری بھی تھا۔ اس کے ذریعے وہ شانتا بیری سے ہیروں کی اچھی خاصی مقدار خرید لے گا اور جب کار مائن بنکاک پہنچ جائے گی تو یہی ہیرے اس کے ذریعے پیرس یا لبزا بھجوا دے گا۔

چارلس، وِیٹالی حکیم کو سہارا دے کر ہوٹل سے باہر لے آیا اور نیچے کھڑی ہوئی ٹویوٹا میں بٹھا کر چند منٹ میں لوٹنے کا کہہ کر دوبارہ ہوٹل میں گھس گیا۔ وہ چند لمحے راجر اور گیزل کے چہروں کو دیکھتا رہا پھر ہمدردانہ لہجے میں بولا۔

”تم دونوں کے چہرے پھر پیلے ہو رہے ہیں۔ میرا خیال ہے بیماری کے خلاف جسم میں قوتِ مدافعت پیدا کرنے کے لیے تمھیں ایک ایک خوراک پی لینی چاہیے۔“

وہ کمرے سے باہر نکل گیا اور چند منٹ بعد لوٹا تو اس کے ہاتھوں میں دو گلاس تھے جن میں روزانہ دی جانے والی خوراک سے زیادہ دوا تھی۔ اس نے گلاس دونوں کے ہاتھوں میں تھما دیے اور وہ دونوں متوحش نگاہوں سے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔

”دوا پی لو۔“ میری آندرے نے آگے بڑھتے ہوئے ہمدردانہ لہجے میں کہا۔ ”ایلین وہی کچھ کر رہا ہے جو تمھارے لیے بہتر سمجھتا ہے۔“

”میں یہ دوا نہیں پی سکتی۔ مجھے اس کا ذائقہ پسند نہیں۔“ گیزل بولی۔

”جب تک تم دوا نہیں پیو گی اس وقت تک تم اس بیماری سے پیچھا نہیں چھڑا سکو گی اور ظاہر ہے بیماری کی حالت میں، میں تمھیں سفر کی اجازت بھی نہیں دے سکتا۔ چلو اب جلدی سے دوا پی لو۔“ چارلس نے اس کے پلنگ کی پٹی پر بیٹھتے ہوئے ہمدردانہ لہجے میں کہا اور گیزل کو مجبوراً دوا کا ایک گھونٹ بھرنا پڑا۔

مگر راجر نے دوا پینے سے صاف انکار کر دیا۔ ”اس دوا سے ہمیں کوئی فائدہ نہیں ہوا۔“ وہ منہ بناتے ہوئے بولا۔ ”اس کے استعمال سے تو ہماری بیماری اور بھی بڑھ رہی ہے۔“

میری آندرے نے چارلس سے بوتل لے لی اور ایک گلاس میں دوا انڈیل کر ایک چسکی بھرتے ہوئے بولی۔ ”اگر تمھیں کسی قسم کا شبہ ہے تو میں بھی تمھارے ساتھ یہ دوا پی رہی ہوں۔ چلو، اب شروع ہو جاؤ۔ میں ایک نرس ہوں اور نرس اپنے کسی مریض کو بیماری کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتی۔“

گیزل نے اسے چسکیاں لیتے دیکھ کر اپنے ہاتھ میں پکڑا ہوا گلاس ایک ہی سانس میں حلق میں انڈیل لیا۔ میری آندرے نے بھی ایک بڑا سا گھونٹ بھرا لیکن دوسرے ہی لمحے معذرت کرتی ہوئی باتھ روم میں گھس گئی۔ چند سیکنڈ بعد ہی باتھ روم کے فلش میں پانی گرنے کی آواز سن کر راجر کو اندر کی صورتِ حال سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ اس نے گلاس میز پر رکھتے ہوئے چارلس کی ہدایات پر عمل کرنے سے انکار کر دیا۔ چارلس کندھے اچکا کر رہ گیا لیکن دوسرے ہی لمحے اس کے چہرے پر ناگواری کے تاثرات ابھر آئے۔

”اگر تم مستقل بیمار رہ کر بنکاک ہی میں اپنی زندگی کے دن پورے کرنا چاہتے ہو تو مجھے بھلا کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔“ اس کے ساتھ ہی وہ غصّے میں پیر پٹختا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا، جہاں نیچے کھڑی ہوئی ٹویوٹا میں وِیٹالی حکیم اس کا منتظر تھا۔ کچھ ہی دیر بعد ان کی گاڑی شانتا بیری کی ہیروں کی کانوں کی طرف جا رہی تھی۔

اس گھٹیا سے ہوٹل کے کمرے میں میری آندرے ایک کرسی پر اکڑوں بیٹھی تھی۔ گیزل پر غنودگی طاری ہو رہی تھی۔ اور وہ اپنے آپ کو بیدار رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی۔ راجر نے اسے دونوں کندھوں سے پکڑ لیا اور ہولے سے جھنجھوڑتے ہوئے بے بس لہجے میں بولا۔

”یہ سب کیا ہے؟ ہمیں کیا ہو رہا ہے؟“

”تم بیمار ہو اور کوئی بات نہیں ہے۔“ گیزل کے بجائے میری آندرے نے جواب دیا۔

”لیکن یہ معمولی سی بیماری اتنا طول نہیں کھینچ سکتی۔“ راجر بولا۔ تین ہفتے پہلے اس کی ملاقات ایلین گوتھرا اور مونیکا سے ہوئی تھی اور وہ اسی روز سے مستقل بیمار چلے آ رہے تھے۔

گیزل کو اب آنکھیں کھلی رکھنا مشکل ہو رہا تھا۔ نیند پوری شدت سے اس پر حملہ آور ہو رہی تھی۔ چند سیکنڈ بعد ہی وہ لڑھک

"لیکن۔ اب کیا مسئلہ ہے؟ گزشتہ رات کس بات پر جھگڑا ہوا تھا؟" بیلے نے پوچھا۔

"وہ ایک اور لڑکی کے پیچھے لگ گیا ہے" ... میری آندرے نے گہرا سانس بھرتے ہوئے کہا۔ اس کی یہ نئی رقیب، ایک خوبصورت تھائی لڑکی تھی جس کی عمر بیس سال سے بھی کم تھی۔ وہ کالج کی اسٹوڈنٹ تھی اور اپنے اخراجات پورے کرنے کے لیے جزوی طور پر ایک ریسٹورنٹ میں ویٹریس کی حیثیت سے ملازمت بھی کر رہی تھی۔

یہ میری آندرے کی بدقسمتی ہی تھی کہ اس روز اسی کے مشورے پر وہ اس ریسٹورنٹ میں کھانا کھانے چلے گئے تھے۔ وہی خوبصورت ویٹریس ان کی میز پر سرو کر رہی تھی۔ میری آندرے نے اس خوبصورت ویٹریس میں چارلس کی دلچسپی کو فوراً ہی محسوس کر لیا تھا۔ اس کا نام اگرچہ خاصا لمبا چوڑا تھا جو آسانی سے ان کی زبان پر نہیں آ سکتا تھا۔ ان کی سہولت کے لیے ویٹریس نے اپنے نام کے صرف ایک حصے پر ہی اکتفا کر لیا تھا۔ سوزی بلاشبہ حسین تھی۔ وہ چلتی تو محسوس ہوتا جیسے زمین پر قدم رکھنے کے بجائے ہوا میں تیر رہی ہو۔ کھانے کے دوران چارلس کی نظریں مسلسل اسی کے تعاقب میں لگی ہوئی تھیں۔ سوزی نے بھی چارلس کی اس دلچسپی کو محسوس کر لیا تھا۔ وہ جب بھی ان کی میز کے قریب سے گزرتی، اس کے ہونٹوں کی مسکراہٹ کچھ اور بھی گہری ہو جاتی۔ اور جب وہ بل لے کر آئی تو اس موقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فوراً ہی تعارف کا مرحلہ بھی طے کر لیا۔ اس نے اپنا نام ایلین اور اپنی ساتھی کو آندرے کے نام سے متعارف کرایا تھا اور بقول اس کے وہ حال ہی میں رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوئے تھے۔

اس تعارف پر میری آندرے کا منہ حیرت سے کھلے کا کھلا رہ گیا لیکن ان دونوں میں سے کوئی بھی اس کی طرف متوجہ نہیں تھا۔ ایلین نے سوزی کو باتوں میں الجھا لیا تھا۔ سوزی اگرچہ انگریزی کے چند حروف سے زیادہ نہیں جانتی تھی لیکن میرج کا مطلب اس نے سمجھ لیا تھا اور وہ ... میری آندرے کو خوش قسمت سمجھ رہی تھی کہ اسے ایلین جیسا خوبرو شوہر ملا تھا۔

چند ہی ملاقاتوں کے بعد چارلس، سوزی کو اپنے جال میں پھانسنے میں کامیاب ہو گیا۔ اس نے نکوشی اور میری آندرے کے درمیان سوزی کے لیے بھی جگہ نکال لی تھی۔ چارلس شہر سے باہر کہیں بھی جاتا تو سوزی اس کے ہم رکاب ہوتی اور وہ ایک طرح سے اس کی رازداں بن چکی تھی۔

چارلس کھانا وغیرہ بھی اب اسی ریسٹورنٹ میں کھانے لگا تھا۔ ایسے موقعوں پر اس نے میری آندرے کو ساتھ لے جانے کی حماقت کبھی نہیں کی تھی۔ وہ ہمیشہ ریسٹورنٹ کے اس حصے میں بیٹھتا جہاں سوزی کی ڈیوٹی ہوتی۔ اپنے لیے کھانوں کا انتخاب بھی اس نے سوزی ہی پر چھوڑ دیا تھا اور وہ وقتاً فوقتاً اسے قیمتی تحائف سے بھی نوازتا رہتا تھا۔ تحائف کی ابتدا پھولوں کے گلدستے سے ہوئی تھی۔ پھر ایک رات جب اس نے ایک ہیرے کی انگوٹھی .... پیش کرنا چاہی تو سوزی نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

"تمھارے انکار سے میرا دل ٹوٹ جائے گا" چارلس نے کہتے ہوئے انگوٹھی زبردستی اس کی انگلی میں پہنادی۔

اور اس کے بعد تو چارلس نے اس پر قیمتی تحائف کی بارش کر دی۔ سوزی کے پاس اتنے قیمتی پتھر جمع ہو چکے تھے کہ اسے حیرت ہونے لگی تھی۔ ان چیزوں کے بارے میں تو اس نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا۔ وہ چارلس کو ایک متوسط گاہک سمجھ رہی تھی لیکن اسے اپنا یہ خیال تبدیل کرنا پڑا۔ چارلس تو ایسا دولت مند ثابت ہوا تھا جسے دولت کی ذرّہ برابر بھی پروا نہیں تھی۔ سوزی کا خیال تھا کہ وہ ان قیمتی تحائف کے بدلے اس سے بھی کچھ حاصل کرنے کی کوشش کرے گا لیکن یہ جان کر اسے حیرت ہوئی کہ اتنے دن گزرنے کے بعد بھی چارلس نے اس سے کوئی مطالبہ نہیں کیا تھا۔ اس نے تو اسے کبھی چھوا تک نہیں تھا۔ چارلس کبھی کبھار میری آندرے کو بھی ساتھ لے آتا۔ وہ بیوی کی موجودگی میں بھی سوزی سے فلرٹ کرتا۔ سوزی کو شبہ تھا کہ میری آندرے کے دل میں اس کے خلاف نفرت پیدا ہو رہی تھی۔

سوزی کا یہ خیال غلط نہیں تھا۔ اتفاق سے یہ ریسٹورنٹ اسی ہوٹل کے شاپنگ آرکیڈ میں واقع تھا جہاں کی ایک جیولری شاپ میں نکوشی ملازمت کر رہی تھی۔ چارلس کی جاسوسی کے خیال سے بیک وقت ان دونوں لڑکیوں پر نگاہ رکھنا میری آندرے کے لیے زیادہ مشکل ثابت نہیں ہوا تھا۔ میری آندرے اس ہوٹل کی عمارت میں داخل ہوئے بغیر سڑک کے دوسری طرف واقع تحائف فروخت کرنے والی ایک دکان میں کھڑے ہو کر ریسٹورنٹ کی کھڑکی سے چارلس اور سوزی پر نگاہ رکھ سکتی تھی۔ جب ان کے خلاف اچھے خاصے ثبوت جمع ہو گئے تو ایک روز میری آندرے، چارلس سے الجھ پڑی لیکن چارلس اس موضوع پر کوئی گفتگو کرنے کو تیار نہیں تھا۔

"سوزی سے میرا تعلق صرف کاروبار کی حد تک ہے۔"



اس نے پرانا حربہ استعمال کرتے ہوئے کہا۔ "میں اس سلسلے میں کوئی بات سننا نہیں چاہتا۔"

میری آندرے خون کے گھونٹ پی کر رہ گئی۔ اس پر یہ انکشاف تو بہت عرصے بعد ہوا تھا کہ چارلس نے دسمبر کے پہلے ہفتے میں سوزی سے شادی کے لیے بھی کہا تھا۔ شادی کے موضوع کو اس نے اپنا معمول بنا لیا تھا۔ اس نے یہ بھی اعتراف کر لیا تھا کہ میری آندرے اس کی بیوی نہیں، معمولی سیکریٹری ہے اور وہ کبھی کبھار دوستوں سے مذاق کے لیے اپنے آپ کو میاں بیوی بھی کہہ لیتے ہیں۔

"محبت تو میں تم سے کرتا ہوں۔" اس نے سوزی کو یقین دلاتے ہوئے کہا۔ "دراصل تم ہی وہ لڑکی ہو جس کی مجھے تلاش تھی اور میں تمھاری کھوج میں اب تک بھٹک رہا تھا۔"

"مجھے تمھاری رفیقِ حیات بننے پر خوشی ہو گی لیکن مجھے سوچنے کے لیے کچھ وقت چاہیے۔" سوزی نے جواب دیا۔ چارلس کی شادی کی یہ خواہش اس کے لیے قطعی غیر متوقع بھی نہیں تھی۔ چارلس ایک گاہک کی حیثیت سے ریسٹورنٹ میں آیا تھا جس نے اپنی سخاوت سے اسے متاثر کیا تھا۔ اس دوران وہ ابھی صرف دو تین مرتبہ اس کے ساتھ ڈیٹنگ کے لیے گئی تھی اور وہاں بھی اس نے زیادہ گرمجوشی کا مظاہرہ نہیں کیا تھا اور اب وہ اسے شادی کے لیے مجبور کر رہا تھا۔ سوزی کے لیے فوری طور پر کوئی فیصلہ کرنا بہت مشکل تھا اور اسی لیے اس نے مہلت حاصل کر لی تھی۔

اور اب کانت ہاؤس کے کمپاؤنڈ میں سوئمنگ پول کے کنارے بیٹھی ہوئی میری آندرے آنسو بہاتے ہوئے بیلے کو سوزی کے بارے میں یہ سب کچھ بتا رہی تھی۔ گزشتہ رات ان کا جھگڑا بھی اسی بات پر ہوا تھا۔ بات ایک دوسرے پر ہاتھ اٹھانے تک پہنچ گئی تھی اور وہ چیزیں اٹھا اٹھا کر ایک دوسرے پر پھینکتے رہے تھے۔ فلیٹ میں موجود چارلس کے بیمار مہمان، اس صورتحال سے یقیناً پوری طرح لطف اندوز ہوئے ہوں گے۔

بیلے، میری آندرے کا ہاتھ تھامے اسے پُرسکون کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ دفعتاً میری آندرے نے ایک جھٹکے سے ہاتھ چھڑا لیا اور سسکی بھرتے ہوئے بولی۔ "اب وہ مجھے اپنے بچّے کی ماں بننے پر مجبور کر رہا ہے۔"

"کیا تم واقعی....؟" بیلے نے الجھی ہوئی نگاہوں سے میری آندرے کی طرف دیکھا۔

"نہیں۔" میری آندرے نے نفی میں سر ہلایا۔ "لیکن میں اس کے بچّے کی ماں نہیں بننا چاہتی۔ اس کی اولاد بھی اس کی طرح عفریت ہی ہو گی۔ قابلِ نفرت۔"

بیلے نے ابھی تک سوزی کو نہیں دیکھا تھا جو میری آندرے کی زندگی برباد کرنے کا باعث بن رہی تھی لیکن اس کی یہ خواہش بھی جلد ہی پوری ہو گئی۔ بیلے کے اندازے کے مطابق اس کی عمر زیادہ سے زیادہ پندرہ سولہ سال رہی ہو گی۔ وہ بلاشبہ حسین تھی۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھیں اور چہرے پر بے پناہ معصومیت۔ اس کا شمار یقیناً ان لڑکیوں میں نہیں کیا جا سکتا تھا جو چارلس جیسے شخص کی محفلوں کی رونق بننے کے قابل ہو۔ اس کے تو ابھی اپنے کھیلنے کے دن تھے لیکن میری آندرے نے اس کی جو تصویر کھینچی تھی وہ یقیناً بہت بھیانک تھی۔

بیلے نے سیموئیل کو اس صورتِ حال سے آگاہ کیا تو اس کا تبصرہ بیلے کی توقع سے قطعی برعکس تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ ایلین گوتھر کو عورتوں سے کوئی جذباتی لگاؤ نہیں تھا۔ وہ اپنے کاروبار میں انھیں آلۂ کار کی حیثیت سے استعمال کر رہا تھا۔ میری آندرے کو اس نے محض اس لیے اپنے گھر کے ایک مستقل فرد کی حیثیت دے رکھی تھی کہ وہ کنیڈین تھی۔ اور یورپین سیّاحوں کو جب یہ معلوم ہوتا کہ مشرقی نقوش والے اس شخص کی بیوی کنیڈین ہے تو وہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہتے۔ نکوشی کی حیثیت ایلین کے لیے اس لحاظ سے زیادہ اہم تھی کہ وہ نہ صرف قیمتی پتھروں کی پرکھ میں مہارت رکھتی تھی بلکہ اسے گاہک فراہم کرنے کے علاوہ تھائی حکومت کی بیوروکریسی سے بھی پوری طرح واقف تھی اور اس سلسلے میں بھی اس کی رہنمائی کر رہی تھی۔ البتّہ سوزی والا معمّہ سیموئیل کی سمجھ میں نہیں آ سکا تھا۔ اسے حیرت تھی کہ ایلین کی زندگی میں اسے کیا حیثیت حاصل رہی ہو گی لیکن بہرحال، کوئی نہ کوئی تو وجہ رہی ہو گی لیکن ایلین کی محبت والی بات سیموئیل کے حلق سے نہیں اتر رہی تھی۔

سیموئیل یا بیلے اس حقیقت سے کبھی بھی آگاہ نہیں ہو سکتے تھے کہ سوزی اس ویتنامی لڑکی سونگ سے بے پناہ مشابہت رکھتی تھی جس نے دوسری جنگِ عظیم کے دوران سائیگون کے ایک اسپتال میں گورکھ سوبھراج نامی اس بچّے کو جنم دیا تھا، جسے اس کے ہندو باپ نے اپنی اولاد کی حیثیت سے قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا اور وہ بچّہ نہ صرف باپ کی شفقت کو ترستا رہا بلکہ بعد میں اسے ماں کی ممتا سے بھی محروم ہونا پڑا تھا۔ سوزی میں چارلس سوبھراج کی دلچسپی کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ اسے سوزی کی صورت میں اپنی ماں کا چہرہ دکھائی دیا تھا۔

بنکاک آنے کے بعد چارلس بہت عرصہ سے جواہرات

اور اکتا دینے والا کوئی ٹی وی پروگرام اس نے آج تک نہیں دیکھا۔ مرد نے اگرچہ شستہ انگریزی میں جواب دیا لیکن اس کے لہجے میں ہلکی سی تبدیلی محسوس کر کے اسے یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ وہ دونوں ڈچ تھے۔ کسی ڈچ باشندے کو فریب دینا چارلس کے خیال میں اتنا آسان نہیں تھا۔ یہ لوگ ضرورت سے زیادہ حسّاس ہوتے ہیں اور دوسروں کے بارے میں شبہ کرنا اور سرد مہری ان کی فطرت کا خاصّہ ہوتا ہے۔ چارلس نے اگرچہ ایک مرتبہ اپنے سوتیلے بھائی آندرے کو بھی مشورہ دیا تھا کہ وہ ان لوگوں سے دور رہا کرے لیکن اس وقت وہ خود جس بحران میں مبتلا تھا اس کے پیش نظر اس نے فیصلہ کر لیا تھا کہ آج رات جیسی بھی مچھلی ملے اس کا شکار کر لینا چاہیے۔

ہینک بنٹا نجا کی عمر انتیس سال تھی۔ اسے کیمسٹری میں ماسٹرز کی ڈگری پر فخر تھا لیکن یہ ڈگری اب تک نہ تو اسے کوئی ملازمت دلوا سکی تھی اور نہ ہی پی ایچ ڈی کے داخلے میں معاون ثابت ہوئی تھی۔ ہینک کا خیال تھا کہ یہ سب کچھ شاید اس کی دوغلی نسل سے تعلق کی وجہ سے تھا۔ اس کا باپ ڈچ اور ماں انڈونیشین تھی۔ دوغلے پن میں وہ اپنے آپ کو قطعی بے قصور سمجھتا تھا۔ اس کے خیال میں اصل قصور تو نیدرلینڈز کے ان قدیم حکمرانوں کا تھا جو بحری قزاقوں کی سرپرستی کرتے تھے۔ بحری قزاقوں کے یہ گروہ انڈونیشیا اور اس کے نواحی جزیروں کے قرب و جوار کے سمندر میں لوٹ مار کے بعد واپس لوٹتے تو مالِ غنیمت میں ان جزیروں کی جوان اور خوبصورت عورتیں بھی شامل ہوتیں۔ ہینک کا دادا بھی ایک بحری قزاق تھا جو ایک عورت کے عشق میں مبتلا ہو کر قزاقی ترک کر کے انڈونیشیا ہی میں آباد ہو گیا تھا۔ ہینک کے باپ نے ایک انڈونیشین عورت سے شادی کی تھی لیکن کچھ ہی عرصہ بعد وہ اپنی بیوی کو لے کر نیدرلینڈز چلا گیا تھا۔ اس طرح ہینک کی رگوں میں ڈچ اور انڈونیشین خون دوڑ رہا تھا۔

ہینک کی ساتھی کارنیلیا کی عمر پچیس سے زیادہ نہیں تھی۔ وہ دونوں نہ صرف ایک ہی شہر کے رہنے والے تھے بلکہ ان کا بچپن بھی اکٹھے ہی گزرا تھا۔ ہینک کیمسٹری میں ماسٹرز کی ڈگری لینے کے بعد ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا تھا اور کارنیلیا ایک فارم پر پنیر بنانے پر ملازم ہو گئی تھی۔ ہینک نے جب محسوس کیا کہ کیمسٹری کی ڈگری اس کے کسی کام نہیں آ رہی ہے تو اچانک ہی اس کے دماغ میں یہ بات سما گئی کہ کیوں نہ دنیا کی سیّاحت کی جائے۔ کارنیلیا نے اس کی رائے سے اتفاق کیا اور رقم جمع کرنے کے لیے ڈبل شفٹ میں کام شروع کر دیا۔ ہینک کے پاس اگرچہ زیادہ رقم نہیں تھی لیکن اس نے پہلے ہی سوچ لیا تھا کہ اگر کہیں اسے رقم کی ضرورت پڑی تو وہ انڈونیشیا پہنچ جائے گا جہاں اس کی ماں کے رشتہ دار اس کی مدد کر سکتے تھے۔

چارلس چند منٹ کے اندر اندر نہ صرف ان دونوں سے متعارف ہو گیا بلکہ ان میں دوستی کا ایک ایسا رشتہ بھی استوار ہو گیا جس میں کم از کم ہینک اور کارنیلیا کو خلوص اور چاہت کے سوا اور کچھ محسوس ہی نہیں ہوا تھا۔ کھانا حیات ریجنسی ہوٹل میں کھایا گیا اور پھر چارلس انھیں ہوٹل کے شاپنگ آرکیڈ کی سیر کراتا رہا جس کی بیشتر دکانوں کے شوکیسوں میں ہمہ اقسام کے قیمتی پتھر جگمگاتے ہوئے نظر آ رہے تھے۔ بالآخر چارلس نے انھیں اپنے کمرے میں چلنے کی دعوت دی جہاں وی سی آر پر غیر سنسر شدہ فلمیں دیکھنے کا اہتمام بھی موجود تھا۔ ان دونوں نے یہ خلوص بھری دعوت قبول کر لی اور کسی ہچکچاہٹ کے بغیر اس کے کمرے میں چلے آئے۔

کمرہ دیکھ کر ہینک اور کارنیلیا کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔ انھیں یہ اندازہ لگانے میں دشواری نہیں ہوئی کہ ان کا میزبان اپنے وقت کا بہت بڑا رئیس ہے جس نے ان کی خاطر تواضع میں بھی کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی۔ اس وقت وی سی آر پر ایک بیہودہ سی فلم دیکھتے ہوئے وہ دنیا کی بہترین اسکاچ وھسکی سے لطف اندوز ہو رہے تھے جس کا بل ہوٹل کے دفتر میں چارلس کے حساب میں جمع ہو گیا تھا۔

چارلس اپنے ان مہمانوں کو ہانگ کانگ کی سیر کراتا رہا۔ کبھی وہ وکٹوریہ ہاربر پر کسی خوبصورت بجرے میں سمندر کی سیر کرتے ہوئے نظر آتے، کبھی ڈیوٹی فری شاپس میں گھومتے ہوئے دکھائی دیتے جہاں جواہرات کی خرید کے سلسلے میں چارلس انھیں اپنی رہنمائی سے نوازتا۔ شہر کی سیر کے دوران کسی وقت کارنیلیا نے اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ وہ یاقوت کی انگوٹھی خریدنا چاہتی ہے اور چارلس نے اسے نہ صرف قیمت کے بارے میں خبردار کیا تھا بلکہ یاقوت کی کوالٹی کے بارے میں بھی محتاط رہنے کا مشورہ دیا تھا۔ کئی دکانوں پر گھومنے کے بعد کارنیلیا کے چہرے پر مایوسی کے سائے پھیل گئے۔ ہر جگہ انگوٹھی کی قیمت اس کی قوتِ خرید سے بہت زیادہ تھی۔ چارلس کسی ایسے ہی موقعے کا منتظر تھا۔ اس نے اس صورت حال سے فائدہ اٹھانے کا فیصلہ کر لیا۔ اس نے حقِ دوستی اور حقِ میزبانی ادا کرتے ہوئے کارنیلیا کو پیشکش کی کہ اگر وہ پسند کرے تو اس کے ذاتی کولیکشن سے کم قیمت پر انگوٹھی خرید سکتی ہے۔ کارنیلیا بھی ایسا کوئی موقع کھونا نہیں چاہتی تھی۔ اس نے سولہ سو ڈالر میں اپنی پسند کی انگوٹھی چارلس سے



خرید لی۔ وہ اس سودے کے لیے اپنے میزبان کی انتہائی شکر گزار تھی کیونکہ اس کو یہ قیمتی انگوٹھی بازار کے حساب سے آدھی سے بھی کم قیمت پر مل گئی تھی۔ اسی روز اس نے ایمسٹرڈم میں اپنی ایک دوست کو انگوٹھی کی خرید کے بارے میں لکھے جانے والے خط میں اپنے میزبان کا تعارف بھی کرا دیا۔

”ہانگ کانگ میں ہمارے اس دوست کا نام ایلین ڈوبیوس ہے۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ اجنبی ملک میں اس جیسے شریف آدمی سے ہماری ملاقات ہو گئی۔ اس کا تعلق بنکاک سے ہے اور اس نے ہمیں بنکاک آنے کی دعوت بھی دی ہے۔“

چارلس اگرچہ وٹالی حکیم کے پاسپورٹ پر ہانگ کانگ میں داخل ہوا تھا لیکن یہاں وہ اپنے لیے ایلین ڈوبیوس کا نام استعمال کر رہا تھا۔ اس نے ہینک اور کارنیلیا کو یہ پیشکش بھی کی تھی کہ ان کے بنکاک پہنچنے پر انھیں لینے کے لیے وہ نہ صرف اپنی کار ایئرپورٹ بھیج دے گا بلکہ اگر وہ لوگ پسند کریں تو انھیں بلامعاوضہ رہائش کے لیے اس کے بینٹ ہاؤس کا ایک کمرہ بھی مل سکتا ہے جہاں ایک فرانسیسی شیف دنیا کے بہترین کھانوں سے ان کی تواضع کرے گا۔ کارنیلیا اس کی اس پیشکش سے بے حد متاثر ہوئی تھی۔ پینٹ ہاؤس کے نام پر اس کی آنکھوں کے سامنے ایمسٹرڈم کی فورچ ایونیو کا منظر گھوم گیا جہاں کے پینٹ ہاؤسز کی رہائش کا تصوّر صرف وہی لوگ کر سکتے تھے جن کی آمدنی کے ذرائع لامحدود ہوں اور غالباً ایلین ڈوبیوس کا شمار بھی ایسے ہی لوگوں میں ہوتا تھا۔

اس کے چند روز بعد دس دسمبر کی رات ہینک اور…

کارنیلیا بنکاک ایئرپورٹ پر جہاز سے اتر رہے تھے۔ امیگریشن اور کسٹمز وغیرہ سے فارغ ہونے کے بعد پبلک لاؤنج میں پہنچ کر ہینک، ایلین کو فون کرنے کے لیے بوتھ کی طرف بڑھ رہا تھا کہ ایک نوجوان نے آگے بڑھ کر ان کا راستہ روک لیا۔ وہ ایلین ڈوبیوس تھا۔ ان دونوں کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا کیونکہ انھوں نے ایلین کو اپنی آمد کے بارے میں قطعی اطلاع نہیں دی تھی۔

جب وہ ٹرمینل کی عمارت سے باہر نکلے تو ایلین کے بیان کے برعکس لیموزائن کے بجائے کرائے کی ایک پرانی سی ٹویوٹا کار کو دیکھ کر انھیں سخت مایوسی ہوئی۔ ایلین نے جس فرانسیسی شیف کا تذکرہ کیا تھا وہ ایک بدحال کنیڈین عورت ثابت ہوئی اور پینٹ ہاؤس کسی طرح بھی ایمسٹرڈم کے کسی گھٹیا ترین فلیٹ سے بہتر نہیں تھا۔ یہ سب کچھ اگرچہ ان کے لیے حیرت کا باعث تھا لیکن ان کے خیال میں بلامعاوضہ رہائش کے لیے اس سے بہتر کوئی اور جگہ مل بھی نہیں سکتی تھی۔

ان نئے مہمانوں کی آمد کے دو دن بعد بیلے اپنی دوست سے ملاقات کے لیے پانچویں منزل پر پہنچی تو فلیٹ کا دروازہ بند تھا۔ دستک دینے پر کوئی جواب نہیں ملا تو وہ یہی سمجھی کہ مونیکا ساتھ والے فلیٹ میں ہو گی۔ اس دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے اندر سے آتی ہوئی مونیکا کی آواز نے اس کے خیال کی تصدیق کر دی اور وہ دستک دیے بغیر دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئی۔

کمرہ نیم تاریک تھا۔ روشنی سے اندھیرے میں آ جانے سے اسے کچھ زیادہ ہی تاریکی کا احساس ہوا تھا۔ چند لمحوں بعد جب اس کی آنکھیں کچھ دیکھنے کے قابل ہوئیں تو وہ الجھی ہوئی نگاہوں سے صورت حال کا جائزہ لینے لگی۔ کرسی پر ایک اجنبی نیم دراز تھا۔ اس کے چہرے پر بے ترتیب داڑھی، پیلی رنگت، آنکھیں اوپر کو چڑھی ہوئی اور جسم پسینے میں شرابور ہو رہا تھا۔ اس کے قریب ہی فرش پر ایک خوبصورت لڑکی آڑی ترچھی حالت میں لیٹی ہوئی تھی۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے پیٹ دبا رکھا تھا اور پورے جسم پر رعشہ سا طاری تھا۔ ان کی حالت دیکھ کر بیلے کا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔ اس نے الجھی ہوئی نگاہوں سے قریب کھڑی ہوئی مونیکا کی طرف دیکھا جو کچھ کہے بغیر کمرے سے باہر نکل گئی۔ بیلے بھی اس کے پیچھے ہی باہر آ گئی۔

”کون ہیں یہ لوگ؟“ بیلے نے دوسرے فلیٹ میں پہنچ کر مونیکا سے پوچھا۔

”ایلین کے گاہک۔“ مونیکا کے لہجے میں تلخی تھی۔ ”ان کا تعلق ہالینڈ سے ہے۔“

بیلے نے بات کو آگے بڑھانا ضروری نہیں سمجھا۔ کچھ دیر بعد وہ اپنے فلیٹ میں آ گئی۔ وہ اس سے پہلے بھی ایلین کے فلیٹ میں آنے والے بہت سے لوگوں کو بیماری اور کسمپرسی کی حالت میں دیکھ چکی تھی لیکن اس نے کبھی زیادہ توجہ نہیں دی تھی مگر آج کے اس منظر نے اسے بے چین کر دیا تھا۔ وہ رات بھر بستر پر کروٹیں بدلتی رہی مگر نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔ اس پر ایک عجیب سا اضطراب طاری تھا۔ بار بار ذہن میں آنے والا ایک خیال اسے بری طرح مضطرب کیے ہوئے تھا۔ کوشش کے باوجود وہ ایک لمحے کو بھی اس خیال کو ذہن سے نہیں جھٹک سکی تھی۔ جب وہ اوپر کے

فلیٹ میں گئی تھی تو کمرے کی نیم تاریکی کے باعث وہ زیادہ توجہ نہیں دے سکی تھی مگر اب یہ خیال بار بار اس کے ذہن کو کچوکے لگا رہا تھا کہ کرسی پر بیٹھے ہوئے اس بے ترتیب داڑھی والے اجنبی کے دونوں ہاتھ کرسی کے پیچھے بندھے ہوئے تھے۔

کارمائن حسبِ وعدہ دسمبر کے وسط میں بنکاک پہنچ گئی۔ ایئرپورٹ سے نکلتے ہی اس نے پریذیڈنٹ ہوٹل کا رُخ کیا جہاں اسے کم از کم اس وقت تک قیام کرنا تھا جب تک کہ ویٹالی حکیم اس سے رابطہ قائم نہ کرلیتا۔ شہر کی تفریح کا خیال اس نے فی الوقت ذہن سے نکال دیا تھا۔ وہ زیادہ تر اپنے کمرے ہی میں رہتی کہ اگر اس دوران ویٹالی حکیم خود آجائے یا اس کی فون کال آئے تو فوری طور پر اس سے رابطہ قائم ہو سکے۔ لیکن دو دن گزرنے کے بعد بھی ویٹالی حکیم کی طرف سے کوئی اطلاع نہ ملی تو اسے تشویش ہونے لگی۔ ویٹالی حکیم نے تین ہوٹلوں کے نام بتاتے ہوئے کہا تھا کہ وہ ان میں سے کسی ایک میں بھی ہوسکتا ہے۔ کارمائن نے مزید انتظار کرنے کے بجائے خود رابطہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا اور دوسرے ہوٹلوں کو ٹیلیفون کرنے لگی۔

پہلے ہوٹل سے جواب ملا کہ وہاں اس نام کے کسی شخص نے کبھی قیام نہیں کیا۔ دوسرے ہوٹل سے ملنے والا جواب بھی مایوس کن تھا۔ تیسری جگہ، ہوٹل ملائشیا کی طرف سے ملنے والے جواب نے تو اسے کسی حد تک بدحواس کر دیا تھا۔ ہوٹل کے کاؤنٹر کلرک نے بتایا کہ ہوٹل میں قیام پذیر مہمانوں میں اس نام کا کوئی شخص نہیں ہے۔ کارمائن مایوس ہو کر فون بند کرنے ہی والی تھی کہ اچانک ہی اس کے ذہن میں ایک اور خیال آگیا۔ اس نے اپنا نام بتاتے ہوئے دریافت کیا کہ اس کے لیے کوئی پیغام تو نہیں چھوڑا گیا۔ اس مرتبہ اسے مایوسی نہیں ہوئی۔ اس کے لیے ایک پیغام موجود تھا۔ اس نے فوراً ہی ملائشیا ہوٹل کی طرف دوڑ لگا دی۔ جہاں لفافے میں بند پیغام میں بتایا گیا تھا کہ ویٹالی حکیم، قیمتی پتھروں کا کاروبار کرنے والے گوتھر نامی ایک شخص کے گھر پر مقیم ہے۔ اس کا پورا پتا بھی تحریر تھا۔ کارمائن نے اطمینان کا سانس لیا۔ آخرِ کار وہ اپنے محبوب کے بارے میں معلوم کرنے میں کامیاب ہوگئی تھی۔

کانت ہاؤس میں کارمائن کی آمد چارلس سوبھراج کے لیے قطعی غیر متوقع تھی۔ اس سے چند روز پہلے ہی تو وہ ہینک اور کارنیلیا کو لے کر آیا تھا جو ملحق فلیٹ میں صاحبِ فراش تھے لیکن وہ عیار ذہن کا مالک تھا۔ اس نے کسی گھبراہٹ کا مظاہرہ کرنے کے بجائے بڑی خوبصورتی سے صورتحال کو قابو میں رکھا۔

یہ اتفاق تھا کہ اسی روز بیلے سے بھی کارمائن کی ملاقات ہوگئی تھی۔ کارمائن، ویٹالی حکیم سے ملنے کے لیے بے چین ہو رہی تھی لیکن فلیٹ میں مقیم کسی بھی شخص سے اس کے بارے میں کچھ نہیں معلوم ہو سکا تھا۔ بیلے کو کارمائن کی حالت پر افسوس بھی ہو رہا تھا۔ انتہائی سستے قسم کا لباس اس کی بدحالی کی منہ بولتی تصویر تھا۔ بیلے اسے بنکاک میں بعض ایسی دکانوں کے بارے میں بتانے لگی جہاں سے اچھے مگر سستے ملبوسات حاصل کیے جاسکتے تھے۔ بیلے نے پیشکش کی تھی کہ اگر کارمائن پسند کرے تو وہ اس کے ساتھ بازار جانے کو تیار ہے۔ لیکن دوسرے دن پندرہ دسمبر کو کارمائن جس طرح اچانک آئی تھی اسی طرح کانت ہاؤس سے غائب بھی ہوگئی۔ حالانکہ اس نے فی الحال کہیں جانے کا کوئی ارادہ ظاہر نہیں کیا تھا۔

”کیا وہ خود ہی کہیں گئی ہے؟“ بیلے نے مونیکا سے دریافت کیا۔

جواب میں مونیکا محض کندھے اُچکا کر رہ گئی۔ اس کا چہرہ اب ہر وقت دُھواں دُھواں سا رہنے لگا تھا اور وہ بیلے سے نظریں چُرانے لگی تھی۔

”مجھے نہیں معلوم وہ کہاں چلی گئی ہے؟“ بیلے کے دوبارہ استفسار پر اس نے ایک بار پھر کندھے اچکاتے ہوئے جواب دیا۔ ”ان ہپیوں کا کیا بھروسہ۔ جس طرف منہ اٹھتا ہے چل دیتے ہیں۔“

اس کے دوسرے دن صبح سویرے پتایا کے ساحل پر ایک نوجوان لڑکی کی لاش تقریباً ایک فٹ گہرے پانی میں ڈوبی ہوئی ملی۔ جنیفر کی طرح اس لاش کے بارے میں بھی تھائی کام چور پولیس نے یہ مفروضہ قائم کر لیا کہ یہ ٹورسٹ لڑکی سے چٹان سے پھسل کر پانی میں جا گری تھی جہاں ڈوبنے سے اس کی موت واقع ہوگئی اور اس کی لاش کو لہروں نے کم گہرے پانی تک پہنچا دیا۔ پولیس نے اسے بھی محض ایک حادثہ قرار دے کر کیس کو داخلِ دفتر کر دیا۔ کئی ماہ بعد تحقیقات سے یہ انکشاف ہوا کہ وہ کارمائن تھی جسے نہ صرف گلا گھونٹ کر ہلاک کیا گیا تھا بلکہ اس کی گردن کی ہڈی بھی ٹوٹی ہوئی تھی جو غالباً کراٹے کے بھرپور وار کا نتیجہ تھا۔ اسے مرنے کے بعد ہی پانی میں پھینکا گیا تھا۔

کانت ہاؤس سے کارمائن کے غائب ہونے کے دوسرے دن ہینک اور کارنیلیا کو بھی فلیٹ سے رخصت کر دیا گیا۔ دو چار دن میں ہی ان کی حالت مُردوں سے بدتر ہو چکی تھی۔ انھیں سہارا



دے کر تقریباً گھسیٹتے ہوئے نیچے لاکر عمارت کے سامنے کھڑی ہوئی چارلس سوبھراج کی کار میں ٹھونس دیا گیا۔ وہ آدھی رات کا وقت تھا۔ کار میں چارلس کے علاوہ اجے چوہدری بھی موجود تھا۔ ان کی واپسی صبح پانچ بجے سے پہلے نہیں ہوئی تھی۔ ابھی اندھیرا ہی تھا اور وہ اکیلے تھے۔ ان کی پتلونیں گھٹنوں تک بھیگی ہوئی تھیں اور کیچڑ کے دھبے بھی نظر آرہے تھے۔ چارلس نے فلیٹ میں داخل ہوتے ہی پتلون اتار دی اور اسے ڈومنک کی طرف اچھالتے ہوئے تحکمانہ لہجے میں کہا کہ اسے فوری طور پر دھو دیا جائے۔ پتلون اٹھاتے ہوئے ڈومنک کو پٹرول کی بو محسوس ہوئی لیکن اس سلسلے میں کوئی سوال کرنے کے بجائے اس نے چارلس کی ہدایت پر عمل کرنا ضروری سمجھا۔

۱۸، دسمبر کے بنکاک پوسٹ کے صفحۂ اوّل پر دو کالمی سُرخی کے ساتھ شائع ہونے والی ایک خبر اس روز بیشتر لوگوں کی توجہ کا مرکز بنی رہی۔ خبر کے ساتھ ایک مرد اور ایک عورت کی بھیانک تصویریں بھی موجود تھیں۔ خبر اگرچہ بہت مختصر سی تھی مگر اس کا ایک ایک لفظ رونگٹے کھڑے کر دینے کے لیے کافی تھا۔

”پولیس کو بنکاک سے تقریباً پینتالیس کلومیٹر دور سڑک سے کچھ فاصلے پر واقع ایک گڑھے سے ایک نوجوان مرد اور ایک عورت کی جلی ہوئی لاشیں ملی ہیں۔ وہ دونوں آسٹریلین تھے۔ لاشوں کے کچھ حصّے جلنے سے محفوظ رہ گئے تھے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی موت جلنے سے پہلے ہی واقع ہو چکی تھی۔ ان کے جسموں پر بعض جگہ تشدد کے نشانات بھی پائے گئے ہیں۔“

وہ ہینک بنٹانجا اور کارنیلیا کی لاشیں تھیں۔ انھیں سر پر کسی بھاری چیز سے ضربیں لگا کر ہلاک کیا گیا تھا پھر ان کی لاشوں پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی تھی۔

بیلے اور سیموئیل بنکاک کے جنوب میں ساحل پر کرسمس کی چھٹیاں منا رہے تھے۔ ان کا پروگرام تو پندرہ دن کا تھا مگر موسم خراب ہونے کی وجہ سے وہ جلد ہی واپس لوٹ آئے۔ ان دنوں بنکاک بھی شدید سردی کی لپیٹ میں تھا۔ وہ بائیس دسمبر کو واپس آئے تھے اور اسی روز انھیں سفارت خانے میں ملازم اپنے ایک دوست کی طرف سے رات کی پارٹی میں شرکت کی دعوت ملی جسے انھوں نے بخوشی قبول کر لیا۔ جب وہ تیار ہو کر جانے لگے تو سوچا کہ کیوں نہ ایلین اور مونیکا سے بھی ملتے چلیں کیونکہ کئی روز سے ان سے بھی ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ وہ لفٹ کے ذریعے پانچویں منزل پر پہنچ گئے۔

فلیٹ کا دروازہ بند تھا۔ بیلے کی دستک پر بھی کوئی جواب نہیں ملا تو پہلی مرتبہ انھیں احساس ہوا کہ فلیٹ پر سکوت طاری تھا۔ گزشتہ کئی مہینوں سے یہاں ہر وقت بہت تیز موسیقی، ایلین گوتھر کے مہمانوں اور گاہکوں کی آمدورفت کا شور، یا لتو نمدر نپولین اور ریشمی بالوں والے چھوٹے سے کتے فریکی کے بھونکنے کی آوازیں گونجا کرتی تھیں لیکن آج یہاں کی فضا پُرسکون تھی اور یہ سکوت کچھ عجیب سا محسوس ہو رہا تھا۔

بیلے دروازے پر مسلسل دستک دے رہی تھی۔ بالآخر دروازہ کھل گیا اور ڈومنک کا چہرہ دکھائی دیا۔ وہ ایلین کا پہلا مہمان تھا جو یہاں آتے ہی بیمار ہوگیا تھا اور اب تک پیچش کی شدید بیماری سے نجات حاصل نہیں کر سکا تھا۔ وہ بیلے اور سیموئیل کو راستہ دینے کے لیے دروازے سے ہٹ گیا۔ کمرے کے اندر ایک صوفے پر یانک اور جیکسن گم صم بیٹھے تھے۔ ان کے چہرے دیکھ کر ان بچوں کا تصور ذہن میں ابھرتا تھا جو جنگل میں راستہ بھول چکے ہوں۔ بیلے اور سیموئیل حیران تھے کہ خلافِ معمول انھوں نے خاموشی کیوں اختیار کر رکھی ہے وہ اس سلسلے میں کچھ پوچھنا چاہتے تھے لیکن اسی لمحے نیچے کوئی گاڑی رکنے کی آواز سنائی دی اور یانک اس طرح اچھل کر کھڑکی کے قریب پہنچ گیا جیسے اس میں یکایک برقی رو دوڑ گئی ہو۔ اس کے ساتھ ہی اس کا چہرہ دھواں ہو گیا تھا۔ وہ چند لمحے کھڑکی سے جھانک کر نیچے رکنے والی کار کو دیکھتا رہا پھر پیچھے ہٹ گیا۔ اس کے چہرے کے تاثرات بھی اب بدل گئے تھے جیسے کوئی متوقع خطرہ ٹل گیا ہو۔

”سب لوگ کہاں غائب ہیں؟“ بیلے نے بالآخر خاموشی توڑتے ہوئے کہا۔

”کھٹمنڈو۔“ جیکسن نے جواب دیا۔ ”ایلین، مونیکا اور اجے چوہدری کرسمس کی چھٹیاں گزارنے کے لیے اچانک ہی نیپال چلے گئے ہیں۔ ایلین کی باتوں سے ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ کھٹمنڈو کے ایک کاسینو میں نہ صرف بڑے جوئے کا پروگرام بنا رہا تھا بلکہ اسے وہاں کچھ ضروری کاروباری امور بھی نمٹانے تھے۔“

”حیرت ہے۔“ بیلے نے تعجب کا اظہار کیا۔ ”مونیکا نے تو کبھی ذکر تک نہیں کیا تھا کہ وہ کرسمس کی چھٹیاں کہیں باہر

گزارنا چاہتے ہیں۔"

"میں نے کہا نا کہ انھوں نے یہ پروگرام اچانک ہی بنایا تھا۔" جیکسن بولا۔ "وہ ایک گھنٹے کے اندر اندر تیار ہو کر رخصت ہو گئے تھے۔ اور ہمیں یہاں گھر کی دیکھ بھال کے لیے چھوڑ گئے۔"

بیلے گہری نظروں سے ان کے چہروں کا جائزہ لینے لگی۔ ان سب کے چہروں سے وحشت ٹپک رہی تھی۔ اسے شبہ تھا کہ وہ لوگ کسی نئی بیماری کا شکار تو نہیں ہو گئے۔ اس نے آگے بڑھ کر ڈومنک کی پیشانی پر ہاتھ رکھ دیا۔ پیشانی ٹھنڈی تھی اور یہ کیفیت کسی بیماری کی علامت کے بجائے کسی خوف کا نتیجہ بھی ہو سکتی تھی۔ ڈومنک نے اس کی تصدیق بھی کر دی کہ انھیں کوئی تکلیف نہیں تھی۔ بلکہ آج تو وہ اپنے آپ کو بہت بہتر محسوس کر رہے تھے۔ اس فلیٹ میں آنے کے بعد سے وہ مسلسل بیمار رہے تھے اور آج پہلی مرتبہ انھوں نے اپنے آپ میں یہ خوشگوار تبدیلی محسوس کی تھی۔

"پھر کیا معاملہ ہے؟ اس خاموشی کا کیا مطلب ہو سکتا ہے؟" بیلے نے متجسّس لہجے میں پوچھا۔

"تم لوگ غالباً کسی پارٹی میں جا رہے ہو۔" ڈومنک نے ان کا جائزہ لیتے ہوئے کہا۔ "واپس آؤ گے تو بتا دیں گے کہ کیا معاملہ ہے؟"

"نہیں۔" بیلے نے نفی میں سر ہلا دیا۔ وہ اس وقت تک یہاں سے ہلنے کو تیار نہیں تھی جب تک کہ وہ اصل صورتحال سے آگاہ نہ ہو جاتی۔ وہ اطمینان سے کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولی۔ "پہلے ہم یہ جاننا چاہیں گے کہ اصل بات کیا ہے؟"

یانک اس طرح محتاط نگاہوں سے کمرے کا جائزہ لینے لگا جیسے یہ جاننا چاہتا ہو کہ اس کی آواز اس کمرے سے باہر تو نہ جائے گی۔ اس نے ایک مرتبہ اپنے ساتھیوں کے چہروں کا جائزہ لیا اور پھر کسی غبارے کی طرح پھٹ پڑا۔ اس کے منہ سے نکلنے والا ایک ایک لفظ بیلے کے رونگٹے کھڑے کر دینے کے لیے کافی تھا۔

"تم شاید اپنے دوست ایلین کے بارے میں کچھ نہیں جانتیں۔" یانک کہہ رہا تھا۔ "وہ چور، لٹیرا، ڈاکو اور... اور قاتل ہے۔ وہ بہت سے... لوگوں کو قتل کر چکا ہے اور ہمیں بھی زندہ نہیں چھوڑے گا۔ اور اگر اسے یہ معلوم ہو جائے کہ ہم تمھیں اس کی اصلیت بتا چکے ہیں تو وہ اپنا راز چھپانے کے لیے تمھیں بھی موت کے گھاٹ اتار دے گا۔ وہ بہت خطرناک آدمی ہے۔"

"میں سمجھی نہیں؟" بیلے نے الجھی ہوئی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اس وقت اسے کس قسم کے تاثرات کا اظہار کرنا چاہیے۔

یانک نے اسے خاموش رہنے کا اشارہ کرتے ہوئے بات جاری رکھی۔ اب جیکسن اور ڈومنک بھی بولنے لگے تھے۔ انھیں یقین تھا کہ جنیفر، ترک یہودی ویٹالی حکیم اور آخر میں آنے والی خوبصورت لڑکی کارمائن کا اس طرح اچانک غائب ہو جانا بے معنی نہیں تھا۔ پھر ہینک اور کارنیلیا کا معاملہ تو ابھی تازہ ہی تھا۔ انھیں یقین تھا کہ ایلین گوتھر ان سب لوگوں کو ٹھکانے لگا چکا تھا۔

"جب تم ساحل پر چھٹیاں منانے کے لیے گئی ہوئی تھیں تو پولیس کو شہر سے کچھ دور دو جلی ہوئی لاشیں ملی تھیں۔" یانک نے بتایا۔ "ایک عورت اور ایک مرد۔ ان کی اگرچہ شناخت نہیں ہو سکی تھی لیکن ہمیں یقین ہے کہ وہ ہینک اور کارنیلیا کی لاشیں تھیں۔" اس نے جیب سے اخبار کا ایک تراشہ نکال کر بیلے کی طرف بڑھا دیا۔

اس اخباری تراشے میں خبر کے ساتھ ایک مرد اور ایک عورت کی جلی ہوئی ناقابلِ شناخت لاشوں کی تصویریں بھی تھیں۔ وہ چند لمحے ان تصویروں کا جائزہ لیتی رہی پھر یانک کی طرف دیکھتے ہوئے بولی۔

"لیکن اس خبر میں تو بتایا گیا ہے کہ وہ دونوں آسٹریلین تھے۔"

"پوری خبر پڑھو۔" یانک نے کہا۔

بیلے ایک بار پھر خبر پڑھنے لگی۔ جس میں ایک جگہ یہ بھی تحریر تھا کہ لڑکی نے جو بنیان پہن رکھا تھا اس کا کچھ حصہ جلنے سے محفوظ رہا تھا۔ اور اس پر ساختہ ہالینڈ کا لیبل لگا ہوا تھا۔

"یہ ہینک اور کارنیلیا کے سوا کوئی نہیں ہو سکتے۔" یانک نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا۔

ڈومنک نے اس کے خیال کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ اس روز آدھی رات کے وقت اس نے ایلین گوتھر اور اجے چوہدری کو نیم مدہوش ہینک اور کارنیلیا کو تقریباً گھسیٹ کر عمارت کی سیڑھیوں پر لے جاتے ہوئے دیکھا تھا۔

"ہینک اور کارنیلیا اپنے ہوش میں نہیں تھے۔" ڈومنک نے بتایا۔ "ایلین کے ہاتھ میں آہنی سریہ اور اجے چوہدری کے ہاتھ میں ربر کے پائپ کا ایک ٹکڑا بھی تھا۔ وہ دونوں صبح پانچ بجے کے قریب اکیلے ہی لوٹے تھے اور ان کے



پتلونوں کے پائنچے کیچڑ آلود تھے۔" ڈومنک ایک لمحہ کو خاموش ہوا۔ اس کی آنکھوں میں عجیب سی وحشت تھی۔ وہ بیلے کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے بولا۔ "ایلین نے واپس آتے ہی پتلون اتار کر میری طرف پھینکتے ہوئے اسے فوری طور پر دھونے کا حکم دیا تھا اور پتلون اٹھاتے ہوئے اس سے اٹھنے والی پٹرول کی ہلکی سی بُو کو محسوس کر کے میں چونکے بغیر نہیں رہا تھا۔"

بیلے نے اپنے شوہر کی طرف دیکھا۔ سیموئیل کا چہرہ بھی اس کی طرح دھواں ہو رہا تھا۔ ایلین گوتھر کی سرگرمیوں کے بارے میں وہ پہلے ہی مشکوک تھا اور اسی لیے وقتاً فوقتاً اپنی بیوی کو اس سے دور رہنے کی ہدایت کیا کرتا تھا۔ ایلین کی سرگرمیوں پر شبہ تو بیلے کو بھی تھا لیکن اسے یقین نہیں تھا کہ اس قدر ہنس مکھ اور ملنسار شخص ایسے سنگین جرائم کا مرتکب بھی ہو سکتا ہے۔ اسے یانک وغیرہ کی باتوں پر واقعی یقین نہیں آ رہا تھا اور پھر ایلین وغیرہ کے خلاف ان کے پاس کوئی ٹھوس ثبوت بھی نہیں تھا۔ ممکن ہے طویل بیماری کے بعد اپنے آپ کو کسمپرسی کی حالت میں پا کر ان پر یکایک مایوسی طاری ہو گئی ہو اور انھوں نے ایلین کے خلاف یہ کہانی گھڑ لی ہو۔ ایلین کے آنے کے بعد اس فلیٹ میں لاتعداد لوگوں کی آمد و رفت رہی تھی اور ان میں سے اکثر ایسے تھے جو یہاں سے رخصت ہونے کے بعد دوبارہ نظر نہیں آئے تھے اور ظاہر ہے ایلین نے ان سب کو قتل تو نہیں کر دیا ہو گا۔

"شاید اسے دیکھنے کے بعد تمھیں ہماری باتوں کا یقین آ جائے گا۔" ڈومنک نے کہتے ہوئے اپنا پاسپورٹ جیب سے نکال کر اس کے حوالے کر دیا۔ "یہاں آتے ہی ایلین نے میرا پاسپورٹ، ٹریولرز چیک اور دیگر تمام سفری کاغذات حفاظت کے خیال سے مجھ سے لے لیے تھے اور میں گزشتہ ایک مہینے سے ان کی واپسی کا مطالبہ کر رہا تھا مگر وہ ہر مرتبہ کوئی نہ کوئی عذر پیش کر دیتا۔ لیکن کھٹمنڈو روانہ ہونے سے پہلے بالکل غیر متوقع طور پر اس نے میرا پاسپورٹ واپس کر دیا۔ یہ دیکھو... پاسپورٹ کے یہ صفحات میرے الزام کے ثبوت کے لیے کافی ہیں۔" اس نے پاسپورٹ کے بعض صفحات کی نشاندہی کی۔ اصل صفحات نکال کر ان کی جگہ بڑی مہارت سے کسی اور پاسپورٹ کے صفحات شامل کیے گئے تھے۔ جن پر تھائی لینڈ میں آمد و رفت کے ویزوں کی متعدد مہریں لگی ہوئی تھیں۔ ظاہر ہے ڈومنک کی بیماری کے دوران یہ پاسپورٹ کسی اور ہی نے استعمال کیا تھا۔

"میں کچھ اور ثبوت بھی فراہم کر سکتا ہوں۔" اس مرتبہ یانک نے دہشت زدہ بیلے کو متوجہ کیا اور ان دونوں میاں بیوی کے ہاتھ پکڑ کر چارلس کے بیڈ روم میں لے گیا۔ جہاں ایک چھوٹا سا سیف پڑا ہوا تھا۔ "شاید تم لوگوں کو یاد ہو کہ میرا اور جیکسن کا پاسپورٹ اور دیگر سفری کاغذات بتایا کے اس بنگلے سے چوری ہو گئے تھے جو ایلین نے ہماری تفریح کے لیے کرائے پر حاصل کیا تھا؟"

"ہاں، مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ پتایا سے واپسی پر مونیکا نے بھی اس کا ذکر کیا تھا۔" بیلے نے اثبات میں سر ہلایا۔

"بنکاک واپس آتے ہی ہم نے فرانسیسی سفارتخانے کو اس واقعے کی اطلاع دے دی تھی اور بڑی بحث و تکرار کے بعد ہمیں نئے پاسپورٹ جاری کیے گئے تھے۔ سفارتخانے والوں نے طرح طرح کے سوالات کر کے میرا ناطقہ بند کر دیا تھا۔ وہ جاننا چاہتے تھے کہ پاسپورٹ کس نے چوری کیے تھے۔ ظاہر ہے میں کس کا نام لیتا لیکن اب مجھے اس سوال کا جواب مل گیا ہے۔" یانک نے کہتے ہوئے سیف کا دروازہ کھول دیا اور اس کے ایک خانے میں رکھے ہوئے تقریباً درجن بھر مختلف پاسپورٹوں میں سے سُرخ جلد والا فرانسیسی پاسپورٹ نکال لیا۔ یہ اس کا اپنا پاسپورٹ تھا۔

یانک نے پاسپورٹ بیلے کے ہاتھ میں تھما دیا۔ ڈومنک کے پاسپورٹ کی طرح اس پاسپورٹ کے بعض اصل صفحات بھی غائب تھے اور تھائی لینڈ میں آمد و رفت کے لیے متعدد ویزوں کی مہریں لگی ہوئی تھیں۔ یانک نے سُرخ رنگ کا ایک مارکر اٹھایا اور پاسپورٹ کے ہر صفحے پر آڑی ترچھی لکیریں کھینچ دیں۔

"اب وہ دھوکے باز کم از کم اس پاسپورٹ کو دوبارہ استعمال نہیں کر سکے گا۔" یانک کے لہجے میں تلخی تھی۔

دونوں فلیٹوں میں کچھ اور ایسے شواہد بھی موجود تھے جو ایلین کے خلاف ان کے بیانات کی تصدیق کر رہے تھے۔ ان میں یہاں قیام کرنے والے اور پھر یکایک غائب ہو جانے والے لوگوں کے سامان کی کوئی ایک آدھ چیز، سیاحت کے بارے میں معلومات فراہم کرنے والے کتابچے، ایسے خطوط جنھیں لکھنے کے بعد پوسٹ نہیں کیا جا سکا تھا اور اسی قسم کی چیزیں شامل تھیں۔

یانک اور جیکسن کا خیال تھا کہ ان تمام شواہد کی موجودگی

میں ایلین گوتھر کے خلاف، چوری، ڈکیتی، رہزنی اور قتل کا کیس کیا جاسکتا تھا لیکن بیلے کا ذہن میری آندرے میں الجھا ہوا تھا۔ کیا وہ ایلین کی ان غیر قانونی سرگرمیوں سے بے خبر تھی یا وہ بھی ان جرائم میں اس کے ساتھ شامل تھی؟

"وہ یقیناً سب کچھ جانتی تھی۔" یانک نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا۔ "وہ اندھی اور بہری نہیں تھی۔ کوئی بیوقوف بھی سمجھ سکتا تھا کہ اس فلیٹ میں کیا ہو رہا ہے۔ مونیکا ہی بیمار ہونے والوں کو ایلین کی دی ہوئی دوائیں پلایا کرتی تھی۔"

"ایسی صورت میں۔" بیلے کچھ سوچتے ہوئے بولی۔ "ہمیں وقت ضائع کیے بغیر پولیس کو اطلاع دے دینی چاہیے۔"

"بالکل نہیں۔" سیموئیل نے بڑی شدت سے اس کی مخالفت کی۔ "پولیس کو یقین دلانا بہت مشکل ہوگا اور بالفرض ہم کوئی ٹھوس ثبوت فراہم نہ کرسکے تو الٹی آنتیں گلے کو آجائیں گی۔"

انھیں سیموئیل کی بات کا مفہوم سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ جیکسن وغیرہ نے بھی اس کی اس رائے سے اتفاق کیا تھا کہ اپنے آپ کو اس معاملے میں ملوث کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ کسی اجنبی ملک میں سفر کرتے ہوئے غیر ملکی سیاحوں کی پالیسی یہی ہونی چاہیے کہ وہ اس ملک کے قانون سے دور ہی رہیں بصورتِ دیگر انھیں بے شمار مسائل کا سامنا ہو سکتا تھا۔

یانک اس وقت اپنے ساتھیوں کی نمائندگی کر رہا تھا۔ اس وقت ان سب کی متفقہ رائے یہی تھی کہ ان تینوں کو پہلی فرصت میں تھائی لینڈ کی حدود سے نکل جانا چاہیے۔ یانک نے بتایا کہ وہ اور جیکسن فرانسیسی پولیس میں ملازمت کر چکے تھے اور پولیس سے ان کے تعلقات اب بھی تھے۔ اس کا ارادہ تھا کہ وہ پیرس پہنچتے ہی انٹرپول سے رابطہ قائم کرکے اونچی سطح پر ایلین گوتھر کے خلاف تحقیقات کرائیں گے۔ بیلے اور سیموئیل نے بھرپور انداز میں اس کی تائید کی تھی لیکن ایک اہم مسئلہ اب بھی باقی تھا۔ ان تینوں کے پاس ایک پھوٹی کوڑی تک نہیں تھی جبکہ ٹکٹوں کے لیے دو سو پچاس ڈالر کی رقم درکار تھی۔ بیلے نے سیموئیل کی طرف دیکھا۔ سیموئیل نے اثبات میں گردن ہلا دی۔

"ٹھیک ہے۔ یہ رقم ہم تم لوگوں کو قرض کے طور پر دے دیں گے۔ اب تم لوگ روانگی کی تیاری کرو۔" بیلے نے کہتے ہوئے ایک بار پھر اطراف کا جائزہ لیا۔ اس کمرے میں رقص و موسیقی اور بادہ نوشی کی محفلیں جما کرتی تھیں۔ لیکن اب ان دیواروں سے خوف محسوس ہو رہا تھا اور وہ ایک لمحے کو بھی یہاں نہیں رکنا چاہتی تھی۔

اس رات پیرس کے لیے کوئی فلائٹ نہیں تھی۔ البتہ دوسرے دن آدھی رات کے لگ بھگ ایک فلائٹ جانے والی تھی۔ ان تینوں پر وحشت کے ساتھ ایلین کا خوف بھی طاری تھا۔ وہ کسی بھی وقت واپس آسکتا تھا۔ چنانچہ وہ رات فلیٹ میں گزارنے کے بجائے وہ ائیر پورٹ پہنچ گئے اور ٹکٹ حاصل کرنے کے بعد ایسی جگہوں پر چھپے رہنے کی کوشش کرتے رہے جہاں زیادہ لوگوں کا ہجوم ہوتا۔ انھیں تقریباً بیس گھنٹے اسی اذیت میں مبتلا رہنا پڑا۔ فلیٹ سے رخصت ہونے سے پہلے یانک نے ایک کام یہ دکھایا تھا کہ اس نے سیف کے تالے میں چابی اس طرح گھمائی تھی کہ تالے کا میکینزم جام ہوکر رہ گیا تھا اور اسے کم از کم چابی کی مدد سے نہیں کھولا جا سکتا تھا۔ یہ چابی کئی روز پہلے اس نے چارلس کی میز کی دراز سے چوری کی تھی۔ اور ائیر پورٹ پہنچتے ہی اس نے چابی کو ایک ڈسٹ بن میں پھینک دیا تھا۔

فلیٹ سے نکل کر کانت ہاؤس سے رخصت ہوتے ہوئے وہ کچھ دیر کو بیلے کے فلیٹ کے سامنے رکے تھے۔ جہاں انھوں نے ان دونوں میاں بیوی کی ہمدردی اور محبت کا شکریہ ادا کیا اور یانک نے اپنے اس عہد کو دہرایا تھا کہ وہ ایلین کو کبھی نہیں بخشے گا۔ بیلے محض سر ہلا کر ہی رہ گئی تھی۔ اس کے ذہن میں ایک اور سوال کلبلا رہا تھا کہ وہ ایلین کے گھر کے دونوں پالتو جانور، کتا اور بندر کہاں تھے؟ وہ ریشمی بالوں والے چھوٹے سے سفید کتے کے بارے میں زیادہ پریشان تھی جسے میری آندرے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھتی تھی۔

"وہ کتا ایلین نے اپنی دوست نکوشی کو دے دیا تھا۔"

"اور بندر نپولین؟" یانک نے کندھے اچکا دیے۔ نپولین کے بارے میں کسی کو بھی پتا نہیں تھا کہ وہ کہاں گیا۔

لیکن دوسرے دن صبح ہی نپولین کا پتا بھی چل گیا۔ صبح ہوتے ہی کوڑا اٹھانے والی گاڑی کانت ہاؤس کے سامنے آکر رکی۔ ایک بھنگی نے بلڈنگ کے سامنے رکھے ہوئے کوڑے دان کا ڈھکنا جیسے ہی اٹھایا وہ خوفزدہ ہو کر پیچھے ہٹ گیا۔ کوڑے دان میں نپولین کی لاش پڑی ہوئی تھی۔ اس کے جسم پر میری آندرے کے ہاتھ کا سلا ہوا جانگیہ موجود تھا اور اس کا گلا کٹا ہوا تھا۔

**ہوائی جہاز** کے ذریعے سلسلۂ ہمالیہ کی برفپوش چوٹیوں کے ساتھ ساتھ پرواز کرتے ہوئے دہلی سے کھٹمنڈو تک زیادہ سے زیادہ سوا گھنٹے میں پہنچا جاسکتا ہے لیکن نشے کی طلب میں ہندوستان کا رخ کرنے والے ہپّی عام طور پر دہلی سے کھٹمنڈو جانے کے لیے ہوائی جہاز کے بجائے بس کے سفر کو ترجیح دیتے ہیں۔ کہیں کہیں دریائے گنگا کے ساتھ ساتھ اور کہیں کہیں چھوٹی چھوٹی بستیوں سے ہوتی ہوئی سانپ کی طرح بل کھاتی ہوئی سڑک بالآخر نیپال کی حدود میں داخل ہوکر ہمالیہ کی بلندیوں پر تیرتے ہوئے بادلوں کو چھوتی ہوئی کھٹمنڈو پہنچ جاتی ہے۔ بس کے ذریعے یہ راستہ تین دن میں طے کیا جاسکتا ہے۔

تین دن کا یہ سفر اگرچہ تکلیف دہ تھا لیکن اینا بیلا کو ذرا سی بھی پشیمانی نہیں تھی۔ دہلی سے روانہ ہونے سے ایک دو دن پہلے اس کی ملاقات دو آسٹریلین لڑکیوں میٹی اور کورا سے ہوئی تھی۔ جو بس کے ذریعے کھٹمنڈو جانے کا پروگرام بنا رہی تھیں۔ انھوں نے اینا بیلا کو بھی اپنے ساتھ اس سفر کی دعوت دی۔ جسے اس نے بخوشی قبول کرلیا تھا اور اب وہ سوچ رہی تھی کہ اس کا یہ فیصلہ درست ہی ثابت ہوا تھا کیونکہ اس سفر کے دوران اسے ہندوستان کے انتہائی اندرونی علاقے دیکھنے کا موقع مل رہا تھا۔ بھانت بھانت کے لوگوں کو دیکھ کر وہ بے حد محظوظ ہو رہی تھی۔ بس کسی اسٹاپ پر لمبے وقفے کے لیے رکتی تو مقامی باشندوں کے ساتھ بس کے مسافر بھی ایک جگہ جمع ہوکر حشیش پینے لگتے۔ وہ مختلف ٹولیوں میں دائروں کی صورت میں بیٹھ جاتے اور حشیش سے بھری ہوئی سلفی ان کے درمیان گردش کرتی رہتی حشیش کے دھوئیں کے مرغولے فضا پر بھی نشے کی سی کیفیت طاری کر دیتے۔

ایک چھوٹی سی بستی کے اسٹاپ پر بس تھوڑی دیر کے لیے رُکی تھی۔ دوسرے مسافروں کی طرح اینا بیلا بھی ٹانگیں سیدھی کرنے کو نیچے اُتر گئی۔ کچھ دیر ٹہلنے کے بعد جب وہ دوبارہ بس میں سوار ہوئی تو اپنی سیٹ پر ایک نوجوان عورت کو بیٹھے دیکھ کر وہ چونک گئی۔ وہ ہندو تھی جس نے بلاؤز سے ملتی جلتی مختصر سی چولی اور پھولدار گھاگھرا پہن رکھا تھا۔ اس کا جسم چاندی کے بھاری زیورات سے لدا ہوا تھا۔ گلے میں مخصوص بناوٹ کے کئی قسم کے ہار تھے جن میں ایک تو طوق کی طرح گردن میں پھنسا ہوا تھا۔ کانوں میں کئی کئی بالیاں، ناک میں نتھنی اور دونوں بازوؤں میں کہنیوں تک چوڑیاں بھری ہوئی تھیں۔ اینا بیلا چند لمحے متجسس نگاہوں سے اس کی طرف دیکھتی رہی پھر خاموشی سے اس خالی سیٹ پر جا بیٹھی جس کے ساتھ والی سیٹ پر ایک کنیڈین نوجوان بیٹھا ہوا تھا۔ اس کی گود میں کئی قسم کے سیاحت کے کتابچوں کے علاوہ ایک عدد کیمرہ بھی رکھا ہوا تھا۔

تیئس سالہ لاڈی ڈوپار کا تعلق کینیڈا کے شہر مینی ٹوبا سے تھا۔ وہ اگرچہ پیشہ ور کوہ پیما نہیں تھا اور نہ ہی اسے کوہ پیمائی کا کوئی تجربہ تھا لیکن وہ اپنے طور پر ایورسٹ کی زیادہ سے زیادہ بلندی پر پہنچنے کی خواہش لے کر گھر سے نکلا تھا۔ اس کے بیگ میں ساگر ماتا کی لاتعداد تصویریں اور نقشے موجود تھے۔ ایورسٹ کو یہ نام نیپالیوں نے دیا تھا جس کے لغوی معنی 'ہواؤں کی ماں' کے ہیں۔

بس اب اس راستے پر تھی، جہاں دور دور تک بلند پہاڑی چوٹیاں نظر آرہی تھیں۔ کوئی بلند تر پہاڑی چوٹی دیکھ کر لاڈی اپنی سیٹ سے اٹھ کر ڈرائیور کے پاس پہنچ جاتا اور اس چوٹی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے دریافت کرتا کہ کیا یہی ماؤنٹ ایورسٹ ہے۔ ڈرائیور ہر مرتبہ نفی میں سر ہلا دیتا۔

ماؤنٹ ایورسٹ کا فاتح سر ایڈمنڈ ہیلاری اور ان کا شرپا گائیڈ ٹینزنگ نارگے، لاڈی کا آئیڈیل تھے۔ وہ راستے بھر اینا بیلا کو ان کی خطرناک مہمات کے بارے میں دلچسپ کہانیاں سناتا رہا۔ ٹرین یا بس کے ذریعے طویل سفر کرنے والے مسافر عام طور پر جلد ہی دوستی کے رشتے سے منسلک ہوجاتے ہیں۔ اینا بیلا اور لاڈی بھی ایک دوسرے سے بے تکلف ہو چکے تھے اور بالآخر تیسرے روز جب بس نے انھیں کھٹمنڈو پہنچایا تو وہ دونوں ایک دوسرے کے لیے اپنائیت محسوس کرنے لگے تھے کھٹمنڈو پہنچنے کے بعد بھی اینا بیلا نے لاڈی کا دامن تھامے رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔

لاڈی ڈوپار کا تعلق کینیڈا کے ایک ایسے خاندان سے تھا۔ جو فرانسیسی اور کنیڈین خون کی آمیزش سے معرضِ وجود میں آیا تھا۔ اس کی پرورش ایک دور افتادہ علاقے میں ہوئی تھی۔ جہاں اس کے باپ نے دو سو ایکڑ رقبے پر پولٹری فارم بنا رکھا تھا لیکن شہر سے میلوں دور اور ذرائع آمد و رفت نہ ہونے کے باعث اسے بڑی حد تک مالی دشواریوں کا سامنا ہو رہا تھا۔

ممکن ہے لاڈی بھی اپنے باپ کے ساتھ زندگی بھر اس فارم پر مرغیاں پالتا رہتا لیکن ہائی اسکول کی تعلیم کے دوران اُسے ایک مرتبہ مطالعاتی دورے پر فرنچ ڈیری کمیونٹی جانے کا موقع ملا۔ پیرس میں تین ماہ کے قیام کے دوران حصولِ تعلیم کے ساتھ وہ کام بھی کرتا رہا اور جب واپس لوٹا تو اس کے پاس نہ صرف اچھی خاصی رقم موجود تھی بلکہ وہ فرانسیسی زبان بھی روانی سے بولنے لگا تھا۔



اسے پہلی مرتبہ احساس ہوا تھا کہ وہ اب تک کینیڈا کے دور افتادہ علاقے میں واقع اپنے باپ کے مرغیوں کے فارم پر وقت ضائع کرتا رہا تھا جبکہ زندگی کی رنگینیاں پوری دنیا میں بکھری ہوئی تھیں۔ اس کے باپ کا خیال تھا کہ اب وہ کالج کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اس کی ذمے داریاں سنبھال لے گا لیکن لاڈی نے کچھ اور ہی سوچ رکھا تھا۔ ونّی پیگ یونیورسٹی سے ایک سال تک پولیٹیکل سائنس اور نفسیات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد وہ شمالی کینیڈا چلا گیا۔ جہاں چاندی کی کانوں میں کام کرکے اس نے اتنی رقم جمع کرلی کہ وہ کم از کم چھ ماہ تک دنیا کی سیاحت کرسکتا تھا۔

۱۹۷۴ء میں لاڈی اپنے چھوٹے بھائی بیدی کو ساتھ لے کر دنیا کی سیاحت پر روانہ ہوگیا۔

یورپ کی سیاحت کے دوران دونوں بھائی اکٹھے ہی رہے لیکن مشرقِ وسطیٰ میں پہنچتے ہی ان کے راستے الگ ہوگئے انھوں نے طے کیا تھا کہ ۱۹۷۶ء کے اوائل میں بنکاک یا نیوزی لینڈ میں پھر اکٹھے ہوجائیں گے اور اس دوران وہ کینیڈا میں مقیم اپنی والدہ کو ایک دوسرے کی خیریت دریافت کرنے کا وسیلہ بنائیں رکھیں گے۔

دسمبر ۱۹۷۵ء کے پہلے ہفتے کے دوران لاڈی نے دہلی سے فون پر اپنی والدہ سے بات کی اور بتایا کہ ہندوستان ان جیسے لوگوں کے لیے قطعی موزوں نہیں ہے۔ یہاں اسے قدم قدم پر مختلف مسائل اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ اب وہ کھٹمنڈو جا رہا ہے جہاں وہ دنیا کی بلند ترین پہاڑی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ کو بہت قریب سے دیکھ سکے گا۔

لاڈی کا خیال تھا کہ وہ فروری کے پہلے ہفتے میں بنکاک پہنچ جائے گا۔ جہاں چھوٹے بھائی بیری سے ملاقات کا امکان تھا۔ اخراجات کی اسے فکر نہیں تھی۔ وہ بہت محتاط ہوکر خرچ کر رہا تھا۔ اور اب بھی اس کے پاس بارہ سو ڈالر موجود تھے اور اسے یقین تھا کہ وہ کم از کم تین مہینے اور گھوم پھر کر دنیا کی رنگینیاں دیکھ سکے گا۔ اس کے بیگ میں ان فلموں کی تعداد بڑھتی جا رہی تھی جن میں وہ دنیا کے مختلف خطّوں کے خوبصورت اور سنسنی خیز مناظر محفوظ کر چکا تھا اور اسے یقین تھا کہ وطن پہنچ کر وہ تصویروں پر مشتمل ایک ضخیم کتاب شائع کرسکے گا جس کا کم از کم ایک باب اس کی نئی دوست اینا بیلا کے بارے میں مع تصاویر ہوگا۔

فریک اسٹریٹ، شہر کے وسط میں واقع دربار اسکوائر سے ملحق وہ علاقہ ہے جہاں کبھی رات نہیں ہوتی۔ چھوٹے چھوٹے ہوٹلوں کے علاوہ یہاں ایسی دکانیں بھی ہیں۔ جہاں سوئی سے لے کر ہاتھی تک دستیاب ہوسکتا ہے لیکن غیر ملکی خصوصاً یورپین سیّاحوں کو ہر دکان یا ہوٹل میں داخل ہونے کے لیے جھکنا پڑتا ہے۔ نیپالیوں کے قد عام طور پر چھوٹے ہوتے ہیں اور عمارتوں کے دروازے بھی اسی لحاظ سے بنائے جاتے ہیں۔ مگر منشیات کے طالب یورپین سیاح کسی ہوٹل یا نائٹ کلب میں داخل ہونے کے لیے جھکنے کی معمولی سی زحمت گوارہ کرلیتے ہیں۔ آسانی سے منشیات کے حصول کی وجہ سے ہی فریک اسٹریٹ کا یہ علاقہ چوبیس گھنٹے غیر ملکی سیّاحوں کی توجہ کا مرکز بنا رہتا ہے۔

لاڈی اور اینا بیلا کو اورینٹل لاج نامی ایک گھٹیا سے ہوٹل میں کمرہ مل گیا۔ اس ہوٹل میں زیادہ تر یورپین ہپیّوں کی آمد و رفت تھی۔ جنہیں یہاں حشیش وغیرہ آسانی سے دستیاب ہوجاتی تھی۔

کھٹمنڈو اینا بیلا کو مجموعی طور پر پسند آیا تھا۔ سڑکوں پر گھومتے ہوئے زرد چوغوں والے بدھ بھکشو، مخصوص لباس والی تبّتی عورتیں، جگہ جگہ بازیگری کے کھیل تماشے، ہر چیز اس کے لیے نئی تھی جس سے وہ پوری طرح محظوظ ہو رہی تھی لیکن لاڈی کو سخت مایوسی ہوئی تھی۔ ان کے آنے سے صرف ایک روز پہلے گائیڈ کی رہنمائی میں سیّاحوں کی ایک پارٹی ماؤنٹ ایورسٹ کی قدمبوسی کے لیے روانہ ہوچکی تھی۔ لاڈی کو افسوس ہو رہا تھا کہ وہ ایک دن پہلے ہی یہاں کیوں نہیں پہنچ گیا۔ اب دوسری پارٹی دس دن بعد روانہ ہونے والی تھی لیکن اس کے ساتھ یہ شرط بھی تھی کہ اگر موسم مناسب ہوا تو یہ پارٹی روانہ کی جاسکے گی بصورتِ دیگر یہ پروگرام منسوخ کر دیا جائے گا۔ لاڈی اکیلا ہی ایورسٹ کے دامن میں جانے کی سوچ رہا تھا لیکن محکمہ سیاحت کے ایک آفیسر نے سختی سے اسے منع کر دیا۔ کیونکہ دُھند کی وجہ سے انتہائی دشوار گزار راستوں پر کسی رہنما کی مدد کے بغیر چلنا خطرے سے خالی نہیں تھا۔ کوئی غلط قدم اسے تحت الثریٰ میں بھی پہنچا سکتا تھا۔ اس کے علاوہ ڈاکوؤں کے خطرے کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا تھا۔ گزشتہ سال ایک امریکی نوجوان منع کرنے کے باوجود اکیلا ہی اس مہم پر نکل کھڑا ہوا تھا۔ رات گزارنے کے لیے اس نے دھان کے ایک کھیت کے کنارے پڑاؤ ڈالا تھا لیکن صبح اس کا سر تن سے جدا پایا گیا۔ اس کے کچھ ہی عرصے بعد ایک اور امریکی جوڑا ہمالیہ کی ترائی میں لاپتا ہوگیا اور کوشش کے باوجود ان کا کوئی سراغ نہیں مل سکا تھا۔ نیپال کے لوگ عام طور پر بڑے پرسکون اور امن پسند واقع ہوئے ہیں۔ شہری حدود میں وہ قانون کا بڑا احترام کرتے ہیں۔ لیکن شہروں سے دور جہاں ہمالیہ کے دامن میں لاتعداد چھوٹے چھوٹے قبائل بکھرے ہوئے ہیں۔ وہ ان قوانین کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ ان کے اپنے قوانین ہیں اور وہ انہی کو ترجیح دیتے ہیں۔

اینا بیلا اور لاڈی اکثر اکٹھے ہی گھومتے لیکن کبھی کبھی وہ الگ راستوں پر بھی نکل جاتے۔ لاڈی کا زیادہ وقت کیفے گوون میں گزرتا جہاں چائے کی چسکیوں کے دوران وہ وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں سے ایورسٹ کے بارے میں باتیں سنتا رہتا۔ کبھی وہ یاک اینڈ ییٹی ریسٹورنٹ میں چلا جاتا جو کسی زمانے میں رائل پیلس کا حصّہ ہوا کرتا تھا مگر ان دنوں بورس لسنوچ نامی ایک روسی کے قبضے میں تھا جس کا دعویٰ تھا کہ وہ ایورسٹ کی چوٹی پر برفانی انسان ییٹی سے ملاقات کر چکا ہے۔ وہ اپنے گاہکوں کو متاثر کرنے کے لیے اکثر اپنی ایورسٹ کی اس فرضی مہم اور برفانی انسان سے ملاقات کی من گھڑت داستانیں سنایا کرتا تھا۔

اینا بیلا عام طور پر صبح دیر سے سو کر اٹھتی۔ ناشتہ آنٹ جین نامی گھریلو قسم کے ریسٹورنٹ میں کرنے کے بعد شہر کے قلب میں واقع دربار اسکوائر کی طرف نکل جاتی جہاں لاتعداد ہپّی کسی پگوڈا یا ٹمپل کی چوڑی پتھریلی سیڑھیوں پر بیٹھے دھوپ تاپتے ہوئے نظر آتے۔ ان کے آس پاس بکریاں اور بندر اس طرح منڈلاتے رہتے کہ بعض اوقات جانوروں اور انسانوں میں امتیاز کرنا مشکل ہو جاتا۔

ایک دن اینا بیلا، لاڈی کو بھی مجبور کر کے ایک ٹمپل میں لے گئی جو حسنِ تعمیر کے علاوہ زندہ دیوی کی وجہ سے بھی خاصی شہرت رکھتا تھا۔ روایت تھی کہ صدیوں پہلے اس ملک کا بادشاہ رعایا کو درشن دینے کے لیے ہاتھی پر سوادِ شہر کے ایک علاقے سے گزر رہا تھا کہ اس کی نظر ایک خوبصورت لڑکی پر جم گئی جس کی عمر اس وقت بارہ سال سے بھی کم تھی۔ اس رات بادشاہ نے اپنے آدمیوں کے ذریعے اس کمسن خوبصورت لڑکی کو اغوا کرا لیا۔ دوسری صبح اس لڑکی کی لاش محل کی دیوار کے قریب پڑی ہوئی ملی۔

بادشاہ کو اس ظلم کی بہت ہی خوف ناک سزا ملی۔ بادشاہ نے اسے دیوتاؤں کی ناراضگی سمجھ کر اس عمر اور اس کی شکل سے ملتی جلتی لڑکی تلاش کرنے کا حکم دیا۔ ملک بھر میں کئی روز کی تلاش کے بعد بالآخر ایک ایسی لڑکی مل ہی گئی۔ بادشاہ نے ایک عظیم الشان پگوڈا تعمیر کرایا اور اس لڑکی کو زندہ دیوی کے نام سے پگوڈا میں بٹھا دیا اور اعلان کرا دیا کہ اس زندہ دیوی کی پرستش کی جائے۔ بادشاہ کا حکم تھا کہ سنِ بلوغت کو پہنچنے کے بعد اس کی جگہ کسی اور لڑکی کو دے دی جائے اور اس طرح صدیوں سے زندہ دیوی کا یہ سلسلہ چلا آ رہا تھا۔ نیپال کے باشندے آج بھی اس زندہ دیوی کی پرستش کرتے ہیں۔ نئی دیوی کی تلاش میں بڑی چھان بین سے کام لیا جاتا ہے۔ عام طور پر چار پانچ سال کی کسی ایسی لڑکی کو منتخب کیا جاتا ہے جو بے داغ حسن کی مالک ہو۔ منتخب ہونے والی ایسی چند لڑکیوں کو باری باری ایک ایسے نیم تاریک ہال میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ جہاں پگوڈا کے پجاری چہروں پر خوفناک شکلوں والے نقاب چڑھا کر مختلف طریقوں سے اسے خوف زدہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو لڑکی جرأت اور بے خوفی کے اس امتحان میں پوری اُترتی ہے۔ اسے زندہ دیوی کی حیثیت سے منتخب کیا جاتا ہے اور سنِ بلوغت کو پہنچنے تک کی ساری عمر اسے اسی 'دیوی گھر' کی چار دیواری میں بسر کرنا ہوتی ہے جہاں بڑے پجاری اسے مذہبی تعلیم اور دیوی گھر کے آداب سے روشناس کراتے ہیں۔ ان پجاریوں کے علاوہ کسی اور کو دیوی گھر کے اس حصے میں قدم رکھنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ ایک سال بعد زندہ دیوی کو جلوس کی شکل میں کھٹمنڈو کی سڑکوں پر گھمایا جاتا ہے۔ اس مذہبی تقریب کے بعد زندہ دیوی کو باقاعدہ طور پر ٹمپل میں بٹھا دیا جاتا ہے لیکن وہ بہت کم عام لوگوں کے سامنے آتی ہے۔

اس خلائی دور میں اینا بیلا کے لیے یہ ساری باتیں بڑی حیرت انگیز تھیں۔ صرف اسی پر کیا منحصر، کھٹمنڈو کی ہر چیز اسے حیرت زدہ کیے دے رہی تھی۔ ایک روز وہ دونوں پرانے شہر کی سیر کرتے ہوئے ایک ایسے احاطے میں پہنچ گئے جس کے وسط میں ایک فوّارہ چل رہا تھا۔ اس کے قریب ہی ایک پتھر پر سولہ مختلف زبانوں میں کوئی تحریر لکھی ہوئی تھی۔ اس پتھر کے ساتھ ہی ایک چھوٹے سے نوٹس بورڈ پر تحریر تھا کہ جو شخص بھی سولہ زبانوں کی اس تحریر کا ترجمہ کرے گا۔ پانی کی دیوی اس پر مہربان ہوگی اور زندگی بھر دنیا میں کسی بھی جگہ وہ کوئی بھی نلکا کھولے گا۔ اس سے پانی کے بجائے دودھ برآمد ہوگا۔

ایک رات تین بجے کے قریب لاڈی نے اینا بیلا کو جگا دیا اور بتایا کہ ابھی ابھی اسے نوجوانوں کی ایک پارٹی سے دعوت ملی ہے جو شہر کے مشرقی علاقے میں ایک ایسی جگہ جا رہے ہیں۔ جہاں سے صبح کی پہلی روشنی میں ماؤنٹ ایورسٹ کو دیکھا جا سکتا ہے۔ چھ بجے وہ سات ہزار فٹ کی بلندی پر ایک مسطح چٹان پر کھڑے سورج کی پہلی کرن کا انتظار کر رہے تھے۔ سردی کی شدّت سے اینا بیلا پر کپکپاہٹ طاری تھی لیکن لاڈی کا چہرہ جذبات کی شدت سے سرخ ہو رہا تھا۔

بالآخر ایک گھنٹے کے انتظار کے بعد طلوع ہونے والے سورج کی روشنی سے دنیا کے اندھیرے چھٹنے لگے لیکن بادلوں کے ایک نئے پرے اور دُھند کی دبیز چادر نے ایورسٹ کی چوٹی کو دنیا کی نگاہوں سے چھپائے رکھا۔ لاڈی چوٹی کے بہت نیچے کے ایک حصّے کی جھلک دیکھنے میں کامیاب ہو سکا تھا۔

کھٹمنڈو کا قدیم ترین ٹمپل، جس کی سیڑھیاں کسی زمانے میں بھینٹ چڑھائے جانے والے انسانوں کے خون سے سرخ رہا



کرتی تھیں، موجودہ دور میں غیر ملکی سیّاحوں کی توجہ کا مرکز تھا۔ وہ کنگلے، قلّاش، ہپّی ٹورسٹ جو کسی ہوٹل کے اخراجات برداشت کرنے سے قاصر تھے۔ رات انہی سیڑھیوں پر بسر کرتے۔ دن میں بھی یہاں ہپیّوں کا جمگھٹا سا لگا رہتا۔ فضا میں حشیش آلود دھوئیں کے مرغولے اُڑتے رہتے۔

یہ اس روز کی بات ہے۔ جب لاڈی اور اینا بیلا ٹہلتے ہوئے اس طرف آ نکلے تھے۔ وہ دونوں بھی دوسرے ہپیّوں کی طرح سیڑھیوں پر بیٹھ گئے لیکن ان کی حالت قلاش ہپیّوں سے قطعی مختلف تھی۔ انھیں یہاں بیٹھے ہوئے زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ ایک اور جوڑا ان کے ساتھ آ کر بیٹھ گیا۔ وہ میری آندرے اور چارلس سوبھراج تھے۔

چارلس سوبھراج کی پُراسرار سرگرمیاں اور قدم قدم پر ناموں کی تبدیلی کسی حد تک پیچیدگی پیدا کر سکتی ہے لیکن اس کے کردار کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اسے سمجھنا زیادہ مشکل نہیں ہوگا۔

چند روز قبل وہ میری آندرے کے ہمراہ سولتی اوبیرائے ہوٹل میں داخل ہوا تھا۔ جہاں آنے والے ہر مہمان کو وی آئی پی کی حیثیت حاصل تھی۔ اس ہوٹل سے ملحق کاسینو کو محدود پیمانے پر جوئے کا سرکاری اجازت نامہ بھی حاصل تھا لیکن اجازت نامے میں محدود کا لفظ محض رسمی کارروائی کے طور پر شامل کیا گیا تھا جبکہ اکثر لوگ یہاں اپنا سب کچھ ہار جاتے تھے۔ ایک دو مثالیں ایسی بھی تھیں جن سے ظاہر ہوتا تھا کہ بعض لوگ یہاں اپنی بیویوں کو بھی ہار چکے تھے۔

کاسینو میں آج تک کوئی ہنگامہ نہیں ہوا تھا۔ لوگ نہایت خاموشی سے بازیاں لگاتے اور اپنا سب کچھ ہار کر اسی خاموشی سے باہر نکل جاتے۔ یہاں آنے والوں میں زیادہ تعداد پاکستانیوں اور ہندوستانیوں کی تھی جو بڑی بڑی امیدیں لے کر آتے تھے لیکن جب کاسینو سے باہر نکلتے تو ان کی جیبیں خالی ہوتیں۔

چارلس سوبھراج بھی اس کاسینو میں اپنا سب کچھ ہار چکا تھا اور اب وہ ایسے شکار کی تلاش میں تھا جس سے کچھ حاصل کیا جا سکے۔ اس مقصد کے لیے اس نے فریک اسٹریٹ کا انتخاب کیا تھا۔ چارلس کا شمار ایسے شکاریوں میں کیا جا سکتا ہے جو دور تک اپنے شکار کا تعاقب کرتے ہیں اور اس وقت تک اس کا پیچھا نہیں چھوڑتے جب تک کہ اسے اپنے دام میں پھانس نہ لیں۔

اجے چودھری بھی کھٹمنڈو میں موجود تھا لیکن وہ سولتی اوبیرائے کے بجائے درمیانے درجے کے ایک ہوٹل میں قیام پذیر تھا۔ اس کے باوجود وہ سائے کی طرح چارلس کے ساتھ لگا رہتا تھا۔ عام لوگوں کے سامنے انھوں نے کبھی ایک دوسرے سے شناسائی ظاہر نہیں کی تھی لیکن ذرا سی توجہ کے بعد کسی کے لیے یہ اندازہ لگانا دشوار نہیں ہوتا کہ چارلس سے دو قدم پیچھے رہنے والا اجے چودھری اس کے اشارے کا منتظر رہتا تھا۔

لاڈی اور اینا بیلا سے تعارف حاصل کرنے میں چارلس کو ذرا بھی دشواری پیش نہیں آئی تھی۔ پہلی ہی ملاقات میں اس نے جس اخلاق اور خلوص کا مظاہرہ کیا تھا۔ لاڈی اور اینا بیلا اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہے تھے۔ دوپہر کا کھانا انھوں نے اپنے ان نئے دوستوں کے ساتھ سولتی اوبیرائے کے ڈائننگ ہال میں کھایا تھا اور دن بھر ان کی کرائے کی سفید ٹویوٹا پر شہر کی سیر کرتے رہے تھے۔ لاڈی اور اینا بیلا کی ان دنوں ایسی حیثیت بھی نہیں تھی کہ فریک اسٹریٹ ہی کے کسی درمیانے درجے کے ریسٹورنٹ میں ایک وقت کے کھانے کے بارے میں سوچ سکتے۔ شہر کے کسی دور دراز علاقے میں جانے کے لیے انھیں سائیکل رکشہ بھی لینا ہوتا تو اس کے لیے بھی گھنٹہ بھر سوچنے میں گزار دیتے۔ چہ جائیکہ اوبیرائے میں کھانے کے بعد وہ چم چماتی ہوئی کار میں شہر کی سیر کرتے رہے تھے۔

اس شام جب وہ اپنے ہوٹل واپس پہنچے تو اینا بیلا بہت خوش تھی۔ اس نے میٹی اور کورا کو دن بھر کی تفصیل سناتے ہوئے بتایا کہ ان کے نئے دوست بہت دولتمند ہیں۔ ویتنامی نقوش کا حامل مرد جواہرات کا بیوپاری ہے اور اس کی بیوی فرانس کی رہنے والی ہے۔ جواہرات کا یہ تعلق ہی دراصل ان کی دوستی کا باعث بنا تھا۔ چارلس ایک ماہر جوہری تھا۔ اینا بیلا اور لاڈی نے دہلی میں قیام کے دوران کچھ قیمتی پتھر خریدے تھے۔ جن کی کوالٹی کے بارے میں انھوں نے چارلس کی رائے بھی لی تھی۔

دوسرے دن اینا بیلا نے میٹی اور کورا کو بتایا کہ چارلس کی رائے میں دہلی کے جوہریوں نے انھیں ٹھگ لیا تھا۔ لاڈی کا ہیرا جسے اس نے بڑی احتیاط سے چھپا کر رکھا ہوا تھا۔ نقلی ثابت ہوا۔ اس طرح اینا بیلا کے خریدے ہوئے یاقوت بھی نقلی ثابت ہوئے تھے۔ اس حقیقت کے انکشاف کے بعد اینا بیلا کا موڈ آف ہو گیا تھا اور اس نے عہد کیا تھا کہ دہلی واپس جا کر وہ اس جوہری سے ان ہیروں کی قیمت واپس لے گی۔ چارلس نے بھی اس سلسلے میں اس کی مدد کا وعدہ کیا تھا۔

لاڈی کا موڈ بھی آف ہو چکا تھا لیکن جب اس نے یہ سنا کہ موسمیات کے ماہرین کی پیشگوئی کے مطابق کرسمس تک ایورسٹ کی چوٹی پر چھائے ہوئے بادل چھٹ جائیں گے تو وہ سارا غصّہ بھول گیا۔ صرف پانچ دن ہی کی تو بات تھی۔ اس نے جب اینا بیلا کو یہ بات بتائی تو وہ بھی خوشی کا اظہار کیے بغیر نہ رہ سکی۔ اسے

اپنے دوست کی خوشی عزیز تھی۔ جس کے لیے ایورسٹ کی چوٹی کے نظارے کے مقابلے میں دنیا کے قیمتی سے قیمتی ہیرے کی بھی کوئی حیثیت نہیں تھی۔

۲۲ دسمبر کی صبح کھٹمنڈو سے چند کلومیٹر دور تبتّی سرحد کی طرف جانے والی چائنیز ہائی وے کے کنارے چند گھروں پر مشتمل کسانوں کی ایک چھوٹی سی بستی کا ایک کمسن بچّہ اپنے کُتّے کے ساتھ کھیلتا ہوا بستی سے دور نکل گیا۔ کبھی وہ کُتّے کو پکڑنے کے لیے اس کے پیچھے دوڑتا اور کبھی کُتّا اس کے پیچھے پیچھے چھلانگیں لگانے لگتا ایک مرتبہ لڑکے نے کُتّے کو پکڑنا چاہا تو کتّا دوڑتا ہوا اس سے بہت دور پتھروں کی آڑ میں چلا گیا۔ لڑکا کچھ دیر وہیں کھڑا کُتّے کو بلانے کے لیے آوازیں دیتا رہا لیکن جواب میں کُتّے کی نہ تو آواز سنائی دی اور نہ ہی وہ واپس آیا۔ پتھروں کے دوسری طرف دھویں کی ایک لکیر سی اٹھتی ہوئی نظر آرہی تھی۔ لڑکا دوڑتا ہوا پتھروں کے دوسری طرف پہنچ گیا۔ کُتّا ایک چھوٹے سے ڈھیر میں کچھ سونگھ رہا تھا۔ دھواں بھی اسی ڈھیر سے اُٹھ رہا تھا۔ لڑکا پہلے تو یہی سمجھا کہ شاید وہ کوئی مُردہ جانور ہے لیکن جیسے ہی قریب پہنچا اس کے منہ سے ایک بھیانک چیخ نکل گئی۔ وہ جلی ہوئی ایک انسانی لاش تھی جس سے ابھی تک دھواں اٹھ رہا تھا۔ دوسرے ہی لمحے وہ کمسن لڑکا مدد کے لیے چیختا ہوا بستی کی طرف دوڑ پڑا۔

آسمان کی بلندیوں پر چھائے ہوئے بادل اور دھند چھٹ گئی تھی۔ نیلگوں آسمان کے پس منظر میں ایورسٹ کی برفپوش چوٹی انتہائی سحر انگیز منظر پیش کر رہی تھی۔ لاڈی ایورسٹ کی چوٹی کو نہیں دیکھ سکا تھا لیکن ایورسٹ کی چوٹی اس کی ادھ جلی لاش کو دیکھ رہی تھی۔

۲۲ دسمبر کی صبح دفتر میں آنے کے بعد الیستھم ابھی اپنے کاموں کی طرف پوری طرح توجہ بھی نہیں دے پایا تھا کہ چند نوجوان امریکی سیاح اس کے دفتر میں داخل ہوئے اور اسے اس افواہ سے آگاہ کیا جس کے مطابق شہر کے نواح میں ایک امریکی نوجوان کی جلی ہوئی لاش دریافت ہوئی ہے۔ الیستھم کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔

دیہی اسپتال کی طرف جاتے ہوئے جہاں ادھ جلی لاش پہنچا دی گئی تھی، الیستھم دل ہی دل میں دعا مانگ رہا تھا کہ مرنے والا اگر واقعی امریکی ہے تو خدا کرے جلد سے جلد اس کی شناخت ہو جائے اور اس کے رشتے داروں کا بھی پتا چل جائے اور اگر وہ لاش کی مقامی تدفین پر بھی آمادگی ظاہر کر دیں تو وہ بہت سی الجھنوں سے بچ سکتا ہے۔

دوسرے دن الیستھم ایک بار پھر اسپتال پہنچ گیا۔ ادھ جلی لاش کی شناخت نہیں ہو سکی تھی۔ اسپتال سے واپسی پر وہ کار کی پچھلی سیٹ پر بیٹھا آنکھیں بند کیے سوچ رہا تھا کہ وہ لاش کس کی ہو سکتی ہے۔ دبیز دھند کی وجہ سے کار کی رفتار زیادہ تیز نہیں تھی۔ چند گز سے زیادہ فاصلے کی چیز دیکھنا بھی محال ہو رہا تھا۔ دفعتاً کار کو ہلکا سا جھٹکا لگنے سے اس نے آنکھیں کھول دیں۔

"وہ کیا ہے؟ اس طرف۔" ڈرائیور نے کار کی رفتار کم کرتے ہوئے ایک طرف اشارا کیا۔

سڑک کے کنارے سے چند گز کے فاصلے پر کچھ دیہاتی ایک جگہ جمع تھے۔ دھند میں ان کے متحرک ہیولے بڑا پراسرار منظر پیش کر رہے تھے۔ الیستھم نے کار رکوالی۔ چند لمحے اپنی سیٹ پر بیٹھا متجسّس نگاہوں سے اس طرف دیکھتا رہا لیکن دھند کی وجہ سے کوئی چیز واضح طور پر دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ تجسّس کے ہاتھوں مجبور ہو کر وہ کار سے باہر آگیا اور سڑک سے اتر کر کھیت میں چلتا ہوا دیہاتیوں کے اس جمگھٹے کے قریب پہنچ گیا۔ دیہاتی اسے دیکھ کر ایک طرف ہٹ گئے۔ الیستھم جیسے ہی آگے بڑھا۔ اس کا دل اچھل کر حلق میں آگیا۔ پیٹ میں گرہیں سی پڑتی ہوئی محسوس ہونے لگیں۔

اس کے سامنے دھان کے کھیت میں ایک اور لاش پڑی ہوئی تھی۔ لاش جل کر راکھ ہو چکی تھی اور صرف جسم کی بناوٹ ہی سے یہ اندازہ لگایا جاسکتا تھا کہ وہ کسی عورت کی لاش تھی جس کی آنکھیں جلنے کے بعد بھی اس طرح کھلی ہوئی تھیں جیسے وہ خلا میں کچھ تلاش کرنے کی کوشش کر رہی ہو۔

وہ رات الیستھم نے کانٹوں پر لوٹتے ہوئے گزاری۔ ایک لمحے کو بھی آنکھیں بند نہیں کر سکا تھا۔ اس کی نظروں کے سامنے بار بار جلی ہوئی ان لاشوں کے بھیانک چہرے گھوم جاتے اور اس کا دل کانپ اٹھتا۔ اسے قونصل کی حیثیت سے کھٹمنڈو آئے ہوئے صرف تین ہفتے ہوئے تھے اور اسے دو ایسی لاشوں کا سامنا کرنا پڑا تھا جن کی شناخت بھی ممکن نہیں تھی۔ اس کے خیال میں نیپال میں نئی ذمّے داریوں کی یہ ابتدا اس کے لیے کوئی نیک شگون نہیں تھا۔

کھٹمنڈو کی پولیس فریک اسٹریٹ پر واقع چھوٹے چھوٹے لاتعداد ہوٹلوں اور مہمان خانوں سے دونوں مرنے والوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ لاشوں کا معائنہ کرنے والے ڈاکٹر کے بیان کے مطابق وہ دونوں یورپین تھے۔ لاش کو جلانے سے پہلے مرد کا گلا اس طرح کاٹا گیا تھا کہ اس



کا سر کھال کے ایک پتلے سے تسمے کے ذریعے دھڑ سے منسلک رہ گیا تھا۔ جبکہ عورت کے سینے میں بائیں جانب کسی وزنی تیز دھار آلے سے کم از کم چار ضربیں لگائی گئی تھیں جس سے نہ صرف دو پسلیاں ٹوٹ گئی تھیں بلکہ کچھ آنتیں بھی کٹ گئی تھیں۔ جن سے خون کا فوارہ بہہ نکلا تھا۔ اس کے بعد پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی تھی۔

باوردی پولیس والے اور سادہ پوش سراغ رساں ہر جگہ تحقیق کرتے پھر رہے تھے۔ بالآخر فریک اسٹریٹ کے اورینٹل لاج نامی ایک گھٹیا سے ہوٹل کے ڈیسک کلرک نے انکشاف کیا کہ اس کے ہوٹل کے کمرہ نمبر نو میں قیام پذیر دو مہمان لاپتا ہیں۔ ان میں لاڈی ڈوپار نامی مرد کا تعلق کنیڈا سے تھا جبکہ اس کی ساتھی لڑکی اینا بیلا امریکہ کی رہنے والی تھی۔ پھر پولیس اس ہوٹل میں مقیم میٹی اور کورا تک بھی پہنچ گئی۔

میٹی اور کورا پولیس سے ہر طرح تعاون کرنے کو تیار تھیں لیکن انھیں ان دونوں سے صرف ایک کارآمد بات معلوم ہو سکی تھی۔ میٹی اور کورا کے بیان کے مطابق لاڈی اور اینا بیلا کا زیادہ وقت اپنے نئے دوستوں کے ساتھ گزرتا تھا۔ مرد ویتنامی نقوش کا حامل تھا جبکہ اس کی بیوی فرانسیسی تھی اور وہ لوگ کسی بہت بڑے ہوٹل میں رہائش پذیر تھے۔ میٹی کے بیان کے مطابق ویتنامی چہرے والا مرد جواہرات کا بیوپاری تھا اور ان کے پاس سفید رنگ کی کرائے کی ایک ٹویوٹا کار بھی موجود تھی۔ انھیں یہ ساری باتیں اینا بیلا نے بتائی تھیں۔

ان معلومات کے بعد پولیس کی تحقیقات کا دائرہ قدرے محدود ہو گیا۔ کھٹمنڈو میں بڑے ہوٹلوں کی تعداد زیادہ نہیں تھی۔ پولیس کو امید تھی کہ وہ جلد ہی جواہرات کے ویت نامی بیوپاری اور اس کی فرانسیسی بیوی کا پتا چلا لیں گے۔ الیستھم بھی پولیس کی تحقیق میں ان کے ساتھ ساتھ تھا۔ اس نے میٹی اور کورا سے درخواست کی کہ وہ اس کے ساتھ چل کر ان لاشوں کو دیکھ لیں۔ تاکہ شناخت میں کچھ مدد مل سکے۔

میٹی اور کورا نے دونوں لاشوں کو شناخت کر لیا اور الیستھم اور نیپالی پولیس اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ لاڈی اور اینا بیلا کی موت کسی حادثے کا نتیجہ نہیں تھی بلکہ انھیں قتل کیا گیا تھا۔ ان کی تحقیقات جاری رہیں لیکن اگلے دو تین روز میں حاصل ہونے والی معلومات میں کم از کم ایک اطلاع ایسی تھی جو پولیس کی تحقیقات کو غلط راستے پر ڈال سکتی تھی۔ اس نئی صورت حال نے انھیں بری طرح الجھا دیا تھا۔

ایئرپورٹ پر تحقیقات کے دوران مسافروں کی روانگی کی دستاویزات کے ریکارڈ سے ایک ایسا فارم بھی دستیاب ہوا کہ کنیڈا کا رہنے والا لاڈی ڈوپار ۲۲ دسمبر کی رات کو بنکاک کے لیے پرواز کر گیا تھا۔ فارم پر اس کے دستخط بھی موجود تھے۔ اسی روز صبح سویرے اینا بیلا کی جلی ہوئی لاش دستیاب ہوئی تھی۔

دو اور دو چار کا فارمولا دنیا میں ہر جگہ رائج ہے۔ نیپالی پولیس کو بھی یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ لاڈی ڈوپار اپنی دوست اینا بیلا کو قتل کر کے پہلی پرواز سے کھٹمنڈو سے فرار ہو گیا تھا۔ کھٹمنڈو پولیس نے اسی روز نہ صرف انٹرپول کے پیرس ہیڈکوارٹر بلکہ ایشیا کے تمام ممالک کے ایئرپورٹس کو مطلع کر دیا کہ اس نام کا شخص بعض معاملات میں تفتیش کے لیے نیپالی پولیس کو مطلوب ہے۔

کھٹمنڈو میں امریکی قونصل الیستھم نے بھی اگرچہ طوعاً و کرہاً نیپالی پولیس کی اس منطق کو قبول کر لیا تھا لیکن اس کا ذہن اب بھی الجھا ہوا تھا۔ اگر لاڈی ڈوپار، اینا بیلا کو قتل کرنے کے بعد واقعی ملک سے فرار ہو گیا تھا تو وہ جلی ہوئی لاش کس کی تھی جو اینا بیلا کی لاش سے ایک دن پہلے اسی ناقابلِ شناخت حالت میں ملی تھی؟

نیپالی پولیس مئی ۱۹۷۶ء سے پہلے کسی ٹھوس نتیجے تک پہنچنے میں کامیاب نہیں ہو سکی تھی۔ نہایت باریک بینی سے تحقیقات مکمل کرنے کے بعد بالآخر چارلس سوبھراج، میری آندرے اور اجے چودھری کے خلاف دوہرے قتل کے الزام میں گرفتاری کے باقاعدہ وارنٹ جاری کر دیے گئے۔ یہ فیصلہ اگرچہ بہت تاخیر سے ہوا تھا لیکن اس میں پولیس کا قصور بھی نہیں تھا۔ دراصل چارلس کی سرگرمیاں ہی ناقابلِ حل معمّہ تھیں۔

حقیقت یہی تھی کہ ۲۳ دسمبر ۱۹۷۵ء کی رات چارلس انتہائی عجلت میں کھٹمنڈو سے بنکاک پرواز کر گیا تھا۔ کھٹمنڈو سے فرار ہوتے ہوئے اس نے لاڈی ڈوپار کا پاسپورٹ استعمال کیا تھا۔ جس کی لاش اسپتال کے سرد خانے میں پڑی تھی اور ابھی تک اس کی شناخت نہیں ہو سکی تھی۔ چارلس کی عیّاری کا اندازہ لگانے کے لیے اگلی چند سطریں قابلِ توجہ ہیں۔

بنکاک میں صرف ایک رات گزارنے کے بعد چارلس کھٹمنڈو واپس آگیا۔ اس مرتبہ اس نے ایک بار پھر ہینک بنٹا نجا کا پاسپورٹ استعمال کیا تھا۔ جسے کئی روز پہلے ہی وہ بنکاک میں موت کے گھاٹ اتار چکا تھا اور اس وقت تک اس کی لاش کی شناخت نہیں ہو سکی تھی۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ صرف چوبیس گھنٹے بعد وہ میری آندرے کے ساتھ کھٹمنڈو واپس کیوں آگیا تھا؟

"یہ اس کی عیاری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔" کئی ماہ بعد ایک نیپالی پولیس آفیسر نے اس سوال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا۔ "ہمارے خیال میں وہ کھٹمنڈو سے فرار اس لیے ہوا تھا کہ اینا بیلا کے قتل کا شبہ لاڈی ڈوپار کی طرف منتقل ہو سکے۔ اس کی دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ وہ بنکاک میں ان ہیروں کو فروخت کرنا چاہتا تھا جو اس نے لاڈی اور اینا بیلا کو قتل کر کے حاصل کیے تھے۔ ان ہیروں کی مالیت دو ہزار ڈالر سے کم نہیں ہو سکتی تھی۔ تیسری وجہ یہ بھی ہو سکتی تھی کہ شاید وہ بنکاک اس لیے گیا تھا کہ وہاں کی صورتِ حال کا جائزہ لیتے ہوئے یہ اندازہ لگانے کی کوشش کر سکے کہ بنکاک میں کسی قتل کے سلسلے میں اس کا نام تو نہیں لیا جا رہا؟ ایک امکانی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ بنکاک پہنچ کر اسے کھٹمنڈو میں ہونے والی قتل کی ان وارداتوں کے سلسلے میں کوئی بات پریشان کرتی رہی ہو۔ کوئی ایسی معمولی سی بات جس سے پولیس اس تک پہنچنے میں کامیاب ہو جائے۔ ہو سکتا ہے وہ اس بات کا جائزہ لینے کے لیے صرف چوبیس گھنٹے بعد کھٹمنڈو لوٹ آیا ہو۔"

یہ نیپالی پولیس کے مفروضے تھے۔ حقیقت کیا تھی؟ اس کا انکشاف بہت بعد میں ہوگا۔ بہرحال، اس رات کھٹمنڈو سے فرار ہونے کے بعد بنکاک پہنچتے ہی چارلس نے کانت ہاؤس کا رُخ کیا اور اپنا فلیٹ تاریک اور خالی دیکھ کر ایک لمحے کو وہ سکتے کی سی کیفیت میں رہ گیا۔ وہ تینوں فرانسیسی جنہیں وہ فلیٹ میں چھوڑ کر گیا تھا، غائب تھے اور اس وقت تک غالباً وہ پیرس پہنچ چکے تھے۔ دوسرا فلیٹ بھی خالی تھا۔ وہ کچھ دیر تک اپنے خالی فلیٹ میں کھڑا صورتِ حال کا اندازہ لگانے کی کوشش کرتا رہا پھر فون کا ریسیور اٹھا کر دوسری منزل پر رہنے والی بیلے کا نمبر ڈائل کرنے لگا۔

فون پر چارلس کی آواز سنتے ہی بیلے کی روح فنا ہو گئی یہ جان کر کہ دنیا کا خطرناک ترین آدمی اس سے صرف چند گز کے فاصلے پر موجود ہے اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے لیکن وہ اپنے اعصاب کو قابو میں رکھنے کی کوشش کرتے ہوئے کھٹمنڈو اور وہاں کے موسم کے بارے میں بے معنی سے سوالات کرنے لگی۔ اس نے میری آندرے کے بارے میں بھی ایک دو سوالات کیے تھے مگر چارلس نے کسی ایک بات کا بھی جواب نہیں دیا تھا۔

"یہ لوگ کہاں ہیں؟" چارلس نے اس کی بات کاٹ دی۔ اس کا لہجہ انتہائی سرد تھا۔ "ڈومنک اور اس کے دونوں ساتھی کہاں ہیں؟"

بیلے کے لیے یہ سوال غیر متوقع نہیں تھا۔ اس سلسلے میں وہ بہت پہلے ایک کہانی گھڑ چکی تھی لیکن اب وہ سوچ رہی تھی کہ کیا اس کا لہجہ اس کا ساتھ دے سکے گا۔

"وہ تو ایک دو دن پہلے اچانک ہی ہانگ کانگ جا چکے ہیں۔" وہ لہجے کو پرسکون بنانے کی کوشش کرتے ہوئے بولی۔ "جاتے ہوئے ڈومنک نے بتایا تھا کہ تم نے ٹیلی گرام کے ذریعے ان تینوں کو فوری طور پر ہانگ کانگ پہنچنے کا حکم دیا تھا۔"

"یہ کیسے ہو سکتا ہے؟" چارلس نے فوراً ہی جواب دیا۔ اس کے لہجے سے یہ اندازہ لگانا دشوار نہیں تھا کہ اس نے بیلے کی بات کو تسلیم نہیں کیا تھا۔ "ان کے پاس نہ تو پاسپورٹ تھے اور نہ ہی کرائے کے لیے رقم۔"

"ممکن ہے رقم ان کے گھر والوں نے بھیج دی ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہیں پر کسی کاروباری ذریعے سے مطلوبہ رقم حاصل کر لی گئی ہو۔" بیلے نے کہا۔

جواب میں چارلس کی ہلکی سی غراہٹ ابھری۔ "لیکن انھیں میری ضرورت تھی۔" اس کی غراہٹ کراہ میں بدل گئی۔ "وہ مجھ سے محبت کرتے تھے، وہ میرا خاندان تھے، مجھے چھوڑ کر کیسے جا سکتے تھے۔" بیلے کو یوں محسوس ہوا جیسے اس نے ہلکی سی سسکی لی ہو لیکن اسی لمحے اس کی آواز ایک بار پھر غراہٹ میں تبدیل ہو گئی۔ "وہ مجھ سے بچ کر نہیں جا سکتے۔ میں انھیں پاتال سے بھی ڈھونڈ نکالوں گا اور حقیقت معلوم کیے بغیر نہیں رہوں گا۔"

فون بند ہو چکا تھا۔ ریسیور رکھتے ہوئے بیلے کا ہاتھ کپکپا رہا تھا۔ خوف و دہشت سے اس کا چہرہ دھواں دھواں سا ہو رہا تھا۔ اس وقت رات کے گیارہ بجے تھے۔ سیموئیل اپنی ڈیوٹی پر تھا اور ایک بجے سے پہلے اس کی واپسی کی توقع نہیں تھی۔ اس نے ایک بھاری کرسی اٹھا کر بند دروازے کے سامنے رکھ دی، اور سیموئیل یا پولیس کو فون کرنے کے بارے میں سوچ ہی رہی تھی۔ کہ بیرونی راہداری میں قدموں کی آواز سن کر اچھل پڑی۔ سناٹے میں قدموں کی یہ آواز بم کے دھماکوں کی طرح محسوس ہو رہی تھی۔ آواز اسی کے دروازے کی طرف آتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ وہ جو کوئی بھی تھا۔ دبے قدموں چلنے کی کوشش کر رہا تھا۔ بیلے کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ جسم کے مسام پسینہ اگلنے لگے لیکن قدموں کی وہ آواز اس کے دروازے سے آگے بڑھ گئی اور چند سیکنڈ بعد ہی فضا پر ایک بار پھر سناٹا طاری ہو گیا۔ بیلے نے اطمینان کا سانس لیا لیکن یہ سکوت زیادہ دیر تک برقرار نہ رہ سکا۔ قدموں کی وہ آواز واپس آتی ہوئی محسوس ہوئی اور اس مرتبہ اس کے دروازے کے سامنے رک گئی۔ بیلے کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی اسی لمحے دروازے پر دستک کی آواز ابھری۔ پہلے آہستگی سے پھر



اس میں یکدم شدت پیدا ہو گئی۔ جیسے کوئی جنونی انداز میں دروازے پر گھونسے برسا رہا ہو۔

بیلے پر سکتے کی سی کیفیت طاری تھی۔ وہ سیموئیل یا پولیس کو فون کرنے کی ہمت بھی نہ کر سکی کہ اس طرح اس کی آواز سن کر گھر میں اس کی موجودگی کا اندازہ لگا لیا جائے گا۔ بیلے کے اعصاب جواب دے رہے تھے۔ خوف کی شدّت بڑھتی جا رہی تھی۔ متوقع چیخ روکنے کے لیے اس نے دونوں ہاتھوں سے منہ کو سختی سے دبا رکھا تھا۔

دروازہ پیٹنے والا شاید مایوس ہو چکا تھا۔ چند سیکنڈ بعد ہی اس کے دور ہوتے ہوئے قدموں کی آواز سنائی دی جو رفتہ رفتہ رات کے سناٹے میں مدغم ہو گئی۔ فضا پر ایک بار پھر سکوت غالب آ گیا۔ بیلے نڈھال سی ہو کر بستر پر گر گئی اور تکیے میں منہ چھپا کر رونے لگی۔

کھٹمنڈو میں پولیس کی تحقیقات جاری تھیں۔ شہر کے تمام بڑے بڑے ہوٹلوں اور کرائے پر کاریں فراہم کرنے والی ایجنسیوں سے پوچھ گچھ کی جا رہی تھی۔ اس سلسلے میں پولیس کو بالکل ہی مایوسی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ کچھ ایسی بہت معمولی سی باتیں سامنے آ رہی تھیں جن سے تحقیقاتی گاڑی کو آگے بڑھانے میں مدد مل رہی تھی۔

جلی ہوئی لاشیں ملنے کے مقام سے قریب ہی رہنے والے ایک دیہاتی نے پولیس کو بتایا کہ اس روز اس نے اس علاقے میں سفید رنگ کی ایک کار کو مشتبہ حالت میں گھومتے ہوئے دیکھا تھا۔ کار کا پورا نمبر تو اسے معلوم نہیں تھا لیکن نمبر پلیٹ کا پانچ کا ایک ہندسہ اسے یاد رہ گیا تھا۔ اسی پانچ کے ہندسے کے سہارے تحقیقات کرتی ہوئی پولیس گورکھا ٹریول ایجنسی کے دفتر تک پہنچ گئی جہاں یہ انکشاف ہوا کہ سفید رنگ کی ٹویوٹا کار ۲۳ دسمبر کو ایک ایسی عورت واپس کر کے گئی تھی جس کا لہجہ فرانسیسی تھا۔ ایجنسی کے ریکارڈ کے مطابق ۵۰۰۱ نمبر کی یہ کار سولتی اوبیرائے میں قیام پذیر ہینک بنٹانجا نامی ایک سیاح نے کرائے پر لی تھی۔ کار کی تلاشی کے دوران ڈکی میں سے چند مشتبہ چیزیں برآمد ہوئیں جن میں ایک پتلون، تاریک شیشوں کی عینک، ٹوپی اور کیمرے کے لینس کا کور شامل تھا۔ کار سے ان چیزوں کے دریافت ہوتے ہی پولیس نے ہوٹل سولتی اوبیرائے کی طرف دوڑ لگا دی۔ جہاں ٹریول ایجنسی کے ریکارڈ کے مطابق، ہینک بنٹانجا قیام پذیر تھا۔

دستک کے جواب میں دروازہ کھولتے ہوئے چارلس کے چہرے کے تاثرات بگڑے ہوئے تھے۔ اس نے آج دن بھر ہوٹل کے کمرے میں آرام کا پروگرام بنایا تھا اور یہ مداخلت اسے پسند نہیں آئی تھی لیکن مہمانوں کے سوالات کے جواب تو اسے دینا ہی پڑے تھے۔ اس نے ایمسٹرڈم کے رہنے والے بنٹانجا ہینک کی حیثیت سے اپنا تعارف کرایا جبکہ اپنی ساتھی لڑکی کا نام اس نے کارنیلیا بتایا تھا۔

چند رسمی سوالوں کے بعد انھیں سینٹرل پولیس اسٹیشن لے آیا گیا۔ جہاں ابتدائی پوچھ گچھ کے دوران چارلس سوبھراج اپنے آپ کو ایک معزز اور قابلِ احترام شخصیت ثابت کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ اس کے بیان کے مطابق وہ یورپ کی ایک یونیورسٹی میں 'سوشل سائنس' کا پروفیسر ہے اور ان دنوں مشرقِ بعید کے مطالعاتی دورے پر آیا ہوا ہے۔ اس کی ساتھی کارنیلیا ایک اسکالر اور ریسرچ اسسٹنٹ ہے۔ اس نے اعتراف کیا کہ شہر کی تفریح اور خانقاہوں کی زیارتوں کے لیے انھوں نے سفید رنگ کی ایک ٹویوٹا کار کرائے پر حاصل کی تھی لیکن اس کے ساتھ ہی اس نے بڑی سختی سے اینا بیلا اور لاڈی ڈوپار نامی لوگوں سے ملاقات کی نفی کی تھی۔ اس نے تو انھیں کبھی دیکھا تک نہیں تھا اور نہ ہی اس سے پہلے کبھی یہ نام سنے تھے۔

بات کرتے ہوئے چارلس کا لہجہ بڑا ٹھوس، بارعب اور چہرہ بڑا پُرتمکنت تھا جس سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا تھا کہ اسے اس طرح جھوٹے الزام میں پکڑ کر پولیس اسٹیشن لایا جانا پسند نہیں آیا تھا۔ ان دونوں کو دیکھ کر یہ بھی نہیں سوچا جا سکتا تھا کہ سولتی اوبیرائے جیسے ہوٹل میں قیام کرنے والے یہ معزز لوگ فریک اسٹریٹ پر واقع گھٹیا ہوٹلوں میں قیام کرنے والے ہپّی قسم کے لوگوں سے ملنا پسند کرتے ہوں گے۔ چارلس نے ریسٹورنٹ اور کاسینو میں کرنسی کے تبادلے کی رسیدیں بھی پیش کیں جن سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ پولیس کے خیال کے مطابق جس وقت اینا بیلا یا لاڈی کو قتل کیا گیا تھا۔ اس وقت چارلس اور اس کی ساتھی ریسٹورنٹ یا کاسینو میں موجود تھے۔

چارلس بڑے اطمینان سے پولیس والوں کے ہر سوال کا جواب دیتا رہا۔ اس کے اعصاب پوری طرح قابو میں تھے۔ اور کسی موقع پر بھی اس نے ذرا سی گھبراہٹ یا بدحواسی کا مظاہرہ نہیں کیا تھا۔ البتہ جب ایک پولیس آفیسر میری آندرے کو الگ پوچھ گچھ کے لیے دوسرے کمرے میں لے جانے لگا تو اس وقت چارلس کے چہرے کے تاثرات ایک لمحے کو تبدیل ہوئے تھے لیکن اس نے اپنی اس کیفیت پر فوراً ہی قابو پا لیا اور پولیس آفیسر سے بحث کرنے لگا کہ انھیں پہلے ہی بہت زیادہ ذہنی اذیت پہنچائی جا چکی ہے اور پھر یہ کرسمس کا موقع ہے۔ ان کا مقدّس تہوار، نیپال میں اگرچہ کرسمس نہیں منایا جاتا لیکن وہ دونوں

عیسائی ہیں اور کم از کم اس روز تو انھیں پریشان نہ کیا جائے۔
چارلس کا یہ حربہ کارگر ثابت ہوا اور پولیس نے مزید پوچھ گچھ جاری رکھنے کے بجائے انھیں جانے کی اجازت دے دی لیکن یہ بھی کہا کہ تحقیقات کے سلسلے میں بعد میں بھی کسی وقت ان کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ وہ پولیس کو اطلاع دیے بغیر شہر سے باہر نہیں جائیں گے۔
پولیس آفیسر پریمن بزرا، چارلس سوبھراج کو ایک بار پھر پوچھ گچھ کے لیے ہوٹل سے پکڑ لایا۔ مگر دو گھنٹوں کی مسلسل بازپرس کے بعد بھی وہ چارلس سے کچھ دریافت نہ کر سکا۔ بالآخر اسے ہوٹل واپس پہنچا دیا گیا۔
پریمن بزرا کے لیے وہ رات بڑی اذیت دہ ثابت ہوئی وہ ایک لمحہ کو بھی نہیں سو سکا تھا۔ کبھی وہ بستر پر کروٹیں بدلتا اور کبھی اٹھ کر کمرے میں ٹہلنے لگتا۔ بنٹا نجاہینگ نامی وہ شخص اس کے ذہن پر مسلط تھا جس سے آج دوپہر مسلسل دو گھنٹوں تک وہ بازپرس کرتا رہا تھا۔ اسے اعتراف کرنا پڑا کہ وہ شخص آہنی اعصاب کا مالک ہے۔ وہ بڑے سکون، اطمینان اور پُراعتماد لہجے میں اس کے ہر سوال کا جواب دیتا رہا تھا۔ کسی موقع پر بھی اس نے معمولی سی گھبراہٹ یا بدحواسی کا مظاہرہ نہیں کیا تھا۔ جبکہ اس پر قتل کی دو وارداتوں میں ملوث ہونے کا شبہ کیا جا رہا تھا۔ وہ ایک تجربہ کار پولیس آفیسر تھا اور جانتا تھا کہ اگر کسی شخص کو معمولی سی چوری کے شبہے میں بھی پولیس اسٹیشن لایا جاتا تو وہ تھر تھر کانپنے لگتا تھا مگر بنٹا نجاہینگ نامی یہ شخص ان سے قطعی مختلف ثابت ہوا تھا لیکن اس کے برعکس اس کی ساتھی لڑکی خوفزدہ سی تھی۔ پریمن بزرا کے ذہن میں بار بار یہ سوال اُبھر رہا تھا کہ لڑکی خوفزدہ اور نروس کیوں تھی؟ لیکن اسے اپنے اس سوال کا کوئی جواب نہیں مل رہا تھا بالآخر اس نے فیصلہ کیا کہ صبح وہ ان دونوں سے ایک بار پھر پوچھ گچھ کرے گا۔ اگرچہ اس میں کسی قسم کی کامیابی کا زیادہ امکان نہیں تھا لیکن ایک فرض شناس پولیس آفیسر ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے وہ اس معاملے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرنا چاہتا تھا۔
دوسرے دن صبح سویرے پولیس آفیسر پریمن بزرا نے ہوٹل سولتی اوبیرائے کے کمرہ نمبر ۱۴۱۵ کے دروازے پر دستک دی تو اسے کوئی جواب نہیں ملا۔ اس نے دوبارہ دستک دی مگر اس مرتبہ بھی خاموشی ہی رہی۔ اس سے پہلے ہوٹل میں داخل ہوتے ہی اس نے دربان اور ڈیسک کلرک سے اس امر کی تصدیق کر لی تھی کہ بنٹا نجاہینگ اور اس کی دوست اپنے کمرے میں موجود تھے لیکن دروازے پر دستک کے جواب میں خاموشی بڑی معنی خیز محسوس ہو رہی تھی۔ وہ تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا لابی کی طرف نکل گیا۔
لیکن وہ دونوں نہ تو لابی میں نظر آئے اور نہ ہی کسی پبلک روم میں۔ پریمن بزرا کی تشویش بڑھنے لگی۔ اس نے منیجر کو جا پکڑا اور اسے کمرہ نمبر ۱۴۱۵ کا تالا کھولنے کا حکم دیا۔
”حیرت ہے“ منیجر تالے میں چابی گھماتے ہوئے بڑبڑایا۔ ”دروازہ اندر سے مقفل ہے؟ وہ دونوں ابھی سو رہے ہوں گے اور میں اپنے مہمانوں کو پریشان کرنا مناسب نہیں سمجھتا۔“
”دروازہ توڑ دو“ پریمن بزرا کے حلق سے غراہٹ سی نکلی۔
اس کے لہجے نے منیجر کو چونکا دیا۔ وہ چند لمحے بزرا کے چہرے کی طرف دیکھتا رہا پھر مدھم لہجے میں بولا ”اگر کوئی بات ہوئی تو اس کا ذمّے دار کون ہوگا؟“
”میں ہر قسم کی ذمّے داری قبول کرنے کو تیار ہوں۔ توڑ دو دروازہ“ پریمن بزرا نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔
دروازہ توڑ دیا گیا لیکن کمرہ خالی تھا۔ اس کمرے میں قیام کرنے والے مہمانوں کا سامان اگرچہ موجود تھا لیکن وہ خود غائب تھے۔ غالباً رات کے کسی حصّے میں وہ کسی کی نظروں میں آئے بغیر ہوٹل سے جا چکے تھے لیکن کمرے کے تفصیلی معائنے کے بعد پریمن بزرا اس نتیجے پر پہنچا کہ لڑکی تو آمد و رفت کے عام راستے سے نکلی ہوگی جبکہ اس کے ساتھی نے دروازہ اندر سے مقفل کر کے کھڑکی کے راستے فرار کو ترجیح دی تھی۔ وہ چوتھی منزل سے مختلف کمروں کی کھڑکیوں کے چھجّوں اور دیوار کی ابھری ہوئی اینٹوں کے سہارے نیچے اترا تھا۔ کھڑکی سے باہر جھانکتے ہوئے پولیس آفیسر پریمن بزرا اپنے آپ کو کوس رہا تھا کہ لڑکی کے رویّے کے بارے میں شبہ ہونے کے بعد اس نے رات ہی کو انھیں کیوں نہیں جا پکڑا تھا۔
چند منٹ کے اندر ہی اندر ایئرپورٹ کو کھٹمنڈو سے روانہ ہونے والے تمام غیر ملکی مسافروں کو چیک کرنے کے سلسلے میں ہدایت جاری کر دی گئی۔ شہر سے باہر جانے والے تمام راستوں پر پھیلی ہوئی پولیس ہر غیر ملکی سیّاح کو روک کر پریشان کر رہی تھی لیکن یہ سب کچھ بہت تاخیر سے ہو رہا تھا۔ ان کے مطلوبہ افراد اس وقت تک ایک ٹیکسی میں بڑی تیز رفتاری سے ہندوستان کی سرحد کی طرف جا رہے تھے۔ ٹیکسی میں میری آندرے کے علاوہ اجے چودھری بھی موجود تھا۔
نیپال کے چھوٹے سرحدی شہر پہنچ کر چارلس نے ٹیکسی ڈرائیور کو کچھ رقم دیتے ہوئے فوری طور پر واپس چلے جانے کا حکم دیا۔ ڈرائیور کو ملنے والی رقم اگرچہ اتنی زیادہ نہیں تھی لیکن اس کی اشک شوئی کے لیے کافی تھی۔
وہ ۲۹ دسمبر کا دن تھا۔ وہ تینوں پیدل ہی سرحد کی طرف چل پڑے جو اس قصبے سے زیادہ دور نہیں تھی۔ ان تینوں نے



جعلی پاسپورٹوں پر الگ الگ سرحد پار کی۔ چارلس نے چوکی پر متعین ایک نیپالی سیکیورٹی گارڈ کے پوچھنے پر بتایا کہ وہ ماہرِ حیوانیات ہے اور اس علاقے میں جنگلی جانوروں کے مطالعے کی مہم پر نکلا ہوا ہے۔
وہ کسی دشواری کے بغیر سرحد عبور کر کے ایک ہندوستانی قصبے میں پہنچ گئے۔ جہاں چند گھنٹے قیام کرنے کے بعد چارلس نے ایک کسان سے ایک گھنٹے کی واپسی کے وعدے پر تین گھوڑے کرائے پر لیے اور وہ تینوں اس وقت تک گھوڑوں پر سفر کرتے رہے جب تک کہ تھکن سے نڈھال گھوڑوں نے آگے بڑھنے سے انکار نہ کر دیا۔ گھوڑے ایک کھیت میں چھوڑ کر وہ پیدل آگے بڑھتے رہے۔ آثار بتا رہے تھے کہ قریب ہی کوئی قصبہ موجود ہے چارلس کا یہ خیال غلط نہیں نکلا۔ خوش قسمتی سے قصبے میں ایک ٹیکسی نظر آ گئی۔ ٹیکسی ڈرائیور عام طور پر قریبی دیہاتوں کے چکّر لگایا کرتا تھا۔ لیکن زیادہ کرائے کے لالچ میں وہ انھیں کئی میل دور دریا کے گھاٹ پر لے جانے پر آمادہ ہو گیا۔ دریا کے دوسرے کنارے انھیں ایک اور ٹیکسی مل گئی۔ مختلف جگہوں پر وہ مختلف سواریاں بدلتے ہوئے پٹنہ پہنچ گئے اور جب پٹنہ سے ایئر انڈیا کے ڈی سی تھری طیارے سے پرواز کرتے ہوئے کلکتہ ایئرپورٹ پر اترے تو وہ ۱۹۷۵ء کی آخری شب تھی۔
سردی کی شدت سے رگوں میں خون منجمد ہوا جا رہا تھا۔ شہر تک پہنچتے ہوئے انھیں بے شمار ایسے لوگ نظر آئے جو پھٹے پرانے کمبلوں یا پتلی پتلی سی چادروں میں لپٹے گٹھریاں بنے فٹ پاتھوں پر پڑے تھے۔ بیشتر ایسے بھی تھے جن کے پاس اس شدّت کی سردی سے بچنے کے لیے چادر بھی نہیں تھی۔
تقریباً آدھے گھنٹے کی آوارہ گردی کے بعد چارلس ایک سستا سا ہوٹل تلاش کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ میری آندرے کی طبیعت پہلے ہی خراب تھی۔ اس طویل سفر نے اسے روئی کی طرح دھنک کر رکھ دیا تھا۔ بخار کی شدّت سے اس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا اور ٹانگوں میں اپنا بوجھ اٹھانے کی سکت بھی نہیں رہی تھی۔ چارلس اسے سہارا دے کر کمرے میں لے آیا۔ جہاں اسپرنگوں والی آہنی چارپائی پر میلی سی چادر بچھی ہوئی تھی۔ چارپائی کی طرف بڑھتے ہوئے میری آندرے لڑکھڑا گئی۔ اگر چارلس اسے ایکدم نہ سنبھال لیتا تو وہ یقیناً گر پڑتی۔
میری آندرے بستر پر پڑی سسکیاں لے رہی تھی۔ وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ زندگی اسے اس مقام تک بھی لے آئے گی۔ جہاں اس کے پاس بے بسی اور محرومیوں کے سوا کچھ نہ ہوگا۔ اس کے جسم پر بوسیدہ سا لباس تھا۔ پرس میں ایک پھوٹی کوڑی تک نہیں تھی۔ سوائے اس پاسپورٹ کے جو اس کا اپنا بھی نہیں تھا۔ چارلس نے اس سے اس کی شناخت تک چھین لی تھی۔
بنکاک میں بیلے اور اس کے شوہر سیموئیل کو ہر لمحہ یہی انتظار تھا کہ پولیس قاتلوں کی تلاش میں کب کانت ہاؤس پر دھاوا بولتی ہے۔ انھیں یقین تھا کہ ڈومنک، یانک اور جیکیس نے پیرس پہنچتے ہی انٹرپول کو ایلین گوتھر کی بربریت کے بارے میں اطلاع دے دی ہوگی۔ انھیں امید تھی کہ نئے سال کی آمد سے پہلے پہلے اس سلسلے میں کوئی عملی کارروائی ہو جائے گی مگر ۱۹۷۵ء کے آخری چند روز بھی خاموشی سے بیت گئے۔ جنوری کا مہینہ بھی گزرا جا رہا تھا اور اب بیلے پر مایوسی کی سی کیفیت طاری ہونے لگی تھی۔ اب اسے یقین ہو گیا کہ کسی معاملے میں کہیں سے کوئی مدد حاصل کر لینا اتنا آسان نہیں تھی۔ جبکہ حقیقت یہ تھی کہ ایلین گوتھر کے فلیٹ سے فرار ہو کر پیرس پہنچنے والے تینوں فرانسیسی نوجوان اتنے دہشت زدہ تھے کہ انھوں نے اس معاملے میں مزید ملوث ہونا مناسب نہیں سمجھا۔ ایلین گوتھر اکثر کہا کرتا تھا کہ اس کے ہاتھ بہت لمبے ہیں اور اس سے دشمنی مول لینے والا کوئی شخص دنیا کے کسی بھی گوشے میں محفوظ نہیں رہ سکتا اور وہ تینوں کئی ماہ کی جسمانی اور ذہنی اذیت کے بعد ان ہاتھوں کی پہنچ سے دور ہی رہنا چاہتے تھے۔
ایک انجانے سے خوف نے بیلے کا ذہن تقریباً مفلوج کر رکھا تھا۔ دن میں سیموئیل کی عدم موجودگی میں اور رات کو سونے سے پہلے وہ اپنے فلیٹ کے دروازے اور کھڑکیاں اندر سے بولٹ کر لیتی۔ سیموئیل اسے اکثر سمجھانے کی کوشش کرتا کہ اس خوف سے نجات کا واحد راستہ یہی ہے کہ وہ پانچویں منزل کے فلیٹ کے واقعات کو ذہن سے کھرچ ڈالے۔ بیلے کی عقل بھی اگرچہ اس بات کو تسلیم کرتی تھی لیکن دل پر طاری خوف کسی طرح بھی پیچھا چھوڑنے کو تیار نہیں تھا۔
ایک دن صبح سویرے وہ کھڑکی میں کھڑی کافی کے گھونٹ لیتے ہوئے سوچ رہی تھی کہ اب اسے اپنے گرد لپٹا ہوا خوف و دہشت کا یہ خول توڑ دینا چاہیے۔ ورنہ یہ خوف اگر اس کے تحت الشعور میں جم گیا تو اسے زندگی بھر سکون نہیں مل سکے گا۔ اس کے خیال میں اس خوف سے نجات حاصل کرنے کا بہترین طریقہ یہ تھا کہ اس کی ابتدا ایلین گوتھر کے فلیٹ ہی سے کی جائے۔ یہ محض اتفاق ہی تھا کہ کانت ہاؤس کے فلیٹوں کی دیکھ بھال کرنے والی ملازمہ راہداری میں نکل آئی۔ اس ملازمہ کے

پاس ایک ماسٹر کی بھی تھی جس سے ہر فلیٹ کا تالا کھولا جا سکتا تھا۔ اس ملازمہ سے بیلے کے تعلقات بھی خاصے خوشگوار تھے بیلے نے فوراً ایک کہانی گھڑلی اور چند رسمی جملوں کے تبادلے کے بعد بولی۔

" ایلین گوتھر کے فلیٹ میں میری کچھ چیزیں پڑی ہوئی ہیں! وہ لوگ پتا نہیں کب لوٹیں گے۔ اگر تم کچھ دیر کے لیے اپنی چابی مجھے مستعار دے سکو تو بہت شکر گزار ہوں گی۔"

ملازمہ نے جرح کیے بغیر ماسٹر کی اس کے حوالے کر دی۔ اس وقت اس کے ہونٹوں پر بڑی معنی خیز مسکراہٹ تھی اور حقیقت یہ تھی کہ وہ کئی روز پہلے ہی ایلین گوتھر کے فلیٹ میں ہونے والی سرگرمیوں کے بارے میں بہت کچھ جان چکی تھی لیکن اپنی ملازمت جانے کے خوف سے اس نے اس سلسلے میں کبھی لب کشائی نہیں کی تھی۔

بیلے جب فلیٹ کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی تو اس کا دل بڑی شدت سے دھڑک رہا تھا۔ اس کی کیفیت اس وقت اس غوطہ خور کی سی تھی، جو سمندر کی تہ میں غرق شدہ جہاز کو کھنگالنے کے لیے سمندر کی گہرائی میں اتر رہا ہو۔ تاریکی نے ہر چیز کو لپیٹ میں لے رکھا تھا۔ سنسنی کی اس فضا میں اسے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے ایلین گوتھر بھی اس کے قریب ہی کھڑا گہرے گہرے سانس لے رہا ہو۔ یہ احساس شدت اختیار کرتا جا رہا تھا کہ ایلین گوتھر کسی بھی لمحہ تاریکی سے برآمد ہو کر اس کی گردن دبوچ لے گا۔

فلیٹ کی تلاشی لینے کے بعد اسے یقین ہو چلا تھا کہ ایلین گوتھر اینڈ کمپنی دراصل قاتلوں کا ایک ٹولہ ہے لیکن سوال تو یہ تھا کہ اس سلسلے میں وہ کیا کر سکتی تھی؟ اس نے بنکاک میں مقیم اپنے ایک فرانسیسی دوست کو اس صورتِ حال سے آگاہ کیا تو اس نے بیلے کو برطانوی سفارت خانے سے رجوع کرنے کا مشورہ دیا۔ اس نے اسے ایک برطانوی سفارت کار سے بھی ملوا دیا۔

برطانوی سفارت کار پوری توجہ سے بیلے کی بات سن رہا تھا لیکن آخر میں بیلے نے محسوس کیا کہ اس آفیسر کو بیلے کی باتوں سے زیادہ دلچسپی نہیں رہی تھی اور وہ اسے جلد سے جلد رخصت کر دینا چاہتا تھا۔

بیلے کے جانے کے بعد برطانوی سفارت خانے کے اس افسر نے ایک بار پھر اس کی باتوں پر غور کیا۔ ایک دو چیزیں ایسی تھیں جن پر توجہ دی جا سکتی تھی اور غالباً یہی سوچتے ہوئے اس نے تھائی پولیس کو تحریری طور پر اس صورتِ حال سے مطلع کر دیا لیکن اسے اپنی رپورٹ کا کوئی جواب نہیں ملا۔ اس کی رپورٹ پر یا تو سرے سے توجہ ہی نہیں دی گئی تھی یا یہ بھی ممکن تھا کہ وہ کاغذوں کے انبار میں دب کر نگاہوں سے اوجھل ہو چکی ہو۔

" میں نے تم سے پہلے ہی کہا تھا کہ ایسی باتوں کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔" سیموئیل نے یہ بات اس وقت کہی تھی جب بیلے نے پہلی مرتبہ اسے برطانوی سفارتی افسر سے رابطے اور اس رپورٹ کے بارے میں بتایا تھا۔ اس نے بہرحال بیلے کے اس جذبے کی تعریف بھی کی تھی اور ساتھ ہی یہ مشورہ بھی دیا تھا کہ اب وہ شرلاک ہومز بننے کا خیال ذہن سے نکال دے کیونکہ تھائی لینڈ میں مزید قیام کے سلسلے میں ویزے کی تجدید کے دن قریب آ رہے تھے اور وہ نہیں چاہتا تھا کہ ان کے نام پولیس کے ریکارڈ پر آ جائیں۔ "اب سب کچھ بھول جاؤ۔" اس نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہا۔ "اب ایلین گوتھر اور اس کے ساتھی یہاں کبھی واپس نہیں آئیں گے۔"

بیلے نے سیموئیل کی باتوں کو تسلیم کرتے ہوئے اس معاملے میں خاموشی اختیار کرنے کا وعدہ کر لیا تھا لیکن ان باتوں کو ذہن سے نکالنا اس کے لیے ممکن نہیں رہا تھا۔ خصوصاً رات کے وقت جب وہ سیموئیل کے انتظار میں اپنے فلیٹ میں اکیلی بیٹھی ہوتی تو ایلین گوتھر کا بھوت اس پر دہشت سی طاری کر دیتا اور وہ کانپ اٹھتی اور پھر غیر ارادی طور پر بھاری فرنیچر گھسیٹ گھسیٹ کر مقفل دروازے کے سامنے ڈھیر کر دیتی۔

۷ جنوری ۱۹۷۶ء کو جب چارلس سوبھراج اور اس کے ساتھی گوا کے شہر پاناجی میں داخل ہوئے تو ہر طرف غیر ملکی سیاح گھومتے ہوئے دکھائی دے رہے تھے جن میں زیادہ تعداد نوجوان ہپیوں کی تھی لیکن چارلس کے اندازے کے مطابق ان میں بیشتر ایسے تھے جن کے پاس روپے پیسے کی کمی نہیں تھی اور انھیں منشیات کا لالچ دے کر نہایت آسانی سے کاٹا جا سکتا تھا۔

چند گھنٹوں کے اندر ہی اندر برک مارکیٹ کے علاقے میں گھومتے ہوئے چارلس کی خوردبین نگاہوں نے تین ایسے فرانسیسی نوجوانوں کا انتخاب کر لیا۔ جو مختلف دکانوں پر گھوم پھر کر مختلف اشیا دیکھ رہے تھے۔ مشرق میں گوا کو پہلی عیسائی کالونی ہونے کی حیثیت بھی حاصل تھی۔ یہاں کے مقامی باشندے بھی عیسائیت سے زیادہ قریب تھے اور شہر کی بیشتر دکانوں میں مسیح کے چھوٹے چھوٹے مجسمے بھرے ہوئے تھے۔

وہ تینوں فرانسیسی نوجوان، جن کی عمریں بیس اور بائیس کے



درمیان تھیں، ایک وین میں سفر کر رہے تھے۔ ان کے طور طریقوں سے چارلس کو یہ جاننے میں دیر نہ لگی کہ ان کا تعلق پیرس کے ایک ایسے طبقے سے ہے جس کے دم سے سینٹ مائیکل بلے وارڈ کی رونق قائم تھی۔ وہ نہ صرف دولت مند تھے، بلکہ ان تینوں میں جنسِ مخالف کے لیے بھی خاصی کشش تھی۔ پہلی ہی بار وہ میری آندرے سے نہایت مہذب انداز میں ملے تھے اور کھٹمنڈو سے فرار ہونے کے بعد پہلی مرتبہ میری آندرے کو احساس ہوا کہ وہ واقعی کسی مہذب انسان سے متعارف ہو رہی تھی۔

رات کا اندھیرا پھیلنے تک ان میں دوستی کا رشتہ استوار ہو چکا تھا۔ اجے چودھری اگرچہ اس دوران ان سے دور ہی رہا تھا لیکن پھر اس طرح ان کے گروہ میں شامل ہو گیا جیسے اس کی ملاقات بھی محض اتفاق کا نتیجہ رہی ہو۔

دوسرے دن صبح سویرے ہی وہ ساحل پر پہنچ گئے چارلس کو اعتراف کرنا پڑا کہ ایسی رنگینی اس نے دنیا کے کسی ساحل پر نہیں دیکھی تھی۔ دوپہر کا کھانا ایک جھونپڑا نما ریسٹورنٹ میں کھایا گیا جہاں ناریل کے تیل میں تلی ہوئی مچھلی کا ذائقہ خلافِ توقع بے حد لذیذ تھا۔ کھانے کے بعد وہ ناریل کے درختوں کے سائے میں آرام کرتے رہے اور پھر رات کے کھانے کے بعد حشیش اور الکحل کا دور شروع ہو گیا۔ چارلس اگرچہ ان کا پورا پورا ساتھ دے رہا تھا مگر حشیش کا دھواں یا الکحل کا ایک قطرہ بھی اس کے حلق سے نیچے نہیں اتر سکا تھا۔ ایسے معاملات میں وہ خاصا ہوشیار ثابت ہوا تھا۔

دوسرے دن تینوں فرانسیسی نوجوانوں نے اعلان کیا کہ وہ گوا کے ایک دور افتادہ ساحلی شہر کاروار جا رہے ہیں۔ ان کے اس اچانک پروگرام نے چارلس کو گڑبڑا دیا لیکن وہ اتنی آسانی سے شکست تسلیم کرنے والا نہیں تھا۔

" ہم لوگ بھی اس طرف جانے کا پروگرام بنا رہے تھے لیکن ان علاقوں میں سواری کا حصول بڑا اہم مسئلہ ہے۔" چارلس نے کہا اور چند لمحوں کی خاموشی کے بعد بولا۔ "کیا تمھاری وین میں ہمارے لیے کوئی گنجائش نکل سکتی ہے؟"

" اوہ، کیوں نہیں۔" وین کے مالک آئر ڈی آمور نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

روانگی سے کچھ دیر پہلے چارلس اچانک ہی غائب ہو گیا اس کی واپسی آدھے گھنٹے سے پہلے نہیں ہوئی تھی۔ اس کے ہاتھ میں اسکاچ وھسکی کی کوارٹر بوتل دیکھ کر تینوں فرانسیسیوں کی آنکھوں میں چمک سی ابھر آئی۔ ہندوستان میں اس کی قیمت پچاس ڈالر سے کم نہیں تھی اور گوا جیسے دور دراز علاقے میں تو یہ اور بھی مہنگی ہو سکتی تھی۔

دن بھر کے سفر کے بعد رات کو وین ایک ایسی جگہ رک گئی جس کے بارے میں کہا جا سکتا تھا کہ بحیرۂ عرب کے اس ساحل پر ان سے پہلے کسی اور کے قدم نہیں پہنچے ہوں گے۔ میری آندرے آگ جلا کر وہ دو مرغیاں روسٹ کرنے لگی جو راستے کی ایک بستی سے چارلس نے شکار کی تھیں۔ ڈی آمور نے ٹرانسسٹر ریڈیو آن کر دیا جس پر کسی دور دراز کے اسٹیشن سے راک این رول سے ملتی جلتی موسیقی نشر ہو رہی تھی۔

کھانے کے بعد حشیش اور وھسکی کا دور شروع ہو گیا۔ سمندر کی طرف سے آنے والی مرطوب ہوا کے جھونکوں اور حشیش اور اسکاچ وھسکی کے نشے نے تینوں فرانسیسی نوجوانوں پر مستی سی طاری کر دی وہ اٹھ کر ناچنے لگے۔ میری آندرے، اجے چودھری اور چارلس بھی رقص میں ان کا ساتھ دے رہے تھے۔ انسانی آبادی سے میلوں دور یہ ویران اور سنسان علاقہ اس وقت جنگل میں منگل کا سماں پیش کر رہا تھا۔

"اے ایلین! تمھاری وھسکی بہت عمدہ ہے۔ پیرس سے نکلنے کے بعد پہلی مرتبہ ایسی اچھی شراب چکھنے کو ملی ہے۔" ایک فرانسیسی نوجوان نے جھومتے ہوئے کہا۔

" اور یہ وھسکی بہت تیز بھی ہے۔" دوسرے نوجوان نے تبصرہ کیا اور جھومتا ہوا ریت پر گر گیا۔ اس کے منہ سے بے معنی سی آوازیں نکل رہی تھیں۔

ڈی آمور بھی مستی میں جھوم رہا تھا اور پھر چند منٹ بعد وہ بھی اپنے دونوں ساتھیوں کی طرح ڈھیر ہو گیا۔

تقریباً چھتیس گھنٹے بعد انھیں ہوش آیا تو وہ ایک چھوٹے سے اسپتال میں تھے۔ ان کے جسم کا جوڑ جوڑ دکھ رہا تھا اور سر اس طرح بوجھل ہو رہے تھے جیسے منوں بوجھ [illegible] دیا گیا ہو۔ پوری طرح حواس میں آنے کے بعد جب انھوں نے صورتِ حال کا جائزہ لیا تو یہ بھیانک انکشاف ہوا کہ نہ صرف ان کی وین مکمل طور پر تباہ ہو چکی تھی بلکہ ان کے پاسپورٹ، نقد رقم، ٹریولرز چیکس کیمرے، ریڈیو ٹرانسسٹر اور اس قسم کی دوسری قیمتی چیزیں بھی غائب تھیں۔ ایلین گوتھر، اس کی بیوی اور ان کے ہندوستانی دوست کا بھی کچھ پتا نہیں تھا۔ تینوں فرانسیسی نوجوانوں کی بپتا سننے کے بعد پولیس کو یہ نتیجہ اخذ کرنے میں دیر نہ لگی کہ انھیں پلائی جانے والی وھسکی میں کوئی خواب آور دوا غالباً ویلیم شامل تھی، ان کے نیم غفیل ہوتے ہی انھیں نیند کے طاقتور انجکشن بھی دیے گئے تھے۔ انجکشنوں کی خالی شیشیاں تباہ شدہ وین سے دستیاب ہو گئی تھیں۔

پولیس کا ایک خیال یہ بھی تھا کہ وین سے قیمتی چیزیں نکالنے

یہ ریکارڈ ملتے ہی اس نے بنکاک میں ہالینڈ کی رہنے والی ایک خاتون دندان ساز سے رابطہ قائم کیا اور اسے جلی ہوئی لاشوں کے دانتوں کا معائنہ کرنے پر آمادہ کر لیا۔ تھائی پولیس نے ایک نوجوان پولیس آفیسر کو ان کے ہمراہ کر دیا تھا تاکہ وہ مُردہ خانے میں جلی ہوئی ان لاشوں کی نشاندہی کر سکے۔

مُردہ خانے میں داخل ہوتے ہی کیمیکلز کی ناگوار سی بو کا بھبکا ان کے نتھنوں سے ٹکرایا۔ دونوں لاشیں لکڑی کی کھردری سطح والی میزوں پر رکھی ہوئی تھیں۔ کوئلے کی طرح ان جلی ہوئی لاشوں کو شناخت کرنا کسی طرح بھی ممکن نہیں تھا۔ دندان ساز خاتون اور ہرمن یہ خوفناک منظر دیکھ کر دہل اٹھے۔ مگر انھیں یہ ناگوار فریضہ تو انجام دینا ہی تھا۔ نوجوان پولیس آفیسر کی مدد سے خاتون دندان ساز بڑی مہارت سے لاشوں پر اپنا کام کرتی رہی اور ہرمن قریب کھڑا دیکھتا رہا۔ بالآخر کام سے فارغ ہو کر دندان ساز خاتون نے پورے وثوق سے اعلان کیا کہ یہ لاشیں ہینک بنٹانجا اور کارنیلیا ہی کی تھیں۔

دوسرے ہی روز ہرمن نے رپورٹ مرتب کر کے ایمسٹرڈیم بھیج دی۔ جس میں اس نے اس خیال کا اظہار کیا تھا کہ ممکن ہے ہینک اور کارنیلیا تھائی لٹیروں کے ہتھے چڑھ گئے ہوں۔ جن کے ہاتھوں وہ اس بھیانک انجام کو پہنچے۔ رپورٹ بھیجنے کے ساتھ ہی اس نے کیس بند کر دیا اور روزمرہ کے کاموں میں مصروف ہو گیا۔ اس دوران اس نے اس واقعے کے سلسلے میں قانونی کارروائی کے لیے کیس تیار کر لیا تھا۔ اگرچہ اسے یقین تھا کہ تھائی پولیس اس سلسلے میں زیادہ سرگرمی نہیں دکھائے گی لیکن وہ اپنا کیس لے کر تھائی پولیس کے کرائم بیورو کے پاس پہنچ گیا اور اسے بتایا کہ اس کے ملک کے دو باشندوں کو اس سرزمین پر بیدردی سے قتل کیا گیا ہے۔ قاتلوں کی گرفتاری کے لیے پولیس کو اس کیس کی ازسرِنو تحقیقات شروع کرنا چاہیے۔ اس کی توقع کے عین مطابق متعلقہ پولیس آفیسر نے بڑی خوبصورتی سے اسے اس معاملے میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے ٹال دیا۔ آفیسر نے اگرچہ تحقیقات کا وعدہ کر لیا تھا لیکن کرائم بیورو کے دفتر سے نکلتے ہوئے ہرمن سوچ رہا تھا کہ وہ اس پولیس آفیسر کی توجہ حاصل نہیں کر سکا تھا۔

کوئی اور ہوتا تو اس موقع پر پیچھے ہٹ جاتا اور غیر ملکی پولیس پر کسی قسم کا دباؤ ڈالنے کی کوشش نہ کرتا لیکن ہرمن نے آگے بڑھا ہوا قدم پیچھے ہٹانا نہیں سیکھا تھا۔ پولیس سے مایوس ہو کر اس نے اپنے طور پر تحقیقات کا فیصلہ کر لیا۔ وہ اپنا کیس کم از کم اس حد تک مضبوط کر لینا چاہتا تھا کہ تھائی پولیس اس میں دلچسپی لینے پر مجبور ہو جائے لیکن سب سے اہم سوال یہ تھا کہ تفتیش کا آغاز کہاں سے کیا جائے۔

اپنے والدین کے نام ہانگ کانگ سے لکھا ہوا کارنیلیا کا آخری خط پڑھتے ہوئے ہرمن کچھ چونک سا گیا۔ اس خط میں قیمتی پتھروں کے ڈیلر ایلین ڈوپیوس کا جس طرح تذکرہ کیا گیا تھا، اس سے ظاہر ہوتا تھا کہ بنکاک میں قیام کے دوران ہینک بنٹانجا اور کارنیلیا کے اس شخص سے زیادہ روابط رہے تھے ممکن ہے، یہ شخص ایلین ڈوپیوس ان کی سرگرمیوں کے بارے میں کچھ بتا سکے۔

ہرمن کے خیال میں ایلین ڈوپیوس کو تلاش کرنا زیادہ مشکل نہیں تھا۔ کیونکہ بنکاک میں فرانسیسی جیم ڈیلرز کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی تھی لیکن پولیس، امیگریشن حکام اور جیم ڈیلروں کی ایسوسی ایشن سے رابطہ قائم کرنے کے بعد ہرمن کو احساس ہوا کہ وہ جہاں سے چلا تھا، اب بھی وہیں کھڑا ہے۔ کہیں سے بھی ایلین ڈوپیوس کے بارے میں معلومات حاصل کر کے اسے مطلع کیا جائے۔ لیکن ہانگ کانگ سے ملنے والے جواب نے اسے سخت مایوس کیا تھا۔ دسمبر کے دوران اس نام کے کسی شخص نے حیات ایجنسی ہوٹل میں قیام نہیں کیا تھا۔ ہرمن کی تشویش بڑھ رہی تھی اور اب وہ بھی یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا تھا کہ ایلین ڈوپیوس نام کا کوئی شخص تھا بھی، یا یہ محض ایک فرضی نام تھا۔

ایک رات وہ بیلجیم کے سفارتخانے سے تعلق رکھنے والے ایک دوست کے ساتھ بیٹھا شراب کی چسکیاں لے رہا تھا۔ اس دوران مختلف موضوعات پر باتیں بھی ہو رہی تھیں۔ اس کے دوست آرمنڈ نے بتایا کہ چند روز پہلے ایک مغربی سفارت خانے کا نچلے درجے کا ایک آفیسر آرٹ گیبرکس نامی اپنے ایک فرانسیسی دوست کے ساتھ لڑ پڑا تھا۔ ان کا یہ جھگڑا ایک نائٹ کلب میں ہوا تھا۔ اور اس وقت دونوں نشے میں تھے۔ ان کے دوست اب ان میں راضی نامے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مگر آرٹ گیبرکس کا مطالبہ ہے کہ زیادتی آفیسر کی تھی۔ پہلے اسے معافی مانگنی چاہیے۔

”یہ آرٹ گیبرکس کرتا کیا ہے؟“ ہرمن نے پوچھا۔

”اس کا ایکسپورٹ، تیل اور جواہرات کا بزنس ہے۔“

”جواہرات۔“ ہرمن چونک سا گیا۔ اس کے ذہن میں آرٹ گیبرکس کے ساتھ ایلین ڈوپیوس کا نام بھی گونجنے لگا۔ دونوں فرانسیسی تھے اور دونوں جواہرات کے بیوپاری تھے۔ کوئی بات اس کے ذہن میں کھٹک رہی تھی۔

ہرمن نے آرٹ گیبرکس کے بارے میں تحقیقات شروع کر دی۔ چند روز کی دوڑ دھوپ کے بعد پتا چلا کہ گیبرکس دسمبر میں جاپان گیا تھا۔ ہرمن کا قیاس تھا کہ ممکن ہے ٹوکیو سے بنکاک واپس آتے ہوئے ہانگ کانگ میں قیام کے دوران ہینک اور کارنیلیا سے اس کی ملاقات ہوئی ہو۔ ہرمن کے لیے یہ بات بھی قابلِ توجہ تھی کہ گیبرکس نے بنکاک میں فرانسیسی سفارت خانے کو اپنے پاسپورٹ کی چوری یا گمشدگی کی اطلاع دی تھی اور انھی دنوں میں ہینک اور کارنیلیا کو موت کے گھاٹ اتارا گیا تھا۔ اس صورتِ حال کو سامنے رکھتے ہوئے ہرمن نے مفروضہ قائم کیا۔ اس کے نظریے کے مطابق ہانگ کانگ میں قیام کے دوران گیبرکس کی ملاقات ہینک اور کارنیلیا سے ہوئی۔ اس نے انھیں بنکاک آنے کی دعوت دی اور وہ لوگ جیسے ہی بنکاک پہنچے۔ گیبرکس نے انھیں قتل کر دیا لیکن اس کے ساتھ ہی اس پر بدحواسی اور گھبراہٹ سی طاری ہو گئی۔ اس نے اپنے پاسپورٹ کی گمشدگی کی رپورٹ لکھوا دی جسے وہ اپنے اضطراب کی وجہ بنانا چاہتا تھا لیکن ہرمن کی یہ قیاس آرائی غلط ثابت ہوئی۔ بعد کی تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی کہ گیبرکس ایک کھرا بزنس مین تھا۔ اس کے خلاف کوئی پولیس ریکارڈ بھی موجود نہیں تھا۔ جن دنوں ہینک اور کارنیلیا ہانگ کانگ میں تھے۔ وہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں ٹوکیو میں تھا اور واپسی پر ہانگ کانگ میں رُکے بغیر بنکاک آ گیا تھا۔ گویا ان دونوں سے کبھی اس کی ملاقات نہیں ہوئی تھی۔

ہرمن کی یہ سرگرمیاں سفارت خانے کے افسرانِ بالا کی نگاہوں سے پوشیدہ نہیں تھیں۔ آرٹ گیبرکس کی ناکام تحقیق کے بعد اس کے سفیر نے اسے اپنی یہ احمقانہ سرگرمیاں بند کر دینے کا حکم دیا کیونکہ اس کی حماقتوں سے سفارت خانے کے خلاف کسی اسکینڈل کو بھی ہوا مل سکتی تھی لیکن ہرمن نے اپنے سفیر کا یہ حکم ماننے سے صاف انکار کر دیا۔ اس کا موقف یہ تھا کہ ہالینڈ کے دو معصوم باشندوں کو بے دردی سے موت کے گھاٹ اتارا گیا تھا اور وہ قاتل یا قاتلوں کو اس جرم کی سزا دیے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔

چند روز بعد ہی ہالینڈ کے سفیر کو اطلاع ملی کہ ہرمن کی یہ غیر سفارتی سرگرمیاں سفارتخانے کے لیے تکلیف دہ بنتی جا رہی ہیں۔ سفیر نے اسے ایک بار پھر سرزنش کی۔ یہ معاملہ مقامی پولیس کے لیے چھوڑ دیا جائے۔ ممکن ہے ہرمن دل برداشتہ ہو کر واقعی اس معاملے میں خاموشی اختیار کر لیتا لیکن سفیر سے اس ملاقات کے دوسرے ہی دن اس کے ایک مخبر نے اطلاع دی کہ آرٹ گیبرکس کے بارے میں تحقیقات کے دوران ایک اور مشتبہ نام سامنے آیا تھا اور دلچسپی کی بات یہ تھی کہ یہ بھی فرانسیسی تھا اور اس کے نام کے شروع کے حروف بھی اے اور جی تھے۔

” یہ کون ہے؟“ ہرمن نے دلچسپی لیتے ہوئے پوچھا۔

”اس کا پورا نام ایلین گوتھر ہے اور وہ جیم ڈیلر ہے۔“

ٹیلی فون کے ریسیور پر ہرمن کی گرفت سخت ہو گئی۔ ”اس کا پتا کیا ہے۔ وہ کہاں رہتا ہے؟“ اس نے بے چینی سے پوچھا۔

جواب میں چند لمحے خاموشی رہی اور پھر دوسری طرف سے جو کچھ کہا گیا۔ وہ ہرمن پر سنسنی سی طاری کر دینے کے لیے کافی تھا۔ بالآخر وہ اپنے مطلوبہ آدمی تک پہنچنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔

"ہیلو بیلے!"

یہ آواز سن کر بیلے کو یوں محسوس ہوا جیسے کوئی تیز دھار آلہ اس کے سینے کو چیرتا ہوا دل کی گہرائیوں تک اترتا چلا گیا ہو۔ اسے رگوں میں اپنا خون منجمد ہوتا ہوا محسوس ہونے لگا۔ یہ ۱۲ فروری ۱۹۷۶ کی بات تھی۔ وہ بنکاک کے اندرا ہوٹل میں بیٹھی لنچ کے لیے اپنے ایک دوست کا انتظار کر رہی تھی کہ پشت سے ابھرنے والی اس آواز نے اسے خوف و دہشت کی اس وادی میں دھکیل دیا جس سے وہ بچنے کی کوشش کر رہی تھی لیکن اس وقت اس کے پاس فرار کا کوئی راستہ نہیں تھا۔ اس نے ہونٹوں پر مسکراہٹ لانے کی کوشش کرتے ہوئے پیچھے مڑ کر دیکھا۔

میری آندرے اور چارلس سوبھراج اس کے سامنے کھڑے تھے۔ ان کے ہونٹوں پر دوستانہ مسکراہٹ تھی اور کسی غیر معمولی بات کا اظہار نہیں ہو رہا تھا۔ وہ کئی ہفتے بعد بنکاک واپس لوٹے تھے اور ان کی باتوں سے یہ انکشاف ہوا تھا کہ اپنے اپارٹمنٹ میں جانے کے بجائے فی الحال دو چار دن کے لیے انھوں نے ایک ہوٹل کا کمرہ کرائے پر لے لیا تھا۔ اس انکشاف پر بیلے کو حیرت بھی ہوئی تھی۔ کانت ہاؤس یہاں سے زیادہ دور نہیں تھا لیکن پھر وہ اس نتیجے پر پہنچی کہ اپنے فلیٹ میں جانے سے پہلے ایلین گوتھر صورتِ حال کا جائزہ لے کر پورا اطمینان کر لینا چاہتا تھا۔ وہ انتہائی چالاک شخص تھا اور احتیاط کا کوئی بھی پہلو نظر انداز نہیں کرنا چاہتا تھا۔

"جب تم لوگ ہوٹل سے اپنے فلیٹ منتقل ہو جاؤ تو مجھے ضرور بتانا۔" بیلے نے مسکراتے ہوئے کہا۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ایک ضروری کام کا عذر پیش کرتے ہوئے وہاں سے اٹھنے کی کوشش کی۔ وہ جلد سے جلد ان لوگوں سے پیچھا چھڑا لینا چاہتی تھی لیکن چارلس نے اسے روک لیا۔

"اتنی بھی کیا جلدی ہے؟" وہ اس کی کلائی پر گرفت جماتے ہوئے بولا۔ "ہمارا ابھی یہاں سے سیدھے گھر جانے کا پروگرام ہے اکٹھے ہی چلیں گے۔"

"لیکن... " بیلے ہکلائی۔ "میں نے یہاں اپنے ایک دوست کو کھانے پر مدعو کر رکھا ہے۔"

"کوئی بات نہیں، ہم انتظار کر لیں گے۔" چارلس نے معنی خیز مسکراہٹ سے جواب دیا۔

اس کے تقریباً ایک گھنٹے بعد میری آندرے اور چارلس کے ساتھ ایک ٹیکسی میں فلیٹ کی طرف جاتے ہوئے بیلے کا ایک ہاتھ دروازے کے ہینڈل پر تھا۔ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں چلتی ٹیکسی سے کودنے کو تیار تھی لیکن اس کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

کانت ہاؤس کی لفٹ میں چارلس اس کے ساتھ جڑ کر کھڑا تھا۔ بیلے کا دل بڑی شدت سے دھڑک رہا تھا۔ اسے خدشہ تھا کہ اس کے دل کی یہ دھڑکن اس کے خوف کا اظہار نہ کر دے۔ اسے شبہ تھا کہ چارلس اسے گھیرنے کی کوشش کرے گا مگر چارلس نے ڈومنک وغیرہ کے پراسرار طریقے پر غائب ہو جانے کے سلسلے میں ایک دو سرسری سے سوالوں کے علاوہ کوئی بات نہیں کی۔ اس کے برعکس اس نے بیلے اور سیموئیل کو رات کے کھانے پر مدعو کر لیا۔ بیلے کوشش کے باوجود انکار نہ کر سکی۔ وہ اس وقت عجیب سی الجھن کا شکار تھی۔ دعوت قبول کر لینے کی صورت میں آئندہ بھی میل میلاپ کے جاری رہنے کا امکان تھا جبکہ صاف انکار کی صورت میں خدشہ تھا کہ چارلس اس کے بارے میں مشکوک ہو جائے گا یہی سوچ کر اس نے دعوت قبول کر لی تھی لیکن اس کے بعد اس نے معمول بنا لیا کہ رات کو دروازہ مقفل کر کے اس کے سامنے بھاری فرنیچر کا ڈھیر لگا دیتی اور سونے سے پہلے ویلیم کی دو تین گولیاں نگل لیتی تاکہ چند گھنٹوں کے لیے سکون کی نیند لے سکے۔

وہ مارچ کے شروع کے دن تھے۔ رات اپنا نصف سفر طے کر چکی تھی۔ بیلے گہری نیند میں تھی لیکن دفعتاً اس کی آنکھ کھل گئی۔ اسے نیند ہی میں یہ احساس ہوا تھا۔ جیسے دروازے پر دستک دی جا رہی ہو۔ اس نے متوحش نگاہوں سے چاروں طرف دیکھا۔ گہرا سناٹا طاری تھا۔ وہ اپنا وہم سمجھ کر دوبارہ سونے کی کوشش کرنے لگی لیکن دوسرے ہی لمحے اس کا دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔ وہ اس کا واہمہ نہیں تھا۔ اس مرتبہ دروازے پر دستک کی آواز صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس نے ایک بار پھر کمرے کا جائزہ لیا۔ سیموئیل موجود نہیں تھا اور دفعتاً اسے خیال آگیا کہ سیموئیل ابھی تک ڈیوٹی سے واپس نہیں آیا تھا۔ وہ عام طور پر آدھی رات کے لگ بھگ ہی لوٹا کرتا تھا۔ دروازے کی ایک چابی اس کے پاس بھی موجود رہتی تھی اور وہ بیلے کو جگائے بغیر دروازہ کھول لیا کرتا تھا لیکن لگتا تھا کہ آج وہ اپنی چابی لے جانا بھول گیا تھا جس کی وجہ سے اسے دروازہ کھلوانے کے لیے دستک دینے کی ضرورت پیش آئی تھی۔



بیلے نے بستر سے اٹھ کر دروازہ کھول دیا لیکن احتیاط کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس نے وہ زنجیر نہیں ہٹائی تھی جو دروازے کے پوری طرح وا ہونے میں مانع تھی۔ دروازے کے سامنے سیموئیل کے بجائے ایک اجنبی کو دیکھ کر اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ خوف یکدم ہی اس پر غالب آ گیا تھا اور وہ بڑی مشکل سے اپنی چیخ روک سکی تھی۔ اسے اس طرح بدحواس دیکھ کر اجنبی کے ہونٹوں پر دوستانہ مسکراہٹ آگئی اور اس نے جلدی سے اپنا شناختی کارڈ نکال کر اس کے سامنے کر دیا۔

"گھبراؤ نہیں۔" وہ شخص دوستانہ لہجے میں بولا۔ "میں تم لوگوں کی مدد کے لیے آیا ہوں۔ پانچ منٹ کے اندر اندر تیار ہو جاؤ۔ تاکہ تمھیں اور تمھارے شوہر کو کسی محفوظ جگہ پر پہنچا دیا جائے۔"

بیلے پھٹی پھٹی سی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھنے لگی۔ خوف کی شدّت سے اس کے منہ سے کوئی بات تک نہیں نکل رہی تھی۔ اجنبی نے اس کے چہرے پر نظریں جما دیں۔ وہ اس کی الجھن دور کرنے کے لیے بدستور دوستانہ لہجے میں بولا۔

"ہم نے تمھاری باتوں پر یقین کر لیا ہے اور وقت آ گیا ہے کہ اس دہشت گردی کو روکنے کے لیے کوئی ٹھوس قدم اٹھایا جائے۔"

اس شخص کے اطمینان دلانے کے باوجود بیلے نے اس وقت تک دروازہ پوری طرح نہیں کھولا جب تک کہ سیموئیل بھی نہیں پہنچ گیا اور پھر اس کے تھوڑی ہی دیر بعد وہ کانت ہاؤس کے سامنے کھڑی ہوئی سیاہ رنگ کی ایک مرسیڈیز میں بیٹھ گئے جس نے انھیں بنکاک کے نواحی علاقے میں واقع ایک چھوٹے سے مکان میں پہنچا دیا۔ جہاں ایک خوبرو نوجوان نے دوستانہ مسکراہٹ کے ساتھ ان کا استقبال کیا۔

"میرا نام ہرمن ہے۔" اس نوجوان نے اپنا شناختی کارڈ دکھاتے ہوئے تعارف کرایا۔ اس کے ایک مخبر نے ہی اسے بیلے اور سیموئیل کے بارے میں بتایا تھا کہ ہینک اور کارنیلیا کے بارے میں ان سے کچھ کارآمد باتیں معلوم ہو سکتی ہیں۔

ہرمن انھیں دوسرے کمرے میں لے گیا۔ جہاں تقریباً چھ آدمی پہلے ہی سے موجود تھے اور وہ سب کسی نہ کسی مغربی ملک کے سفارت خانے سے وابستہ تھے۔ مغربی ممالک کے ان جونیئر سفارت کاروں کا یہ گروہ ہرمن ہی کی کوششوں سے معرضِ وجود میں آیا تھا۔ جسے اس نے ایکشن کمیٹی کا نام دیا تھا۔

ہرمن اور اس کے ساتھی تقریباً دو دن تک ان سے پوچھ گچھ کرتے رہے۔ بیلے کو اپنی کہانی اس دوران کم از کم سو مرتبہ دہرانی پڑی تھی۔ اس نے ایلین گوتھر کی پراسرار سرگرمیوں کے علاوہ ان لوگوں کے بارے میں بھی بتایا جو اس کے فلیٹ میں آتے ہی پراسرار طور پر بیمار ہو جاتے تھے اور پھر اچانک ہی غائب ہوتے رہے تھے۔ بیلے نے اس ڈچ جوڑے کا تذکرہ بھی بڑی تفصیل سے کیا جو صرف ایک رات کے لیے ایلین کا مہمان بنا تھا اور جن کے بارے میں وہ دیر تک سوچتی رہی تھی اور اس کے ذہن میں بار بار یہ خیال کچوکے لگاتا رہا تھا کہ جب وہ ایلین کے فلیٹ میں گئی تھی تو وہاں اس جوڑے کو دیکھ کر بعد میں احساس ہوا تھا کہ مرد کے ہاتھ کرسی کی پشت پر بندھے ہوئے تھے اور پھر صبح ہونے سے پہلے پہلے وہ دونوں اس فلیٹ سے غائب ہو چکے تھے۔ اسے بتایا گیا تھا کہ وہ دونوں جا چکے ہیں لیکن بعد میں بیلے نے ان کے پاسپورٹ ایلین گوتھر کی تجوری میں دیکھے تھے۔

بیلے نے جب یہ بتایا کہ ایلین گوتھر کرسمس منانے کے لیے اچانک ہی کھٹمنڈو چلا گیا تھا تو ہرمن مضطربانہ انداز میں انگلیاں چٹخانے لگا۔ ایشیا کے تقریباً تمام بڑے بڑے انگریزی اخبارات کا مطالعہ بھی اس کے سفارتی فرائض میں شامل تھا۔ اسے اچانک ہی یاد آگیا کہ اس نے کسی اخبار میں نیپال میں قتل کی دو وارداتوں کے بارے میں کچھ پڑھا تھا اور یہ دسمبر ہی کی بات تھی۔

اس تعاون پر ہرمن نے بیلے کا شکریہ ادا کیا لیکن اس کے ساتھ ہی کمیٹی کے ایک ممبر نے بیلے سے سوال کیا کہ اس معاملے میں اس نے اب تک زبان کیوں بند رکھی تھی اور کسی ذمے دار شخص سے رابطہ قائم کیوں نہیں کیا تھا؟

"میں نے بہت کوشش کی تھی۔" بیلے نے کہا۔ "جنوری میں، میں نے برطانوی سفارت خانے سے رابطہ قائم کر کے ایک آفیسر کو اس خوفناک صورت حال سے آگاہ کیا تھا لیکن اس نے من گھڑت کہانی سمجھ کر میری بات پر کان نہیں دھرا۔ فرانسیسی سفارت خانے والوں کا رویّہ بھی کچھ ایسا ہی تھا۔ برطانوی سفارت کار کو تو میں نے کارنیلیا کی ڈائری کا پھٹا ہوا ایک ورق بھی دکھایا تھا لیکن اس نے میری بات کو افسانہ سمجھ کر ٹال دیا۔"

بیلے کی بات سے ہرمن کو دکھ ہوا۔ کسی سفارت کار سے ایسی غیر ذمے داری کی توقع نہیں کی جا سکتی تھی لیکن بیلے اس کے سامنے موجود تھی اور وہ حقیقت کو جھٹلا بھی نہیں سکتا تھا۔ بیلے نے جو کچھ بھی بتایا تھا۔ وہ اگرچہ بہت کافی تھا لیکن تھائی پولیس کو قائل کرنے کے لیے کسی ٹھوس ثبوت کی ضرورت تھی۔

"ہمیں نہ صرف ان لوگوں کی تصویریں حاصل کرنا ہوں گی بلکہ فلیٹ میں ان کی لمحہ لمحہ سرگرمیوں پر بھی نگاہ رکھنا ہوگی۔" ہرمن

بیلے کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے بولا۔ "مجھے احساس ہے کہ میں تم پر کچھ زیادہ ہی بوجھ ڈال رہا ہوں لیکن یہ کام تمھارے سوا کوئی اور کر بھی نہیں سکتا۔"

بیلے نے سیموئیل کی طرف دیکھا۔ صورتِ حال کی نزاکت کا احساس تو سیموئیل کو بھی تھا لیکن بے خطر اس معاملے میں کود پڑنے سے ان کی زندگیوں کو بھی خطرہ لاحق ہوسکتا تھا۔

"مجھے کوئی اعتراض تو نہیں ہے لیکن میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ یہ ایکشن کمیٹی ہمیں کیا تحفظ دے سکتی ہے؟" اس نے پوچھا۔

"ہم، تم لوگوں سے زیادہ دور نہیں رہیں گے۔" ہرمن نے کہا۔ "اس کمرے میں موجود ایکشن کمیٹی کا کوئی بھی ممبر کسی قسم کی اطلاع ملنے پر پانچ منٹ کے اندر اندر تمھارے پاس پہنچ سکتا ہے یا کسی بھی سفارت خانے کے حفاظتی گارڈز کو بھیجا جاسکتا ہے۔"

"ہم ذرا تنہائی میں مشورہ کرنا چاہتے ہیں۔" سیموئیل نے کہا اور تھوڑی دیر کے لیے انھیں تنہا چھوڑ دیا گیا۔ وہ دونوں میاں بیوی کھسر پھسر کرتے رہے۔ دور کھڑا ہوا ہرمن ان کے چہروں سے کسی قسم کے تاثرات کا اندازہ لگانے سے قاصر تھا۔

بیلے، ایکشن کمیٹی کے لیے جاسوسی کے فرائض انجام دینے پر آمادہ ہوگئی۔ اس کے اگلے چند روز نہایت مصروف گزرے وہ پانچویں منزل پر واقع ایلین گوتھر کے فلیٹ میں آنے جانے والے ہر شخص کے بارے میں معلومات ایک کاپی میں نوٹ کرتی رہی جب بھی کوئی مہمان اس فلیٹ میں جاتا۔ بیلے بھی کسی نہ کسی بہانے میری آندرے کے پاس پہنچ جاتی۔ اس دوران وہ بڑی باریک بینی سے ہر چیز کا جائزہ لیتی رہتی۔ اس نے ایلین گوتھر کے دونوں فلیٹوں کا ایک مکمل نقشہ بھی تیار کرلیا تھا جس میں سرخ نشانات کے ذریعے ان جگہوں کی نشاندہی کی گئی تھی جہاں ایلین گوتھر کی تجوری رکھی ہوئی تھی یا لکڑی کا وہ بکس رکھا تھا جس میں اس کے اندازے کے مطابق ان لوگوں کے سفری کاغذات وغیرہ بھرے ہوئے تھے جو چند روز ایلین گوتھر کے پاس مہمان رہنے کے بعد پراسرار طور پر غائب ہوگئے تھے۔

بیلے نے بالکونی میں ایک ایسی جگہ لانگ لینس والا کیمرہ بھی نصب کرلیا تھا۔ جہاں سے نہ صرف سوئمنگ پول اور اپارٹمنٹ ہاؤس کے مین گیٹ میں داخل ہونے والوں بلکہ گیراج میں آنے جانے والوں کی تصاویر بھی کھینچی جاسکتی تھیں۔ بیلے نے تالاب کے کنارے سن باتھ لیتی ہوئی میری آندرے کی کئی تصویریں کھینچ لی تھیں۔ اس نے اجے چودھری کی ایک دو تصویریں بھی کیمرے میں محفوظ کرلی تھیں لیکن ابھی تک وہ ایلین گوتھر کی کوئی تصویر کھینچنے میں کامیاب نہیں ہوسکی تھی۔ وہ جب بھی ایلین کو فوکس میں لینے کی کوشش کرتی، حیرت انگیز طور پر وہ سامنے سے ہٹ جاتا۔ اب تک اس کی صرف ایک تصویر کھینچ سکی تھی لیکن وہ بھی اس قدر دھندلی اور نامکمل کہ اسے شناخت کرنا ممکن نہیں تھا۔

ایک روز ایلین گوتھر گیراج سے نکل رہا تھا کہ بالکونی میں چھپی ہوئی بیلے نے کیمرہ اس پر مرکوز کردیا۔ وہ اسے فوکس میں لے کر بٹن دبانا ہی چاہتی تھی کہ اس کا ہاتھ کپکپا گیا۔ ایلین اس کی طرف دیکھتے ہوئے ہاتھ ہلا رہا تھا۔ بیلے ایک جھٹکے سے سیدھی ہوگئی۔ ایلین کی نظریں اسی کے چہرے پر مرکوز تھیں۔ دوسرے ہی لمحے ایلین کو واپس آتے دیکھ کر اس کے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔

بیلے نے کیمرہ چھپا دیا لیکن ایلین گوتھر اس کے فلیٹ میں نہیں آیا۔ اس دوپہر جب بیلے، آندرے کے فلیٹ میں بیٹھی باتیں کررہی تھی کہ ایلین گوتھر بھی اچانک پہنچ گیا۔ بیلے کا دل خوف کے باعث ہولے ہولے کپکپا رہا تھا لیکن ایلین گوتھر نے یہ تک دریافت کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ صبح بالکونی میں کھڑی وہ کس کی تصویریں کھینچ رہی تھی۔

ہر رات بیلے اپنی کارگزاری کی رپورٹ ایکشن کمیٹی کو پیش کرتی۔ ایکشن کمیٹی کے اجلاس اب ہرمن کے گھر پر ہوا کرتے تھے۔ جہاں فلم کی ڈیولپنگ کا انتظام بھی موجود تھا۔ لیکن اس رات جب فلم ڈیولپ کی گئی تو بیلے یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ اس میں ایلین گوتھر کی تصویر نہیں تھی۔

ایلین گوتھر کے فلیٹ میں بیلے کی آمد و رفت بدستور جاری تھی۔ اس دوران اس نے محسوس کیا تھا کہ میری آندرے کچھ بدل رہی تھی۔ اب وہ اپنے اور ایلین کے بارے میں بہت کم زبان کھولتی تھی۔ ایلین سے بھی میری آندرے کا رویہ کچھ اکھڑا اکھڑا سا تھا۔ ایک دن دوپہر کو بیلے کی موجودگی میں وہ دونوں آپس میں لڑ پڑے ایلین نے میری آندرے پر اپنے بکس میں سے چند قیمتی پتھروں کی چوری کا الزام لگایا تھا۔ جس کی میری آندرے نے تردید کرنے کی کوشش نہیں کی بلکہ حلق پھاڑتے ہوئے چیخی۔

"ہاں، میں نے چرائے ہیں تمھارے ہیرے۔ مجھے تمھارے ساتھ رہتے ہوئے ایک سال ہوچکا ہے لیکن تم نے مجھے مسلسل فریب اور دکھوں کے سوا کیا دیا ہے۔ اگر میں کینیڈا میں ہوتی تو میری ایک تنخواہ مقرر ہوتی لیکن یہاں دن رات غلاموں کی طرح کام کرنے کے باوجود میرے پاس پھوٹی کوڑی تک نہیں ہے۔ میں غلاموں کی سی زندگی بسر کررہی ہوں لیکن اب ایسا نہیں ہوگا۔ ہاں میں نے ہیرے لیے ہیں اور آئندہ بھی جو کچھ ہاتھ لگا اسے اپنے قبضے میں کرلوں گی۔"

بیلے نے ایکشن کمیٹی کی اگلی میٹنگ میں جو رپورٹ پیش کی اس میں آندرے اور ایلین گوتھر کے اس جھگڑے کے علاوہ ان کے فلیٹ میں ایک نئے آدمی کی آمد کا تذکرہ بھی شامل تھا۔ وہ ایک فرانسیسی بزنس مین جین ڈوسم تھا اور بیلے کے اندازے کے مطابق اس کی عمر تیس کے لگ بھگ رہی ہوگی۔ چہرے پر افسردگی اور آنکھوں میں بھی اداسی کی جھلک نمایاں تھی۔

جین ڈوسم سے بیلے کی ملاقات اگرچہ چند منٹ تک ہی محدود رہی تھی مگر اس مختصر سی مدت میں ہی وہ اس کے بارے میں چند باتیں معلوم کرنے میں کامیاب ہوچکی تھی وہ پیرس میں مکانوں کی خرید و فروخت کا منافع بخش کاروبار کررہا تھا۔ اس کی ایک عدد خوبصورت بیوی اور دو بچے بھی تھے۔ اگرچہ اس کی باتوں سے ظاہر ہوتا تھا کہ اس کے پاس روپے پیسے کی کمی نہیں۔ وہ چاہتا تو بنکاک کے کسی بھی بڑے ہوٹل میں قیام کرسکتا تھا لیکن بقول اس کے اس نے ایلین کے اخلاق سے متاثر ہوکر اس کے فلیٹ میں رہنے کو ترجیح دی تھی۔ وہ دونوں اکثر اکیلے ہی کاروباری سلسلے میں کہیں نکل جاتے۔

بیلے کے اندازے کے مطابق اجے چوہدری کو جین ڈوسم کی آمد اور مداخلت پسند نہیں آئی تھی۔ کیونکہ اس کے آجانے سے اس کی اپنی اہمیت کم ہوگئی تھی۔ چارلس بھی اب مختلف معاملات میں جین ڈوسم کو ترجیح دینے لگا تھا۔ ڈوسم دراصل آرٹس سے متعلق کچھ چیزیں خریدنے کے لیے بنکاک آیا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ اگر مشرقی فن کے شہ پاروں کا یہ بزنس منافع بخش ثابت ہوا تو مکانوں کی خرید و فروخت کے ساتھ ساتھ یہ کام بھی جاری رکھے گا۔ بنکاک میں ایک ہوٹل میں قیام کے دوران بار روم میں چارلس سوبھراج سے آمنا سامنا ہوگیا۔ اس پہلی ہی ملاقات میں چارلس نے بھرپور تاثر دیا تھا۔ اس نے جو منصوبے بنا رکھے تھے ان پر عمل کرتے ہوئے آدمی دنوں میں نہیں تو مہینوں میں لکھ پتی ضرور ہوسکتا تھا۔ وہ چارلس کے اسی سنہرے جال میں پھنس گیا اور پیرس واپس جانے کا ارادہ ترک کرکے بنکاک ہی میں مستقل سکونت اختیار کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے ہوٹل کا کمرہ چھوڑ کر کانت ہاؤس منتقل ہوگیا تھا۔ نئے کاروبار کے سلسلے میں بنکاک کے سب سے بڑے کاروباری مرکز میں واقع ایک بلڈنگ میں دفتر حاصل کرنے کے لیے اس نے چارلس کو ایک بڑی رقم بھی مستعار دے دی تھی۔ دوسروں کی موجودگی میں ان دونوں کی گفتگو کبھی بھی سرگوشیوں سے آگے نہیں بڑھی تھی۔ مارچ کے اوائل میں بیلے کے کان میں بھی یہ بھنک پڑ گئی کہ ایلین گوتھر عنقریب ایک بہت بڑے جیولرز اسٹور کے افتتاح کا پروگرام بنا رہا ہے۔

"مجھے حیرت ہے کہ جین ڈوسم جیسا شخص ایلین گوتھر کی باتوں میں کیسے آگیا ہے۔" ایک رات بیلے نے سیموئیل سے بات کرتے ہوئے کہا۔ "وہ ایک ذہین آدمی ہے۔ زندگی کے نشیب و فراز کو سمجھتا ہے لیکن اس سے یہ حماقت کیسے ہوگئی؟"

"راتوں رات دولت مند بننے کی ہوس انسان کو اندھا بنا دیتی ہے۔" سیموئیل نے جواب دیا۔ "کسی کے پاس خواہ کتنی ہی ذہانت کیوں نہ ہو، وہ دولت کے فریب میں آجاتا ہے۔"

ہرمن کی نیندیں حرام ہوچکی تھیں۔ سوچ سوچ کر اس کا ذہن الجھتا جا رہا تھا اور راتیں جاگ کر گزرتیں۔ صبح جب اپنے سفارتی فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں دفتر آتا تو شب بیداری کے باعث اس کی آنکھیں سرخ اور چہرہ ستا ہوا ہوتا۔

بیلے کی کھینچی ہوئی بعض تصویریں ہرمن کے لیے بڑی کارآمد ثابت ہورہی تھیں۔ اس نے بیلے کو مشورہ دیا کہ پینتیس ایم۔ ایم کا کیمرہ ہر وقت اپنے ہینڈ بیگ میں چھپائے رکھے اور ایلین گوتھر کے فلیٹ کے اندرونی حصوں کی کچھ تصویریں کھینچنے کی کوشش کرے۔

دوسرے دن ایلین گوتھر جیسے ہی اپنے نئے دوست جین ڈوسم کے ساتھ کانت ہاؤس سے باہر نکلا۔ چند منٹ بعد ہی بیلے پانچویں منزل کے فلیٹ میں میری آندرے کے ساتھ بیٹھی کافی کی چسکیاں لے رہی تھی۔ چند چسکیاں لینے کے بعد وہ ٹائلٹ کے بہانے دوسرے کمرے میں گھس گئی۔ اندر داخل ہوتے ہی اس نے دروازہ بند کرلیا اور ایک کونے میں ڈھیر کی صورت میں پڑی ہوئی مختلف

چیزوں کی تصویریں کھینچنے لگی۔ کیمرہ استعمال کرتے ہوئے اس کے ہاتھ واضح طور پر کپکپا رہے تھے۔

اس رات ہرمن کے مکان پر فلم ڈیولیپ ہوکر سامنے آئی تو بیلے اپنی کامیابی پر مسکرائے بغیر نہیں رہی تھی۔ تصویریں بہت صاف آئی تھیں۔ اس نے مختلف چیزوں کے ڈھیر والی تصویریں کارنیلیا کا ہینڈ بیگ شناخت کرلیا تھا۔

۱۰ مارچ کی صبح بیلے جیسے ہی پانچویں منزل کے فلیٹ میں داخل ہوئی چارلس سے ٹکراتے بچی۔ وہ بڑی عجلت میں دروازے سے باہر نکل رہا تھا۔ جاتے ہوئے وہ میری آندرے کو غالباً کسی ریزرویشن کے سلسلے میں کچھ بتا رہا تھا۔

"تم لوگ کہیں جارہے ہو کیا؟" بیلے نے کچھ دیر بعد میری آندرے سے پوچھنے کی کوشش کی۔

"کیا کہہ سکتی ہوں؟" میری آندرے کے لہجے میں تلخی تھی۔ "ہر آدھے گھنٹے میں وہ دس مرتبہ اپنے پروگرام بدلتا ہے۔ ابھی وہ ملائشیا میں چند روز کی چھٹیوں کا پروگرام بنا کر نکلا ہے لیکن اس کی بات پر یقین تو اسی وقت کرسکتی ہوں جب جہاز ہمیں لے کر ٹیک آف کر جائے گا۔"

بیلے وہاں چند منٹ سے زیادہ نہ رک سکی۔ ایک ضروری کام یاد آجانے کا بہانہ کرکے میری آندرے کے فلیٹ سے نکل کر اپنے فلیٹ میں آگئی اور اس کے چند منٹ بعد وہ پیدل ہی تیز تیز قدم اُٹھاتی ہوئی ہرمن کو ان کے اس پروگرام کی اطلاع دینے کے لیے ہالینڈ کے سفارتخانے کی طرف جارہی تھی۔

یہ اطلاع ہرمن کو چونکا دینے کے لیے کافی تھی۔ اس کے پاس چارلس کے خلاف اگرچہ خاصا مواد جمع ہوچکا تھا لیکن کوئی ٹھوس اور ناقابلِ تردید ثبوت اب بھی نہیں تھا جس کی بنیاد پر کسی کے گلے میں پھندہ ڈالا جاسکتا۔ لیکن اس کے خیال میں ایلین گوتھر پر ہاتھ ڈالنے کا یہ بہترین موقع تھا۔ اسے نکل جانے کا موقع فراہم کرکے ممکن ہے اسے اپنی اس حماقت پر کفِ افسوس ملنا پڑتا۔ یہ سوچتے ہی اس نے تھائی پولیس کے کرائم بیورو سے فون پر رابطہ قائم کیا اور چند سیکنڈ بعد ہی وہ پُروقار اور ٹھوس لہجے میں جنرل سُوؤِت سے باتیں کرتے ہوئے اسے بتا رہا تھا کہ قاتلوں کا ایک گروہ تھائی لینڈ میں خوفناک سرگرمیوں میں مصروف ہے جن کے ہاتھوں نہ صرف غیر ملکی سیاح اپنی جانیں کھو رہے ہیں بلکہ تھائی لینڈ کی سیاحت کی صنعت بھی بُری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ جنرل سُوؤِت اس کی باتوں سے صرف اس حد تک متاثر ہوا کہ اس نے اپنے دو جونیئر آفیسروں کو اس کے پاس بھیج دیا جنھوں نے بڑی توجہ سے اس کی باتیں سنیں۔ ہرمن نے اپنی تحقیقاتی رپورٹ کے علاوہ بیلے کی کھینچی ہوئی تصویریں اور کارنیلیا اور ہینک بنٹانجا کی لاشوں سے متعلق رپورٹیں بھی دکھائیں اور بالآخر وہ ان دونوں جونیئر آفیسروں کو قائل کرنے میں کامیاب ہوگیا۔

"میرا مشورہ ہے کہ ان لوگوں کو فرار کا موقع دینے سے پہلے ہی گرفتار کرلیا جائے۔" ہرمن نے آخر میں کہا۔

اور پھر وہ رات ان کے لیے بڑی ہنگامہ خیز ثابت ہوئی۔ ہرمن اپنی ایکشن کمیٹی کے ممبروں کے تعاون سے تھائی پولیس آفیسروں کے ساتھ مختلف منصوبے بناتا رہا۔ انھیں یہ پتا ہی نہیں چل سکا تھا کہ رات کی تاریکی کب چھٹی اور صبح کی روشنی کب طلوع ہوئی تھی۔

دوسرے دن سہ پہر ٹھیک چار بجے سات پولیس والے کانٹ ہاؤس کی پانچویں منزل پر جانے کے لیے لفٹ میں سوار ہو رہے تھے۔

پولیس والوں کو دروازہ توڑنے کی ضرورت پیش نہیں آئی کیونکہ جب وہ پانچویں منزل پر پہنچے تو چارلس سوبھراج کے فلیٹ کا دروازہ چوپٹ کھلا ہوا تھا۔ وہ ساتوں پولیس والے ریوالور تانے دروازے میں گھس گئے۔ اس وقت میری آندرے ایک کرسی پر بیٹھی فلسفے کی ایک کتاب پڑھ رہی تھی اور چارلس اپنی میز پر بیٹھا لیمپ کی روشنی میں چند قیمتی پتھروں کا معائنہ کر رہا تھا تاکہ ان کی قسم اور کوالٹی کا تعین کرسکے۔ پولیس کو دیکھ کر چارلس کے ذہن میں ایک دم ڈاکوؤں کا خیال ابھرا اور وہ کراٹے کا ایک خطرناک انداز اختیار کرتے ہوئے مقابلے کے لیے تیار ہوگیا لیکن جب ان میں سے ایک نے چیخ کر 'پولیس' کہا تو چارلس کے ہاتھ نیچے گر گئے اور وہ میری آندرے کی طرف مُڑ کر سرگوشیانہ انداز میں بڑبڑایا۔

"مجھے رابرٹ کے نام سے مخاطب کرنا۔"

چارلس نے اسی لمحے اپنی شخصیت تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ وہ اپنے آپ کو رابرٹ گرینز کی حیثیت سے پیش کرنا چاہتا تھا۔ رابرٹ گرینز وہی امریکی سیّاح تھا جسے وہ ہانگ کانگ کے شیرٹن ہوٹل میں بے ہوش کرکے پاسپورٹ سمیت اس کا سب کچھ لے اُڑا تھا۔

ریڈ کرنے والی پولیس پارٹی تقریباً تین گھنٹے تک فلیٹ کی تلاشی لیتی رہی۔ انھوں نے فلیٹ کو اس طرح تہہ و بالا کردیا جیسے چنگیز یا ہلاکو کا کوئی فوجی دستہ یہاں آن گھسا ہو۔ بیسیوں کاغذ کمرے میں بکھرے پڑے تھے۔ انھوں نے نہ صرف بستروں کے گدّے تک اُدھیڑ ڈالے بلکہ باورچی خانے میں لگے ہوئے شیلف بھی اکھاڑ دیے۔ میری آندرے کرسی پر بیٹھی سسکیاں بھر رہی تھی اور چارلس پولیس کی اس کارروائی کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے بار بار احتجاج کے ساتھ ان سے سرچ وارنٹ کا مطالبہ کر رہا تھا۔ وہ اپنے آپ کو



ایک معزز امریکی شہری ظاہر کرکے پولیس کے خلاف چارہ جوئی کی دھمکی دینے سے بھی باز نہیں آیا لیکن پولیس والے اس کی باتوں پر کان دھرنے کے بجائے اپنی کارروائی میں مصروف رہے۔

شام سات بجے کے قریب چارلس کے پورٹیبل سیف سمیت انھیں پولیس اسٹیشن لے آیا گیا۔ فلیٹ میں تلاشی کے دوران پولیس والے کوشش کے باوجود اس سیف کو کھولنے میں کامیاب نہیں ہوسکے تھے۔ رات دس بجے ایک جونیئر پولیس آفیسر نے ہرمن سے فون پر رابطہ قائم کیا۔

"وہ لوگ گرفتار ہوئے یا نہیں؟" ہرمن نے مضطرب لہجے میں پوچھا۔

"وہ لوگ اس وقت یہاں موجود ہیں۔" دوسری طرف سے جواب ملا۔ "ایک عورت اور دو آدمی لیکن یہاں کی صورتِ حال خاصی پیچیدگی اختیار کرچکی ہے۔ آپ نے جس آدمی کو ایلین گوتھر بتایا تھا وہ تو رابرٹ پال گرینز نامی ایک امریکی نکلا۔"

"امریکی!" ہرمن کا دماغ بھک سے اُڑ گیا۔

"جی ہاں امریکی۔" پولیس آفیسر نے جواب دیا جو فون پر اس گفتگو کے ساتھ اپنے سامنے رکھے ہوئے پاسپورٹ کو بھی دیکھ رہا تھا جس پر جعلی ہونے کا شبہ تک نہیں کیا جاسکتا تھا۔ "اس پاسپورٹ کے مطابق دسمبر میں جن دنوں بنکاک میں ہینک بنٹانجا اور کارنیلیا کو قتل کیا گیا تھا رابرٹ گرینز ان دنوں سری لنکا میں موجود تھا۔"

"تم لوگوں نے فلیٹ کی تلاشی بھی لی ہوگی۔ کچھ ملا؟" ہرمن نے پوچھا۔

"نہیں۔ ایسی کوئی چیز نہیں دستیاب ہوسکی جسے ان کے خلاف ثبوت کے طور پر استعمال کیا جاسکے۔"

"تم یہ کیسے کہہ سکتے ہو کہ پاسپورٹ اصلی ہی ہے؟" ہرمن کے لہجے میں اب کچھ تلخی سی آگئی تھی۔

"ہم اس سلسلے میں مختلف ذرائع سے اپنا اطمینان کرچکے ہیں۔" دوسری طرف سے جواب ملا۔

ہرمن پر ایک بار پھر مایوسی طاری ہونے لگی۔ وہ کئی دنوں سے اس کیس پر کام کر رہا تھا۔ اس نے جو مضبوط قلعہ تعمیر کیا تھا۔ وہ ریت کا گھروندہ ثابت ہوا جو پانی کی پہلی لہر کے ساتھ ہی زمین بوس ہو رہا تھا۔

"یہ شخص چوری کے پاسپورٹس کے کاروبار اور ان کے استعمال کا ماہر ہے،" وہ فون پر تقریباً چیختے ہوئے بولا۔ "وہ اپنی شناخت اس طرح بدل لیتا ہے جیسے ہم دن میں دو مرتبہ کپڑے بدلتے ہیں۔ میرا مشورہ ہے بلکہ میں درخواست کروں گا کہ اس سلسلے میں مزید تحقیق کی جائے۔ امریکی سفارت خانے سے کسی کو بلا لو جو پاسپورٹ کی تصدیق کرسکے۔"

"ہم پاسپورٹ چیک کرچکے ہیں جناب!" پولیس آفیسر نے نرم لہجے میں جواب دیا۔ "اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس وقت تو انھیں گھر جانے کی اجازت دے دی جائے اور پھر کل صبح اس معاملے کو آگے بڑھایا جائے۔"

ہرمن کے ہاتھ سے فون کا ریسیور گرتے گرتے بچا۔ "گھر جانے کی اجازت دے دی جائے؟" وہ چیخا۔ "میری یہ بات نوٹ کرلو کہ اگر ایک مرتبہ انھیں چھوڑ دیا گیا تو آئندہ ان کی صورت تک نہیں دیکھ سکو گے۔"

پولیس آفیسر صورتِ حال کی وضاحت کرتے ہوئے بتانے لگا کہ ان کے گھر سے لایا جانے والا پورٹیبل سیف ابھی تک نہیں کُھل سکا تھا۔ اس لیے یہ طے کیا گیا ہے کہ یہ لوگ کل صبح ساڑھے دس بجے تھانے پہنچ جائیں گے اور ان کی موجودگی میں کسی ماہر سے سیف کھلوایا جائے گا۔

"کیا تم لوگ یہ سمجھتے ہو کہ وہ لوگ کل صبح تھانے پہنچ جائیں گے؟" ہرمن کے لہجے میں طنز تھا۔ "کیا یہ ممکن نہیں کہ اس سیف میں دو چار سیر ہیروئن بھری ہوئی ہو یا اس میں ایسے دس بیس پاسپورٹ موجود ہوں جن کے مالکوں کو یہ لوگ ٹھکانے لگا چکے ہیں۔"

"یہ تینوں صبح تھانے پہنچ جائیں گے۔" پولیس آفیسر نے پُراعتماد لہجے میں جواب دیا۔ "انھوں نے وعدہ کیا ہے اور پھر ان کے پاسپورٹ ہمارے پاس رہیں گے۔ ظاہر ہے پاسپورٹ کے بغیر وہ کہیں نہیں جاسکیں گے۔"

ہرمن نے .... ایک اور کوشش کی۔ اس نے درخواست کی کہ کم از کم رابرٹ گرینز اور اس کی ساتھی کو اس وقت تک پولیس کی تحویل میں رکھا جائے جب تک کہ امریکی سفارتخانے کا کوئی آدمی ان کے پاسپورٹس کے اصلی ہونے کی تصدیق نہیں کردیتا لیکن پولیس آفیسر نے معذوری کا اظہار کردیا۔

"ان کی رہائی کا حکم جنرل سُوؤِت نے دیا ہے۔ ہم اپنے طور پر کچھ نہیں کرسکتے۔"

پولیس آفیسر کے اس جواب کے ساتھ ہی سلسلہ منقطع ہوگیا۔

ہرمن نے بیلے کو بھی فون پر صورتِ حال سے آگاہ کردیا جس کے جواب میں بیلے نے انکشاف کیا کہ ایلین گوتھر اور اس کے ساتھی کانٹ ہاؤس واپس پہنچ چکے ہیں اور اس وقت بھی ان کے فلیٹ کی ساری بتیاں جل رہی ہیں۔ روشنی اس کے فلیٹ کی بالکونی سے بھی نظر آرہی ہے۔

"وہ لوگ غالباً ایسی چیزیں ضائع کر رہے ہیں جنھیں ان کے خلاف ثبوت کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہو۔" ہرمن کا لہجہ مایوس کن تھا۔

لیکن بیلے کو کسی ثبوت کی موجودگی یا اس کی تلفی سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ اس پر شدید خوف طاری تھا اور وہ اپنے چاروں طرف خطرات کو رینگتے ہوئے محسوس کر رہی تھی۔ اس نے گھر کا آدھے سے زیادہ فرنیچر ڈھیر کی صورت میں مقفل دروازے کے سامنے جمع کر رکھا تھا۔ اس نے کم از کم آج کی رات جاگتے رہنے کا فیصلہ کیا تھا اسی لیے وہ بار بار تیز و تلخ کافی پی رہی تھی تاکہ نیند آنکھوں کے قریب نہ پھٹک سکے۔ اس نے یہ بھی طے کر رکھا تھا کہ آج کی رات کسی گڑبڑ کے آثار نظر آئے تو کل پہلی دستیاب فلائٹ سے بنکاک کو خیرباد کہہ دے گی۔

دوسرے دن مقررہ وقت پر چارلس سوبھراج پُر وقار انداز میں چلتا ہوا پولیس اسٹیشن میں داخل ہوا میری آندرے اور... اجے چوہدری بھی اس کے ہمراہ تھے۔ ان کی موجودگی میں پولیس کے ایک ماہر نے تالا توڑ کر تجوری کھولی لیکن وہ کسی مفلس کی جیب کی طرح خالی تھی۔ اس میں ہیروئن یا پاسپورٹ تو کیا ایک تنکا تک نہیں تھا۔ اسی لمحہ چارلس، پولیس آفیسر کی طرف دیکھتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوا۔

"کیا اب ہم جا سکتے ہیں؟" وہ کلائی پر بندھی ہوئی سونے کی گھڑی کے شیشے پر ہولے ہولے انگلی مارتے ہوئے بولا۔ "اب سے ڈیڑھ گھنٹے بعد مجھے ایک کاروباری میٹنگ پر جانا ہے اور میرا خیال ہے اب ہمیں یہاں روکے رکھنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔"

ٹھیک اسی وقت ایک شخص پولیس اسٹیشن کی عمارت میں داخل ہوا۔ وہ امریکی سفارت خانے کی ڈرگ انفورسمنٹ ایجنسی کا ایجنٹ سام آنسن تھا۔ اس شعبے میں سفارت خانے کے پاس تیس ایجنٹ تھے جو امریکہ اور یورپ کو ہیروئن کی اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں چوبیس گھنٹے بنکاک کے گلی کوچوں میں گھومتے رہتے تھے۔

سام آنسن گہری نظروں سے رابرٹ پال گرینر کے پاسپورٹ کا جائزہ لے رہا تھا جس پر چارلس سوبھراج نے بڑی مہارت سے اپنی تصویر چسپاں کر رکھی تھی۔

سام آنسن، چارلس سے مختلف سوالات کرتا رہا اور چارلس بڑے پُرسکون انداز میں ہر سوال کا جواب دے رہا تھا۔ اس نے اپنے آپ کو ایک ماہرِ لسانیات ظاہر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ ابھی بچہ ہی تھا کہ اس کے والدین ایشیا سے امریکہ منتقل ہو گئے اور ان دنوں وہ امریکہ کی ریاست لووا میں مقیم تھا۔ اس نے اس بات پر ناراضگی کا اظہار کیا تھا کہ تھائی پولیس اسے بلاوجہ پریشان کر رہی ہے اور اب اپنے سفارت خانے کے ایک ذمے دار آفیسر کے آجانے سے اسے کچھ اطمینان ہوا تھا اور اس یقین کا اظہار کیا تھا کہ اب اسے تھائی پولیس کے ہاتھوں مزید پریشانی نہیں اٹھانی پڑے گی۔

لیکن سام آنسن کی بازپرس کا سلسلہ ابھی ختم نہیں ہوا تھا۔

"لووا کے کسی شہر میں رہتے ہو؟" اس نے ایک اور سوال کیا۔

"اوک پارک۔" چارلس نے بلاجھجک جواب دیا۔ یہ تیر اس نے اگرچہ اندھیرے میں پھینکا تھا مگر عین نشانے پر لگا تھا۔ اس نے رابرٹ پال گرینر کے پاسپورٹ پر اس کے گھر کا پتا زبانی یاد کر رکھا تھا لیکن اس وقت کسی حد تک گڑبڑا جانے کے باعث وہ شہر کا نام بھول گیا تھا اور اوک پارک کا نام اس نے محض اندازے کی بنا پر ہی لے دیا تھا۔

"میرے خیال میں کوئی گڑبڑ ضرور ہے۔" سام آنسن اس کیس کے انچارج پولیس آفیسر کو مخاطب کرتے ہوئے بولا۔ "پاسپورٹ کی اصلیت مشکوک لگتی ہے۔ اس لیے ان لوگوں کو اس وقت تک روکنا ہے جب تک کہ پاسپورٹ سیل کا کوئی آدمی یہاں آکر پاسپورٹ کا معائنہ نہیں کر لیتا۔"

سام آنسن کے جانے کے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے بعد جب امریکی سفارت خانے کے پاسپورٹ سیل کا ایک ماہر پولیس اسٹیشن پہنچا تو چارلس اور اس کے ساتھی غائب تھے۔ کچھ دیر پہلے انھیں دفتر کے باہر برآمدے میں پڑے ہوئے بینچ پر بیٹھ کر انتظار کرنے کو کہا گیا تھا۔ راہداری میں پولیس والوں اور دفتر کے اسٹاف کے علاوہ ان لوگوں کی آمد و رفت بھی جاری تھی جو اپنی شکایات لے کر یہاں آرہے تھے۔ چارلس اور اس کے ساتھیوں کو اس راہداری میں بیٹھ کر انتظار کرنے کو کہنا ایسا ہی تھا جیسے کسی پرندے سے یہ کہہ کر قفس کا دروازہ کھول دیا جائے کہ وہ اڑنے کی کوشش نہ کرے۔ چارلس اور اس کے ساتھیوں کو غائب پا کر ایک پولیس آفیسر نے بڑے اطمینان سے تبصرہ کیا کہ وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر ٹہلتے ہوئے باہر نکل گئے ہوں گے اور جب ان کی تلاش شروع ہوئی تو وہ لوگ پولیس کی پہنچ سے بہت دور نکل چکے تھے۔

اس کے کئی روز بعد ایک روز فون کی گھنٹی بجنے پر بیلے نے جیسے ہی ریسیور اٹھایا دوسری طرف سے چارلس کی آواز سن کر اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ چارلس کی آواز پُرسکون اور لہجے میں دوستی کا عنصر نمایاں تھا۔ اس نے بتایا کہ وہ اپنے ساتھیوں سمیت ان دنوں ملائشیا میں ہے اور جب تک بنکاک کی صورت حال معمول پر نہیں آجاتی وہ گوشۂ گمنامی میں رہیں گے۔ بیلے کے دماغ میں



آندھیاں سی چل رہی تھیں۔ وہ سکتے کی سی کیفیت میں کھڑی چارلس کی باتیں سن رہی تھی۔

"تھائی لینڈ کے پولیس والے پاگل ہیں۔ انھوں نے مجھ پر غیر ملکی سیاحوں کو لوٹنے اور انھیں قتل کرنے کا الزام لگایا ہے۔ لیکن انھیں یہ نہیں معلوم کہ میں نے کتنے بیمار لوگوں کا علاج کر کے انھیں اذیت سے نجات دلائی تھی۔ مجھے یقین ہے کہ کسی نے میرے بارے میں غلط رپورٹ لکھوائی ہو گی۔ بہرحال، ہم سب خیریت سے ہیں اور بہت جلد واپس آجائیں گے۔ میں نے 'گرینڈ شیف' کو کچھ رقم دی تھی تاکہ وہ ہمیں بھول جائے۔ مجھے یقین ہے کہ جب ہم واپس آجائیں گے تو ہمارا نام تھائی پولیس کے ذہن سے اتر چکا ہو گا۔"

بیلے کا دماغ جھنجھنا اٹھا۔ گرینڈ شیف کا لفظ پولیس کے ایک اعلیٰ رتبہ آفیسر کے لیے مخصوص تھا۔ چارلس نے گفتگو کے دوران یہ بھی بتایا کہ اسے پولیس سے نجات حاصل کرنے کے لیے پندرہ ہزار ڈالر کی قربانی دینا پڑی تھی اور بیلے کے خیال میں یہ غلط نہیں ہو سکتا تھا۔ چارلس جیسے شخص کی گرفتاری کے لیے کئی مغربی سفارت خانوں کے سینئر آفیسر متحد ہو کر دن رات کام کرتے رہے تھے اور انھوں نے کیس کو پکے ہوئے پھل کی طرح پلیٹ میں سجا کر پولیس کے سامنے پیش کیا تھا اور تھائی پولیس نے بڑے اطمینان سے اسے نکل جانے کا موقع فراہم کر دیا تھا۔ اور اب پولیس والے لکیر کو پیٹنے کی کوشش کر رہے تھے جب کہ سانپ نکل چکا تھا۔

بیلے کی راتیں جاگ کر گزر رہی تھیں۔ اسے ہر وقت یہی دھڑکا لگا رہتا کہ کسی بھی لمحہ اس کے فلیٹ کا دروازہ کھلے گا اور چارلس اندر گھس آئے گا۔ چند ہی روز بعد اسے دنیا کے مختلف مقامات سے چارلس کے بھیجے ہوئے ویو کارڈ ملنے لگے۔ کبھی سوئٹزر لینڈ، کبھی جرمنی اور کبھی اٹلی۔ ہر کارڈ میں چارلس اسے اپنی اور اپنے ساتھیوں کی خیریت کی اطلاع دیتا اور یہ نوید بھی سناتا کہ وہ یورپ میں کامیابی سے اپنا 'کاروبار' جاری رکھے ہوئے ہے اور بہت جلد وہ بنکاک واپس آنے والا ہے۔

بیلے کو ملنے والے چارلس کے یہ ویو کارڈ ہرمن کے لیے اطمینان کا باعث تھے۔ ان خطوط کے ذریعے وہ کم از کم اس کی سرگرمیوں سے کسی حد تک آگاہ ہو رہا تھا۔ چارلس کے کاغذات میں اسے پیرس کے نواح میں رہنے والے جین ڈوسم کے گھر اور چارلس کی ماں سونگ کے پتے مل گئے تھے جو اپنے معذور شوہر کے ساتھ اب بھی مارسلز ہی میں مقیم تھی۔

"مجھے یقین ہے کہ اب وہ لوگ فرانس کا رخ کریں گے۔" ہرمن نے پُر وثوق لہجے میں کہا۔

بیلے نے اس کی رائے سے اختلاف نہیں کیا کیونکہ ایک مرتبہ چارلس نے اسے بتایا تھا کہ بعض ضروری کاغذات کی عدم موجودگی کے باوجود فرانس میں داخل ہونا زیادہ مشکل نہیں تھا۔ چارلس نے اس کا طریقہ بھی بتایا تھا۔ شام آٹھ بجے کے لگ بھگ سوئٹزر لینڈ اور فرانس کی سرحد پر ٹریفک کا اژدہام رہتا تھا۔ اس وقت سرحدی چوکی کے محافظ آنے جانے والوں کے ضروری کاغذات چیک کرانا بھی ضروری نہیں سمجھتے تھے۔ کرائے کی کار کے ذریعے ایسے موقع پر نہایت آسانی سے فرانس کی سرحد میں داخل ہوا جا سکتا تھا۔

ہرمن کا خیال تھا کہ چارلس کے بارے میں تھائی پولیس کو مزید کچھ بتانا بے کار ہو گا۔ ظاہر ہے بنکاک پولیس پیرس کی پولیس سے رابطہ قائم کرنے کی زحمت نہیں کرے گی۔ خوش قسمتی سے بیلے کا ایک پادری دوست انھی دنوں فرانس واپسی کی تیاری کر رہا تھا۔ وہ ہرمن سے تعاون پر بھی آمادہ تھا۔ ہرمن نے اس کیس کی ایک تفصیلی رپورٹ اور ڈوسم اور چارلس کی ماں سونگ کے پتے اس کے حوالے کرتے ہوئے ہدایت کی کہ فرانس پہنچتے ہی یہ کاغذات پولیس کے حوالے کر دیے جائیں۔ یہ پتے بیلے ہی نے فلیٹ کی تلاشی کے دوران حاصل کیے تھے۔

پادری نے پیرس پہنچتے ہی ہرمن کی ہدایت کے مطابق یہ رپورٹ فرانسیسی پولیس کے حوالے کر دی لیکن یہ اس کی بدقسمتی تھی کہ فرانسیسی پولیس نے نہ تو اس کیس میں دلچسپی کا اظہار کیا اور نہ ہی سونگ یا ڈوسم کے گھر والوں سے کسی قسم کا رابطہ قائم کرنا ضروری سمجھا۔

ہرمن کا یہ خیال سو فیصد درست ثابت ہوا کہ چارلس اب فرانس کا رخ کرے گا کیونکہ جن دنوں ہرمن کی رپورٹ فرانسیسی پولیس کے پاس پہنچی تھی ان دنوں چارلس، میری آندرے اور ڈوسم کے ہمراہ فرانس میں داخل ہو چکا تھا۔

بیلے اور سیموئیل بھی پیرس پہنچ گئے۔

بنکاک میں خوف و دہشت کی جو فضا قائم ہو چکی تھی۔ اس میں بیلے کو اپنا سانس گھٹتا ہوا سا محسوس ہونے لگا تھا۔ دماغ میں ہر وقت سنسناہٹ سی رہتی۔ اسے یوں محسوس ہوتا جیسے اس کے چاروں طرف بدروحیں منڈلا رہی ہوں۔ تنہائی میں تو یہ احساس کچھ اور بھی شدت اختیار کر جاتا۔ چارلس کے خوف نے اس کا ذہن ماؤف کر رکھا تھا۔ ہرمن اور اس کے دوستوں نے اگرچہ اسے تحفظ کا یقین دلانے کی کوشش کی تھی مگر بیلے خوف کی اس فضا میں اب مزید ایک لمحہ رہنے کو بھی تیار نہیں تھی۔ مجبوراً سیموئیل کو بھی اس کے ساتھ واپس آنا پڑا۔

چارلس کے فلیٹ سے دستیاب ہونے والی پامسٹری کی وہ

کتاب بیلے ساتھ لے آئی تھی جو چارلس نے ہندوستان سے خریدی تھی اور اکثر اس کا مطالعہ کیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ میری آندرے نے بتایا تھا کہ چارلس اسے بھی یہ کتاب پڑھنے پر مجبور کیا کرتا تھا۔ پیرس پہنچنے کے دوسرے ہی دن بیلے نے ایک ماہرِ روحانیات سے رابطہ قائم کیا اور کتاب اس کے حوالے کرتے ہوئے بولی۔

"میں اس کتاب کے مالک کے بارے میں تمھاری ماہرانہ رائے جاننا چاہتی ہوں۔"

ماہرِ روحانیات نے کتاب ہاتھ میں لے کر آنکھیں بند کر لیں لیکن چند ہی لمحوں بعد کتاب اس طرح ہاتھ سے پھینک دی جیسے وہ زہریلا بچھو ہو۔ اس کے چہرے پر خوف و ہراس کے عجیب سے تاثرات ابھر آئے تھے۔

"یہ کتاب فوراً ضائع کر دو۔ جلا دو یا اسے کالے کپڑے میں لپیٹ کر رکھو۔" بوڑھی ماہرِ روحانیات کپکپاتے ہوئے لہجے میں بولی۔

"لیکن ... تمھارا علم اس کتاب کے مالک کے بارے میں کیا کہتا ہے؟" بیلے نے اس کے چہرے پر نظریں جما دیں۔

"زنجیریں ....." ماہرِ روحانیات نے جواب دیا۔ "زنجیریں .... جیل اور .... جنگل .... سنسان جنگل ...."

"میں اس کتاب کے مالک کے مستقبل کے بارے میں جاننا چاہتی ہوں۔" بیلے نے اصرار کیا۔

ماہرِ روحانیات کے چہرے کے تاثرات یکدم بدل گئے۔ وہ بیلے کا ہاتھ پکڑ کر اسے کھینچتی ہوئی دروازے تک لے آئی اور باہر کا راستہ دکھاتے ہوئے بولی۔ "موت۔"

بیلے کے لیے ماہرِ روحانیات کا یہ رویہ بڑا عجیب تھا۔ دوسرے دن اس نے ہینڈ رائٹنگ کے ایک ماہر سے رابطہ قائم کیا اور چارلس اور میری آندرے کی تحریریں دکھاتے ہوئے ان کے بارے میں کچھ جاننے کی کوشش کی۔

"یہ شخص،" ہینڈ رائٹنگ کے ماہر نے چارلس کی تحریر کا معائنہ کرنے کے بعد کہا۔ "بچپن اور لڑکپن میں کرب و اذیت کا شکار رہا ہے اور اب وہ پوری دنیا سے اپنی محرومیوں کا انتقام لینا چاہتا ہے۔ اور یہ" اس نے میری آندرے کی تحریر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "یہ کسی عورت کی ہینڈ رائٹنگ ہے۔ یہ اگرچہ زیادہ انتہا پسند نہیں لیکن اب اسے بھی اخلاقی قدروں کا پاس نہیں رہا۔"

❦❦❦

بنکاک پولیس ہیڈ کوارٹرز کی عمارت سے نکلتے ہی چارلس اور اس کے ساتھیوں نے کرائے کی کار میں اس سڑک کا رخ کیا تھا جو بلند پہاڑوں میں سانپ کی طرح بل کھاتی ہوئی ملائشیا کی سرحد کی طرف چلی گئی تھی۔ سرحدی قصبے میں پہنچتے ہی انھوں نے کار چھوڑ دی۔ چارلس نے میری آندرے اور ڈوسم کو ہدایت کی کہ وہ پیدل چلتے ہوئے سرحد پار کریں۔

سرحد کے دوسری طرف وہ ایک بار پھر اکٹھے ہو گئے اور ٹیکسیوں اور بسوں میں طویل سفر کرتے ہوئے پینانگ پہنچ گئے۔ جہاں ایک ہفتے تک وہ فرضی ناموں سے ایک گھٹیا سے ہوٹل میں دبکے رہے۔ میری آندرے اور ڈوسم کا زیادہ وقت سوتے ہوئے گزرتا۔ شاید اس طرح وہ اپنے اعصاب کو مکمل طور پر سکون پہنچانا چاہتے تھے۔ دو تین روز کے آرام کے بعد میری آندرے واقعی کچھ سکون سا محسوس کرنے لگی مگر اس کا یہ سکون زیادہ عرصہ تک برقرار نہ رہ سکا کیونکہ یہاں ان کی آمد کے چوتھے ہی روز سوزی بھی پہنچ گئی تھی۔ وہ بہت خوش نظر آ رہی تھی لیکن میری آندرے کانٹوں پر لوٹنے لگی۔ چارلس نے اگرچہ آج تک اسے کچھ نہیں دیا تھا مگر وہ چارلس کے پاس کسی دوسری عورت کا وجود بھی برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ وہ اسی روز چارلس سے الجھ پڑی۔

"تم نے مجھے جلانے کے لیے اس حرافہ کو بھی بلا لیا ہے۔" وہ چیختے ہوئے بولی۔ "آج تمھیں ہم دونوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ سوزی یا میں۔"

چارلس نے اس مرتبہ بھی وہی حربہ استعمال کرنے کی کوشش کی کہ سوزی صرف کاروبار میں معاونت کے لیے یہاں آئی ہے اس سے زیادہ اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں مگر اس بار یہ حربہ کارگر ثابت نہ ہو سکا اور اسے سوزی کو بنکاک واپس بھیجنا پڑا۔ سوزی کو روانہ کرتے وقت اس نے اسے ایک ریڈیو، کیمرہ، ایک قیمتی ہیرہ اور کچھ رقم دیتے ہوئے وعدہ کیا تھا کہ ...... چند روز بعد وہ بھی بنکاک پہنچ جائے گا۔

سوزی کے جانے کے دوسرے ہی دن اجے چوہدری آ دھمکا۔ اس کی آمد میری آندرے کے لیے حیرت انگیز تھی۔ بنکاک پولیس اسٹیشن سے فرار ہونے سے ایک دن پہلے چارلس نے اسے قیمتی پتھر خریدنے کے لیے شانتا بیری بھیجا تھا اور اسے ان کے فرار کا قطعی علم نہیں تھا لیکن جس طرح وہ سیدھا یہاں چلا آیا تھا اس سے اندازہ ہوتا تھا کہ چارلس کے پاس بے شمار وسائل تھے جنھیں استعمال کا طریقہ بھی وہ جانتا تھا۔ اجے چوہدری صرف چند جواہرات لانے میں کامیاب ہو سکا تھا اور وہ بھی متوسط کوالٹی کے۔ مگر چارلس کو اپنا کاروبار جاری رکھنے اور ایشیا کی پولیس کو فریب دینے کے لیے متوسط کوالٹی کے یہ چند پتھر بھی کافی تھے۔ چارلس نے انھیں بتایا کہ چند روز بعد ہی وہ یورپ پہنچ جائیں گے جہاں یہ پتھر کم از کم چالیس ہزار ڈالر میں فروخت ہو سکیں گے۔ چارلس نے میری آندرے سے وعدہ کیا تھا کہ یورپ پہنچتے ہی وہ کسی بھی ملک کے کینیڈین سفارت خانے سے اسے نیا پاسپورٹ لے دے گا۔



"اگر تم واقعی کینیڈا جانا چاہتی ہو تو اس مرتبہ میں تمھیں روکنے کی کوشش نہیں کروں گا۔"

چارلس کا یہ وعدہ میری آندرے کے لیے خوش آئند ثابت ہوا وہ نئے تصورات میں کھو گئی۔

یورپ کی طرف پرواز کرتے ہوئے میری آندرے پر انکشاف ہوا کہ اجے چوہدری ان کے ساتھ نہیں تھا۔ جین ڈوسم کے بارے میں تو وہ جانتی تھی کہ وہ الگ فلائٹ سے جا چکا ہے اور جنیوا میں ان سے ملے گا۔ لیکن اجے چوہدری کے ساتھ نہ ہونے سے اسے حیرت ہو رہی تھی۔ وہ تقریباً ایک سال سے ان کے ساتھ تھا اور میری آندرے اس سے کسی حد تک مانوس بھی ہو چکی تھی۔ اس نے جب چارلس سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو اس نے ٹالتے ہوئے اپنا چہرہ ایک کتاب کی آڑ میں چھپا لیا جسے وہ بہت دیر سے پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"اجے کہاں ہے؟" میری آندرے نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا۔ ایک رات پہلے اس نے چارلس اور اجے چوہدری کو رقم اور جواہرات کے لین دین کے سلسلے میں ایک دوسرے سے جھگڑتے ہوئے سنا تھا مگر یہ کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی۔ ایسی باتیں روز کا معمول بن چکی تھیں۔

میری آندرے کے اصرار پر چارلس نے کتاب چہرے کے سامنے سے ہٹا کر خونخوار نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا جس کا صاف مطلب تھا کہ وہ اس قسم کے احمقانہ سوال کر کے اسے پریشان نہ کرے۔ میری آندرے کا چہرہ دھواں ہو گیا۔ اسے یہ سمجھنے میں دیر نہ لگی کہ اجے چوہدری بھی اب اس دنیا میں نہیں رہا۔ ممکن ہے اس کی جلی ہوئی لاش ملائشیا کے کسی جنگل میں پڑی سڑ رہی ہو۔

❦❦❦

یورپ کے بجائے اپنے آپ کو کراچی کے ہوائی اڈے پر دیکھ کر میری آندرے حواس باختہ سی ہو گئی۔ اس کا ٹکٹ چارلس ہی کے پاس تھا اور چارلس نے اسے بتا تھا کہ وہ سیدھے یورپ جا رہے ہیں لیکن کراچی کے ہوائی اڈے پر طیارے سے اترتے دیکھ کر میری آندرے الجھ سی گئی۔ اس کے چہرے کے تاثرات چارلس کی نگاہوں سے بھی پوشیدہ نہ رہ سکے۔ اس نے بتایا کہ اپنے کاروبار کے سلسلے میں وہ صرف ایک دو دن یہاں رکیں گے پھر یورپ روانہ ہو جائیں گے۔ ان نازک لمحات پر میری آندرے نے چارلس سے الجھنا مناسب نہیں سمجھا تھا کیونکہ چارلس سے کچھ بعید نہیں تھا کہ کسی معمولی سی بات پر ناراض ہو کر وہ یورپ کا پروگرام ہی منسوخ کر دیتا۔

کراچی میں قیام کے لیے بھی چارلس نے ایک ایسے گھٹیا سے ہوٹل کا انتخاب کیا تھا جہاں چند اور ہپی بھی مقیم تھے لیکن خلافِ معمول یہاں چارلس نے ہپیوں کی طرف توجہ نہیں دی۔ وہ دن بھر شہر میں گھومتے رہتے۔ چارلس ایک دو مرتبہ میری آندرے کو ہوٹل میں چھوڑ کر کیماڑی کی بندرگاہ اور ائیرپورٹ بھی گیا تھا میری آندرے اس کی عدم موجودگی میں ہوٹل کے کمرے میں بند رہتی اور کبھی تنہائی سے گھبرا کر شہر کی سیر کو نکل جاتی۔

ایک دن چارلس اسے ہاکس بے لے گیا۔ شہر سے کئی میل دور ساحل کا یہ حصہ غیر ملکیوں کی توجہ کا مرکز تھا۔ یہاں چھوٹے چھوٹے ہٹس تھے جو تقریباً سارے کے سارے کرائے پر اٹھے ہوئے تھے۔ ساحل پر مقامی باشندوں کی تعداد تو کم تھی البتہ غیر ملکی زیادہ تھے۔ چارلس چلتے چلتے اس غیر ملکی لڑکی کے پاس رک گیا جو گیلی ریت پر تولیا بچھائے لیٹی ہوئی تھی۔ اس کے جسم پر پیراکی کا لباس تھا۔ وہ یقیناً خوبصورت تھی لیکن تنہا بھی اور حسبِ معمول چارلس کو اس سے تعارف حاصل کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔

وہ میری ایلن ایتھر تھی جو کچھ عرصہ پہلے تک ایک نرس کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہی تھی لیکن محبت میں ناکام ہو کر یہ صدمہ بھلانے کے لیے آسٹریلیا چھوڑ کر مشرقی فضاؤں میں چلی آئی تھی اور کئی روز سے کراچی میں تھی۔ میری آندرے کو مقامی عورتوں کی طرح اس کی ناک میں سونے کی کیل دیکھ کر حیرت ہوئی تھی۔ سر کی ذرا سی جنبش سے کیل کا ہیرہ چمک اٹھتا۔

ایلن ایتھر سے ملاقات پر میری آندرے نے چارلس سے شدید احتجاج کیا تھا مگر چارلس نے یہ کہہ کر اسے ٹال دیا تھا کہ فی الحال وہ ایلن ایتھر سے زیادہ تعلق نہیں رکھے گا لیکن یورپ سے واپسی پر اسے کاروبار کے سلسلے میں ایلن جیسی لڑکی کی ضرورت پڑے گی اور چارلس کا خیال تھا کہ اگر ایلن ایتھر کو ڈھنگ کا لباس پہنا کر چند زیورات سے بھی آراستہ کر دیا جائے تو وہ بڑے بڑے صنعتکاروں اور وڈیروں کو بھی اپنے سامنے جھکنے پر مجبور کر سکتی ہے۔

ایلن ایتھر کے ہٹ میں چائے پیتے ہوئے چارلس نے اپنے کاروبار کا ذکر چھیڑ دیا۔ ایلن ایتھر بڑی دلچسپی سے اس کی باتیں سن رہی تھی۔ اس نے میری ایلن کو ملازمت کی پیشکش بھی کر دی۔

"فی الحال ہم ایک کاروباری دورے پر یورپ جا رہے ہیں۔" چارلس اس کی رضامندی پا کر بولا۔ "چند ہفتوں میں لوٹ آئیں گے۔ کیا اس وقت تم فوری طور پر ہمارے ساتھ چلنے کو تیار ہو سکتی ہو؟"

"میں تمھارا انتظار کروں گی۔" ایلن ایتھر نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ اس کی جمع پونجی ختم ہو رہی تھی اور اسے واقعی کسی کام کی ضرورت تھی اور وہ اس غیر متوقع پیشکش کو ٹھکرا کر ایک اچھا موقع ضائع نہیں کرنا چاہتی تھی۔

ایلن ایتھر سے بات پکی ہو چکی تھی۔ اس کے دوسرے دن

کراچی سے سوئٹیزرلینڈ کے لیے جہاز میں پرواز کرتے ہوئے چارلس کا موڈ بہت خوشگوار تھا۔ اس کی جیب میں چالیس ہزار ڈالر کی مالیت کے جواہرات تھے اور وہ کراچی میں ایک ایسی خوبصورت لڑکی کو اپنا منتظر چھوڑ آیا تھا جو کاروباری نقطۂ نگاہ سے اس کے لیے سونے کی چڑیا ثابت ہو سکتی تھی۔

چارلس اور میری آندرے چوری کردہ پاسپورٹس کے ذریعے سوئٹیزرلینڈ کی حدود میں داخل ہوئے تھے۔ ان کے پاس کریڈٹ کارڈ بھی چوری کے تھے۔ چوری کے پاسپورٹوں پر چارلس نے اصل تصویریں ہٹا کر اپنی اور میری آندرے کی تصویریں اس مہارت سے چسپاں کی تھیں کہ ان کے بارے میں جعلی ہونے کا اندازہ لگانا دشوار تھا۔ میری آندرے کے لیے اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں تھی۔ حیرت کا جھٹکا تو اسے اس وقت لگا جب جین ڈوسم کو ایک نئی کار کے ساتھ ایئرپورٹ پر اپنا منتظر پایا۔ کار کو دیکھ کر احساس ہوتا تھا جیسے ابھی ابھی شوروم سے نکلی ہو۔ جنیوا میں صرف ایک دن رکنے کے بعد چارلس دوسرے روز شام کے وقت اپنے مختصر سے قافلے کی رہنمائی کرتا ہوا فرانس کی حدود میں داخل ہوا۔

پیرس پہنچتے ہی چارلس نے سب سے پہلے فیلکس کو فون کیا۔ فیلکس کا تقریباً کئی سال سے چارلس سے کوئی رابطہ نہیں رہا تھا لیکن چارلس کی آواز پہچاننے میں اس نے کوئی غلطی نہیں کی۔ ایک لمحے کو تو وہ سکتے میں رہ گیا تھا۔ اس کے ذہن میں سب سے پہلے یہی سوال ابھرا تھا کہ چارلس فرانس کی حدود میں داخل کیسے ہوا تھا؟ اس کی فرانسیسی شہریت منسوخ کی جا چکی تھی اور متعدد جرائم کے سلسلے میں وہ اب بھی فرانسیسی پولیس کو مطلوب تھا۔ بہرحال فون پر رسمی سی گفتگو کے بعد فیلکس نے اسے فلیٹ پر آنے کی دعوت دی اور جب وہ میری آندرے کے ساتھ فلیٹ میں داخل ہوا تو فیلکس نے بڑی گرم جوشی سے استقبال کیا تھا۔

گفتگو کے دوران فیلکس نے بتایا کہ اس کا سوتیلا بھائی آندرے استنبول کی جیل سے رہا ہو کر فرانس آ گیا تھا۔ اسے اگرچہ اٹھارہ سال کی سزا ہوئی تھی لیکن چند ماہ بعد ہی ترکی کی نئی حکومت نے بعض قیدیوں کی عام رہائی کا حکم دے دیا تھا اور اس طرح آندرے کو بھی چند ماہ بعد نجات مل گئی تھی۔ لیکن فیلکس نے اس کی بیٹی شوبرا اور ماں سونگ کے بارے میں قطعی لاعلمی کا اظہار کیا تھا حالانکہ وہ ان کے بارے میں سب کچھ جانتا تھا۔ اس کا بھائی آندرے ان دنوں پیرس ہی میں موجود تھا اور ایک نئی زندگی اپنانے کی کوشش کر رہا تھا۔ وہ دل ہی دل میں دعا مانگنے لگا کہ پیرس میں قیام کے دوران چارلس کا آندرے سے آمنا سامنا نہ ہو جائے۔ اسے خدشہ تھا کہ چارلس، آندرے کو بہکا کر دوبارہ غلط راستے پر نہ ڈال دے۔

"تمھاری زندگی کیسے گزر رہی ہے چارلس؟" فیلکس نے اس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے پوچھا "میں اصلیت جاننا چاہتا ہوں۔ مبالغہ آمیزی نہیں۔"

"میری زندگی الجھی ہوئی گتھی کی طرح پیچیدہ ہے۔" چارلس نے جواب دیا "بہت سے لوگ صرف مجھ پر انحصار کرتے ہیں، انھیں میری ضرورت ہے۔" اپنی اس بات میں مزید تاثر پیدا کرنے کے لیے اس نے فون کا ریسیور اٹھایا اور جین ڈوسم کے نمبر ڈائل کرنے کے بعد اسے ہدایت کی کہ وہ گاڑی لے کر آ جائے۔ وہ محسوس کر رہا تھا کہ اس کے اور فیلکس کے درمیان بے اعتمادی کی خلیج حائل ہو چکی ہے جسے پاٹنا ممکن نہیں رہا۔

کچھ ہی دیر بعد میری آندرے بھی پہنچ گئی اور اس کے چند منٹ بعد ڈوسم گاڑی لے کر آ گیا۔ فلیٹ کے دروازے پر انھیں رخصت کر کے فیلکس کھڑکی میں کھڑا ہو گیا اور دیر تک چمکتی ہوئی سیڈان کو دیکھتا رہا جو لمحہ بہ لمحہ دور ہوتی جا رہی تھی۔ چارلس کی اب تک کی باتوں سے اسے سمجھنے میں دیر نہ لگی تھی کہ شیطانی قوتیں اب بھی اسے حصار میں لیے ہوئے تھیں۔

"خدا حافظ چارلس!" وہ گاڑی کو ایک موڑ پر نگاہوں سے اوجھل ہوتے دیکھ کر بڑبڑایا اور پھر سب سے پہلے اس کے ذہن میں جو خیال آیا وہ، یہ تھا کہ اسے پہلی فرصت میں فلیٹ کے دروازے کا تالا تبدیل کر دینا چاہیے۔

"ماما!"

"کون؟ تم کون بول رہے ہو؟" سونگ ریسیور پر وہ آواز سن کر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے بولی۔ وہ کچھ دیر پہلے پائیں باغ میں لیمن کے پودوں کو پانی دے رہی تھی اور فون کی گھنٹی کی آواز سن کر اندر آئی تھی۔

"میں چارلس بول رہا ہوں ماں!"

سونگ کے ہاتھ سے فون کا ریسیور گرتے گرتے بچا۔ چارلس مارسلز کیسے پہنچ گیا؟ حقیقت تو یہ تھی کہ اس نے کئی برسوں سے چارلس کے بارے میں نہ تو کچھ سوچا تھا اور نہ ہی کچھ سنا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ چارلس کسی جیل میں پڑا سڑ رہا ہو گا۔

چارلس کی کال ریسیو کرنے کے فوراً ہی بعد اس نے لباس تبدیل کیا اور برآمدے میں کھڑی ہو کر سڑک پر دیکھنے لگی۔ اسے زیادہ دیر انتظار نہیں کرنا پڑا۔ کچھ ہی دیر بعد چمکتی ہوئی ایک سیڈان سڑک پر آ کر رکی۔ دروازہ کھلا اور چارلس نیچے اترا۔ قیمتی لباس میں وہ کسی کمپنی کا باس ہی لگ رہا تھا۔ وہ ہاتھ میں بریف کیس سنبھالے جیسے ہی آگے بڑھا سونگ بیٹے کو آغوش میں لینے کے لیے دوڑی لیکن



اس سے پہلے کہ وہ اپنے ارادے پر عمل پیرا ہوتی، چارلس نے اسے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیا اور اس کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے کہا۔

"میرے ساتھ میرے دوست بھی ہیں۔"

اس کے یہ بن بلائے مہمان تین دن تک دھرنا دیے بیٹھے رہے۔ یہ تین دن اس کی طویل زندگی کے بدترین دن ثابت ہوئے تھے۔ میری آندرے کو اس نے شروع ہی سے ناپسند کر دیا تھا۔ وہ دن بھر بستر پر لیٹی احکامات جاری کرتی رہتی۔ ان کے آنے سے گھر پر ایک عجیب ناگوار سی فضا طاری رہنے لگی تھی۔ اسے چاروں طرف سے سرگوشیاں سی سنائی دیتی رہتیں۔ چارلس کا انداز بھی بڑا پُراسرار تھا۔ وہ ہر وقت کمرے میں بیٹھا میری آندرے سے سرگوشیاں کرتا رہتا اور اگر اتفاق سے سونگ وہاں پہنچ جاتی تو وہ فوراً ہی گفتگو کا موضوع بدل دیتے۔ اس کے علاوہ سونگ نے ایک اور بات نوٹ کی تھی کہ چارلس کا زیادہ وقت مختلف لوگوں سے فون پر باتیں کرتے ہوئے گزرتا۔ اس کی باتوں میں بڑی بڑی رقموں، جواہرات اور مختلف ایئرلائنز کے شیڈول کا ذکر ضرور ہوتا۔ اس گروہ کا تیسرا رکن جین ڈوسم، چارلس سے قطعی مختلف تھا اور سونگ کو حیرت تھی کہ اس جیسا شریف النفس آدمی اپنے منافع بخش کاروبار اور بیوی بچوں کو نظرانداز کر کے چارلس جیسے خطرناک آدمی کا غلام کیوں بن گیا تھا۔

سونگ کے شوہر الفانسو کی حالت قابلِ رحم تھی۔ کمرے کے باہر کسی معمولی سی آواز سے بھی اسے اپنے دماغ پر ہتھوڑے سے برستے ہوئے محسوس ہوتے چہ جائیکہ تینوں بن بلائے مہمان دن رات ہنگامہ سا مچائے رکھتے۔ ان تین دنوں میں الفانسو پر کئی مرتبہ دورہ پڑ چکا تھا۔ سونگ تین دن تک تو یہ سب کچھ برداشت کرتی رہی لیکن چوتھے دن اس نے چارلس سے صاف صاف کہہ دیا کہ اب وہ اپنے دوستوں کو لے کر یہاں سے رخصت ہو جائے۔ اس نے ایک اور بات بھی محسوس کی تھی کہ قیمتی لباس اور دروازے پر نئی گاڑی کے باوجود چارلس کی مالی حالت بہتر نہیں تھی۔ اس کا اندازہ اس نے اس بات سے بھی لگایا تھا کہ یہاں آنے کے دوسرے ہی روز میری آندرے نے لپ اسٹک وغیرہ خریدنے کے لیے سونگ سے بیس فرانک ادھار لیے تھے جن کی واپسی کی اسے توقع نہیں تھی۔ سونگ نے جب انھیں گھر چھوڑنے کو کہا تو چارلس ہتھے سے اکھڑ گیا۔

"میرے لیے تمھارا یہ رویہ غیر متوقع نہیں ہے۔" وہ سونگ کو گھورتے ہوئے بولا "تمھیں مجھ سے کبھی بھی محبت نہیں رہی میرا بچپن بھی اس محرومی میں گزر گیا اور اب بھی میں تمھاری سوئی ہوئی ممتا کو نہیں جگا سکا۔"

"میں تمھیں اپنے تمام بچوں سے زیادہ چاہتی ہوں۔" سونگ نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا "لیکن تم نے کبھی مجھے ماں سمجھا ہی نہیں۔ تم نہیں جانتے میں نے تمھارے لیے کیسے کیسے دکھ اٹھائے ہیں۔"

"میرے لیے دکھ اٹھائے ہیں؟" چارلس کے ہونٹوں پر زہریلی سی مسکراہٹ آ گئی "ان دکھوں کا اندازہ میں بھی لگا سکتا ہوں۔ کیا یہ غلط ہے کہ تم نے سائیگون ہی میں مجھے لاوارث سمجھ کر پھینک دیا تھا۔ اس وقت میں بہت چھوٹا تھا اور مجھے ممتا کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ تم ہمیشہ مجھے اجنبیت کا احساس دلاتی رہیں۔ مجھے کمرے میں رسیوں سے باندھ کر رکھا گیا۔ مجھ پر کوڑے برسائے گئے۔ یہی ہے نا تمھاری محبت؟ میں نے جب بھی تمھاری ضرورت محسوس کی تم نے مجھے کتے کی طرح دھتکار دیا۔ تمھاری اس محبت کو میں کس طرح بھول سکتا ہوں۔"

"تم فوراً اس گھر سے نکل جاؤ۔" سونگ دہاڑی۔ چارلس کی باتوں سے وہ بری طرح بجھ گئی تھی "اس سے پہلے کہ میں تمھیں اور تمھارے دوستوں کو یہاں سے نکالنے کے لیے پولیس کی مدد طلب کروں تم انھیں لے کر یہاں سے دفعہ ہو جاؤ۔"

اس سے پہلے کہ چارلس کوئی جواب دیتا میری آندرے آڑے آ گئی۔ اور کچھ دیر بعد جب وہ تینوں باہر کھڑی ہوئی سیڈان میں بیٹھ رہے تھے۔ سونگ ایک بار پھر چارلس کو مخاطب کرتے ہوئے چیخی۔

"آئندہ اس طرف آنے کی کوشش مت کرنا اور یہ بھول جاؤ کہ تمھاری کوئی ماں بھی ہے۔"

"کاش، واقعی میری ماں نہ ہوتی۔" چارلس نے بڑبڑاتے ہوئے جین ڈوسم کو اشارہ کیا اور سیڈان ایک زبردست جھٹکے سے حرکت میں آ گئی۔

اس واقعے کے چند روز بعد سونگ کو مارسلز کے ایک وکیل کا خط ملا جس میں انکشاف کیا گیا تھا کہ دو روز قبل شہر میں دھوکا دہی کی ایک واردات، جس میں ایک دولتمند عورت اپنی خطیر رقم سے محروم ہو چکی ہے، کے سلسلے میں چارلس سوبھراج نامی ایک شخص پولیس کو مطلوب ہے۔ اس کے بارے میں اگر کوئی خبر ہو تو فوری طور پر مطلع کیا جائے۔

سونگ نے وہ خط چھپا کر رکھ دیا تاکہ کسی اور کی نظروں میں نہ آ سکے۔ اور پھر وکیل کو جواب میں ایک مختصر سا خط لکھ دیا۔

"چارلس سوبھراج کا نام میرے لیے قطعی اجنبی ہے۔ ہمارے خاندان سے اس شخص کا کوئی تعلق نہیں ہے۔"

اُدھر پیرس میں دو دن گزارنے کے بعد جب چارلس اور اس کے ساتھی سیڈان میں ایک نواحی سڑک سے گزر رہے تھے کہ چارلس نے جین ڈوسم کو حکم دیا کہ سیڈان کا رُخ مشرق کی طرف موڑ دیا جائے۔ پچھلی سیٹ پر چارلس کے ساتھ بیٹھی ہوئی میری آندرے

نے چونک کراس کی طرف دیکھا اور گہرا سانس لے کر رہ گئی۔ اس نے سیٹ کی پشت سے ٹیک لگا کر آنکھیں بند کرلیں اور کنیڈا واپسی کے تصور کو ذہن سے کھرچنے کی کوشش کرنے لگی۔

ترکی اور ایران کے راستے ہوتے ہوئے تیسرے ہفتے کے اختتام پر وہ پاکستان پہنچ گئے۔ نئی سیڈان اس طویل سفر کے لیے بڑی آرام دہ ثابت ہوئی تھی۔ زاہدان سے پاکستانی سرحد میں داخل ہونے کے بعد کوئٹہ اور درّہ بولان سے گزرتے ہوئے سیڈان کراچی کی طرف جانے والی شاہراہ پر مڑ گئی۔

میری ایلن ایتھر ہاکس بے کے ساحل پر چارلس کی منتظر تھی وہ کراچی میں صرف دو دن رکے اور ایلن ایتھر کو لے کر نئے سفر پر روانہ ہو گئے۔ چارلس نے ایک بار پھر تھائی لینڈ کا پروگرام بنایا تھا۔

جین ڈوسم اور ایلن ایتھر پچھلی سیٹ پر تھے ـــ چارلس اسٹیئرنگ کے سامنے تھا اور میری آندرے پسنجر سیٹ پر بیٹھی ایشیا ویک' کے تازہ شمارے کا مطالعہ کر رہی تھی۔ کراچی سے نکلنے کے تھوڑی ہی دیر بعد سپرہائی وے پر گاڑی رک گئی۔ سامنے گاڑیوں کی ایک لمبی قطار تھی اور چند پولیس والے ہر گاڑی کو چیک کر رہے تھے۔ میری آندرے نے سر اٹھا کر سامنے دیکھا اور پھر میگزین کی طرف متوجہ ہو گئی۔ لیکن اگلا صفحہ پلٹتے ہی اسے رگوں میں اپنا خون منجمد ہوتا محسوس ہونے لگا۔ اس صفحے پر تاریخوں اور جگہوں کے حوالے سے تھائی لینڈ میں ان کے گھناؤنے کارناموں کی مکمل تفصیل درج تھی۔ اس مضمون کی ایک ذیلی سرخی نے میری آندرے کے رونگٹے کھڑے کر دیے۔

”تھائی پولیس قتل، ڈکیتی اور رہزنی کی متعدد وارداتوں کے سلسلے میں ایلین گوتھر اور اس کی کنیڈین دوست مونیکا کو سرگرمی سے تلاش کر رہی ہے۔ ان کے بارے میں انٹرپول کو بھی مطلع کر دیا گیا ہے۔“

میری آندرے نے میگزین چارلس کے سامنے ڈال دیا۔ وہ مضمون پڑھتے ہوئے چارلس کے چہرے پر کسی قسم کے تاثرات نمودار نہیں ہوئے۔ مضمون پڑھنے کے بعد اس نے میگزین دوبارہ میری آندرے کی گود میں ڈال دیا اور محض کندھے اچکا کر رہ گیا۔

”کیا یہ چیکنگ ؟“ میری آندرے خوف کی شدت سے جملہ مکمل نہ کر سکی ـــ

”احمقانہ باتیں مت کرو۔“ چارلس نے سرگوشیانہ لہجے میں کہا تاکہ پچھلی سیٹ پر بیٹھے ہوئے ایلن ایتھر اور جین ڈوسم اس کی آواز نہ سن سکیں ”یہ چیکنگ معمول کے مطابق ہے۔ ممکن ہے محض کاغذات چیک کیے جا رہے ہوں اور یہ مضمون۔“ اس نے میگزین کی طرف اشارہ کیا۔

”جھوٹ کا پلندہ ہے۔ اخبارات اور نیوز میگزین اپنی اشاعت بڑھانے کے لیے اس قسم کی سنسنی خیز خبریں چھاپتے رہتے ہیں۔“

”لیکن اس کے باوجود تھائی لینڈ کی حدود میں داخل ہونا ہمارے لیے خطرے سے خالی نہیں ہوگا۔“ میری آندرے کے لہجے میں... تشویش تھی۔

چارلس کے ہونٹوں پر خفیف سی مسکراہٹ آ گئی ”نہ تو میرا اصل نام ایلین گوتھر ہے اور نہ ہی تم مونیکا ہو۔ ایسی صورت میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔“

”لیکن میگزین میں شائع ہونے والی میری اور تمھاری ان تصویروں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہمیں سرحد ہی پر دھر لیا جائے گا۔“

”مجھ پر اعتماد کرو۔“ چارلس کے ہونٹوں کی مسکراہٹ گہری ہو گئی۔ ”یہ ایشیا ہے اور میں ایشیائی پولیس سے نمٹنے کے طور طریقے اچھی طرح جانتا ہوں۔“

تقریباً آدھے گھنٹے بعد وہ روڈ بلاک سے نکل گئے۔ پولیس کو ایسے ڈاکوؤں کی تلاش تھی جو گزشتہ روز کراچی کا ایک بنک لوٹنے کے بعد روپوش ہو گئے تھے۔ غیر ملکیوں سے انھیں کوئی دلچسپی نہیں تھی۔

لاہور سے ہندوستان کی سرحد میں داخل ہونے سے پہلے چارلس نے وہ میگزین اٹھا کر کار کی کھڑکی سے باہر پھینک دیا تھا۔ اس نے تھائی لینڈ کا پروگرام ملتوی کر دیا تھا۔ اب اس نے چند روز ہندوستان ہی میں رہنے کا فیصلہ کیا تھا تاکہ آرام کرنے کے ساتھ ساتھ کچھ رقم بھی جمع کی جا سکے۔ یہ صورتِ حال چارلس کے لیے ایسی ہی تھی، جیسے راستے میں پتھر دیکھ کر آدمی راستہ بدل لیتا ہے۔ اس نے سوچا تھا کہ چند روز ہندوستان میں گزارنے کے بعد اگر بنکاک کی صورتِ حال معمول پر آ گئی تو وہ اس طرف کا رُخ کرے گا بصورتِ دیگر تائیوان اور فلپائن کے راستے تو اس کے لیے کھلے ہی تھے۔

میری آندرے ہندوستان میں بھی خطرہ محسوس کر رہی تھی۔ اس نے چارلس کو ہندوستان میں داخلے سے باز رکھنے کی کوشش بھی کی تھی لیکن چارلس نے اس کے خدشات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے اس خیال کو ذہن سے جھٹک دیا تھا۔

”ہندوستان جیسے بڑے ملک میں ہمارے لیے کوئی خطرہ نہیں۔ تمھارے ذہن پر تھکن سوار ہے۔ میرا خیال ہے تمھیں کچھ دیر کے لیے سو جانا چاہیے۔“ چارلس نے کہتے ہوئے سڑک پر نظریں جما دیں اور میری آندرے نے ایک گہرا سانس لیتے ہوئے سیٹ کی پشت سے سر ٹکا کر آنکھیں موند لیں۔

تھائی پولیس سے مایوسی کے ساتھ ہی ہرمن اس ملک کے



پریس پر بھی نوحہ کناں تھا۔ کوئی یورپی ملک ہوتا تو اخبارات طوفان اُٹھا چکے ہوتے مگر ہینک اور کارنیلیا کے قتل کے بعد ڈیڑھ سال تک تھائی لینڈ کے اخبارات نے قتل کی ان بہیمانہ وارداتوں کے سلسلے میں ایک لفظ تک نہیں لکھا جس سے ہرمن اس نتیجے پر پہنچا کہ یہاں کی صحافت کا معیار یا تو اتنا کمتر تھا کہ اخبارات حالات سے قطعی بے خبر تھے یا وہ کسی دباؤ کے تحت اس موضوع پر قلم نہیں اٹھانا چاہتے تھے لیکن مئی ۱۹۷۶ء میں بنکاک پوسٹ کے ایک رپورٹر نے فون پر ہرمن سے رابطہ قائم کیا اس کا پہلا خیال درست ثابت ہوا یعنی اخبارات کو اب تک ان واقعات کا علم تک نہیں ہو سکا تھا۔ قتل کی ان وارداتوں کے ڈیڑھ سال بعد اخبار کے اس رپورٹر کو کہیں سے ہرمن کی ایکشن کمیٹی کی بھنک مل گئی تھی۔ وہ اپنے اخبار کے لیے ہرمن سے انٹرویو لینا چاہتا تھا۔ ہرمن کا شمار بھی ان سفارت کاروں میں ہوتا تھا جنھیں اخبارات کے ذریعے بیان بازی کا اختیار نہیں تھا لیکن اس کے باوجود اس نے بنکاک پوسٹ کے رپورٹر کو مایوس نہیں کیا۔ اس کا خیال تھا کہ اخبارات میں خبروں کی اشاعت سے ایلین گوتھر اینڈ کمپنی کو کم از کم وارننگ تو مل ہی جائے گی اور ممکن ہے ایسی خبریں پڑھنے کے بعد غیر ملکی سیّاح بھی محتاط ہو جائیں۔ ۷ مئی کو بنکاک پوسٹ میں آٹھ کالموں پر مشتمل سنسنی خیز خبر شائع ہوئی جس نے تہلکہ مچا دیا۔ خبر میں اس امر کی نشاندہی بھی کی گئی تھی کہ ہینک اور کارنیلیا کے قتل کے بعد رات کو ایلین گوتھر جب کانٹ ہاؤس میں داخل ہوا تو اس کے ہاتھ میں پیٹرول کا ایک ڈبا بھی دیکھا گیا تھا۔

اس کے دو دن بعد بنکاک پوسٹ نے ایک اور سنسنی خیز خبر شائع کی جس کے مطابق وٹیالی حکیم، کارمائن کاروا اور جنیفر کے قتل میں بھی ایلین گوتھر کا ہاتھ ظاہر کیا گیا تھا۔ اس خبر کے ساتھ لاشوں کی جلی ہوئی تصویریں بھی شاملِ اشاعت تھیں۔ ان سنسنی خیز خبروں کی اشاعت سے بنکاک میں موجود غیر ملکی سیاح جوق در جوق واپسی کا رُخ کرنے لگے۔ اس سنگین صورتِ حال نے حکومت کو اس معاملے میں مداخلت کرنے پر مجبور کر دیا۔ فوراً ہی اعلیٰ سطح کا اجلاس بلایا گیا جس کے بعد پولیس چیف لیفٹیننٹ جنرل مونٹشائی نے اخباری نمائندوں کے سوالات کے جواب میں صرف ایک جملہ کہا۔

”یہ تھائی لینڈ کی تاریخ کا افسوسناک ترین واقعہ ہے۔ ہم نے فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔“

تھائی پولیس نے یہ قدم اگرچہ بہت تاخیر سے اٹھایا تھا لیکن ہرمن بہرحال مطمئن تھا کہ اس کی بھاگ دوڑ کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ تو نکلا۔

کرنل سمپول سوتھیمائی، تھائی لینڈ کے جنوبی شہر چیانگ مائے میں چھٹیاں گزار رہا تھا۔ اسے یہاں آئے ہوئے ابھی چند روز ہی ہوئے تھے کہ جنرل کا ٹیلیگرام ملا کہ وہ دنیا کا ہر کام چھوڑ کر بنکاک پہنچ جائے تاکہ غیر ملکی سیاحوں کے قتل عام کا یہ کیس اس کے سپرد کیا جا سکے۔ اس کیس کی تحقیقات کے لیے کرنل سمپول کا انتخاب اس لحاظ سے باعثِ اطمینان تھا کہ تھائی لینڈ جیسے ملک میں جہاں بدعنوانیوں اور رشوت ستانی کا دور دورہ تھا، جہاں قومی بجٹ کا پندرہ سے بیس فیصد حصہ بدعنوان افسروں کی جیبوں میں منتقل ہو جاتا تھا، کرنل سمپول ایسا شخص تھا جس پر اس معاملے میں اعتماد کیا جا سکتا تھا۔ وہ دیانتدار اور اُصول پرست آدمی تھا۔ سیاسی نقطۂ نگاہ سے اگر اس میں ذرا سی بھی لچک ہوتی تو وہ نہایت آسانی سے وزیرِ اعظم کے عہدے تک پہنچ سکتا تھا لیکن وہ اصولوں کے معاملے میں بڑا اکھڑ تھا اور جھکنا تو اس نے سیکھا ہی نہیں تھا۔ وہ ذہانت کے بل بوتے پر ترقی کرتا ہوا کرنل کے عہدے پر پہنچا تھا اسے تھائی لینڈ انٹرپول ڈویژن کا سربراہ ہونے کا اعزاز بھی حاصل تھا۔

سمپول کی عمر اگرچہ پینتالیس کے لگ بھگ تھی لیکن قابلِ رشک صحت کے باعث وہ اپنی عمر سے بہت کم نظر آتا تھا۔ اسے بلا مبالغہ نوجوانوں کی صف میں کھڑا کیا جا سکتا تھا۔ مردانہ وجاہت کا ایک شاہکار مگر آنکھوں میں بے پناہ اُداسی۔ وہ نہ تمباکو نوشی کا عادی تھا اور نہ ہی شراب نوشی کو پسند کرتا تھا انگریزی اور فرانسیسی سمیت متعدد زبانیں اس روانی سے بولتا کہ اس پر اہلِ زبان ہونے کا شبہ

ہوتا۔ وہ منشیات کی اسمگلنگ کے سدباب اور بین الاقوامی فراڈ کے موضوعات پر لندن میں اسکاٹ لینڈ یارڈ اور نیویارک میں ایف بی آئی کے ماہرین سے تربیت بھی حاصل کر چکا تھا۔ جس روز چارلس سوبھراج اور میری آندرے کو پوچھ گچھ کے لیے پولیس اسٹیشن لایا گیا تھا، اس وقت اگر کرنل سمپول وہاں موجود ہوتا تو چارلس وغیرہ اتنی آسانی سے وہاں سے نکلنے میں کامیاب نہ ہو پاتے لیکن ان کی قسمت ہی اچھی تھی کہ کرنل سمپول ان دنوں کسی اور کیس کے سلسلے میں شہر سے باہر تھا۔

تھائی لینڈ میں غیر ملکی سیاحوں کے قتل کی خبر کرنل سمپول کے لیے نئی نہیں تھی۔ حقیقت یہ تھی کہ اس سال کے شروع ہی میں اس کی فرانسیسی بیوی نیکول کو اپنے حلقۂ احباب سے اس قسم کی اطلاعات ملی تھیں کہ بنکاک میں بعض غیر ملکی سیاحوں کو بیدردی سے قتل کیا جا رہا ہے مگر پولیس نے قاتلوں کے خلاف ابھی تک کوئی کارروائی نہیں کی تھی۔ نیکول نے جب یہی بات سمپول سے پوچھی تو وہ محض سر ہلا کر رہ گیا تھا۔ اسے سب کچھ معلوم تھا لیکن وہ اپنے طور پر کچھ کرنے سے قاصر تھا۔

کرنل سمپول نے سب سے پہلے ہرمن سے رابطہ قائم کیا تھا۔ وہ اپنی تحقیقات کا آغاز اس کے بیان سے کرنا چاہتا تھا لیکن تھائی پولیس نے ہرمن کے ذہن پر کوئی مثبت تاثر نہیں چھوڑا تھا۔ پولیس کے چکر میں وہ پہلے ہی اپنا بہت سا وقت ضائع کر چکا تھا اور اس کے خیال میں یہ بھی وقت ضائع کرنے والی بات ہی تھی۔ وہ کرنل سمپول کے ساتھ بھی بڑی رکھائی سے پیش آیا۔

”ہم نے یہ کیس ایک پلیٹ میں سجا کر آپ کی پولیس کو پیش کیا تھا لیکن“ ہرمن نے قدرے تلخ لہجے میں کہا۔ ”پولیس نے ان کے خلاف کوئی عملی قدم اٹھانے کے بجائے انھیں بڑی آسانی سے نکل جانے کا موقع فراہم کر دیا۔“ ہرمن نے اس شبہے کا اظہار بھی کیا تھا کہ اس معاملے کو دبانے کے لیے پولیس نے رشوت کھائی تھی۔ ”مجھے اب یہاں کی پولیس پر کوئی اعتماد نہیں رہا۔ اس لیے میں اب مزید وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا۔“

”پلیز، مسٹر ہرمن!“ کرنل سمپول پرسکون لہجے میں بولا۔ ”تمھیں یہاں کی پولیس کے سلسلے میں جن تلخ تجربات سے دوچار ہونا پڑا ہے اس کا مجھے افسوس ہے۔ میں شروع سے اس کیس کی تحقیقات کرنا چاہتا ہوں اور اس کے لیے تمھارا تعاون بہت ضروری ہے اور میں یہ بھی یقین دلاتا ہوں کہ اس مرتبہ تمھارا وقت رائیگاں نہیں جائے گا۔“

”لیکن۔ میں کیسے یقین کر لوں کہ پولیس واقعی دیانتداری کا مظاہرہ کرے گی۔“ ہرمن کے لہجے کی تلخی بدستور تھی۔ اس کی نظریں کرنل سمپول کے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔ اس کا خیال تھا کہ یہ پولیس افسر بھی اپنے ساتھیوں سے مختلف نہیں ہو سکتا لیکن اس کے چہرے کے تاثرات دیکھ کر ہرمن کو...... اپنا یہ خیال بدلنا پڑا۔ اس کے خیال میں اس پر اعتماد کیا جا سکتا تھا۔ اس نے ایک گہرا سانس لیا اور کرنل سمپول سے بھرپور تعاون پر آمادہ ہو گیا۔

کرنل سمپول چند روز تک ہرمن کی تیار کردہ فائل کا مطالعہ کرتا رہا جس میں اس کیس کے سلسلے کی ایک ایک تفصیل موجود تھی۔ بعض دستاویزات پڑھتے ہوئے سمپول جیسے شخص کے رونگٹے کھڑے ہو گئے وہ فوراً ہی جنرل مونسٹائی کے پاس پہنچ گیا۔

”یہ سب کچھ اگرچہ ناقابلِ یقین سا لگتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہرمن کی باتوں کو جھٹلایا نہیں جا سکتا۔“ وہ فائل جنرل کو دکھاتے ہوئے بولا۔ ”میرے خیال میں اب ہمیں حرکت میں آ جانا چاہیے۔ مزید تاخیر خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔“

”مجھے تم سے اتفاق ہے۔“ جنرل نے فائل کے سرسری سے مطالعے کے بعد کہا۔ ”مجھ سے کیا چاہتے ہو؟“

”صرف آٹھ آدمی۔“ کرنل سمپول نے جواب دیا۔ ”پولیس فورس کے بہترین جوان۔ جن کا انتخاب میں خود کروں گا اور اس سلسلے میں کسی کی مداخلت کو بھی پسند نہیں کروں گا۔“

جنرل کے لیے کسی اعتراض کی گنجائش نہیں تھی کیونکہ اس کے خیال میں سمپول ہی ایسا شخص تھا جس پر مکمل اعتماد کیا جا سکتا تھا۔ اخبارات کے ذریعے اس کیس کو خاصی شہرت مل چکی تھی اور اعلیٰ فوجی افسران کی طرف سے اس پر دباؤ بڑھ رہا تھا۔ وہ ہر صورت میں ایلین گوتھر، مونیکا اور راجے چودھری کو جلد سے جلد آہنی سلاخوں کے پیچھے دیکھنا چاہتا تھا۔ اگر وہ لوگ ملک سے فرار ہو چکے تھے تو ان کی واپسی کے لیے وہ ہر قسم کے ذرائع استعمال کرنے کو تیار تھا۔ اس قسم کے خطرناک مجرموں سے نمٹنے کے لیے تھائی لینڈ کے قانون میں بڑی گنجائش موجود تھی۔ قانون کی ایک شق کے مطابق ایسے مجرموں کو مقدمہ چلائے بغیر فوری طور پر موت کی سزا دی جا سکتی تھی اور اس کا طریقہ کار یہ تھا کہ ایسے لوگوں کو دیوار کے ساتھ کھڑا کر کے گولی سے اڑا دیا جاتا۔

جون کے وسط میں اس قافلے نے مختصر سے عرصہ کے لیے دہلی میں قیام کیا جہاں ایلین ایتھر نے پہلی مرتبہ چارلس کی سرگرمیوں میں عملی طور پر حصہ لینا شروع کیا اس روز چارلس نے اسے بنا سنوار کر وائی ایم سی اے ہوٹل کی لابی میں بھیج دیا۔ متوسط درجے کے اس ہوٹل میں زیادہ تر غیر ملکی سیاحوں کی آمد و رفت تھی۔ پہلے ہی روز ایلین ایتھر تین فرانسیسی سیاحوں کو شکار کرنے میں کامیاب ہو گئی۔ انھوں نے کھانا اکٹھے ہی کھایا تھا لیکن کھانے کے فوراً ہی بعد تینوں فرانسیسی پیٹ میں گڑبڑ محسوس کرنے لگے۔ وہ ایلین ایتھر کو لے کر اپنے کمرے



میں آ گئے۔ ایلن ایتھر نے اپنے ہینڈ بیگ میں رکھی ہوئی دوا نکال کر تھوڑی تھوڑی مقدار میں ان تینوں کو کھلا دی اور یقین دلایا کہ اس دوا کے کھانے کے چند ہی منٹ بعد ان کے پیٹ کی تکلیف جاتی رہے گی۔

ایلن ایتھر کی دی ہوئی دوا کھانے کے بعد ان پر غنودگی سی طاری ہونے لگی اور چند منٹ بعد ہی وہ دنیا و مافیہا سے غافل ہو چکے تھے۔ چوبیس گھنٹے بعد جب اُن کی آنکھ کھلی تو تن کے کپڑوں کے سوا ان کے پاس کچھ نہیں بچا تھا۔

ایلن ایتھر کے اس پہلے کارنامے سے حاصل ہونے والی رقم چند سو ڈالر سے زیادہ نہیں تھی لیکن چارلس نے زیادہ عرصے تک دہلی میں رکنا مناسب نہیں سمجھا اور اس قافلے کو لے کر بمبئی پہنچ گیا۔ اپنے ساتھیوں کو ایک گھٹیا سے ہوٹل میں ٹھہرانے کے بعد کسی ایسے شکار کی تلاش میں نکل کھڑا ہوا جس سے خسارہ پورا ہو سکنے کی توقع ہوتی۔ اس کی مالی حالت خاصی ناگفتہ بہ ہو چکی تھی اور تین افراد کا بوجھ اس کے کندھوں پر تھا۔

مختلف سڑکوں پر ٹہلتا اور ہوٹلوں میں تاک جھانک کرتا ہوا وہ ایک ایسے ریسٹورنٹ میں پہنچ گیا جو فلمی ستاروں کی آمد و رفت کے باعث پورے شہر میں معروف تھا۔ یہاں اگرچہ انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے ایکسٹرا قسم کے فنکار ہی آتے تھے لیکن شہر کے نوجوانوں کا خیال تھا کہ وہ اُنھی کے توسط سے انڈسٹری تک پہنچنے میں کامیاب ہو سکتے تھے۔ فلموں میں کام کرنے کے شوقین نوجوان چوبیس گھنٹے یہاں جمع رہتے۔ اٹھنے بیٹھنے کے انداز سے کوئی اپنے آپ کو دلیپ کمار ثابت کرنے کی کوشش کرتا اور کوئی راجکپور۔ اس ریسٹورنٹ میں داخل ہونے والا ہر نوجوان دل میں یہ امید لے کر آتا کہ شاید وہ کسی فلمساز کی نظروں میں آ جائے۔

یہاں آنے والوں میں ایسے لوگوں کی بھی کمی نہیں تھی جو اپنے آپ کو فلمساز یا ہدایتکار ظاہر کر کے نوجوانوں کو بیوقوف بنا کر ان کی جیبوں سے کچھ نہ کچھ نکلوانے کی کوشش کرتے رہتے۔

چارلس ایک میز پر بیٹھا گہری نظروں سے وہاں آنے جانے والوں کا جائزہ لے رہا تھا۔ بالآخر اس کی نظریں ایک لڑکی پر جم گئیں جو اپنی میز پر تنہا بیٹھی بار بار چاروں طرف دیکھ رہی تھی۔ وہ غالباً برطانوی تھی۔ خاصی حسین تھی لیکن اس کے لباس سے ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ بدحالی کا شکار ہے۔ چارلس چند لمحے گہری نظروں سے اس کی طرف دیکھتا رہا پھر اٹھ کر اس کی میز پر آ گیا۔ حسبِ معمول تعارف حاصل کرنے میں اسے زیادہ دشواری پیش نہیں آئی تھی۔

اس کا نام باربرا اسمتھ تھا۔ عمر بمشکل بیس سال رہی ہو گی۔ اس کی زبان میں ہلکی سی لکنت تھی لیکن گفتگو میں اس سے کوئی ناگوار تاثر نہیں ملتا تھا۔ چارلس کے خیال میں وہ اس کے بزنس کی بساط کا ایک بہترین مہرہ ثابت ہو سکتی تھی۔ اس نے اسی لمحے باربرا اسمتھ کو اپنی کمپنی میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

وہ ابھی باتیں کر ہی رہے تھے کہ ایک لمبا تڑنگا غیر ملکی ان کی میز پر پہنچ گیا اور الجھی ہوئی نگاہوں سے چارلس کی طرف دیکھنے لگا لیکن باربرا نے جب اپنے اس نئے دوست کا تعارف کرایا تو وہ بڑی گرمجوشی سے چارلس سے ہاتھ ملاتے ہوئے ان کی باتوں میں شریک ہو گیا۔

باربرا اسمتھ ان دنوں ہو گے کوریگ کے ساتھ ہی رہ رہی تھی۔ کوریگ کا قد ساڑھے چھ فٹ سے کم تو کسی طرح نہیں رہا ہو گا۔ جسم بھاری بھرکم مگر افیون کی کثرتِ استعمال سے گال پچکے ہوئے اور آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی تھیں۔ وہ بیلجیم کا باشندہ تھا جو تقریباً دس سال قبل ہندوستان کی سیاحت کے لیے آیا اور پھر یہیں کا ہو کر رہ گیا تھا۔ گوا کے ساحل پر گھومتے ہوئے اس نے ایک پرتگالی لڑکی کو دیکھا تھا۔ وہ لڑکی بھی غالباً کسی ایسے ہی آدمی کی تلاش میں تھی۔ کوریگ سے کمبل کی طرح ایسے لپٹی کہ اس کے لیے شادی کے سوا کوئی چارا نہ رہا۔ شادی کے بعد وہ گوا ہی میں آباد ہو گئے۔ کوریگ نے ساحل پر ایک جھونپڑا خرید کر چھوٹا سا ریسٹورنٹ کھول لیا جو بہت جلد ہپّی قسم کے سیاحوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ کوریگ صبح سے رات تک کولھو کے بیل کی طرح کام میں جتا رہتا جبکہ اس کی بیوی اطمینان سے بیٹھی حکم چلاتی رہتی۔

کوریگ کو اداکاری کا شوق تھا مگر ظاہر ہے گوا کے ساحل پر اس شوق کی تکمیل ممکن نہیں تھی۔ اسے جب بھی موقع ملتا بمبئی بھاگ آتا جہاں کسی فلم میں کوئی چھوٹا موٹا کردار مل جاتا۔

کوریگ کے بارے میں ضروری معلومات حاصل ہوتے ہی چارلس نے بھی اپنے اس منصوبے کا اعلان کر دیا کہ وہ ایک اسٹیج ڈرامے کے لیے مناسب چہروں کی تلاش میں ہے۔ اگر ڈرامہ کامیاب ہو گیا تو وہ فلمسازی کا آغاز کر دے گا۔ اس نے کوریگ اور باربرا کو اپنی کمپنی میں شمولیت کی پیشکش کر دی جسے انھوں نے فوراً ہی قبول کر لیا۔ ان میں سے کسی نے یہ پوچھنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کی تھی کہ ڈرامے میں ان کا کردار کیا ہو گا۔

اس روز چارلس کے ساتھ ایک نئی لڑکی کو دیکھ کر میری آندرے کی بھویں تن گئیں۔ کمرے میں آتے ہی چارلس نے باربرا کو باتھ روم میں دھکیل دیا اور جب وہ نہا کر لباس تبدیل کر کے باہر نکلی تو اس کا حسن نکھر آیا تھا۔ دوسری کرسی پر ایلن ایتھر بیٹھی ہوئی تھی۔ میری آندرے باری باری ان دونوں کی طرف دیکھنے لگی۔ اس کے لیے یہ فیصلہ کرنا دشوار ہو رہا تھا کہ ان دونوں میں زیادہ حسین کون تھی۔ ان کے سامنے

وہ اپنے آپ کو انتہائی کمتر محسوس کرنے لگی۔ وہ اکتیس سال کی ہو چکی تھی۔ آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے اور اجڑا اجڑا سا چہرہ۔ ان دونوں خوبصورت لڑکیوں کی موجودگی میں وہ اپنے آپ کو سو سال کی بڑھیا محسوس کرنے لگی جس میں کسی کے لیے کوئی دلچسپی نہیں رہ گئی تھی۔

بنکاک میں۔ کرنل سمپول اپنے ترتیب دیے ہوئے اسکواڈ کو یہ سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ تھائی پولیس لوگوں کی نظروں میں اپنا اعتماد کھو چکی ہے۔ اس کیس میں کامیابی حاصل کر کے پولیس کا کھویا ہوا اعتماد بحال کرنا ہے۔

"ہم اسوقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک قاتلوں کے اس گروہ کو آہنی سلاخوں کے پیچھے نہ پہنچا دیں۔"

اگلے چند روز تک کرنل سمپول اور اس کے ساتھی انہی خطوط پر تحقیقات کرتے رہے جن پر ہرمن اور اس کے ساتھیوں نے رپورٹ مرتب کی تھی۔

مئی کے آخر میں تھائی لینڈ کی حکومت نے ایلین گوتھر، میری آندرے عرف مونیکا اور راجے چوہدری کے خلاف قتل، ڈکیتی، جعلسازی اور چوری و رہزنی کے الزام میں گرفتاری کے وارنٹ جاری کر دیے۔ یہ وارنٹ بیس سال کی مدت کے لیے کارآمد تھے۔ اس کے ساتھ ہی کرنل سمپول نے انٹرپول کے پیرس ہیڈکوارٹر کو ان تینوں کے بارے میں مطلع کرتے ہوئے درخواست کی کہ دنیا بھر کی پولیس کو ان کے بارے میں آگاہ کر دیا جائے۔

انٹرپول کے پیرس ہیڈکوارٹر سے کرنل سمپول کے اس ٹیلیگرام کی نقلیں فوری طور پر دنیا کے تمام دارالحکومتوں کو بھیج دی گئیں اور کرنل سمپول کو بھی اس کارروائی سے مطلع کر دیا گیا۔ انٹرپول سے پیغام ملتے ہی کرنل سمپول نے ہرمن کو صورتِ حال سے مطلع کر دینا ضروری سمجھا۔

"مجھے یقین ہے کہ اب وہ لوگ زیادہ عرصے تک روپوش نہیں رہ سکیں گے۔ ان کی گرفتاری کے لیے میں تم سے زیادہ بے چین ہوں۔"

کرنل سمپول اپنی اب تک کی کارکردگی سے مطمئن تھا لیکن اب اس کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ اپنے دفتر میں بیٹھا متوقع نتائج کا انتظار کرتا رہے۔

چارلس سوبھراج کے گروہ میں شامل ہونے والی دونوں نئی لڑکیاں اس کے لیے کارآمد ہونے کے ساتھ مزاج میں ایک دوسرے سے قطعی مختلف تھیں۔ میری ایلین ایتھر محبت کا فریب کھا چکی تھی۔ اس صدمے کو بھلانے ہی کے لیے اس نے اپنا وطن چھوڑ کر دنیا کی آوارہ گردی شروع کی تھی لیکن محبت کا یہ زخم مندمل ہونے کے بجائے ناسور کی طرح اس کے سینے میں پھیلتا جا رہا تھا۔ وہ شاعری اور فلسفے کی کتابوں میں کھو کر اپنے اس دکھ کو بھلانے کی کوشش کرتی رہتی۔ باربرا اسمتھ اس لحاظ سے اس سے قطعی مختلف تھی کہ اسے ابھی تک ایسا کوئی روگ نہیں لگا تھا۔ اس کے چہرے پر بچوں کی سی معصومیت تھی۔ اس کے مطالعے کا ذوق صرف ان اخبارات تک محدود تھا جن میں نئے شادی شدہ جوڑوں کی تصویریں بکثرت چھپتیں۔ وہ ان تصویروں کو دیکھ کر بچوں ہی کی طرح خوش ہوتی تھی۔

ایلین ایتھر کے برعکس باربرا لاابالی طبیعت کی تھی۔ اس کی ماں انگریز تھی اور باپ پاکستانی۔ باربرا کی پیدائش بھی پاکستان ہی میں ہوئی تھی لیکن وہ ابھی چند ماہ ہی کی تھی کہ ماں کا انتقال ہو گیا اور اس کے ساتھ ہی اس کے باپ نے پاکستان چھوڑ دیا۔ وہ مختلف ممالک میں گھومتا ہوا بالآخر دوبارہ انگلینڈ پہنچ گیا۔ اس وقت باربرا کی عمر صرف تین سال تھی۔ وہ انگلینڈ میں بھی کسی ایک جگہ ٹک کر نہ بیٹھ سکے۔ وہ باپ کے ساتھ شہر بہ شہر گھومتی رہی۔ بالآخر جون ۱۹۷۵ء میں باربرا نے اپنے باپ کا ساتھ چھوڑ دیا اور چپکے سے فرانس جانے والی لانچ میں بیٹھ گئی۔ اس کے سامنے کوئی مقصد نہیں تھا۔ اسے یہ بھی اندازہ نہیں تھا کہ وہ کہاں جا رہی ہے۔ پیرس کے ایفل ٹاور کے قریب گھومتے ہوئے باربرا کی ملاقات کلفورڈ نامی ایک نوجوان لڑکے سے ہو گئی۔ جو اسے لیے ہوئے دو دن پیرس کی سڑکوں اور گلیوں میں گھومتا رہا۔ کلفورڈ نے بھی زندگی کے کسی راستے کا تعین نہیں کیا تھا۔ وہ دونوں یورپ کے مختلف ممالک کی آوارہ گردی کرتے ہوئے مشرقِ وسطیٰ پہنچ گئے۔ وہاں چند روز ٹھوکریں کھانے کے بعد انھوں نے افغانستان کا رُخ کیا جہاں کابل میں وہ دونوں ایک دوسرے سے الگ ہو گئے۔ کلفورڈ نے افغانستان ہی میں رہنے کا فیصلہ کیا تھا جبکہ باربرا درۂ خیبر سے پاکستان میں داخل ہو کر واہگہ کے راستے ہندوستان کی سرحد میں داخل ہو گئی۔ اس کا خیال تھا کہ وہ ہندوستان میں مستقل سکونت اختیار کرے گی کیونکہ وہ انگلینڈ واپس نہیں جانا چاہتی تھی۔

گوا کے ساحل پر پہنچ کر باربرا نے قدرے اطمینان کا سانس لیا۔ یہ جگہ اسے پسند آئی تھی۔ اس نے ایک ہٹ کرائے پر لے لیا اور سکون سے دن گزارنے لگی۔

باربرا گوا میں بھی زیادہ دن نہیں رہ سکی۔ کرسمس کے فوراً ہی بعد گوا میں منشیات کے خلاف پولیس نے ایک زبردست مہم شروع کر دی۔ باربرا کے برطانوی دوستوں نے پڑاؤ اٹھا دیا اور باربرا نے بھی گوا کو خیرباد کہہ کر بمبئی کا رُخ کیا۔ اس کا خیال تھا کہ کچھ عرصے بمبئی میں کام کر کے رقم جمع کرنے کے بعد تھائی لینڈ اور پھر

اعتراف کرنے سے انکار کر دیا کہ وہ بھی ان جرائم میں چارلس کی حصے دار تھی۔ چارلس کے ساتھ اس کی حیثیت ایک قیدی کی سی تھی، اور اپنے پاس کوئی رقم نہ ہونے کی وجہ سے وہ اسے چھوڑ بھی نہیں سکتی تھی۔ میری آندرے نے اپنے اس طویل بیان میں اس بات پر زور دیا تھا کہ وہ بے گناہ ہے اور چارلس کی ان سرگرمیوں سے اس کا کوئی تعلق نہیں تھا لیکن جب ان تینوں لڑکیوں کو دوسرے کمرے میں موجود ڈینیئل شمٹ کے سامنے لایا گیا اور تینوں نے اسے اپنے لیڈر کی حیثیت سے شناخت کر لیا تو چارلس نے اس وقت بھی صحتِ جرم سے انکار کر دیا۔ وہ ہر لحاظ سے مطمئن اور پرسکون نظر آ رہا تھا۔ اس کی یہ کیفیت دیکھ کر انسپکٹر طولی کا دماغ گھوم گیا۔

گزشتہ دس ۔۔۔۔۔ دنوں سے وہ اس شخص کی زبان کھلوانے کے لیے ہر زبانی حربہ استعمال کر چکا تھا لیکن چارلس پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا تھا۔ وہ چٹان کی طرح اپنی جگہ سے ایک انچ نہیں ہلا تھا۔

"اگر میں تمہارا مطلوبہ آدمی ہوتا" چارلس نے انسپکٹر طولی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا "تو بہت پہلے اعتراف کر چکا ہوتا۔ کوئی ایسا شخص جس سے واقعی کوئی جرم سرزد ہوا ہو زیادہ دیر تک اپنے مؤقف پر قائم نہیں رہ سکتا" چارلس نے یہ الزام بھی لگایا کہ انسپکٹر طولی کی عدم موجودگی میں اس کے ماتحت اس سے اعترافِ جرم کرانے کے لیے اسے بُری طرح پیٹتے ہیں لیکن یہ پولیس والے پٹائی اس ماہرانہ انداز میں کرتے ہیں کہ جسم پر کوئی ظاہری نشان نہیں آنے پاتا۔

وہ دسواں دن تھا۔ انسپکٹر طولی اگرچہ میری آندرے اور جلین ڈوسم وغیرہ کے بیانات حاصل کرنے میں کامیاب ہو چکا تھا، لیکن چارلس کے اعتراف کے بغیر انہیں زیادہ اہمیت حاصل نہیں تھی۔ اس کے خیال میں یہ تو ایسا ہی تھا جیسے کسی جھیل کی چھوٹی چھوٹی بے ضرر مچھلیوں کو تو جال میں پھنسا لیا جائے لیکن خطرناک شارک آزاد گھوم رہی ہو۔ اس شام وہ اپنے دفتر کی میز پر سر جھکائے اونگھ رہا تھا کہ دفعتاً سیدھا ہو کر بیٹھ گیا۔ اس کے ذہن میں اچانک ہی ایک پرانا کیس ابھر آیا تھا۔ اس کیس سے اگرچہ اس کا کوئی تعلق نہیں تھا لیکن طولی نے اس کا تفصیلی مطالعہ ضرور کیا تھا۔ اس نے اردلی کو بلا کر ریکارڈ روم سے پیلے رنگ کی وہ فائل لانے کا حکم دیا جس میں اشوکا ہوٹل کی جیولری شاپ میں جواہرات کی ڈکیتی کے اس کیس کی پوری تفصیل موجود تھی جس میں ہوٹل کی ۔۔۔ ایک امریکی رقاصہ کو کئی دن تک یرغمال بنا کر رکھا گیا تھا۔ تقریباً ایک گھنٹے تک فائل کا مطالعہ کرنے کے بعد اس نے فون کا ریسیور اٹھا کر ولنگٹن اسپتال کے نمبر ڈائل کیے۔ کچھ دیر تک کسی سے بات کرتا رہا پھر اردلی کو بلا کر حکم دیا کہ ڈینیئل شمٹ کو پیش کیا جائے۔

انسپکٹر طولی کے خیال میں اب فیصلہ کن لمحات آن پہنچے تھے۔

❖❖❖

"کیا تم کبھی اشوکا ہوٹل گئے ہو؟" انسپکٹر طولی کے اس سوال کے جواب میں چارلس نے نفی میں سر ہلا دیا۔ "تو پھر مجھے امید ہے کہ" انسپکٹر طولی معنی خیز انداز میں مسکراتے ہوئے بولا۔ "میں ۔۔۔۔ تمہیں جو کچھ بتانے والا ہوں وہ تمہارے لیے دلچسپی کا باعث ہوگا" پھر وہ اسے بتانے لگا کہ کس طرح ڈاکوؤں نے ہوٹل کی امریکی رقاصہ کو اس کے کمرے میں یرغمال بنا کر کمرے کے فرش میں سوراخ کر کے نیچے جیولری شاپ تک پہنچنے کی کوشش کی تھی اور اس میں ناکام ہونے کے بعد اس کا مرکزی کردار ۔۔۔۔ مسٹر لولو کس طرح ائیر پورٹ پر پولیس کے ہاتھ آتے آتے رہ گیا تھا، لیکن بعد میں ریلوے اسٹیشن پر پکڑا گیا تھا۔ یہ دلچسپ کہانی سنانے کے بعد انسپکٹر طولی چند لمحے عجیب سی نگاہوں سے اسے دیکھتا رہا پھر اچانک ہی بولا "اپنی قمیص تو اوپر اٹھاؤ ذرا"

"کیا؟" چارلس بُری طرح چونک گیا۔

"میرا مطلب وہی ہے جو میں نے کہا ہے" انسپکٹر طولی کا لہجہ معنی خیز تھا۔ چارلس چند لمحے الجھی ہوئی نگاہوں سے اسے دیکھتا رہا لیکن بہرحال اسے حکم کی تعمیل تو کرنا ہی پڑی تھی۔ طولی کی نظریں اس کے پیٹ پر جم گئیں۔ اسے اپنے مقصد میں ناکامی نہیں ہوئی تھی۔

"میں یہی نشان دیکھنا چاہتا تھا" اس نے چارلس کے پیٹ پر زخم کے ایک پرانے نشان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "تمہارا اپنڈی سائٹس کا آپریشن کب ہوا تھا؟"

"یہ اپنڈی سائٹس کے آپریشن کا نشان نہیں ہے" چارلس نے کسی ہچکچاہٹ کے بغیر پرسکون لہجے میں جواب دیا۔ "میں ایک مرتبہ درخت سے گر گیا تھا۔ یہ زخم اس وقت لگا تھا۔ اگر تم چاہو تو فرانس میں میرے فیملی ڈاکٹر سے اس کی تصدیق کر سکتے ہو"

انسپکٹر طولی کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آ گئی۔ ایسی مسکراہٹ کسی شکاری کے ہونٹوں پر عام طور پر اس وقت آتی ہے جب وہ شکار کو اپنے بچھائے ہوئے جال کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھتا ہے۔ اس کے خیال میں اس تصدیق کے لیے فرانس میں اس کے فیملی ڈاکٹر سے رابطہ قائم کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ اس نے ہلکی سی تالی بجائی۔ دروازہ کھلا اور ولنگٹن اسپتال کا ایک ڈاکٹر کمرے میں داخل ہوا۔ انسپکٹر طولی کے اشارے پر وہ چارلس کے زخم کے نشان کا معائنہ کرنے لگا پھر اس نے بتایا کہ یہ نشان اپنڈی سائٹس کے آپریشن ہی کا ہے۔ انسپکٹر طولی ڈاکٹر کو لے کر کمرے سے باہر نکل گیا۔

"کیا ۱۹۷۱ء میں تم نے ہی اس شخص کا آپریشن کیا تھا؟"

اس سے اب کسی بھلائی کی توقع نہیں کی جاسکتی تھی۔

وہ محتاط لہجہ اختیار کرتے ہوئے بولی" ہندوستان کی پولیس اس معاملے میں مجھے پہلے ہی دھوکا دے چکی ہے۔ جس وقت مجھے گرفتار کیا گیا میں بیمار تھی اور پولیس نے وعدہ کیا تھا کہ اگر میں چارلس کے خلاف بیان دُوں تو مجھے چھوڑ دیا جائے گا۔ انھوں نے میرا بیان انگریزی زبان میں تحریر کیا تھا۔ میری مادری زبان فرانسیسی ہے۔ میں انگریزی بول تو سکتی ہوں لیکن کسی تحریر کو اچھی طرح سمجھ نہیں سکتی۔ بعد میں انکشاف ہوا کہ میرا وہ بیان نہ صرف چارلس بلکہ میرے بھی خلاف تھا۔"

" ہم تمہیں کوئی دھوکا نہیں دیں گے " کرنل سمپول نے کہتے ہوئے ملاقات ختم کردی اور اسی روز تھائی لینڈ روانہ ہوگیا۔

---

چارلس سوبھراج کے منصوبے میں کوئی جھول نہیں تھا۔ اگر قیدیوں میں موجود ایک مخبر نے جیل کے حکام کو اس کے منصوبے کی اطلاع نہ دی ہوتی تو چارلس کسی دشواری کے بغیر بڑے اطمینان سے فرار ہونے میں کامیاب ہو جاتا لیکن یہ اس کی بدقسمتی تھی کہ جس دن اس نے فرار کے اس منصوبے پر عمل کرنے کا پروگرام بنایا تھا اسی روز صبح سویرے مسلح محافظوں کا ایک دستہ اس کی کوٹھری میں گھس آیا۔ چارلس اس وقت دیوار سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ ایک محافظ نے اسے اُٹھا کر دونوں بازو پشت پر جکڑ لیے، دوسرے نے رائفل کی نال اس کی گردن سے لگا دی اور باقی کوٹھری کی تلاشی لینے لگے۔ جس طرح وہ کام کر رہے تھے اس سے اندازہ ہوتا تھا کہ وہ پہلے ہی سے جانتے تھے کہ انہیں جس چیز کی تلاش تھی وہ کہاں مل سکتی تھی۔

ایک طرف دیوار میں کیل پر خاکی رنگ کی ایک قمیص ٹنگی ہوئی تھی۔ محافظ نے قمیص اپنے قبضے میں کرلی۔ دوسرے کونے میں خاکی رنگ کی ایک پتلون بھی مل گئی۔ دیوار میں اینٹوں کے درمیان ایک چھوٹی سی دراڑ سے چند فوجی تمغے اور ایک فوجی میڈل بھی مل گیا۔ محافظوں نے کوٹھری کے ایک کونے کی زمین کھود کر ہارڈ بورڈ کا ایک ڈبہ بھی برآمد کر لیا جس میں وِگ، نقلی مونچھیں، پگڑی اور اسی قسم کی دوسری چیزیں موجود تھیں۔ ان تمام چیزوں کو دیکھ کر کوئی جاہل بھی سمجھ سکتا تھا کہ یہ کسی فوجی آفیسر کی مکمل یونیفارم تھی۔ گتّے کے ڈبے میں کاغذوں کی تہہ کے نیچے پوشیدہ آٹھ ہزار روپے کے کرنسی نوٹ بھی محافظوں کے ہاتھ لگ گئے۔ یہ تمام نوٹ بالکل نئے تھے جیسے ابھی ابھی بنک سے نکلوائے گئے ہوں۔ ان تمام چیزوں کو دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا تھا کہ چارلس کا جیل سے فرار کا منصوبہ واقعی شاندار تھا۔ وہ فوجی آفیسر کی وردی میں بڑے اطمینان سے ٹہلتا ہوا گیٹ سے نکل سکتا تھا اور کسی محافظ کو اسے روکنے کی جرأت بھی نہ ہوتی۔

جیل کے حکّام کو یقین تھا کہ چارلس نے یہ تمام چیزیں جیل سے باہر موجود اپنے ساتھیوں کی مدد سے جیل میں اسمگل کی ہوں گی۔ لیکن چارلس نے صاف انکار کر دیا کہ وہ ان چیزوں کے بارے میں کچھ نہیں جانتا اور نہ ہی اسے یہ علم ہے کہ یہ چیزیں اس کی کوٹھری میں کس طرح پہنچی تھیں۔ اس کے احتجاج کے باوجود سزا کے طور پر چند ہفتوں کے لیے اسے قیدِ تنہائی میں ڈال دیا گیا۔ اس کے بعد اسے کبھی کسی ایک کوٹھری میں نہیں رکھا گیا۔ ہر تیسرے چوتھے دن اس کی کوٹھری تبدیل کر دی جاتی۔ انسپکٹر طولی کو جب اس واقعے کی اطلاع ملی تو اس کے ہونٹوں پر بے اختیار مسکراہٹ آگئی۔ اسے یقین تھا کہ اگر چارلس کا راز فاش نہ ہو جاتا تو وہ سکھ فوجی افسر کی وردی میں جیل سے نکل جانے میں کامیاب ہو جاتا اور اس کے ساتھ ہی جیل کے عملے پر قیامت ٹوٹ پڑتی اور عین ممکن ہے کہ وزیرِ قانون بھی اس کی زد میں آجاتا۔

---

" اگر یہی صورتِ حال رہی تو میں شاید زیادہ دنوں تک زندہ نہ رہ سکوں " ایلین نے کراہتے ہوئے کہا۔

" میں بھی اپنی زندگی سے مایوس ہو چکی ہوں " باربرا کے منہ سے بھی کراہ سی نکلی۔ وہ دونوں ہر وقت اس اذیت ناک صورتِ حال پر باتیں کرتی رہتیں۔ انھوں نے تو یہ سوچ کر سلطانی گواہ بننا قبول کیا تھا کہ عدالت میں پہلی پیشی کے فوراً بعد ان کے لیے آزادی کے دروازے کھول دیے جائیں گے لیکن ایک سال گزر چکا تھا اور کچھ نہیں کہا جاسکتا تھا کہ آئندہ کب تک انہیں جیل میں سڑنا پڑے گا۔

اس دوران باربرا کو لندن سے وقتاً فوقتاً لکھے جانے والے چند خطوط بھی ملے تھے لیکن ان خطوط نے بھی جلتی پر تیل کا کام کیا تھا۔ اس کے باپ نے اسے کوئی تسلّی دینے کے بجائے ہر خط میں.. سرزنش کی تھی۔ وہ دونوں صورتِ حال سے اس حد تک مایوس ہو چکی تھیں کہ خودکشی کے بارے میں سوچنے لگیں۔ پہلے بات وقت گزاری کے لیے محض مذاق میں شروع ہوئی تھی لیکن پھر وہ سنجیدگی سے اپنے ہاتھوں اپنی زندگیوں کے خاتمے کے منصوبے بنانے لگیں۔ ایلین کے خیال میں خودکشی کے لیے اُسترے سے بہتر اور کوئی چیز نہیں ہو سکتی تھی لیکن جیل میں کسی قیدی کے پاس ریزر بلیڈ نام کی کوئی چیز نہیں تھی مگر رشوت دے کر ایسی کوئی بھی چیز حاصل کی جاسکتی تھی۔ ان دونوں کے پاس چند سو روپے موجود تھے جو انھوں نے کسی ہنگامی صورتِ حال کے لیے چھپا رکھے تھے۔ باربرا نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کا مشورہ دیا تھا۔ اگرچہ اس مقصد کے لیے رسّی بھی موجود نہیں تھی لیکن گلے میں کمبل کی گرہ لگا کر بھی زندگی کا خاتمہ کیا جاسکتا تھا مگر ایلین نے اس کا یہ خیال مسترد کر دیا کیونکہ خودکشی کا یہ طریقہ نہ صرف



تکلیف دہ تھا بلکہ کامیابی بھی مخدوش تھی۔

ان کی موت کی خواہش شدید سے شدید تر ہوتی جارہی تھی، لیکن کوئی کارآمد اور مفید طریقہ سمجھ میں نہیں آرہا تھا۔ اس دوران ایلین کو جیل کے اسپتال میں کام کرنے کا موقع مل گیا۔ اسپتال میں نرسوں کی کمی کے باعث جیل کے حکّام نے ایلین کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کا فیصلہ کیا تھا۔ ڈیوٹی کے دوران اسپتال میں اس کے کام سے سب ہی مطمئن تھے۔ وہ ایک تربیت یافتہ نرس تھی اور اسے اپنے کام میں کسی قسم کی دشواری پیش نہیں آرہی تھی۔ وہ خود بھی اپنے کام سے مطمئن تھی اور حقیقت تو یہ تھی کہ اسے بڑا لطف آرہا تھا۔ اگر کراچی میں ہاکس بے کے ساحل پر چارلس سوبھراج سے ملاقات نہ ہوئی ہوتی تو ممکن ہے اس وقت جیل میں سڑنے کے بجائے کسی اسپتال میں نرس کی حیثیت سے باقاعدہ کام کر رہی ہوتی۔ وہ ان لمحات کو کوسنے لگی جب چارلس سے ملاقات ہوئی تھی لیکن اب پچھتانے یا سوچنے کا وقت نکل چکا تھا۔

ایک دن جب وہ اسپتال سے لوٹی تو باربرا کو ایک طرف لے گئی اور دونوں دیر تک سرگوشیوں میں باتیں کرتی رہیں۔ اس روز اسپتال میں کام کرنے والی ایک اور قیدی لڑکی نے اسپتال کی ادویات والی الماری کا تالا توڑ ڈالا تھا۔ اسے غالباً مارفین کی تلاش تھی لیکن اتفاق سے ایلین ادھر آنکلی ــــ قدموں کی آواز سن کر وہ لڑکی الماری کو جوں کا توں کھلا چھوڑ کر بھاگ نکلی تھی۔ ایلین نے الماری بند کر کے تالا اس طرح لٹکا دیا تھا کہ اسے چھوئے بغیر کھلے ہونے کا شبہ نہیں ہو سکتا تھا۔

" الماری میں خواب آور گولیاں اتنی مقدار میں موجود ہیں کہ اس جیل کی کم از کم نصف آبادی کو موت کی نیند سلایا جاسکتا ہے۔" ایلین کا لہجہ معنی خیز تھا" کہو کیا اب بھی تم خودکشی کے ارادے پر قائم ہو یا...؟ "

باربرا کی آنکھوں میں وحشت سی اُبھر آئی۔ وہ چند لمحے عجیب سی نگاہوں سے ایلین کو دیکھتی رہی پھر خاموشی سے اثبات میں سر ہلا دیا۔ اسی شام دونوں اسپتال پہنچ گئیں۔ ایلین نے باربرا کو باہر رُک کر نگرانی کی ذمّے داری سونپی اور خود اندر گھس گئی۔ دبے قدموں راہداری میں چلتی ہوئی ایلین دواؤں کے اسٹور والے کمرے کے سامنے رُک گئی۔ اس نے بڑی احتیاط سے ہینڈل گھما کر دروازہ کھولنا چاہا لیکن دروازہ مقفّل تھا۔ وہ اپنی قسمت کو کوسنے لگی۔ اسٹور کا دروازہ عام طور پر اس وقت کھلا رہتا تھا کیونکہ مریضوں کو شام کی دوا دینے . . . . کے لیے نرسیں مطلوبہ دوائیں لینے آیا کرتی تھیں۔ دفعتاً ایلین کے ذہن میں ایک اور خیال اُبھرا۔ کامیابی کا امکان اگرچہ زیادہ واضح نہیں تھا لیکن کوشش کر دیکھنے میں کوئی ہرج بھی..

نہیں تھا۔ وہ ہیڈ نرس کے پاس پہنچ گئی اور یہ کہہ کر اسٹور کی چابی مانگی کہ ایک قیدی عورت کے زخمی کان کی صفائی کے لیے اسے کاٹن کی ضرورت ہے۔ زہریلے کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے سے قیدیوں میں اس قسم کی شکایات عام تھیں۔ ہیڈ نرس مشتبہ نگاہوں سے اسے دیکھنے لگی۔ ایلین نے بڑے پُرسکون لہجے میں بتایا کہ اگر تھوڑی سی توجّہ سے کوٹھری ہی میں اس عورت کی تکلیف کا علاج ہو سکتا ہے تو اسے اسپتال لانے کی ضرورت نہیں پڑے گی جہاں پہلے ہی مریضوں کی بھرمار ہے۔ بات ہیڈ نرس کی سمجھ میں آگئی اور اس نے کوئی... جرح کیے بغیر اسٹور روم کی چابی ایلین کے حوالے کر دی۔

اسٹور میں داخل ہوتے ہی ایلین تیز تیز قدم اٹھاتی ہوئی الماری کی طرف بڑھ گئی جس کا ٹوٹا ہوا تالا بدستور اسی طرح کنڈے میں لٹکا ہوا تھا۔ جس کا صاف مطلب یہی تھا کہ ابھی تک اس تالے پر کسی کی نظر نہیں پڑی تھی۔ ایلین نے بڑے اطمینان سے الماری کا دروازہ کھولا اور باربی چوریٹ کے ڈبّے سے مٹھی بھر گولیاں نکال کر نرسنگ کے دستانوں میں ڈال لیں۔ اس وقت اس کا پورا جسم خزاں رسیدہ پتّے کی طرح ہولے ہولے کپکپا رہا تھا اور وہ اپنی اس کیفیت پر قابو پانے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی۔ سب سے بڑی مشکل حل ہو چکی تھی اور اب اسے سکون کی موت مرنے سے کوئی نہیں روک سکتا تھا لیکن وہ جیسے ہی دروازے کی طرف پلٹی ریذیڈنٹ میڈیکل آفیسر دروازہ کھول کر کمرے میں داخل ہوا۔ اس نے ایلین کو پہچان لیا مگر اسے فوری طور پر ایلین پر کوئی شبہ نہ ہو سکا۔ اس کے دریافت کرنے پر ایلین نے قیدی عورت کے زخمی کان والی وہی کہانی دہرا دی جو وہ ہیڈ نرس کو بھی سنا چکی تھی۔ ہیڈ نرس کی طرح ڈاکٹر نے بھی اس کی بات کا یقین کر لیا۔ مطمئن ہونے کے بعد ایلین نے دریافت کیا کہ اگر مریضوں کی دیکھ بھال کے سلسلے میں اس کی مدد کی ضرورت ہو تو وہ رُک جائے مگر ڈاکٹر نے نفی میں سر ہلا دیا اور بتایا کہ کچھ دیر پہلے اسے ادویات والی الماری کا تالا ٹوٹا ہوا ملنے کی اطلاع ملی تھی اور وہ یہ دیکھنے آیا تھا کہ کسی نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کوئی دوا تو نہیں چرالی تھی۔

" الماری کا تالا ٹوٹا دیکھ کر مجھے بھی شبہ ہوا تھا " ایلین الیستھر نے پُرسکون لہجے میں کہا" میں نے الماری چیک کر لی ہے ــ سب ٹھیک ہے "

ڈاکٹر نے مشتبہ نگاہوں سے ایلین کی طرف دیکھا لیکن کوئی جرح کرنے کے بجائے اسے جانے کی اجازت دے دی۔ باربرا اسپتال کے باہر اس کی منتظر تھی۔

" میں گولیاں لے آئی ہوں " ایلین نے سرگوشی میں بتایا۔ " لیکن عین وقت پر آر۔ ایم۔ او بھی کمرے میں پہنچ گیا تھا۔ ابھی تک

لکھ سکتا تھا۔ چارلس سوبھراج نے یہ درخواست لکھنے میں جس ذہانت کا ثبوت دیا تھا وہ اسی کا حق تھا۔

اس روز چارلس نہ صرف مسلح محافظوں کے نرغے میں تھا بلکہ حفاظتی انتظامات میں مزید اضافہ کر دیا گیا تھا۔ پولیس کا ایک جوان بزو کا گن سنبھالے ہوئے تھا جبکہ دو اور جوان دستی بموں سے لیس تھے۔ اس روز غالباً دہلی کی نصف آبادی سپریم کورٹ پر ٹوٹ پڑی تھی۔ لوگوں کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لیے پولیس کو کم از کم تین بار لاٹھی چارج کرنا پڑا تھا۔ مختلف سفارتخانوں کے کئی اعلیٰ افسران اور ان کی بیویاں بھی عدالت کے احاطے میں موجود تھیں۔ یہ لوگ چارلس سوبھراج کی صرف ایک جھلک دیکھنے کے لیے آئے تھے۔ میری آندرے کا اگرچہ چارلس کی اس درخواست سے کوئی تعلق نہیں تھا لیکن اسے بھی سپریم کورٹ میں پیش ہونے کی اجازت دے دی گئی تھی۔ وہ جیسے ہی کمرۂ عدالت میں داخل ہوئی اُسے حیرت اور صدمے کا ایک شدید جھٹکا لگا۔ چارلس کے ساتھ دوسری کرسی پر سوزی کو دیکھ کر میری آندرے کو اپنا دل سینے میں ڈوبتا ہوا محسوس ہونے لگا۔

اخباری نمائندوں نے قیمتی لباس میں ملبوس چارلس کی اس نئی خوبصورت دوست کا نام پوچھنا چاہا مگر وہ مسلسل انکار کرتا رہا۔ اس نے سوزی کے بارے میں صرف اتنا ہی بتانے پر اکتفا کیا کہ وہ اس کی قلمی دوست ہے۔ وہ رپورٹروں سے صرف اپنی اسی رٹ پٹیشن کے موضوع پر بات کرنا چاہتا تھا۔ اسے اس بات پر بھی حیرت تھی کہ سپریم کورٹ میں لانے سے پہلے جیل کے حکام نے اس کی بیڑیاں اتار دی تھیں۔ اس سلسلے میں اس نے اخباری نمائندوں کو بتاتے ہوئے کہا۔

"انھوں نے کل ہی میری بیڑیاں اتارنا چاہی تھیں مگر میں نے اس کی اجازت نہیں دی۔ میں نے محافظوں کو بتا دیا تھا کہ اگر کسی نے میری بیڑیوں کو چھونے کی کوشش کی تو میں لڑنے مرنے سے بھی دریغ نہیں کروں گا۔ دراصل میں سپریم کورٹ کے ججوں کو یہ سب کچھ دکھانا چاہتا ہوں لیکن آج صبح جب مجھے جیل کی بس کی طرف لے جایا جا رہا تھا تو اچانک ہی لاتعداد محافظ مجھ پر ٹوٹ پڑے۔ انھوں نے مجھے زمین پر گرا دیا اور تین محافظوں نے میری بیڑیاں کاٹ ڈالیں۔"

"کیا تم نے مزاحمت کی کوشش کی تھی؟" ایک رپورٹر نے سوال کیا۔

"ہاں" چارلس نے جواب دیا "لیکن انھوں نے مجھے اس طرح جکڑ رکھا تھا کہ میری مزاحمت بے کار ثابت ہوئی۔ یہ دیکھو" چارلس نے پتلون کے پائنچے اوپر اٹھا دیے۔ ٹخنوں اور پنڈلیوں پر پٹیاں بندھی ہوئی تھیں جو خون سے سُرخ ہو چکی تھیں۔

ایک اور رپورٹر نے دریافت کیا کہ کیا یہ پٹیاں کسی ڈاکٹر نے باندھی تھیں تو چارلس نے طنزیہ لہجے میں جواب دیا "نہیں۔ یہ ڈریسنگ میں نے خود کی تھی کیونکہ مجھے جیل کے ڈاکٹروں پر اعتماد نہیں۔ وہ بھی پولیس ہی کے آدمی ہیں۔ میری بیڑیاں کاٹنے کے لیے ان محافظوں نے پے در پے ہتھوڑے برسائے تھے اس سے تم اندازہ لگا سکتے ہو کہ مجھے کس قدر اذیّت کا سامنا کرنا پڑا ہو گا۔ ہندوستان کی پولیس نے میرے ساتھ جو وحشیانہ سلوک کیا ہے اسے دیکھتے ہوئے مجھے یہاں کسی انصاف کی بھی توقع نہیں ہے۔"

سپریم کورٹ کا یہ وسیع و عریض کمرہ تیس ہزاری کورٹ کے اس کمرے سے قطعی مختلف تھا جہاں سولومن قتل کیس چل رہا تھا۔ اس کمرے میں قانون کا احترام تھا۔ کسی شخص کو اونچی آواز میں بات کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ دیواروں پر ان ججوں کے پورٹریٹ آویزاں تھے جو کبھی نہ کبھی اس کمرے میں موجود انصاف کی کرسی پر بیٹھ چکے تھے۔ اس عدالت میں صرف ہندوستان کا اٹارنی جنرل ہی پراسیکیوٹر کے طور پر پیش ہو سکتا تھا۔ ایس۔ وی۔ گپتا ایک اُصول پرست آدمی تھا جس کی ساری زندگی ایک ڈسپلن کے تحت گزری تھی اسے یہ سمجھنے میں دیر نہیں لگی تھی کہ ہندوستان کی حکومت چارلس سوبھراج کو سخت ترین حفاظتی شکنجے میں جکڑے رکھنا چاہتی ہے۔ اس نے بھی یہی مؤقف اختیار کیا کہ چارلس جیسے ملزم کو مستقل طور پر ہتھکڑیوں اور بیڑیوں میں رکھا جائے۔

چارلس کی اپنی لکھی ہوئی اس رٹ درخواست نے دہلی کے قانونی حلقوں میں ایک تہلکہ سا مچا رکھا تھا اور کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ سپریم کورٹ میں وہ اپنی پیروی بھی خود ہی کرے گا لیکن عدالت نے اس کی اجازت نہیں دی اور اسے ایک نئے ایڈووکیٹ کا انتظام کرنا پڑا۔ ایڈووکیٹ گیٹے اپنے مؤکلوں کا دفاع کرنا جانتا تھا۔ اس نے چارلس سوبھراج کی پیروی کرتے ہوئے تین ججوں کے بینچ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

"مائی لارڈز! میرا مؤکل ان غیر انسانی بندشوں (بیڑیوں) کی وجہ سے بعض فطری تقاضے بھی خاطر خواہ طور پر پورے نہیں کر سکتا۔ وہ نہ تو حوائجِ ضروریہ کے لیے بیٹھ سکتا ہے اور نہ ہی سو سکتا ہے۔ ان بیڑیوں کی وجہ سے وہ سخت تکلیف میں مبتلا ہے۔ وہ جیل میں محافظ کی موجودگی کے بغیر اپنے وکیل سے کوئی مشورہ بھی نہیں کر سکتا۔ اس طرح ان کی باتیں پولیس تک



پہنچ جاتی ہیں۔"

اٹارنی جنرل نے اپنی سیٹ چھوڑ دی۔ مخصوص انداز میں تعظیم کے بعد اس نے وکیلِ صفائی کے مؤقف کی مخالفت میں کہنا شروع کیا "مائی لارڈ! ملزم چارلس سوبھراج کا سابقہ ریکارڈ اس بات کی شہادت فراہم کرتا ہے کہ یہ دنیا کے مختلف حصوں میں جب بھی پکڑا گیا نہایت پُراسرار طریقہ اختیار کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ یہ نہایت کامیابی سے گرفتاریوں سے بھی بچتا رہا ہے، یہ شخص انتہائی چالاک اور پُراسرار وسائل کا مالک ہے۔" اٹارنی جنرل نے ایک دستاویز نکال کر چارلس کی گرفتاریوں، ان جیلوں کے نام جہاں سے وہ فرار ہوا تھا اور ہندوستان، تھائی لینڈ اور پاکستان میں اس کے خلاف قتل کے الزامات کی فہرست بتائی جن پر ابھی کارروائی ہونا باقی تھی۔

چیف جسٹس کے چہرے کی رنگت متغیر ہو گئی "یہ واقعی سنگین الزامات ہیں۔" وہ عجیب سے لہجے میں بولا "بہت سنگین۔"

"یہ شخص بہت سے لوگوں کی اموات کا ذمے دار ہے۔" اٹارنی جنرل نے بات جاری رکھی "اس کے لیے ہتھکڑیاں اور بیڑیاں بہت ضروری ہیں۔"

چارلس کے وکیل گیٹے نے فائل سے بیڑیوں کا ایک نقشہ نکال کر تفصیل بتاتے ہوئے نقشہ چیف جسٹس کی طرف بڑھا دیا۔

"یہ خاکہ کس نے بنایا ہے؟" چیف جسٹس نے نقشہ دیکھنے کے بعد کہا۔

"یہ خاکہ ہم نے تیار کیا تھا مائی لارڈز!" گیٹے کہتے ہوئے عدالت کو بتانے لگا کہ آج صبح جیل کے محافظوں نے کس طرح چارلس کی بیڑیاں اتاری تھیں جس کے نتیجے میں اسے بے پناہ کرب و اذیت کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ چارلس نے اس امید پر اپنی پتلون کے پائنچے اوپر چڑھا لیے کہ شاید جج اس کے زخموں کو دیکھنا چاہیں گے لیکن اٹارنی جنرل نے فوراً ہی مداخلت کرتے ہوئے کہا۔

"ان زخموں کے بارے میں ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ بیڑیوں سے نہیں آئے بلکہ ملزم نے خود لگائے ہیں۔"

"کوئی شخص اپنے آپ کو اس طرح اذیت کیسے پہنچا سکتا ہے؟" چیف جسٹس نے کہا۔

"مائی لارڈز!" اٹارنی جنرل نے کہا "اس شخص سے کچھ بعید نہیں ہے۔ انٹرپول کی رپورٹوں سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ شخص دنیا کی مختلف جیلوں سے فرار ہو چکا ہے اور لاتعداد لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار چکا ہے۔ اگر یہ ایک مرتبہ پھر فرار ہونے

میں کامیاب ہوگیا تو دنیا بھر کی پولیس مل کر بھی اسے تلاش نہیں کر پائے گی اس لیے اس کے لیے بیڑیاں بہت ضروری ہیں۔"

"مائی لارڈ نو!" گیٹے نے اٹارنی جنرل کے مؤقف سے اختلاف کرتے ہوئے کہا۔ "بیڑیوں کے آہنی سرے اس طرح ویلڈ کیے گئے ہیں کہ وہ ایک لمحے کو بھی چین محسوس نہیں کر سکتا۔ کسی کو سزا دینے کا یہ طریقہ انتہائی وحشیانہ اور غیر انسانی ہے۔"

"اگر بیڑیاں ہٹا دی جائیں تو یہ کیا کر سکتا ہے؟" چیف جسٹس نے جھکتے ہوئے اٹارنی جنرل سے دریافت کیا۔

"وہ جیل کے محافظوں پر حملہ کر کے راہِ فرار اختیار کر سکتا ہے۔" اٹارنی جنرل نے جواب دیا۔

"وہ شخص کہاں ہے؟" چیف جسٹس کہتے ہوئے عدالت میں موجود لوگوں کے چہروں کا جائزہ لینے لگا۔ چارلس بمشکل اپنی جگہ سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے مخصوص انداز میں جھک کر عدالت کو تعظیم دی۔ اس کے چہرے پر اس وقت یتیمی برس رہی تھی۔ وہ اپنے آپ کو مظلوم ثابت کرنے کے لیے تاثر دینے کی بھرپور کوشش کر رہا تھا۔ یہ شخص جب پیدا ہوا تو اس کی کوئی قومیت اور کوئی شہریت نہیں تھی لیکن اب وہی ہندوستانی قانون کے اہم ترین آدمیوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا تھا اور تاریخ میں اس کا نام رقم ہو چکا تھا۔

اس کی طرف دیکھ کر تینوں ججوں کے چہروں پر الجھن کے تاثرات ابھر آئے۔ انھیں یقین نہیں آ رہا تھا کہ پستہ قامت اور معصوم صورت یہ شخص اتنے سنگین ترین جرائم کا ارتکاب کر سکتا ہے۔ چیف جسٹس نے اسے بیٹھ جانے کا اشارہ کیا اور چند لمحے دوسرے ججوں سے کچھ مشورہ کرنے کے بعد اس نے وکیلِ دفاع کو مخاطب کیا۔

"کیا آپ کا مؤکل اس بات کو پسند کرے گا کہ اسے بیڑیوں سے نجات دلا کر قیدِ تنہائی میں رکھا جائے؟"

چارلس سکتے میں آ گیا۔ یہ تو ایسا ہی تھا جیسے کسی سے دریافت کیا جائے کہ اس کے بستر پر سانپ چھوڑ دیا جائے یا بچھو؟ گیٹے چارلس کی طرف جھک گیا۔ وہ چند لمحے سرگوشیوں میں باتیں کرتے رہے پھر گیٹے سیدھا ہوتے ہوئے بولا۔ "مائی لارڈ! میرا مؤکل بیڑیوں کو قیدِ تنہائی پر ترجیح دیتا ہے۔" کہتے ہوئے گیٹے کے چہرے پر عجیب سے تاثرات ابھر آئے تھے۔

کارروائی ختم ہو گئی۔ چارلس سوبھراج کو مسلح محافظوں کے پہرے میں کمرۂ عدالت سے باہر لے آیا گیا۔ اس کے ایک طرف سوزی تھی جو اسے تسلی دینے کی کوشش کر رہی تھی اور دوسری طرف میری آندرے۔

تہاڑ جیل پہنچتے ہی چارلس سوبھراج کی ٹانگوں میں نئی بیڑیاں ویلڈ کر دی گئیں۔

❧

دس مہینوں تک کیس کی مسلسل سماعت کے بعد بالآخر جج جوگندر ناتھ فیصلہ مرتب کرنے کے لیے خلوت گزیں ہو گیا۔ سولومن قتل کے اس کیس سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اطمینان کا سانس لیا۔ درحقیقت زندگی کے اسٹیج پر یہ ایک ایسا ڈراما تھا جس کا بظاہر کوئی اختتام نظر نہیں آتا تھا۔ اس ڈرامے کے کرداروں کے پر کتر دیے گئے تھے۔ اور یوں لگتا تھا کہ چارلس سوبھراج کی زنبیل کے تمام شعبدے ختم ہو چکے تھے۔

عدالتی کارروائی کو فیصلہ تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔ اس دوران چارلس ایک بار پھر اہمیت اور توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ اس کی زنبیل میں ابھی کچھ حربے باقی تھے جنھیں وہ استعمال کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ پچیس جولائی کی رات کو اس نے تہاڑ جیل میں اپنے آپ کو پھندے سے لٹکانے کی کوشش کی۔ کم از کم اس کا کہنا یہی تھا کہ وہ قانون کی ناانصافی کے خلاف احتجاجاً خودکشی کر رہا تھا جب کہ جیل کے محافظوں کا کہنا تھا کہ اس نے اپنے گلے میں کمبل کا جو پھندہ ڈالا تھا وہ اتنا موٹا تھا کہ اس سے دَم گھٹنے کا خدشہ نہیں تھا۔ اس کوشش میں ناکام ہونے کے بعد اس نے جیل کے عملے کی بدسلوکی اور غیر انسانی رویّے کے خلاف بھوک ہڑتال شروع کر دی۔

"میری یہ بھوک ہڑتال تا مرگ ہوگی۔" اس نے کسی نہ کسی طرح اخبارات کو یہ اطلاع بھجوا دی۔ "جیل میں ذہنی اذیت اور جسمانی تشدد میرے لیے ناقابلِ برداشت ہو چکا ہے۔ اگر میں اس صورتِ حال میں چند روز اور زندہ رہا تو یقیناً پاگل ہو جاؤں گا۔ میں نے اپنے وکیل کو بھی ہدایت کر دی ہے کہ میرے مرنے کے بعد وہ فرانس میں میرے گھر والوں اور ہندوستان میں فرانسیسی سفارت خانے کو بھی مطلع کر دے۔ میرا خیال تھا کہ ہندوستان میں قانون کی حکمرانی ہوگی، انصاف ہوگا لیکن ان تجربات کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ یہ دنیا کا وہ ملک ہے جس پر اندھیر نگری چوپٹ راج والی مثال صادق آتی ہے۔ یہاں قانون اور انصاف نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔"

آٹھ اگست ۱۹۷۸ء کو جب جج جوگندر ناتھ فیصلہ سنانے کے لیے عدالت میں آیا تو اسے ایک دلچسپ منظر دیکھنے کو ملا۔ چارلس سوبھراج کو اسٹریچر پر عدالت میں لایا گیا تھا۔ اس کے ہاتھ میں ہتھکڑی کا دوسرا حصّہ ایک محافظ کے ہاتھ میں تھا۔ چارلس کا جسم ایک گندے اور پھٹے ہوئے کمبل میں لپٹا ہوا تھا، آنکھیں اور رخسار اندر کو دھنسے ہوئے تھے۔ مجموعی طور پر وہ ہڈیوں کا ڈھانچہ نظر آ رہا تھا۔ اس کی بھوک ہڑتال کو تین ہفتے گزر چکے تھے اور یہ افواہ گشت کرنے لگی تھی کہ اگر بھوک ہڑتال جاری رہی تو دو چار دن میں وہ ختم ہو جائے گا۔ اس کی حالت دیکھ کر ایک شخص نے اس خدشے کا اظہار بھی کیا تھا کہ جج جوگندر ناتھ کے فیصلہ سنانے سے پہلے ہی چارلس سوبھراج اس دنیا سے رخصت ہو جائے گا۔

"مجھے کوئی پروا نہیں کہ جج میرے لیے کیا فیصلہ سناتا ہے۔" چارلس نے قریب کھڑے ہوئے ایک اخباری رپورٹر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ اس کی آواز قبر کی گہرائیوں سے آتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ اس نے اپنا ایک ہاتھ گلے پر رکھ لیا اور کمزور سی آواز میں بولا۔ "اپنا جج میں خود ہوں اور میرے فیصلے کے مطابق... میں بے گناہ ہوں۔" اس کے ساتھ ہی اس کا ہاتھ اسٹریچر سے نیچے جھول گیا اور گردن اس طرح ڈھلک گئی جیسے اب اس میں زندگی کی رمق نہ رہی ہو۔

دور کھڑی ہوئی میری آندرے والہانہ انداز میں دوڑ کر اسٹریچر کے قریب پہنچ گئی اور چارلس کی پیشانی پر ہاتھ پھیرتے ہوئے رونے لگی۔ وہ اس شخص کے لیے آنسو بہا رہی تھی جو اس کی زندگی کی بربادی کا باعث بنا تھا۔

جج جوگندر ناتھ اپنی کرسی سنبھال چکا تھا۔ قیدیوں میں سے کسی نے اس کی طرف توجہ نہیں دی تھی۔ دفعتاً چارلس ایک جھٹکے سے اٹھ کر بیٹھ گیا۔ اس نے کمبل کے اندر سے ہندوستان ٹائمز کا تازہ شمارہ نکال لیا اور جب جج جوگندر ناتھ چارلس سوبھراج کی قسمت کا فیصلہ سنا رہا تھا وہ بڑے انہماک سے اخبار کا مطالعہ کر رہا تھا۔

❧

باربرا اسمتھ کو سولومن قتل کیس سے بری کر دیا گیا۔

ایلن الیستھر کو دوبارہ تہاڑ جیل پہنچانے کا حکم دیا گیا۔ اس پر وائی۔ ایم۔ سی۔ اے ہوٹل میں تین فرانسیسی سیّاحوں کو بے ہوش کر کے لوٹنے کا الزام ثابت ہو چکا تھا۔

جین ڈوسم کو اگرچہ سولومن کے قتل کے الزام سے بری کر دیا گیا تھا لیکن وائی۔ ایم۔ سی۔ اے ہوٹل کے جرائم میں اسے تین ماہ کی سزا سنا کر دوبارہ تہاڑ جیل بھیجنے کا حکم دیا گیا۔

میری آندرے پر سولومن کے قتل کا الزام ثابت نہیں ہو سکا تھا لیکن اسے آزادی نصیب نہیں ہو سکی۔ وائی۔ ایم۔ سی۔ اے کیس کے علاوہ اس پر کچھ اور الزامات بہرحال ثابت ہو چکے تھے۔ سولومن کے قتل سے میری آندرے کی بریّت پر انسپکٹر طولی بری طرح جھنجلا گیا۔ اس نے طے کر لیا کہ تہاڑ جیل میں سزا بھگتنے کے بعد میری آندرے کو تھائی لینڈ کی حکومت کے حوالے کر دیا جائے گا جہاں پانچ افراد کو موت کے گھاٹ اتارنے کے الزام میں اس پر کیس چلے گا اور اس کے بعد نیپال کی باری تھی۔ انسپکٹر طولی کو یقین تھا کہ میری آندرے اب کبھی اپنے قصبے کے قریب بہنے والے سینٹ لارنس دریا کے کنارے بیٹھنے کا خواب نہ دیکھ سکے گی۔

چارلس سوبھراج پر سولومن کے قتل کے سلسلے میں تین ضمنی الزامات ثابت ہو چکے تھے۔ نمبر ایک۔ اقدامِ قتل جبکہ اس میں ارادۂ قتل شامل نہیں تھا۔ نمبر دو۔ لوٹنے اور ڈکیتی کی نیّت سے بے ہوش کرنے والی نشہ آور ادویات کھلانا اور

www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com

نمبر تین۔ ڈکیتی کی نیّت سے جان بوجھ کر تکلیف میں مبتلا کرنا۔

چارلس کے وکیل گیٹے نے سزا میں نرمی کی اپیل کرتے ہوئے کہا۔ "میرا مؤکل جیل کے عملے کے وحشیانہ سلوک کی بدولت پہلے ہی بہت سزا بھگت چکا ہے۔ چارلس سوبھراج طویل عرصے سے اپنے اہلِ خانہ سے بچھڑا ہوا ہے اور یہاں کی آب و ہوا بھی اسے راس نہیں آئی۔ تہاڑ جیل میں دو سال کسی طرح بھی عمر قید سے کم ثابت نہیں ہوئے' اس لیے وہ کم سے کم اور نرم سزا کا مستحق ہے۔ فاضل عدالت اسے جرمانے اور جلا وطنی کا حکم دے سکتی ہے اس سے قانون کے تمام تقاضے بھی پورے ہو جائیں گے۔"

اس موقعے پر اسٹریچر پر لیٹے ہوئے چارلس نے اخبار سے سر اٹھایا اور چیخ کر بولا۔ "میں اپنی بھوک ہڑتال ختم نہیں کروں گا... میں موت سے نہیں ڈرتا..."

جج جوگندر ناتھ نے سب کچھ سننے کے بعد بڑے پُرسکون لہجے میں اپنا فیصلہ سناتے ہوئے کہا۔

"میرے سامنے کوئی ایسی شہادت پیش نہیں کی گئی جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ جیل میں چارلس سوبھراج کے ساتھ غیر انسانی سلوک روا رکھا گیا تھا۔ محض جرمانے کی مجوزہ سزا سے قانون کے تقاضے کسی طور بھی پورے نہیں ہوتے۔ اس کے لیے ایسی سزا ضروری ہے جو اس کے جرائم سے مطابقت رکھتی ہو۔ اس کے نشہ آور دوا کھلانے کے قبیح عمل سے ایک بے گناہ غیر ملکی اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ اپنے عزیزوں سے بچھڑنے اور دور دراز کا سفر اختیار کرنے کا مقصد جرائم کے ذریعے دولت کمانا تھا۔ وہ اپنی مرضی سے یہاں آیا تھا۔ اسے مجبور نہیں کیا گیا تھا۔ ان حقائق کے پیشِ نظر اس کے جرائم کی سزا میں نرمی کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔"

جج جوگندر ناتھ چند لمحے خاموش رہا اور پھر چارلس سوبھراج کو سات سال قیدِ بامشقت کا فیصلہ سنا دیا۔ سزا کا حکم سُن کر عدالت میں موجود انسپکٹر طولی اور پراسیکیوٹر دلجیت سنگھ کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آ گئی۔ بالآخر ان کی محنت رائیگاں نہیں گئی تھی۔

اس ناانصافی کے خلاف چارلس نے ہنگامہ مچا دیا لیکن بہرحال وہ بتدریج اپنی اصلیت کی طرف لوٹنے لگا۔ ایک دو دن بعد اس نے بھوک ہڑتال بھی ختم کر دی اور ایک بار پھر جیل کے محافظوں کے وحشیانہ اور غیر انسانی سلوک کے خلاف درخواستیں لکھنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اس نے جیل کے زنانہ سیکشن میں میری آندرے کو پیغام بھیجا کہ وہ حوصلہ نہ ہارے اور اس پر اعتماد قائم رکھے۔ وہ نجات کا کوئی نہ کوئی راستہ ضرور تلاش کر لے گا۔

انسپکٹر طولی کو اپنی زندگی میں بڑے بڑے مجرموں سے سابقہ پڑا تھا لیکن چارلس سوبھراج اب تک اس کی سمجھ میں نہیں آسکا تھا۔ وہ اگرچہ چارلس کو سات سال کی سزا ہو جانے پر خوش تھا لیکن وہ یقین سے نہیں کہہ سکتا تھا کہ جیل کی دیواریں اسے کب تک مقید رکھ سکیں گی۔

چارلس سوبھراج نے مایوسی کو اپنے قریب نہیں پھٹکنے دیا تھا۔ وہ جیل کی کوٹھری میں بیٹھا مستقبل کے منصوبے بناتا رہتا۔ وہ دنیا کے نقشے پر کوئی ایسا ملک تلاش کرنے کی کوشش کر رہا تھا جہاں کی پولیس کو اس کی تلاش نہ ہو اور جہاں کے لوگ اسے پہچانتے نہ ہوں۔

آخری اطلاعات کے مطابق چارلس سوبھراج کی سزا پوری ہونے والی ہے اور اسے یقین ہے کہ وہ دہلی کی تہاڑ جیل سے رہائی پاتے ہی امریکا کی طرف نکل جانے میں کامیاب ہو جائے گا جبکہ تھائی لینڈ، نیپال اور پاکستان کی پولیس اسے اپنے قبضے میں لینے کے لیے دہلی جیل سے اس کی رہائی کی منتظر ہے۔

www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com